اگر خدانخواستہ عامل کی زندگی کا کل یا بعض حصہ ناجائز کاموں میں گزرا ہو۔ یا نماز روزہ فرائض وواجبات ذمہ باقی ہوں تو سب سے پہلے سچے دل سے توبہ واستغفار لازم وضروری ہے۔ اور جتنی جلد ہو سکے قضائے عمری یعنی نمازیں اور روزے جو ذمہ باقی ہیں حساب لگا کر ان پورا کرلیں۔ اگر ہمارے احباب نے یہی عمل کرلیا تو ہمارا دعویٰ ہے کہ پھر کسی مخصوص عمل کے پڑھنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوگی۔ اور ہر جائز کام میں کامیابی اور کامرانی خود بخود حاصل ہوگی۔ مولیٰ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اور سب کے صدقے میں اس عاصی گنہگار کو نیکی کی توفیق مرحمت فرمائے۔ اور وہ کام لے جو اس کی اور اس کے حبیب کی رضا کا سبب بن جائیں۔ (آمین)

ملاقات ارواح صالحین

مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی:

جب ارواح طیبین مقدسین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے شرف ملاقات حاصل کرنا ہو یا کسی اہم ضرورت وحاجت کو حل کرنا مقصود ہو تو سورۃ یٰسین شریف اس طرح پڑھیں۔

سورۃ یٰسین شریف میں 7 مبین ہیں۔ سورۃ یٰسین شروع کریں۔ جب پہلی مبین پر پہنچیں تو یہ دعا تین بار پڑھیں۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ النَّفِيْسِ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ النَّاصِرِ عَنْ كُلِّ مَظْلُوْمٍ سُبْحَانَ الْمُخْلِصِ عَنْ كُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَآئِنَهُ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَ الرَّحِيْمِ اَمْرُهٗ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ط سُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ط ﴾

ملاقات خضر علیہ السلام:

حضرت ابراہیم تیمی جو اعظم ترین اولیاء کرام میں سے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ یہ عمل خضر علیہ السلام نے مجھے تعلیم فرمایا۔ اس عمل سے تین فائدے بیک وقت حاصل ہوتے ہیں۔ اول سید عالم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو۔ دوسرے خضر علیہ السلام سے شرف ملاقات حاصل ہو۔ تیسرے آپ ملاقات کر کے حاجات حل ہونے کی تدبیر بتائیں۔ قبل طلوع آفتاب و قبل غروب آفتاب، سورۃ فاتحہ 7 بار، سورۃ فلق اور سورۃ ناس 7 بار، سورۃ اخلاص 7 بار، سورۃ کافرون 7 بار، آیت الکرسی 7 بار، کلمہ تمجید 7 بار۔

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ حَبِيْبِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَ سَلِّمْ 7 بار اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ 7 بار اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ بِيْ وَ بِهِمْ عَاجِلًا وَّ اٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَآ اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ وَّ لَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلٰنَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ط ﴾

7 بار اس کا ثواب سید عالم ﷺ و حضرت خضر علیہ السلام و جمیع ارواح امت محمد ﷺ کو بخشے۔ تین روز میں ستارۂ قسمت بالائے عرش نظر آئے۔ اور مشرف بہ زیارت سید عالم ﷺ ہو۔ اگر ہر روز ورد میں رکھے اس کو غیب سے بے مشقت روزی ملے۔

حصول کشف و مراد:

حضرت سیدی شیخ نظام الدین اولیا قدس سرۂ العزیز نے یہ عمل تعلیم فرمایا کہ اگر اپنے مقصد و مراد کے متعلق دریافت کرنا ہو کہ یہ کام کس طرح ہوگا یا کیسے کیا جائے تو یہ عمل کرے مجرب ہے۔

شب یکشنبہ یا روز یک شنبہ یعنی اتوار کی شب کو یا دن میں جو وقت بھی مقرر کرے۔ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ 200 بار۔ دوشنبہ کو یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ 200 بار۔ سہ شنبہ کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ 200 بار۔ چہارشنبہ کو یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ 200 بار۔ پنج شنبہ کو یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام 200 بار۔ جمعہ کو یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ 200 بار۔ شنبہ کو یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْم 200 بار۔ ہر روز اول وآخر درود شریف دس دس بار۔

آئینہ قلب پر جلا کرنے کے لیے:

یہ عمل عجیب ترین ہے۔ اس عمل کا کرنے والا ایسے حیرت انگیز مناظر دیکھتا ہے کہ خود محو حیرت رہتا ہے۔ یہ عمل تہجد پڑھنے والوں کے لیے ہے۔ تہجد کا وقت عشاء پڑھ کر سونے کے بعد جس وقت آنکھ کھلے وہ ہی تہجد کا وقت ہے۔ مثلاً اگر عشاء 9 بجے پڑھ کر سو گیا۔ ½9 بجے آنکھ کھل گئی تو وہ ہی وقت تہجد ہے۔ تہجد کے لیے سونا شرط ہے۔ تہجد کی کم سے کم 4 رکعت اور افضل 12 رکعت اور زیادہ کی کوئی مقدار نہیں۔ 6 سلام سے 12 رکعت پڑھنا ہیں۔ ہر پہلی رکعت میں بعد الحمد والضحیٰ دوسری میں اَلَمْ نَشْرَحْ 3,3 بار پڑھیں۔ بعدہٗ یَا جَبْرِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِكَ یَا جَلِیْلُ 73 بار، اول و آخر درود شریف 3,3 بار۔ اس کے بعد اس طرح دعا کرکے سو ئیں۔ (اگر آخر شب میں پڑھیں تو ہرگز نہ سوئیں۔ فجر قضا ہونے کا خطرہ ہے) وہ دعا یہ ہے۔

دُعا:

اے اللہ تو نے عالم کو بے سبب پیدا کیا اور آسمان کو بے ستون کھڑا کیا۔ تنور سے پانی جاری کیا۔ اور پتھر سے ناقہ نکالا۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا۔ اور آدم علیہ السلام کو بغیر ماں باپ کے ظہور میں لایا۔ اور ہمارے نبی امی محمد مصطفےٰ ﷺ کو علم اولین و آخرین سے سرفراز فرمایا۔ الٰہی اس نبی امی کی برکت سے مجھ کو نور ایمان و عرفان کمالی عطا فرما۔ اور نفس و دل و جان کو اپنے نور احدیت و وحدانیت سے روشن کر۔ آمین بحق سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ وصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

برائے کشف القلوب:

سیدنا جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے یہ دعا منقول ہے۔ پہلے دو نفل پڑھ کر جمع

اہل اسلام کو اس کا ثواب بخشے۔ بعدہٗ درود شریف 21 بار یَا نُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ فِیْ نُوْرِ نُوْرِكَ یَا نُوْرُ 256 بار پڑھ کر یوں دعا کرے۔

الٰہی جب یونس علیہ السلام نے دعا کی کہ ظلمت و تاریکی سے نجات دے تو تو نے اُن کی دعا قبول فرمائی۔ الٰہی میری دعا بھی قبول فرما۔ اور گناہوں کی تاریکی سے نجات دے اور ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی کہ تو مردے کس طرح زندہ کرتا ہے۔ مجھے دکھا تو نے ان کی دعا قبول فرمائی۔ الٰہی میری دعا بھی قبول فرما۔ اور میرے مردہ دل کو زندہ فرمادے۔ بحرمت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وبارک وسلم آمین یا ارحم الراحمین۔ بعدہٗ درود شریف 9 بار۔

برائے نورانیت قلب:

یہ عمل کشف قبور اور کشف قلوب کے لیے بہت مجرب ہے۔

اوّل دو رکعت نفل ادا کریں۔

﴿یَا جَمِیْلُ تَجَمَّلْتَ بِالْجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِیْ جَمَالِ جَمَالِكَ یَا جَمِیْلُ 332 بار پھر 70 بار یہ دعا پڑھیں۔ اِلٰهِیْ قَلْبِیْ مَحْجُوْبٌ وَنَفْسِیْ مَعْیُوْبٌ وَعَقْلِیْ مَغْلُوْبٌ وَطَاعَتِیْ قَلِیْلٌ وَمَعْصِیَتِیْ كَثِیْرٌ فَكَیْفَ حِیْلَتِیْ یَا سَتَّارُ الْعُیُوْبِ اِغْفِرْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا یَا غَفَّارُ یَاسَتَّارُ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ اول و آخر درود شریف 11 بار۔﴾

برائے کشف قبور:

جب چاہے کہ صاحب قبر کے وسیلے سے فیض حاصل کرے اور اپنی حاجت روائی کے لیے آسان ذریعہ معلوم کرے تو نماز مغرب یا بعد نماز عشاء غسل کرے اور خوشبو سے کپڑوں کو بسائے صاحب مزار کے حضور حاضر ہو اور یوں عرض کرے۔

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ۔﴾

کہہ کر فاتحہ پڑھے۔ پھر اہل مزار کے چہرے کے سامنے باادب دو زانو بیٹھ کر یہ درود شریف 245 بار پڑھیں۔

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ وَ جَسَدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ وَ اَجْسَادِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَ الْاَوْلِيَاءِ كَامِلِيْنَ وَالْعُلَمَاءِ الرَّاشِدِيْنَ وَجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔ ﴾

پڑھ کر ثواب اس کا صاحب مزار کی روح کو بخشے۔ اور اسی طرح سلام عرض کر کے واپس چلا جائے۔ دوسری شب کو حسب دستور بعد سلام یہی درود شریف 11 بار پڑھیں۔ پھر انگشت شہادت قبر پر رکھ کر آنکھیں بند کر کے 21 بار یَا رُوْحُ یَا رُوْحُ کہے۔ پھر 21 بار یَا رُوْحُ الْاَرْوَاحِ کہے۔ اس کے بعد قبر سے انگلی ہٹائے اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ 850 بار پھر درود شریف 11 بار پڑھ کر ثواب بخشے اور سلام عرض کر کے واپس آ جائے۔ تیسری شب کو حسب دستور سلام و درود فاتحہ کے بعد یَا رُوْحُ 21 بار یَا رُوْحُ الْاَرْوَاحِ 21 بار اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ 13 بار پڑھ کر سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ بے شمار پڑھتا رہے یہاں تک کہ صاحب مزار کے دیدار سے مشرف ہو اور جو حاجت ہو عرض کرے۔

درود کشف:

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَ كَاشِفِ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا كَاشِفَ الْاَسْتَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِكْشِفْ عَنِّيْ اِكْشِفْ صَدْرِيْ يَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خُذْ بِيَدِيْ

اَغِيْثُوْنِيْ اَغِيْثُوْنِيْ يَا صَادِقُ صِدْقٌ قَوْلُكَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ وَتُكْثِرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِى الْحَوَآئِجَ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْكَ وَ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔ ﴾

جب سونے کا قصد ہو 111 یا 11 بار پڑھیں۔

عمل شب جمعہ برائے قضائے حاجت:

بعد نصف شب جمعہ تازہ غسل کرے اگر سو کر اٹھے تو دو رکعت نماز تہجد اور سویا نہ ہو تو دو رکعت نفل قضائے حاجت کی نیت سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے تین بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام تین بار درود قضائے حاجت پڑھے۔ پھر ایک ہزار بار یَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ یَا بَدِيْعُ پھر اپنے لیے دعا کرے۔ اس کے بعد اَللّٰهُمَّ اقْضِ حَاجَتِيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ یَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ یَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ دس بار مُدَبِّرَ الْاَمْرِ دس بار پھر درود شریف نماز فجر تک پڑھتا رہے۔

عامل حضرات کے لیے وضاحت

عامل کو چاہیے کہ عمل شروع کرنے سے پہلے کسی اسم کی دعوت دینے سے قبل پرہیز کرے اور رجال الغیب کی طرف منہ کر کے یہ سلام تین تا سات بار پڑھے، پھر ایسے بیٹھے کہ رجال الغیب پشت کی جانب یا بائیں جانب رہیں، پھر عمل شروع کریں، اس طرح روزانہ رجال الغیب کا نقشہ دیکھ لیا کریں، اگر غلطی سے عمل کا ورد کرتے ہوئے رجال الغیب کو سامنے دیکھ لیا کریں، یا دائیں طرف آ جائیں تو عمل کی تاثیر سلب ہو جاتی ہے، اس تاثیر کے سلب ہو جانے کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ رجال الغیب جان بوجھ کر چھین لیتے ہیں، بلکہ یہ فعل بالکل اسی طرح ہے جیسے لوہا مقناطیس کو دیکھ کر بھاگتا ہے، کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مقناطیس میں لوہے کو اپنی طرف کھینچنے کی طاقت بھر دی ہے اور لوہے کو مقناطیس سے محبت دی ہے، مقناطیس یہ فعل جان بوجھ کر نہیں کرتا اور نہ ہی اس میں مقناطیس کا قصور ہے، کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت محبت ہے،

بالکل اسی طرح عملیات خود رجال الغیب کی طرف کشش کرتے رہتے ہیں، اور اس میں رجال الغیب کا کوئی قصور نہیں اور جب عمل سلب ہو جاتا ہے تو اس کا کوئی نتیجہ اخذ نہیں ہوتا لہٰذا عامل رجال الغیب کا نقشہ ضرور دیکھ کر اور سلام پڑھ کر شروع کرنا چاہیے تاکہ ہر عمل میں کامیابی و کامرانی آپ کے قدم چومے۔

سلام رجال الغیب

﴿السلام علیکم یا رجال الغیب ویا ارواح المقدسة، اعینونی ، بقوة وانظرونی بنظرة یا رقباء یا نقباء یا نجباء یا ابدال یا اوتاد یا قطب یا غوث اعینونی بحرمة محمد صلی اللّٰہ وسلم و علی آله وصحبه اجمعین۔﴾

......☆☆☆......

خواص اسمائے الٰہی

(یا رزاق)

کشادگی رزق کے لیے:

رزاق کے معنی ہیں، روزی دینے والا، یہ اسم جمالی ہے اور عنصر خاکی ہے۔ شیخ امام بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ذکر میکائیل فرشتہ کا ہے، جو شخص اس اسم کا ذکر کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر رزق آسان کر دے گا، اور رزق اس کا کشادہ ہوگا۔

سال بھر کا رزق حاصل ہو:

جو شخص نصف شعبان کو اس کا ذکر کثرت سے کرے اور انگوٹھی پر نقش کر کے اس کو پہن لے، اللہ تعالیٰ سال بھر کا رزق اس کو عنایت کرے۔

ہر مہم آسان ہو جائے:

اگر کوئی شخص اس اسم کا ذکر کرے، قمر زاید النور ہو اور بروج مسعود میں ہو، طالع وقت بھی قوی ہو، تو عمل پورے طور پر کامل ہوگا، اس مربع کو پاس رکھے اور اسم کا خوب ذکر کرے تو ہر کام میں مدد ملے، دشمنوں سے کفایت ہو اور ہر ایک مہم آسان ہو۔

غیب سے رزق کا حصول:

اس کے مؤکل کے ماتحت چار افسر ہیں، ہر ایک 308 صفوں کا مالک ہے، اور ہر صف میں 308 فرشتے ہیں، یہ مؤکل، کھیتی، گھاس، پھل نباتات وغیرہ، ہر ایک قسم کی پرورش کر کے بندوں کو رزق بحکم باری تعالیٰ پہنچاتے ہیں، جو شخص اس اسم کا ذکر کرتا ہے، مؤکل اس کی ہر بات کو کفایت کرتا ہے اور غیب سے بھی رزق دیتا ہے۔

رزق کی دو اقسام:

رزق کی دو قسمیں ہیں۔ ظاہری اور باطنی، ظاہری قوت اجسام میں ہے اور اسباب اس کے نباتات ہیں اور یہ جسم کا رزق ہے، باطنی رزق چند یہ ہیں، عقل کا رزق، روح کا رزق، نفوس کا رزق، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿الا بذکر اللہ تطمئن القلوبُ۔﴾

قلوب کا رزق:

مطلب یہ کہ قلوب ذکر الٰہی سے مطمئن ہوتے ہیں، یعنی قلوب کا رزق اللہ کا ذکر ہے، یہ رزق ہمیشہ باقی رہتا ہے، ظاہر کا رزق محدود ہے اور انجام اس کا فنا ہے، اللہ نے دونوں اسموں کو ایک جگہ جمع فرمایا ہے اور علویات وسفلیات کے رزق کا ذکر کیا ہے فرماتا ہے۔

﴿ھل من خالق غیر اللہ یرزقکم من السمآء والارض۔﴾

معنی اس کے یہ ہیں، کیا خدا کے سوا اور کوئی خالق ہے جو آسمان وزمین سے تم کو رزق دیتا ہے، پس اس کا آسمانی رزق اہل باطن کے واسطے ہے اور جو لوگ اہل تحقیق ہیں اور جنھوں نے اہل آسمان وزمین کے رزق سے ترقی کی ہے وہ اہل قرب اور خاص برگزیدہ لوگ ہوتے ہیں اور ان کو وہاں سے رزق ملتا ہے جہاں سے ان کو وہم وگمان بھی نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿فابتغوا عند اللہ الرزق۔﴾

یعنی خدا کے پاس رزق تلاش کرو۔

اور جس شخص کا قیام مقام اسماء وافعال میں ہوگا اس کا رزق عالم ترکیب سے ہوگا، اور جس کا قیام اسماء صفات کے ساتھ ہوگا، اس کا رزق ملکوتی ہوگا اور جس قدم اس کے مقام میں اسمائے معانی ذات کے ساتھ ہوگا، اس کی قوت وروزی بلا واسطہ خدا کے ہاں سے ہوگی۔

بکھرا ہوا رزق:

صوفیائے کرام کا قول ہے کہ مخلوق کا رزق اور اس کی مقدار اللہ نے پیدا کی اور اپنی ہواؤں میں سے ایک کو حکم دیا کہ اس رزق کو عالم کے اندر بکھیر دے، ہوا نے بکھیر دیا، جس سے کہیں کہیں تو ڈھیریاں لگ گئیں اور کہیں بہت تھوڑا تھوڑا مل گیا۔

اللہ تعالیٰ نے رزق تقسیم کر دیا ہے:

جو شخص اس اسم الٰہی کا عمل کرنا چاہے اس کو لازم ہے کہ توحید اور توجہ الی اللہ میں مشغول ہو اور یہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا رزق تقسیم کر دیا ہے، اور کثرت کے ساتھ اس اسم کا ورد شروع کرے، اس کی تلاوت خلوت میں اس کے عدد مضروب کے ساتھ کرے، یعنی 308×308=94864 بار کرے یعنی روزانہ اتنا پڑھے اور تلاوت کے بعد یوں کہے۔

اللھم ارزقنی یا رزاق اور ہمیشہ ظاہر اور باطن میں مراقبہ کرے اس کا ایک مؤکل خاص جبر یائیل بھی ہے، وہ اس کا خادم ہو جاتا ہے اور خزانہ غیب سے رزق پہنچاتا ہے۔

رزق کے حصول میں آسانی:

جو کوئی اسم فتاح بھی اس کے ساتھ ملا کر پڑھے اللہ تعالیٰ رزق اس کے واسطے آسان کر دے اور ہر بندہ دروازہ اس کے لیے کھول دے، یوں پڑھے۔ یا اللہ یا رزاق یا فتاحُ۔

مکان ودکان میں برکت:

اگر چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے تو جو ارادہ کرے وہ آسان ہو، اگر کسی مکان یا دکان میں رکھیں، تو اس میں برکت وفائدہ ہو، اور خرید وفروخت کثرت سے ہو، اس کو شرف قمر میں لکھنا چاہیے۔ اس کا مربع یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ر	زا	ق
۹	۹۹	۳۲	۱۹۹
۹۸	۶	۲۰۲	۳۳۰

اسم اعظم:

اور جب یہ اسم کسی نام کے موافق ہو وہ اس کو وظیفہ ضرور بنائے، اس کے حق میں یہ اسم اعظم کا کام دے گا، مگر یہ باتیں بھاری ریاضت اور اکل حلال سے پیدا ہوتی ہیں۔

حضرت امام علی رضاؑ کا فرمان:

حضرت امام علی رضاؑ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ تین سو آٹھ مرتبہ

بعد نماز صبح پڑھ لیا کرے تو رزق اس کا کشادہ ہو، اگر روزانہ بوقت صبح مکان کے چاروں کونوں میں اس اسم کو سو مرتبہ پڑھا جائے تو غربت اور فقر اس کے مکان سے دور ہوگا۔ اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو فرشتہ زراعت پر پڑھا کرتے ہیں اور اس کی برکت سے خوشہ میں دانا پیدا ہوتا ہے۔

غربت کا خاتمہ:

اگر کوئی غریب شخص اثاثہ رزق نہ رکھتا ہو تو اس اسم کا مربع حرفی تحریر کرکے اپنے پاس رکھا اور اس اسم کی تلاوت کے بعد تکسیر یا بعد تکبیر صبح ہونے سے قبل کیا کرے تو تونگر ہو جائے، عدد تکسیر ایک ہزار آٹھ سو پینتالیس ہیں، چالیس روز اس کے مطابق پڑھے تو رزق کشادہ ہو، دولت اور ثروت حاصل ہو نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ر	ز	ا	ق
ق	ا	ز	ر
ز	ر	ق	ا
ا	ق	ر	ز

رزق میں زیادتی:

اگر نقش حرفی کو لوح نقرہ پر کندہ کرکے اپنے پاس رکھے اور چالیس شب و روز چار ہزار سات سو مرتبہ پڑھے اور بعد ختم ذکر دو رکعت نماز قبول استجاب دعا کے لیے پڑھے اور کچھ تصدق کرے تو رزق میں وسعت پیدا ہو۔

بے شمار رزق حاصل ہو:

اگر کوئی شخص آیت مبارک ان اللّٰہ ھو الرزّٰق ذو القوۃ المتینؕ کا مربع لکھ کر پاس رکھے اور اعداد کے مطابق دو ہزار دو سو کتالیس مرتبہ روزانہ بعد نماز صبح ورد کرے تو پروردگار عالم رزق بے شمار عنایت فرمائے، نقش ورد یہ ہے۔

۷۸۶

ان اللہ	ھوالرزاق	ذوالقوۃ	المتین
۱۴۴۳	۵۳۰	۱۱۸	۳۳۹
۵۲۹	۱۴۴۱	۳۵۲	۱۱۹
۳۵۱	۱۲۰	۵۲۸	۱۴۴۲

فراخی رزق کے لیے:

اگر اس مربع عددی کو سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے عروج ماہ میں شرف قمر میں لکھے اور بعد نماز جمعہ اپنے بازو پر باندھے اور آیت مبارکہ کی تلاوت کرتا رہے تو بے شمار رزق حاصل ہو مربع یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۰	۵۶۳	۵۶۶	۵۵۴
۵۶۵	۵۵۳	۵۵۹	۵۶۴
۵۵۴	۵۶۸	۵۶۱	۵۵۸
۵۶۲	۵۵۷	۵۵۵	۵۶۵

رزق میں اضافہ:

اگر واللّٰہ یرزق من یشاء بغیر حساب کو ایک سو اکیس مرتبہ روزانہ بعد نماز صبح پڑھا کرے تو رزق میں وسعت و برکت ہو۔

کبھی رزق میں کمی نہ ہو:

اگر وما انفقتم من شئی فھو یخلفہ و ھو خیر الرّٰزقین کی تلاوت کرتا رہے تو رزق میں کبھی کمی واقع نہ ہو، آسودگی حاصل ہو جو کچھ بھی رزق حاصل ہو اس میں خیر و برکت زیادہ ہو۔

یہ آیات جن کا ذکر کیا گیا ہے، کلام پاک میں وارد ہوئی ہیں، اگر کوئی شخص روزانہ کسی

آیت کو ورد کیا کرے تو رزق میں کمی کبھی نہ ہو، اور بھی بہت سی آیات ہیں، جو رزق کے سلسلہ میں ہیں اور یہ اللہ کا کتنا بڑا کرم ہے کہ اس نے مختلف صورتوں میں آدمی کی مدد کی ہے۔

اسمائے حسنیٰ سے علاج

اَلظَّاهِرُ الْبَاطِنُ

حق تعالیٰ کا 75 واں صفاتی نام الظّاھرُ اور 76 واں صفاتی نام الباطن ہے۔ الظاہر سے مراد یہ ہے کہ حق تعالیٰ بہ اعتبار قدرت بالکل آشکارا ہیں۔ اور ان کی قدرت کا ظہور کائنات کے چپے چپے پر نظر آتا ہے۔ اور الباطن سے مراد یہ ہے کہ ان کی حقیقت اور ان کی ذات گرامی سب کی نظروں سے پوشیدہ ہے۔ بقول شاعر

ان کی ہی تجلی عام ہوئی
ان کا ہی نظارا ہو نہ سکا

گویا کہ وہ درحقیقت ظاہر بھی ہیں اور دراصل پوشیدہ بھی۔ یا یوں سمجھئے کہ ان سے زیادہ ظاہر بھی کوئی دوسری ذات نہیں ہے۔ اور ان سے زیادہ پوشیدہ بھی کوئی دوسری ذات نہیں ہے۔

بینائی میں اضافہ:

یا ظاھرُ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد 1106 ہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کی آنکھ کی روشنی کم ہو گئی ہو تو وہ روزانہ پانچ سو مرتبہ اس اسم کا ورد کرے۔

الہام کا نزول:

اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سو 100 مرتبہ "یَا ظَاھِرُ" پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کا قلب منور ہو جائے۔ اور اس پر الہام نازل ہونے لگیں۔

مصیبت سے نجات:

اگر کوئی شخص کسی مصیبت کا شکار ہو جائے تو روزانہ اس اسم الٰہی کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ دس دن میں مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

چشم خلائق میں معزز ہونا:

اگر کوئی شخص گیارہ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کو سرمہ پر پڑھ کر دم کر کے رکھ لے تو وہ جب بھی اس سرمہ کو لگا کر کسی محفل میں جائے گا تو لوگ اس کی طرف متوجہ رہیں گے۔

بینائی میں کمی نہ ہو:

ہر فرض نماز کے بعد اگر گیارہ مرتبہ "یا ظاھرُ" پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے کوئی اپنی انگلیاں اپنی آنکھوں پر لگائے تو اس کی بینائی کبھی کم نہ ہو۔ اگر خدانخواستہ بینائی کم ہو جائے تو نماز اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کے ورد کرنے سے 21 دن میں بینائی بحال ہو جاتی ہے۔

مکان زلزلے اور آفات سے محفوظ رہے:

اگر کسی مکان کے دروازے پر اس اسم الٰہی کو لکھ کر لگا دیا جائے تو وہ مکان آندھیوں اور زلزلوں سے محفوظ رہے۔

نئے مکان کو تعمیر مکمل ہونے کے بعد اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ حاسدوں کے حسد سے اور نظر بد اور دوسری آفات سے محفوظ رہے تو اس اسم الٰہی کو 1106 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی کو مکان کی دیواروں پر چھڑکے اور اس عمل کو لگاتار 7 روز تک کرے۔ انشاء اللہ مکان تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

دفینے کا علم ہو جائے:

اگر کسی مکان میں دفینہ ہو لیکن جگہ کا علم نہ ہو کہ کس جگہ ہے تو اس اسم الٰہی کو 11 ہزار مرتبہ 11 دن تک اسی مکان میں بیٹھ کر پڑھیں۔ انشاء اللہ گیارہویں دن یا اس کے کچھ دنوں کے بعد خواب میں اس بات کی نشاندہی ہو جائے گی کہ دفینہ کس جگہ مدفون ہے۔

عامل کامل بن جائے:

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننا چاہے تو 4444 مرتبہ اس اسم الٰہی کو 40 دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ پھر اس اسم الٰہی کے عملیات میں بھرپور کامیابی ملے گی۔

اسرار الٰہی سے آگاہی:

"الباطن" بھی اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد 62 ہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ "یا باطن" 33 مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنالے تو اس پر اسرار الٰہی منکشف ہونے لگیں۔

قلبی صفائی کے لیے:

اگر کوئی شخص روزانہ "یا باطن" ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کو عشق الٰہی کی دولت نصیب ہو جائے۔ اور اس کا دل پوری طرح نکھر جائے۔

شہرت و ناموری کے لیے:

اگر کوئی شخص نماز فجر کے بعد 170 مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے تو اس کا دل منور ہو جائے۔ اور تمام مخلوق اس سے محبت کرنے لگے۔ اس کو ہر دلعزیزی کی دولت حاصل ہو جائے۔

پوشیدہ راز منکشف ہوں:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ دل ہی دل میں زبان ہلائے بغیر یا باطن ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس پر الہام اترنے شروع ہو جائیں۔ اور اسرار الٰہی اس پر پے درپے منکشف ہونے لگیں۔

لوگوں میں مقبول ہونا:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص 21 ہزار مرتبہ 21 روز تک "یا باطن" پڑھنے کی عادت ڈالے تو اس کو ہر دلعزیزی کی دولت حاصل ہو جائے اور وہ عزیز خلائق ہو کر زمانہ بھر میں مقبول ہو جائے۔

چھپی ہوئی بات معلوم ہو جائے:

اگر کوئی شخص کسی پوشیدہ بات کا سراغ لگانا چاہے تو اس کو چاہیے کہ روزانہ تین ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھے۔ اس عمل کو عشاء کے بعد پڑھے اور روزانہ کسی سے بات کیے بغیر عمل کے بعد سو جائے۔ انشاء اللہ 7 روز میں خواب والہام کے ذریعہ پوشیدہ بات اس پر آشکارا ہو جائے گی۔

جھوٹ کی عادت چھوٹ جائے:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی جھوٹے انسان کے جھوٹ کی عادت چھڑانی ہے تو وہ اس اسم الٰہی کو بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ پڑھ کر 12 دن تک اس کے لیے دعا کریں۔ انشاء اللہ وہ کذب بیانی سے محفوظ ہو جائے گا۔

اسم الٰہی کامل ہو جائے:

اس اسم الٰہی کامل بننے کے لیے روزانہ اس کا ورد 3125 مرتبہ 40 دن تک کر لینا چاہیے۔ انشاء اللہ چالیس دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

ظاہری و باطنی خوبیوں کا حصول:

علامہ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی ظاہری اور باطنی خوبیوں کا مالک بننا چاہتا ہو تو اس کو چاہیے چاند کی چودھویں شب میں بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو تو الظاہر کا نقش بنائے اور اسی نقش کی پشت پر الباطن کا نقش ذوالکتابت بنائے اور اس نقش کو اپنے گلے میں باندھ لے انشاء اللہ بہت جلد اس کے اندر ظاہری اور باطنی خوبیاں پیدا ہو جائیں گی اور اس کی خوبیوں کو دنیا والے محسوس کرنے لگیں گے۔

الظاہرُ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ظا	ھ	ر
۶	۱۹۹	۳۲	۹۰۰
۱۹۸	۳	۹۰۳	۳۳
۹۰۲	۳۳	۱۹۷	۳

الباطن کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	با	ط	ن
۱۰	۳۹	۳۲	۲
۴۸	۷	۵	۳۳
۴	۳۳	۴۷	۸

چشم خلائق میں معزز ہونا:

''الظاهرُ و الباطنُ'' کا مشترک نقش بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ جو لوگ اپنے ظاہر و باطن میں خوبیاں پیدا کرنا چاہتے ہوں یا جو لوگ اپنے اندر للّٰہیت اور اخلاص پیدا کرنے کے خواہاں ہوں۔ یا جو لوگ دنیا والوں کی نظروں میں اپنا مقام بلند کرنے کے خواہش مند ہوں۔ ان سب کے لیے ان دونوں اسموں کا مشترک نقش مفید ثابت ہوتا ہے۔

مخصوص نام والے افراد کے لیے مفید:

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب مشرق کرے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹۱	۲۹۵	۲۹۸	۲۸۳
۲۹۷	۲۸۵	۲۹۰	۲۹۶
۲۹۶	۳۰۰	۲۹۳	۲۸۹
۲۹۳	۲۸۸	۲۸۷	۲۹۹

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لیے یہ نقش دیے جائیں۔ اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۹۰	۳۸۵	۳۹۳
۳۹۳	۳۸۹	۳۸۷
۳۸۶	۳۹۳	۳۸۸

خواتین و حضرات کے لیے نہایت پُر اثر:

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ن، ی، ص، ت یا ض ہو تو ان کو گلے

میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب شمال کرے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹۸	۲۸۳	۲۹۱	۲۹۵
۲۹۰	۲۹۶	۲۹۷	۲۸۵
۲۹۳	۲۸۹	۲۸۶	۳۰۰
۲۸۷	۲۹۹	۲۹۳	۲۸۸

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کے لیے یہ نقش دیے جائیں ان کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۹۰	۳۹۳	۳۸۶
۳۸۵	۳۸۹	۳۹۳
۳۹۳	۳۸۷	۳۸۸

... نقوش:

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، غ یا د ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرے اور ایک ٹانگ اٹھا کر ایک بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹۳	۲۸۸	۲۸۷	۲۹۹
۲۸۶	۳۰۰	۲۹۳	۲۸۹
۲۹۷	۲۸۵	۲۹۰	۲۹۶
۲۹۱	۲۹۵	۲۹۸	۲۸۳

ان ہی حضرات وخواتین کو پہنے کے لیے یہ نقش دیتے جائیں۔ان کو لکھتے وقت بھی عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۸۸	۳۹۳	۳۸۶
۳۸۷	۳۸۹	۳۹۲
۳۹۳	۳۸۵	۳۹۰

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل "یا ظاہرُ یا باطنُ" 160 مرتبہ پڑھ کر ان نقوش پر دم کردے تو ان کی تاثیر وقوت دگنی ہو جائے۔

(بحوالہ :طلسماتی د...)

الشّھیدُ

حق تعالیٰ کا 51واں صفاتی نام الشہید ہے۔شہید کے معنی یہ ہیں کہ وہ ذات بابرکت پوشیدہ اور اعلانیہ بھی طرح کی باتوں،خبروں اور رازوں سے باخبر ہے۔

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد 319 ہیں۔اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اپنے علم اور معرفت میں دن رات اضافہ کرنے کی سعی کرتا رہے۔

برائی سے نفرت کے لیے:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم الٰہی کی کثرت رکھے گا اس کا دل باطل کی طرف سے متنفر ہو جائے گا۔اور اس کی طبیعت حق کی طرف مائل ہو جائے گی۔

بیوی بچے تابعداری کریں:

جو شخص اپنی بیوی اور اپنے بچوں کے سر کے بال پکڑ کر ایک ہزار مرتبہ "یا شہید" پڑھے گا تو اس کے بیوی بچے اس کے زبردست مطیع اور فرمانبردار ہو جائیں گے۔

بیوی بچے بیماریوں سے محفوظ رہیں:

اگر کوئی شخص روزانہ اس اسم الٰہی کو 319 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے بیوی

بچے ہر طرح کی بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہیں۔

مخالف جھوٹی گواہی نہ دے سکے:

اگر کوئی شخص اپنے مقدمہ میں بجانب ہو۔لیکن مخالف گروہ جھوٹے گواہوں سے غالب ہونے کی کوشش کر رہا ہو تو مقدمہ کی تاریخ (اس تاریخ سے جس میں جھوٹے گواہ جھوٹی گواہی کے لیے پیش ہونے والے ہوں) سات دن پہلے اس اسم کو روزانہ 5100 مرتبہ پڑھے اور جس وقت گواہ عدالت میں پیش ہو۔دل ہی دل میں لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے انشاء اللہ وہ گواہی دینے پر قادر نہ ہو سکے گا۔

مقدمہ میں کامیابی:

مقدمہ کی کامیابی کے لیے روزانہ 3125 مرتبہ "یا شہید یا اللہ چالیس روز تک پڑھے۔

جھوٹی تہمت سے جلد خلاصی:

اگر کسی شخص پر کسی نے جھوٹی تہمت لگا رکھی ہو تو اس سے بری ہونے کے لیے "یا شہید" روزانہ گیارہ سو مرتبہ کسی قبرستان یا مسجد میں بیٹھ کر پڑھے۔نمازِ عصر کے بعد پڑھنے میں زیادہ فائدہ ہے۔11 روز تک اس عمل کو جاری رکھے۔انشاء اللہ تہمت سے بری ہوگا۔

برائیوں سے محفوظ رہے:

اگر کوئی شخص روزانہ اس کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ فحش گناہوں اور دیگر برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

ہر مقصد میں کامیابی:

جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے وہ روزانہ 6250 مرتبہ 40 دن تک لگاتار پڑھے انشاء اللہ زکوٰۃ چالیس دن میں ادا ہو جائے گی۔اور اس کے بعد اسم الٰہی کا جو بھی عمل کرے گا انشاء اللہ زبردست کامیابی ملے گی۔

حافظہ مضبوط ہو جائے:

اس اسم الٰہی کا نقش علم و معرفت کی زیادتی کے لیے تیر بہدف ہے۔اگر حافظہ کمزور ہو یا

یادداشت خراب ہو تو پینے کے نقش بھی کارگر ثابت ہوتے ہیں۔

نہایت پُر اثر نقوش:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش یا ذ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹	۸۲	۸۶	۷۲
۸۵	۷۳	۷۸	۸۳
۷۴	۸۸	۸۰	۷۷
۸۱	۷۶	۷۵	۸۷

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لیے یہ نقش دیے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۰۷	۱۰۲	۱۱۰
۱۰۹	۱۰۶	۱۰۳
۱۰۳	۱۱۱	۱۰۵

مجرب وآزمودہ نقوش:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۵	۸۰	۷۸	۸۶
۸۷	۷۷	۸۳	۷۲
۸۱	۷۴	۸۵	۷۹
۷۶	۸۸	۷۳	۸۲

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لیے یہ نقش دیے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۰۳	۱۰۹	۱۰۷
۱۱۱	۱۰۶	۱۰۲
۱۰۵	۱۰۳	۱۱۰

نقوش کا فوری فائدہ:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، غ، ر، خ، یا ج ہو۔ تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۱	۷۶	۷۵	۸۷
۷۴	۸۸	۸۰	۷۷
۸۵	۷۳	۷۸	۸۳
۷۹	۸۲	۸۶	۷۲

ان ہی حضرات وخواتین کو پہننے کے لیے یہ نقش دیے جائیں اوران کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۰۵	۱۱۱	۱۰۳
۱۰۴	۱۰۶	۱۰۹
۱۱۰	۱۰۲	۱۰۷

سریع الاثر نقوش:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ح، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک ٹانگ اٹھا کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۶	۷۲	۷۹	۸۲
۷۸	۸۳	۸۵	۷۳
۸۰	۷۷	۷۴	۸۸
۷۵	۸۷	۸۱	۷۶

ان ہی حضرات وخواتین کو پہننے کے لیے یہ نقش دیے جائیں ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۰۷	۱۰۹	۱۰۳
۱۰۲	۱۰۶	۱۱۱
۱۱۰	۱۰۴	۱۰۵

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر 19 مرتبہ "یا شہید" پڑھ کر ان پر دم کردیا جائے تو ان کی

تاثیر میں زبردست اضافہ ہوجائے۔ان نقوش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں باندھ کر استعمال کرنے کی تاکید کی جائے۔مردوں کے دائیں بازو پر نقش باندھنا چاہیے اور عورتوں کے بائیں بازو پر۔ورنہ پھر دونوں حضرات اپنے اپنے گلے میں ڈالیں۔

(بحوالہ ماہانہ طلسماتی دنیا جنوری،فروری 2001ء)

الجامع

حق تعالیٰ کا 88واں صفاتی نام الجامع ہے، الجامع سے مراد وہ ذات گرامی ہے جو قیامت کے دن ساری مخلوقات کو ایک جگہ جمع کرے گا اور مراد وہ ذات ہے جو بچھڑے ہوئے کو جمع کردینے والی ہے، یعنی وہ ذات جو بچھڑنے کے بعد جمع کرنے کی قدرت رکھتی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ قدرت صرف اور صرف حق تعالیٰ کو حاصل ہے ان کے سوا کسی کو یہ طاقت اور قدرت حاصل نہیں ہے کہ جو منتشر ہونے کے بعد لوگوں کو پھر جمع کردے، اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ لوگوں کو جوڑنے اور لوگوں کے درمیان کے فاصلے مٹانے کی خدمات انجام دیتا ہے۔یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد 114 ہیں۔

قلبی سکون کا حصول:

بزرگوں نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص "یا جامع" روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا تو اس کو اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

اگر کسی کے عزیز و اقارب اس سے بچھڑ گئے ہوں تو ان کو پانے کے لیے یا بچھڑے ہوئے رشتے داروں کو ایک دوسرے سے قریب کرنے کے لیے وقت کے تعین کے ساتھ روزانہ تازہ غسل کرنے کے بعد دو نفلیں پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھ کے گیارہ سو چالیس 1140 مرتبہ "یا جامع" روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا تو اس کو اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

بچھڑے ہوئے مل جائیں:

اگر کسی کے عزیز و اقارب اس سے بچھڑ گئے ہوں تو ان کو پانے کے لیے یا بچھڑے ہوئے رشتے داروں کو ایک دوسرے سے قریب کرنے کے لیے وقت کے تعین کے ساتھ روزانہ

تازہ غسل کرنے کے بعد دو نفلیں پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھ کے گیارہ سو چالیس 1140 مرتبہ "یا جامع" پڑھیں، انشاء اللہ ایک چلے کے اندر اندر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

رشتہ داروں کو مطیع کرنا:

اپنے رشتے داروں کو ہم خیال بنانے کے لیے یا اپنے رشتے داروں کو اپنا مطیع اور فرماں بردار بنانے کے لیے ہر اتوار کو بوقت چاشت (صبح دس بجے) ایک ہزار مرتبہ "یا جامع" پڑھیں اور لگاتار چالیس اتوار تک یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ رشتے دار ہمنوا ہم خیال ہو جائیں گے اور اطاعت کرنے پر مجبور ہوں گے۔

ناراض رشتہ دار صلح پر مائل ہو جائیں:

اگر کسی کے رشتے دار اس سے روٹھ جائیں تو اتوار کے دن بوقت چاشت کھلے آسمان کے نیچے آسمان کی طرف دیکھ کر 14 مرتبہ "یا جامع" پڑھے اور دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو بند کر لے پھر 14 مرتبہ پڑھے اور دوسری انگلی کو بند کر لے اسی طرح پانچوں انگلیاں بند کر کے پھر 14 مرتبہ پڑھے اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو بند کر لے پھر 14 مرتبہ پڑھے اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کی برابر والی انگلی کو بند کر لے اسی طرح چودہ چودہ مرتبہ پڑھ کر دس انگلیاں بند کر لے، جب دس انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر چودہ مرتبہ "یا جامع" پڑھ کر انگلیاں دونوں ہاتھ کی ایک ساتھ کھول دے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لے، اس عمل کو 14 اتوار تک کرے، انشاء اللہ رشتے دار مان جائیں گے اور از خود صلح کرنے پر مجبور ہوں گے۔

صلح کرانے کی اہلیت حاصل ہو جائے:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ "یا جامع" پڑھنے کا معمول بنا لے اس کے اندر اعلیٰ صفات پیدا ہو جائیں اور وہ لوگوں کے درمیان صلح کرانے اور بچھڑے ہوؤں کو ایک دوسرے کے قریب کرنے کا اہل ہو جائے۔

گمشدہ چیز کی واپسی:

اگر کسی شخص کی کوئی چیز یا کچھ سامان کھو گیا ہو یا چوری ہو گیا ہو تو وہ شخص باوضو 21 مرتبہ "یا جامع المتفرقین اجمع الی ضالتی یا جامع" پڑھ کر 3 ہزار مرتبہ صرف "یا جامع" پڑھے انشاء اللہ گم شدہ یا چوری شدہ سامان واپس مل جائے گا۔

میاں بیوی کی نفرت محبت میں بدلنا:

اگر میاں بیوی کے درمیان نفرت ہو جائے تو ایک کاغذ پر ہرے رنگ کی پنسل سے یہ عبارت لکھیں۔ "یَا جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادُ ا۔" اجمع ابن فلاں و بین فلاں ابن فلاں اور اس کاغذ کو تعویذ بنا کر کسی ہرے بھرے درخت پر لٹکا دیں، انشاء اللہ بہت جلد دونوں کے درمیان محبت پیدا ہوگی، میاں بیوی میں سے جو زیادہ متنفر ہو اس کا نام پہلے لکھیں۔

ناراض میاں بیوی راضی ہو جائیں:

اگر بیوی ناراض ہو کر میکے میں جا کر بیٹھ جائے تو اس صورت میں خاوند کو چاہئے کہ اس اسم الٰہی کو گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ مرتبہ روزانہ 44 دن تک تنہائی میں بیٹھ کر پڑھے، انشاء اللہ کتنی ہی شدید نفرت ہوگی وہ واپس آ جائے گی، اور یہی عمل وہ عورت بھی کر سکتی ہے جس کا شوہر ناراض ہو کر اس کو لینے نہ آیا ہو، عورت درمیان میں وقفہ ہونے کے بعد 44 دن کی تعداد بعد میں پوری کر سکتی ہے، لیکن اس دوران نہ پڑھے جب وہ نماز نہیں پڑھتی۔

بھاگا ہوا ملازم واپس آ جائے:

اگر کسی کا ملازم ناراض ہو کر بھاگ گیا ہو اور وہ اس کو واپس بلانا چاہے تو اس کو چاہیے کہ گیارہ سو چالیس مرتبہ روزانہ سات دن تک لگاتار پڑھے، انشاء اللہ ملازم واپس آ جائے گا۔

جائیداد سے قبضہ چھڑوانا:

اگر کسی شخص کی جائیداد پر کسی دوسرے کا قبضہ ہو، کسی مکان یا کسی دکان پر اور وہ اس کو خالی کرانا چاہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ "یا جامع" روزانہ 3125 مرتبہ پڑھ کر دعا کرے اور ایک بوتل پانی پر دم کرتا رہے ہر دوسرے دن یہ پانی مقبوضہ جگہ پر ڈالیں۔ فیصلہ جائیداد ہو جائے گا یا تو قابض ہنسی خوشی معاملہ کرے گا اور مقبوضہ جائیداد پر اپنا قبضہ ہو جائے گا یا تو قابض ہنسی خوشی معاملہ کرے گا ورنہ ایسے حالات قدرتی طور پر پیدا ہو جائیں گے کہ وہ قابض بننے پر اور جائیداد چھوڑنے پر مجبور ہوگا۔

اسم الٰہی کا عامل بننا:

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیے کہ بہ نیت زکوٰۃ "یا جامع" 6250 مرتبہ روزانہ پڑھے انشاءاللہ 40 دن دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، اس کے بعد اس اسم الٰہی کے وظائف و نقوش میں زبردست تاثیر پیدا ہوگی اور بہت جلد مطلوبہ مقاصد میں کامیابی ملے گی اور بہت جلد نتائج برآمد ہوں گے۔

ہر مقصد میں فوری کامیابی:

یا جامع کا نقش محبت کے لیے، تسخیر عام کے لیے، ناراض لوگوں کو منانے کے لیے یا گمشدہ چیزوں کی اس وصول یابی کے لیے یا مفقود الخبر یا مفرور یعنی ہوؤں کی واپسی کے لیے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے، اس نقش کو خصوصی طور پر استعمال کرنے کے لیے مطلوب کا نام کے پہلے حروف کو ملحوظ رکھیں اس اسم الٰہی کو پہنے والے نقش سکونِ قلب اور دل جمعی کے لیے مفید ہوتے ہیں اور انسان کے ارادوں میں استحکام پیدا کرتے ہیں۔

نقوش کا فوری اثر:

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف ش، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیں، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸	۳۱	۳۴	۲۱
۳۳	۲۲	۲۷	۳۲
۲۳	۳۶	۲۹	۲۶
۳۰	۲۵	۲۴	۳۵

مذکور حضرات و خواتین کو پہنے کے لیے یہ نقش دیں، ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۹	۳۴	۳۱
۴۰	۳۸	۳۶
۳۵	۴۲	۳۷

سریع الاثر نقوش:

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ض، یا، ت ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۹۲

۴۳	۲۹	۲۷	۳۴
۳۵	۲۶	۳۲	۲۱
۳۰	۲۳	۳۳	۲۸
۳۵	۳۶	۲۴	۳۱

مذکورہ حضرات و خواتین کو پہنے کے لیے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۵	۳۰	۳۹
۴۲	۳۸	۱۴
۳۷	۳۶	۴۱

مجرب و آزمودہ نقوش:

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س ق، ث یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر

عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳	۲۱	۲۸	۳۱
۲۷	۳۲	۳۳	۲۲
۲۹	۲۶	۲۳	۳۶
۳۴	۳۵	۳۰	۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہنے کے لیے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۹	۴۰	۳۵
۳۴	۳۸	۴۲
۴۱	۳۶	۳۷

مقصد فوراً پورا ہو جائے:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، غ، یا ر یا خ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لیے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر ایک ٹانگ بچھا کر اگر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰	۲۵	۲۳	۳۵
۲۳	۳۶	۲۹	۲۶
۳۳	۲۲	۲۷	۳۲
۲۸	۳۱	۳۴	۲۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہنے کے لیے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل

مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۷	۴۲	۳۵
۳۶	۳۸	۴۰
۴۱	۳۴	۳۹

بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے والے نقش کے نیچے اگر وہ کسی خاص شخص کو مسخر کرنے کے لیے کیے جا رہے ہوں تو طالب ومطلوب کے نام اس طرح لکھیں۔ الحب فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں پہلے مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور پھر طالب اور اس کی والدہ کا نام لکھیں، اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو مجبوراً باپ کا نام لکھیں۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر 114 مرتبہ ''یا جامع'' پڑھ کر دم کردے تو ان نقوش کی قوت وتاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے، بازو اور ہاتھ پر باندھنے والے نقوش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے استعمال کرنا چاہیے۔

(بحوالہ طلسماتی دنیا جنوری فروری 2004ء)

الحلیمُ

حق تعالیٰ کا 32واں صفاتی نام الحلیم ہے۔ حلیم اس ذات گرامی کو کہتے ہیں۔ جو مطلوب الغضب نہ ہو۔ اور انتقام لینے میں جلدی کرنے والی نہ ہو۔ بلکہ اقتدار اور اختیار کے باوجود عفو ودرگزر کرنے والی ہو۔ اور یہ صفت باری تعالیٰ کے لیے خاص ہے۔ وہ اپنے بندوں کو گناہوں کی سزا کا حق اور اختیار رکھنے کے باوجود سزا اور تادیب میں جلدی نہیں کرتے۔ بلکہ بسا اوقات اپنے خطار کار بندوں کو معاف ہی کر دیتے ہیں۔

اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ بندے کو برے لوگوں کی ایذا رسانی پر صبر وتحمل سے کام لینا چاہیے اور ظالموں اور جابروں کا مقابلہ بردباری سے کرنا چاہیے۔ جو لوگ بردبار ہوں اور طبیعت کے اعتبار سے حلیم وکریم ہوں۔ ان کے لیے ''یا حلیمُ'' کا وظیفہ تیر بہدف ہوتا ہے۔ اور ان کی تمام مرادیں اس وظیفے سے بر آتی ہیں۔

یہ اسم جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد 88 ہیں۔

معرفت الٰہی کا حصول:

اگر کوئی شخص پانچوں وقت کی نماز کے بعد 71 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھنے کا معمول بنا لے تو معرفت الٰہی کے اسرار اس کے دل میں جگہ پا جائیں۔

درخت خوب پھل لائے:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یا حلیمُ کا نقش لکھ کر پھر اسے پانی سے دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے تو وہ درخت خوب پھل لائے۔ اور اس کے پھلوں کا ذائقہ لاجواب ہو جائے۔

کھیتی میں برکت:

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی کسان اس کے نقش کا پانی کھیت میں چھڑک دے تو کھیتی خوب پروان چڑھے اور غلے میں خوب خیر و برکت ہو۔

ظالم مہربانی سے پیش آئے:

اکابرین سے یہ بھی منقول ہے کہ اگر کوئی شخص یا حلیمُ کا نقش لکھ کر اس پر 70 مرتبہ "یا حلیمُ" پڑھ کر دم کر دے۔ پھر اس کو پانی میں گھول کر اس پانی کو اپنے چہرے پر مل لے اور کسی ظالم کے سامنے چلا جائے تو وہ ظالم انسان ایک دم نرم پڑ جائے گا۔ اور حسن سلوک کرنے پر مجبور ہوگا۔

حکمرانی قائم رہے:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی سردار یا حاکم روزانہ سات سو مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد رکھے تو اس کی سرداری اور حکمرانی قائم رہے اور دنیا اس کے آگے سر جھکانے پر مجبور ہو۔

کبھی رسوائی نہ ہو:

بعض اکابر نے فرمایا ہے کہ جو شخص ظہر کی نماز کے بعد اسم مبارک کو نو مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ہمیشہ سرخرو رہے۔ اور مخلوق کے سامنے کبھی ندامت اور رسوائی کی نوبت نہ آئے۔

مرض سے نجات:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مریض کے سرہانے بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور دس مرتبہ "یا حلیمُ" پڑھے تو اللہ کے فضل و کرم سے وہ مریض شفایاب ہو جائے۔

تسخیر جنات کے لیے:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص 99 روز تک مکمل خلوت اختیار کرے اور ہر فرض نماز کے بعد 88 مرتبہ اس کا ورد رکھے اور رات کو سونے سے پہلے آٹھ سو اسی مرتبہ پڑھے۔ مدت پوری ہو جانے پر اس کا یہ نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انس و جن کی زبردست تسخیر سے حاصل ہو۔ اس نقش کو اولیاء اللہ نے باب المراد کا درجہ دیا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م ۱۳	ی ۲۳	ل ۳۵	ح ۲۱
ح ۲۶	ل ۲۰	ی ۱۵	م ۲۷
ی ۱۹	م ۲۳	ح ۳۰	ل ۱۴
ل ۲۹	ح ۱۷	م ۱۸	ی ۲۲

اخلاق حسنہ کا حصول:

شیخ ابو العباس بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اس کا مندرجہ ذیل نقش شرف قمر میں لکھ کر اور اس کو اپنے پاس رکھے تو اخلاق حسنہ اسے نصیب ہوں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ی	ل	ح
۵	۳۹	۱۱	۲۹
۱۲	۳۲	۶	۳۲
۳۱	۷	۳۱	۹

سر درد کا فوری علاج:

بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص درد سر میں مبتلا ہو تو اس کے سر پر ہاتھ [illegible] کر عامل کو چاہیے تین بار یا حلیم پڑھے۔ اور اس کے بعد یہ آیت پڑھ کر دم کر دے۔ انشاء اللہ [illegible] وقت درد سر کی شکایت رفع ہو گی۔

آیت یہ ہے۔

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴾

پیٹ درد میں آرام:

یہی عمل درد پیٹ کے لیے بھی بے حد مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اور بعض بزرگوں نے [illegible] ہے کہ یہ عمل تمام امراض کے لیے موثر ہے۔

نافرمان کو تابعدار بنانا:

اگر کسی بچے کو دیکھیں کہ وہ حد سے زیادہ نافرمان ہے۔ بڑوں کے ساتھ اور والد[illegible] کے ساتھ گستاخانہ رویہ رکھتا ہے اور اس کے اپنے رشتے دار اور متعلقین اس کی حرکات سے [illegible] اور پریشان ہوں تو اس کا علاج یہ ہے کہ ایک بوتل پانی پر آٹھ ہزار آٹھ سو مرتبہ اس اسم مبارک [illegible] پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ اور روزانہ یہ پانی 8 دن تک اس کو پلائیں۔ انشاء اللہ اس کی [illegible] حالت سدھر جائے گی۔ اور اس میں بفضل رب العلمین حیرت ناک تبدیلی پیدا ہو گی۔

قرض خواہ کی زبان بندی:

کوئی مقروض انسان اگر یہ چاہے کہ قرض خواہ اس کو کسی جگہ ذلیل نہ کرے تو قرض [illegible] سے ملاقات کے وقت دل ہی دل میں "یا حلیم" بلا تعداد پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ قرض خواہ کی زبان بند ہو جائے گی۔

[illegible] خلائق میں معزز ہونا:

جو شخص 352 مرتبہ روزانہ سونے سے پہلے اس اسم مبارک کا ورد لگاتار ایک سال تک [illegible] تو مخلوق اس کی گرویدہ ہو جائے اور وہ خود بھی حد سے زیادہ نرم اور لوگوں سے محبت [illegible] والا بن جائے۔

[illegible] کی ترقی کے لیے:

اگر کوئی شخص اپنی دکان کی ترقی چاہتا ہو تو اس اسم مبارک کو کسی کاغذ پر آٹھ سو مرتبہ لکھ کر [illegible] پانی میں گھول دے اور یہ پانی دکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔ انشاء اللہ خوب [illegible] ہو گی۔

[illegible] کا خاتمہ:

کیسا بھی شدید مرض ہو۔ اگر اس اسم مبارک کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے [illegible]۔ اور مریض کو صبح و شام یہ پانی پلائیں۔ تو مرض رفع ہو جائے۔

[illegible] کا عامل بننا:

جو شخص اس اسم مبارک کا عامل بننا چاہے تو اس کو چاہیے اس اسم مبارک کو چالیس دن [illegible] لاکھ مرتبہ پڑھے۔ ایک دن کی تعداد ہو گی بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ۔ پرہیز کچھ نہیں صرف [illegible] میں بیٹھ کر پڑھنا شرط ہے۔ تعداد پوری ہو جانے پر عامل بن جائے گا۔ اور بے پناہ فوائد کا [illegible]۔

[illegible] خلائق کے لیے:

اکثر اکابرین نے تسخیر خلق کی دولت اسی اسم مبارک کے ورد سے حاصل کی تھی۔ [illegible] کے لیے موثر ترین عمل یہ ہے کہ اس اسم مبارک کو 3125 مرتبہ روزانہ چالیس دن تک [illegible]۔ چلہ کشی کے بعد انشاء اللہ زبردست تسخیر ہو گی۔ اور ہر دیکھنے والا محبت کرنے پر اور سر تسلیم [illegible] پر مجبور ہو گا۔

[illegible] کی سختی دور ہو جائے:

"یا حلیم" کا نقش طبیعت میں نرمی پیدا کرنے اور دل کی سختی کو دور کرنے کے لیے

خاص طور پر مفید و مؤثر ہے۔

نہایت سریع الاثر نقوش:

جن حضرات اور خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیا جائے: اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور اس نقش کو ساعت قمر میں لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۵	۲۸	۱۴
۲۷	۱۵	۲۰	۲۶
۱۶	۳۰	۲۳	۱۹
۲۳	۱۸	۱۷	۲۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ شرائط کے ساتھ لکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۰	۲۵	۳۳
۳۲	۲۹	۲۷
۲۶	۳۳	۲۸

پُرتاثیر نقوش:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ مغرب کی جانب کرلے اور اس نقش کو ساعت قمر میں مرتب کرے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۳	۲۰	۲۸
۲۹	۱۹	۲۶	۱۴
۲۳	۱۶	۲۷	۲۱
۱۸	۳۰	۱۵	۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیے جائیں اور ان کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۶	۳۲	۳۰
۳۳	۲۹	۲۵
۲۸	۲۷	۳۳

مجرب وآزمودہ نقوش:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور اگر اس نقش کو ساعت قمر میں مرتب کرے۔ تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۱۸	۱۷	۲۹
۱۶	۳۰	۲۳	۱۹
۲۷	۱۵	۲۰	۲۶
۲۱	۲۵	۲۸	۱۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۸	۳۴	۲۶
۲۷	۲۹	۳۲
۳۳	۲۵	۳۰

ہر مقصد میں کامیابی:

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں لٹکانے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے۔ اور اگر اس کو ساعت قمر میں مرتب کرے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸	۱۴	۲۱	۲۵
۲۰	۲۶	۲۷	۱۵
۲۳	۱۹	۱۶	۳۰
۱۷	۲۹	۲۴	۱۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۰	۳۲	۲۶
۲۵	۲۹	۳۴
۳۳	۲۷	۲۸

اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ان پر 88 مرتبہ "یَا حَلِیْمُ" پڑھ کر دم کردے تو ان نقوش کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے یہ نقوش خاکی رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے، پینے کے لیے 8 نقش لکھ کر دیئے جائیں۔ اگر مرض شدید ہو تو 18 نقش پلائے جائیں۔

......☆☆☆......

وظائف ودعاؤں کے فیوض وبرکات

اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے مقدس ناموں اور قرآن مجید کی مبارک آیات اور وظائف اور دعاؤں میں اس قدر فیوض وبرکات اور عجیب عجیب تاثرات ہیں کہ جن کو دیکھ کر قدرت الٰہی کا جلوہ نظر آتا ہے۔ بہت سے مریض جن کو تمام حکیموں اور ڈاکٹروں نے لاعلاج کہہ کر مایوس کر دیا تھا۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ اور قرآن کی مقدس آیات سے صحیح طریقے پر چارہ جوئی کی گئی تو دم زدن میں بڑے بڑے خوفناک اور بھیانک امراض اس طرح معدوم ہو گئے کہ ان کا نام ونشان بھی باقی نہ رہا۔ جادو اور آسیب وغیرہ کی بلائیں اتنی خطرناک ہیں کہ حکیموں کی طب اور ڈاکٹروں کی ڈاکٹری اس منزل میں بالکل لاچار ہیں لیکن دعاؤں، وظائف اور قرآنی آیات کی تاثیر قہر الٰہی کی وہ تلوار ہیں کہ جن کی تیز دھار سے جادو، ٹونا، آسیب سب کے سب بھسم ہو جاتے ہیں۔ جادو بھی ٹوٹ جاتا ہے اور آسیب بھی بھاگ جاتا ہے اور کبھی گرفتار ہو کر جل جاتا ہے اس لیے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ چند عملیات اور قرآنی آیات کے تعویذات تحریر کر دیں تاکہ اہل حاجت ان کے فیوض وبرکات سے فائدہ اُٹھائیں۔

اعمال اور دواؤں کی شرائط

یاد رکھیے کہ جس طرح جڑی بوٹیوں اور تمام دعاؤں کی تاثیر اسی وقت ظاہر ہوتی ہے جب کہ اسی ترکیب سے وہ دوائیں استعمال کی جائیں جو ان کے استعمال کا طریقہ ہے اسی طرح عملیات اور تعویذات کی بھی کچھ ترکیبیں، کچھ لوازمات ہیں کہ جب تک ان سب چیزوں کی پابندی نہ کی جائے گی عملیات کی تاثیرات ظاہر نہ ہوں گی۔ اور فیوض وبرکات حاصل نہ ہوں گی۔ ان شرائط میں سے سات شرطیں نہایت ہی اہم اور انتہائی ضروری ہیں کہ جن کے بغیر قرآنی اعمال سے اثر کی امید رکھنا نادانی ہے اور وہ شرطیں حسب ذیل ہیں۔

رزق حلال کا حصول

حلال لقمہ کھانا اور حرام غذاؤں سے بچنا چاہیے تاکہ وظائف اور دُعا میں تاثیر ہو۔ اس کے فیوض و برکات سے فائدہ حاصل ہو۔

صدق مقال

ہمیشہ سچ بولنا اور جھوٹ سے بچتے رہنا۔ قرآن و سنت کی ہدایت کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔ تاکہ وظائف اور دعاؤں سے حصول مقاصد حاصل ہوں۔

اخلاص

نیت کو درست اور پاکیزہ رکھنا اور ہر نیکی اللہ تعالیٰ ہی کے لیے کرنا۔ اپنی منشاء رضائے الٰہی سے تابع رکھنا۔ باعمل رہنا اخلاص پر حتی الامکان سعی پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔

تقویٰ

شریعت کے احکام کی پوری پوری پابندی کرنا۔ جہاں تک سعی اور کوشش سے ہو سکے اُس پر کاربند رہنا چاہیے۔

شعائر الٰہی کی تعظیم

یعنی اللہ تعالیٰ کے دین کے ستونوں مثلاً قرآن، کعبہ، نبی، نماز وغیرہ کی تعظیم اور بزرگانِ دین کا ہمیشہ ادب و احترام کرنا قلبی و عملی طور پر کرنا۔

توجہ و یکسوئی

یعنی جو وظیفہ بھی پڑھیں دل کی حضوری کے ساتھ پڑھنا۔ پوری یکسوئی لگن سے۔

یقین کامل

یعنی جو عمل اور وظیفہ پڑھیں اس کی تاثیر پر پورا پورا اور پختہ عقیدہ رکھنا اگر تذبذب یا دو دلی ہوا تو وظیفہ یا عمل میں اثر نہ رہے گا۔

سفلی و رحمانی عملیات

عملیات کی دو قسمیں ہیں ایک سفلی۔ دوسری رحمانی۔ سفلی عملیات ناجائز اور حرام ہیں بلکہ صریح کفر اور شرک ہیں، لہٰذا تمام سفلی عملیات جادو ٹونہ وغیرہ کوئی مسلمان ہرگز نہ کرے ورنہ ایمان برباد ہو جائے گا۔ رحمانی عملیات جائز ہیں۔ جو قرآن مجید کی آیات اور مقدس دعاؤں کے ذریعہ کیے جاتے ہیں، مگر رحمانی عمل بھی اسی وقت جائز ہیں جبکہ شریعت اجازت دے۔ مثلاً عداوت ڈالنے کے لیے کوئی رحمانی عمل کیا جائے تو یہ جائز نہ ہوگا۔ اگر کسی مرد یا عورت میں ناجائز تعلق ہو گیا ہے تو ان دونوں میں عداوت ڈالنے کے لیے رحمانی عمل کرنا جائز ہے۔

مؤکلاتی عملیات سے بچتے رہو

رحمانی عملیات کی دو قسمیں ہیں ایک مؤکلاتی جو مؤکلوں کے واسطہ سے ہوتا ہے۔ دوسرے غیر مؤکلاتی جس میں مؤکلوں کا واسطہ نہیں پڑتا، اگرچہ مؤکلاتی عملیات بہت ہی مؤثر ہوا کرتے ہیں لیکن ان میں بڑے بڑے خطرات بھی ہیں بلکہ جان کا بھی ڈر رہتا ہے۔ اس لیے مؤکلاتی عملیات سے ہمیشہ دور ہی بھاگتے رہنا چاہیے۔ جو لوگ بھی مؤکلاتی عملیات کے چکر میں پڑ کر خطرات کے بھنور میں پھنس گئے کوئی کوڑھی ہوا کوئی پاگل ہو گیا اور کوئی جان سے مارا گیا۔

شیخ کامل کی اجازت:

شیخ کامل کی تعلیم و اجازت مؤکلاتی عملیات میں نہایت ضروری ہے اور اس زمانے میں "شیخ کامل" کا ملنا بہت دشوار ہے۔ اس لیے ہم یہاں چند غیر مؤکلاتی عملیات لکھتے ہیں ان عملیات میں مؤکلوں کا کوئی واسطہ نہیں ہے اور مسلمان مرد و عورت جو پابندی کریں گے تو فائدہ اٹھائیں گے ورنہ فائدہ سے محروم رہیں گے لیکن بہر حال ان کو نہ کوئی خطرہ ہوگا۔ اور نہ کوئی نقصان۔

(بحوالہ تحفہ درویش)

حصار کی تعریف

حصار وہ مضبوط قلعہ اور حفاظتی دائرہ ہے جو عامل عمل کرنے سے قبل اپنے گرد کھینچتا ہے اور اس دائرہ میں بیٹھ کر عمل کرتا ہے اس طرح وہ ہر طرح کے خطرات اور نقصان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اس حصار کی ضرورت ہر عامل کو ہوتی ہے کیونکہ عامل اپنے عمل کے ذریعے جو دعا وظیفہ کرتا ہے اس کے تابع کچھ مؤکلین ہوتے ہیں جو بہت زیادہ طاقتور ہوتے ہیں ان پر قابو پانا کوئی آسان کام نہیں جو ان کو قابو کرنے کی کوشش کرتا وہ اسے نقصان پہنچانے سے دریغ نہیں کرتے اور بعض اوقات اگر حصار یعنی قلعہ مضبوط نہ ہو تو وہ قلعہ میں داخل ہو کر عامل کی جان کے درپے بھی ہو جاتے ہیں۔ چونکہ عامل اپنے عمل کے ذریعے ان طاقتور مؤکلین کو اپنے تابع و قابو کرنے کا خواہاں ہوتا ہے تو لازمی بات ہے وہ مؤکلین جو کہ عامل کی طاقت سے زیادہ طاقتور ہوتے ہیں اور وہ یہ نہیں چاہتے کہ وہ کسی کے غلام ہو جائیں اس لیے وہ عامل کے کام میں خلل پیدا کرنے کے لیے اپنی کوشش کرتے ہیں۔

رجعت کا مفہوم:

رجعت کے لغوی معنی واپس لوٹنے کے ہیں لیکن عملیات کی اصطلاح میں رجعت کا مفہوم یہ مراد لیا جاتا ہے کہ دماغ میں خلل کا واقع ہونا یعنی جس انسانی دماغ میں سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو جائے اور اس کے باعث انسان لایعنی حرکات کرنی شروع ہو جائے۔ اگر کسی عامل کی حالت ایسی ہو جائے تو اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ دوران عمل قواعد و ضوابط میں سستی کر جاتا ہے اور چلہ کشی کرتے ہوئے احتیاط سے کام نہیں لیتا یا پھر اس دوران جو پرہیز اس کو کرنا چاہیے اس سے روگردانی کرتا ہے ایسی حالت کے باعث بعض اوقات عامل کی جان چلی جانے کا بھی خطرہ ہوتا ہے اس لیے عامل کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رہنے اور اپنی جان کی حفاظت کی غرض سے جو بھی عمل کرے وہ حصار کے اندر کرے مضبوط حصار کے

باعث کوئی مخلوق اسے نقصان نہ پہنچا سکے گی علاوہ ازیں وہ حروف تہجی کی زکوٰۃ بھی ادا کرے جس کا طریقہ تجربہ کار اور مستند عاملین نے بیان کیا ہے۔

مضبوط حصار قائم کرنا:

عمل کے دوران دوسری مخلوق کے حملے سے محفوظ رہنے کے لیے مضبوط حصار قائم کرنا ضروری ہے حصار چونکہ نہایت مضبوط دعائیہ قلعہ ہوتا ہے اس لیے مؤکلین جس قدر بھی طاقتور ہوں وہ اس حصار میں اپنی کوشش و طاقت کے باوجود داخل نہیں ہو سکتے البتہ وہ حصار کے باہر سے عامل کو بہت زیادہ خوفزدہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ عامل کی توجہ ان کی طرف ہو جائے اور وہ ڈر و خوف کی وجہ سے عمل پورا نہ کر سکے اس مقصد کے لیے وہ مختلف حربے اختیار کرتے ہیں حتی الامکان عامل کو ڈراتے ہیں بعض اوقات وہ خوشامدانہ رویہ اختیار کرتے ہیں کہ کسی بھی طرح عامل اپنے کام سے باز آ جائے۔ اس لیے عامل کو چاہیے کہ وہ مؤکلین کے کسی بھی حربے کا اثر نہ لے اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ اپنے کام میں مگن رہے جب عمل مکمل ہو جائے گا تو پھر عامل کو وہ مناظر دکھائی نہ دیں گے جو دوران عمل دکھائی دیتے تھے۔

حصار کے بہت سے طریقے ہیں ذیل میں چند طریقے بیان کیے جاتے ہیں۔

مضبوط حصار اول:

مضبوط حصار قائم کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ عمل کرنے سے قبل باوضو حالت میں بیٹھ کر پہلے سورۃ فاتحہ پڑھے پھر آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد چہار قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور اپنے گرد حصار کھینچ لے۔

مضبوط حصار دوم:

حصار قائم کرنے کا ایک اور بہتر طریقہ یہ ہے کہ پہلے آیۃ الکرسی پڑھے پھر چہار قل تین تین مرتبہ پڑھے اس کے بعد یہ آیت مبارکہ پڑھے:

﴿ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ۔ ﴾

سے آخر تک پڑھنے کے بعد اپنے اوپر دم کرے پھر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور اپنے گرد حصار کھینچ لے۔

مضبوط حصار سوم:

عامل کے لیے مضبوط حصار قائم کرنے کا ایک تیسرا طریقہ یہ ہے کہ ذیل کے کلمات پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر اپنی انگلیوں پر دم کر کے اپنے گرد حصار کھینچے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط آگے محمد ﷺ پیچھے محمد سیدھے ہاتھ کو امام حسنؓ الٹے ہاتھ کو امام حسینؓ۔ کلید داؤد۔ قفل سلیمان پیغمبر نگہبان پاک ذات

﴿ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ علیقا ملیقا خالقًا مخلوقًا کافیًا مرتضیٰ بحق یا بدوح وننزل من القرآن وما ھو شفاء ورحمۃٌ للمومنین مالا لو ساور ضائن دودعوۃ مرجلیۃ دررجال الغیب بحق حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کھلا کھلا ارحم ارحم ترجم عقد تم عقد تم فرفیلس یا اللہ۔ ﴾

کو سلیمان بن داؤد علیہما السلام بند شو۔ بند شو۔ بند شو۔

افضل ترین حصار:

درود تنجینا ”ہزاروں حصاروں سے افضل و بہتر ہے۔ عاملین کو چاہیے کہ جب کوئی عمل، وظیفہ، دعوت، زکوۃ شروع کرے تو اول اکیس مرتبہ یا 11 - 11 مرتبہ اول آخر اس درود شریف کو پڑھے۔ یہ درود بھی ہے اور دعا بھی اور حصار بھی ہے اول اس کی زکوۃ اس طرح ادا کرے کہ چالیس روز تک بعد نماز عشاء 41 مرتبہ روز پڑھے انشاء اللہ چالیس روز میں زکوۃ ادا ہوگی۔ اس کے عامل کی ہر حاجت اللہ تعالیٰ پوری فرمائے گا اور کوئی بلا عامل کے پاس نہ آئے گی۔ اس درود شریف کے مؤکل خدا مکمل حفاظت کریں گے اور پرہیز جمالی کے ساتھ زکوۃ ادا کرے۔ درود شریف یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تَقْضِيْ لَنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْحَاجَاتِ وَ تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عَلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاتِ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط ﴾

حصار برائے حفاظت مکان

برائے حفاظت مکان جو بلا زکوۃ بھی کام کرتا ہے۔ یقین کامل عقیدۂ صادق ہونا ضروری ہے اول سات لوہے کی کیلیں لاوے اور ان کیلوں پر مندرجہ عزیمت پڑھے اور دم کرے اور چار کیلیں تو مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ ایک صحن میں اور دو صدر دروازے کے دائیں بائیں گاڑ دیں، انشاء اللہ مکان ہر قسم کی بلیات و آفات، آسیب بات، جنات، خبیثات، کلاران بیابان، عفریت، چڑیل، مڑیل، بیری، مری، پری کے شرور ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ٥ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ ﴾

3 بار پڑھ کر دم کرے بعدہ سورۃ جن ایک بار پڑھ کر دم کرے بعدہ قل یا ایہا الکافرون، قل ھو اللہ، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب النّاس تین تین بار پڑھ کر دم کرے بعدہ یہ دعا۔

﴿ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا

عَوْرَةٌ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ط اِنْ يُرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا o ﴾

بحق کھیعص، حمعسق 3 مرتبہ۔ پڑھ کر دم کرے بعدہٗ

﴿ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ۔ ﴾

تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے بعدہٗ۔

﴿ اهیا اشراهیا ادونی اثباوت۔ ﴾

تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے بعدہ۔

﴿ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا o فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا o اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ يَا خَالِقُ يَا عَالِيْقًا بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامَ عَلِيْقًا مَلِيْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ عَلِيْقًا مَلِيْقًا حَضْرَتَ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامَ قَسَمٌ بِحَقِّ مَيْمُوْنُ۔ ﴾

41 مرتبہ پڑھ کر دم کرے مجرب اور مصدقہ ہے۔

مکان کی حفاظت کے لیے حصار:

برائے حفاظت مکان ودکان وغیرہ۔ اگر کوئی اپنا مکان یا دوکان یا چارپائی کیلنا چاہے تو پانچ کیلیں لے اور ہر ایک کیل پر پچیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مکان یا دکان کے چاروں کونوں میں ایک ایک کیل گاڑ دیں اور پانچویں کیل صدر دروازے میں گاڑ دیں انشاء اللہ حفاظت کامل ہوگی۔ اور چارپائی کے لیے چار کیلیں پڑھے ہر ایک پچیس، پچیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور چار پایوں میں گاڑ دے انشاء اللہ محفوظ و مامون رہے گا۔ طریقہ زکوۃ آیت شریفہ کا یہ ہے کہ شروع ماہ میں ہر روز بعد نماز عشاء 999 مرتبہ برابر 9 روز تک پڑھے اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے نویں روز بروح پاک حضرت سید الکونین شفیع المذنبین محمد رسول اللہ ﷺ وال وازدواج مطہرات کو ایصال ثواب کرے اور اپنی کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔ وہ آیہ شریفہ یہ ہے۔

﴿ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ

اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا o ﴾

عامل کی حفاظت کے لیے حصار:

برائے حفاظت عاملین وغیرہ اس حصار کے بارے میں از حد روایتیں اور مجربات عاملین اور تصدیقات کاملین اور بزرگان تصوف وطریقت کے فرمودات پائے جاتے ہیں۔" اس فقیر کے تجربہ و معمول میں بھی ہے۔

اس حصار اکبر کے عامل کو کوئی جنات، وخبیثات وآسیبات، دیو، پری، مری، ہری، غولان بیابان وعفریت کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچا سکتے۔ اور کوئی ساحر سفلی یا علوی غالب نہیں آسکتا۔ عامل ہر قسم کے سحر واثر سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔ اس کا طریقہ زکوۃ مختلف طریقوں سے ہے۔

اول طریقہ زکوۃ:

یہ ہے کہ شروع ماہ میں بروز دوشنبہ شروع کرے اور روزانہ بعد نماز عشاء 21 مرتبہ پڑھے اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ 21 روز عمل جاری رکھے۔ اکیسویں روز چنے کی دال کا حلوا مغزیات ڈال کر بنائے اور تین نمازیوں کو پیٹ بھر کے کھلائے اور بروح پاک محمد مصطفیٰ ﷺ کے درود وصلوۃ بھیجے اور اپنی کامیابی کے لیے دعا کرے انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔

دوسرا طریقہ زکوۃ:

اس طرح ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ سے شروع کرے اور روزانہ 41 مرتبہ پڑھے۔ چالیس روز برابر عمل جاری رکھے۔ چالیسویں روز بادام کا شربت بنائے اور 21 نمازیوں کو پلائے اور ثواب جناب آقائے نامدار سید ابرار محمد ﷺ اور آل پاک اور سلسلہ عالیہ چشتیہ کے بزرگان دین کو پہنچائے۔ اور اپنی کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔ اور کامیابی حاصل ہوگی۔

تیسرا طریقہ زکوۃ:

یہ ہے کہ عروج ماہ میں چہارشنبہ، پنجشنبہ و جمعہ کو روزہ رکھے اور روزانہ 11 سو مرتبہ پانچوں نماز کے بعد پڑھا کرے یعنی ہر نماز کے بعد دو سو مرتبہ پڑھے اور تہجد کی نماز کے بعد

100 مرتبہ پڑھے۔ ایک جگہ ہونا اور معتکف ہونا ضروری ہے کسی سے کلام نہ کرے فاضل وقت میں درود شریف یا کلمہ طیبہ ورد زبان رکھے۔ جمعہ کو روزہ افطار میں سات نمازیوں کو شامل کرے۔ بلکہ پیٹ بھر کھلائے۔ رات کو بعد نماز تہجد اوراد کی تکمیل کرے۔ ایصال ثواب بروح احمد مجتبیٰ سرور انبیاء شفیع الوری محمد رسول ﷺ اور ال پاک اور سلسلہ چشتیہ و سلسلہ قادریہ کرے اور اپنی کامیابی و کامرانی کے لیے دعا کرے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے طاقت تینوں طریقوں کی الگ الگ ہے یہ تیسرا طریقہ سب سے افضل اور قوی ہے۔" وہ حصار یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْ بِلُطْفِ الْحُسْنٰی یَا حَیُّ یَا عَلِیُّ یَا وَلِیُّ یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ o وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ o ﴾

عاملین کے لیے مضبوط حصار:

برائے حفاظت عاملین وغیرہ۔

یہ حصار خاص کر عاملین کے لیے ہے۔ اس حصار کو رات کو سوتے وقت تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیریں۔ اور چاروں طرف پھونک ماریں انشاء اللہ محفوظ و مامون رہیں گے۔ اور عامل کو سوتے میں کسی بھی قسم کا گزند نہ پہنچے گا۔ اس حصار کا طریقہ زکوٰۃ اس طرح ہے کہ اکیس روز تک 21 مرتبہ روز پڑھنا ہے۔ اکیسویں روز شیرینی تقسیم کرے اور ایصال ثواب کرے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی وہ حصار یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِجَابٌ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ کُلِّ مُکْرِہٍ مَا کَرِہَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِجَابٌ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ کُلِّ بَلَاءٍ وَّ اٰفَۃٍ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ

الرّٰحِمِیْنَ o ﴾

حصار اعظم:

اس حصار اعظم کی بہت تعریف کتابوں میں دیکھی اور استاد ممدوح سے اجازت ملی اور تجربہ کیا تو کامیاب رہا۔ اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے اور ساٹھ روز تک ساٹھ مرتبہ روز بعد نماز فجر پڑھے اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ساٹھویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کا عامل جمیع آفات و امراض اراضی وسماوی سے محفوظ رہتا ہے۔ اور ہر طرح کے جادو ٹونہ، سخت سفلی وعلوی وعطائی وسیفی و جادو ے سامری و مشرقی و اسرائیلی سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔ اور ہر طرح کے عمل کی رجعت سے مامون رہے ہمیشہ 11 مرتبہ اس کے ورد میں رکھے۔ سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔"

بوقت حاضرات جناتی، موکلاتی وغیرہ تین مرتبہ پڑھ کر چاقو پر دم کرے چاروں طرف کھینچے اور چاقو سامنے کھڑا کرے یا رکھے، حصار کامل ہوگا۔ حصار اعظم اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o قَیْرَصًا اَبْرَصًا سَخْرَمًا بِسْمِ اللّٰہِ مَلَا ثَمَانِ اَلرَّحْمٰنِ اَبُوْ ثَمَانِ اَلرَّحِیْمِ ثَمَان o ﴾

پری کو قید کرنے کے لیے حصار:

یہ حصار خاص کر پری کو محصور کرنے کے کام آتا ہے۔ اگر کسی مریض پر پری حاضر ہو، اور اس کو قید کرنا مقصود ہو تو اس حصار کو کام میں لائیں۔ انشاء اللہ پری مقید و بستہ ہوگی۔ اور بلا اجازت عامل فرار نہ ہو پائے گی۔ اس حصار کی زکوٰۃ اس طرح ادا کرے کہ شروع ماہ میں بروز جمعہ شروع کرے اور 21 مرتبہ روز پڑھے اور 21 روز تک برابر عمل جاری رکھے۔ اکیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ حصار یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o عَقَلَمُ عَقَلَمُ عَقْدُوْسُ عَقْدُوْسُ قُرَیْشُ قُرَیْشُ حَبِیْبُکَ فَکُبْکُو فِیْھَا ھُمْ

﴿ وَالْغَاوٗوْنَ وَ جُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ o ﴾

بستم بستم بستم بہ مہر سلیمان بن داؤد علیہما السلام بست کردم و بند کردم تا من نکشایم کے نکشاید بامر اللہ تعالیٰ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ۔

جن و آسیب باندھنے کے لیے حصار:

جن یا آسیب وغیرہ کو باندھنے کے واسطے...... اگر کسی مریض کے سر پر کوئی جن، آسیب وغیرہ حاضر ہو اور اس کو قید کرنا مقصود ہو تو اس عزیمت اور حصار کو کام میں لائیں انشاء اللہ جن و آسیب قید ہوگا جب تک عامل خود آزاد نہ کرے فرار نہ ہو سکے گا۔ یہ حصار بغیر زکوٰۃ ادا کیے بھی کام کرتا ہے۔ وہ حصار یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o بستم بحق توریت و بستم بحق انجیل و بستم بحق زبور بستم بحق فرقان حمید و قرآن مجید و بستم بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بستم بستم بستم بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام۔

آسیب زدہ کے پیشانی کے بال پکڑ کر سورہ الم نشرح 3 بار، لا یلف 7 مرتبہ پڑھ کر یہ کلمات کہے "بستم بفرمان اللہ تعالیٰ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ وَ جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۔" اور گرہ دیوے بستہ ہو جائے اور بلا اجازت عامل فرار نہ ہو پائے۔

جن و آسیب کو قید کرنے کے لیے حصار:

یہ حصار بھی حاضر جن و آسیب کو قید کرنے میں کام آتا ہے۔ اور بلا زکوٰۃ ادا کیے بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ "علاوہ ازیں" کسی جن یا آسیب کو حاضر کرنے سے پہلے اس حصار کو کرنا افضل ہے تاکہ جن یا آسیب کسی قسم کا گزند نہ پہنچا پائے۔ وہ حصار یہ ہے۔ اول تین مرتبہ الحمد شریف پڑھے ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے پھر تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور تین مرتبہ اس آیہ کو پڑھے۔

﴿ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا وَالْغَاوٗنَ وَ جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ o ﴾

اس کے بعد مع تسمیہ یہ کلمات پڑھے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ بِكِتْمَانِ الرَّحْمٰنِ ابن بِصَمَانِ الرَّحِيْمِ حَيْثُ وَ ثَمَانِ۔ ﴾

اور مریض کے سر کے بال پکڑ کر گرہ دے۔ انشاء اللہ جن و آسیب قید و بستہ ہوگا۔ اگر حصار کرنا مقصود ہو تو عزیمت ہائے مذکورہ کو ایک مرتبہ پڑھ کر چاقو پر دم کرے اور چاروں طرف دائرہ کھینچتے ہوئے چاقو کو سامنے گاڑ دے۔ انشاء اللہ آسیب و جنات و ہر قسم کے شر و ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا۔"

عاملین کے لیے مضبوط حصار:

یہ حصار عاملین کے لیے تحفہ اکسیر ہے اور دیگر فوائدات و عجائبات کے علاوہ حافظ و ناصر ہے۔ اس حصار کے عامل کو اور کسی حصار کے عمل و زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس کے فوائد بے شمار ہیں۔ چند فوائد تحریر کروں گا ورنہ عامل عجائبات کا خود مشاہدہ کرے گا۔ اس حصار قطبی کا طریقہ زکوٰۃ بڑا آسان اور سہل ہے۔ وہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں پنجشنبہ سے پڑھنا شروع کرے۔ ہر روز بعد نماز عشاء پڑھے اول آخر درود تنجینا پڑھے، جو سابقہ سطور میں لکھا جا چکا ہے۔ 40 روز تک برابر پڑھتا رہے۔ چالیسویں روز دودھ کی کھیر بنائے اور گیارہ نمازیوں کو کھلائے اور ایصال ثواب کرے۔ پرہیز جمالی کرے کیونکہ یہ حصار باموکل ہے۔ اور پڑھتے وقت سستی و کاہلی نہ کرے۔ اگر سستی و کاہلی کا غلبہ ہو تو کھڑے ہو کر پڑھے۔ چالیس روز میں انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ اس کے چند فوائد و خاصیت ملاحظہ فرمائیں۔

جنات فوراً بھاگ جائیں۔

اس کے عامل کے روبرو جن و آسیب نہیں ٹھہر سکتا۔ شکل دیکھتے ہی بھاگ جائے گا۔ اور وہ بلکہ ہی کانپ اٹھے گا۔

مریض پر سے آسیب دفع ہو جائے:

اگر مریض پر آسیب موجود ہو اور اس حصار کے عامل کا وہاں گذر ہو تو وہ جن یا آسیب باادب مؤدب رکھتے ہوئے تعظیم کرے گا اور رخصتی کی اجازت چاہے گا۔

سحر زدہ کی شفایابی:

سحر زدہ یا آسیب زدہ کو عامل کوئی چیز 7 مرتبہ پڑھ کر دیوے تو سحر زدہ و آسیب زدہ شفایاب ہو جائے۔

مشکل میں آسانی:

اگر کوئی شخص کسی بخت مشکل و مہم میں پھنسا ہوا ہو تو اس عزیمت کا ورد خلاصی مہمات سخت، سات روز 11-11 مرتبہ پڑھے اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ مہمات سخت سے چھٹکارا ہوئے۔

دشمن پر غلبہ پانا:

اگر کسی شخص کا کوئی دشمن سخت و قوی ہو تو عامل قبر کہنہ کی مٹی پر سات مرتبہ پڑھ کر دے اور دشمن کے گھر میں ڈلوا دے۔ انشاء اللہ دشمن زیر ہوگا۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ عزیمت مذکورہ کے ساتھ کہے کہ فلاں بن فلاں کا دشمن زیر و مقہور ہو اور دشمنی سے باز آئے۔

دشمن تابعداری کرے:

اگر کسی شخص پر اس کا دشمن غالب ہو تو عامل کو چاہیے کہ نمک کی ڈلی پر 12 مرتبہ پڑھ کر نامزد دیوے اور طالب پانی میں نمک کی ڈلی ڈالے جوں جوں نمک گھلے گا، دشمن نرم و زیر ہو کر معافی کا خواستگار ہوگا۔ مجرب و مصدقہ ہے اور آزمودہ ہے۔

قوت مردمی کی بحالی:

اگر کسی شخص کی شہوت معدوم و مفقود ہوگئی ہو تو عامل کو چاہیے کہ طالب سے شہد اصلی اور عاقر قرحا اصلی منگائے اور ہر ایک پر تین تین مرتبہ پڑھ کر دے۔ طالب دونوں کو باہم ملا کر کھائے۔ چند روز کے استعمال سے قوت مردمی و شہوت و ایستادگی مکمل ہوگی۔ خوراک 5 ماشہ کھلائے۔

میاں بیوی میں نفرت کا خاتمہ:

اگر مرد و عورت میں کسی وجہ سے ناراضگی خفگی بڑھ کر تکرار کی نوبت اختیار کرلے تو عامل کو چاہیے کہ طالب سے میٹھی چیز منگائے اور اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دے، طالب مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ ناراضگی دور ہو کر تکرار ختم ہو کر دونوں میں باہم محبت و الفت قائم ہو۔

مفلسی سے نجات:

اگر کسی شخص کی روزی تنگ ہو اور مفلسی نے آگھیرا ہو تو عامل کو چاہیے کہ اس حصار قطبی کا

عمل طالب کو دے جو کہ آئندہ لکھا جائے گا۔ انشاء اللہ تنگدستی دور ہو کر فراخی روزی حاصل ہو۔

گھوڑے کی سرکشی دور کرنا:

اگر کسی شخص کا گھوڑا بگڑ جائے اور سواری نہ کرنے دے تو عامل کو چاہیے کہ 3 مرتبہ گلیا اسے پر پڑھ کر دے اور گھوڑے کو کھلائے فوراً سواری بٹھائے۔

بسلامت واپسی:

اگر عامل کسی شخص پر 30 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور وہ شخص کسی خاص مہم پر جائے تو کامیاب لوٹے اور جنگ میں جائے تو ہر طرح کے زخم سے محفوظ و سلامت میدان جنگ سے واپس آئے۔

پیٹ درد میں فوری آرام:

اگر کسی شخص کے پیٹ میں شدید درد ہو اور کسی طرح سے رکتا نہ ہو۔ ڈاکٹر اور حکیم عاجز آچکے ہوں تو عامل کو چاہیے کہ تین مرتبہ نمک سیاہ پر دم کر کے دے اور درد زدہ کو کھلائے انشاء اللہ درد فوراً دور ہوگا۔

کمر درد کا فوری علاج:

اگر کسی شخص کی کمر میں درد شدید ہو اور مریض عاجز آچکا ہو تو عامل کو چاہیے کہ سرسوں کے تیل پر 3 مرتبہ پڑھ کر دے اور کمر کی مالش کرائے۔ انشاء اللہ درد فوراً دور ہوگا۔

حاکم مہربانی سے پیش آئے:

اس کا عامل اگر کسی حاکم کے پاس جائے تو وہ حاکم بصد احترام عزت و تکریم سے پیش آئے۔

میعادی بخار کا خاتمہ:

اگر کسی شخص کو میعادی بخار یا تپ لرزہ ہو تو عامل اس عزیمت کو 3 مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلائے تو انشاء اللہ میعادی بخار تپ حمی و لرزہ دور ہو جائے۔

شب کوری کا خاتمہ:

اگر کسی شخص کو شب کوری یعنی رتوندا یا چوندھیا پن کا مرض ہو۔ رات کو یا دوپہر کو نہ دیکھتا ہو تو عامل کو چاہیے کہ پچاس مرتبہ عزیمت مذکور کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے مریض کی آنکھوں پر دونوں ہاتھ پھیرے۔ انشاء اللہ شب کوری کا مرض جاتا رہے گا۔

مجرب وآزمودہ استخارہ:

استخارہ کے لیے اکسیر مجرب وآزمودہ ہے۔ اگر عامل کسی امر کے بارے میں استخارہ کرنا چاہیے تو رات کو سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھ کر داہنی کروٹ لیٹ کر سو رہے۔ انشاء اللہ پہلی ہی شب میں جواب باصواب پائے۔

جان کی حفاظت کے لیے:

اگر کسی شخص کو بلایات نظر آتی ہوں تو عامل کو چاہیے کہ عزیمت مذکور بانقش آیت مذکور لکھ کر دے انشاء اللہ محفوظ و مامون رہے گا۔

تمام آفات ومصائب سے محفوظ رہے:

اس عزیمت کا عامل ظلم ظالم جبر حاکم وسوسہ شیطان اذیت جنان سے اور تبر و تیغ وغیرہ کے وار سے۔ آب وہوا، آتش وباء کی مار سے، سحر واثر دیو پری وگودم و مار سے، شیر درندہ وفیل بدمست سے، ہر قسم کے اعمال کی رجعت سے جملہ بلیات سے ناگہانی آفات سے محفوظ و مامون رہے گا۔ صبح وشام بعد نماز فجر ومغرب ایک ایک بار پڑھتا رہے۔

بانجھ پن کا خاتمہ:

اس عزیمت کا عمل اگر کسی دو ماہ سے ساڑھے تین ماہ کی حاملہ عورت کو 7 مرتبہ شربت پر پڑھ کر دم کر کے پلائے تو انشاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔ اور اگر بانجھ عورت کو ایام سے فراغت کے بعد 3 مرتبہ پر پڑھ کر دم کر کے پلائے۔ اسی طرح تین ماہ تک پلائے انشاء اللہ بانجھ پن دور ہوگا۔ اور وہ عورت صاحب اولاد ہوگی۔

بدکاری کی عادت چھوٹ جائے:

اگر کوئی عورت بدکار، بدکردار ہو تو عامل اس بدکارہ کو ایک مرتبہ شیرینی پر دم کر کے

[illegible] سات روز تک۔ انشاء اللہ وہ عورت نیک اور صالحہ ہوئے۔

[illegible]ل کا خاتمہ:

اگر کسی پر سحر سفلی کیا گیا ہو تو اس عزیمت کو تین مرتبہ مریض کو سامنے بٹھا کر آواز بلند [illegible] اسی طرح تین روز عمل کرے۔ انشاء اللہ سحر سفلی دور ہو اور مریض صحت یاب ہوئے [illegible] ہے۔

[illegible]ل سے بچاؤ:

اگر کسی شخص کا جانی دشمن قوی ہو تو کچھ خاک مسجد کی لے اور تھوڑی سات مرتبہ [illegible] میں ڈالے اور ہر مرتبہ 13 مرتبہ عزیمت پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن خانہ خراب ہوگا اور [illegible] والمرت کاملہ حاصل ہوگی۔

[illegible] ہوا جلد واپس آ جائے:

اگر اس عزیمت کا عامل کسی بھاگے ہوئے کو بلانا چاہے تو عامل کو چاہیے کہ مکان کے [illegible] میں 13 - 13 مرتبہ پڑھ کر دم کرے تین روز تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا [illegible] آئے وہ حصار قطبی یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o ثم انزل علیکم یا میکائیل یا میکائیل یا میکائیل من بعد الغم امنۃ نعاسا یغشی طائفۃ منکم و طائفۃ یا رقتمائیل یا رقتمائیل قد اھمتھم انفسھم یظنون باللہ غیر الحق ظن الجاھلیۃ یا سرطائیل یا سرطائیل یا سرطائیل یقولون ھل لنا من الامر من شیء o قل ان الامر کلہ للہ یخفون فی انفسھم ما لا یبدون لک ط یقولون لو کان لنا من الامر شیء ما قتلنا یا امرائیل یا اسرائیل یا اسرائیل ھھنا ط قل لو کنتم فی بیوتکم

لِیَرْزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِ کُمْ یَا دَرْدَائِیلُ یَا دَرْدَائِیلُ یَا دَرْدَائِیلُ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ ط وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o اَھْیًا اَشْرَاھِیًّا عَلِیْقًا مَلِیْقًا طَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ وَ سَلِّمْ کَثِیْرًا کَثِیْرًا o بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ o ﴾



مؤکلات تابع کرنے کے مختلف عمل

اس باب میں مؤکلات تابع کرنے کے جو عمل پیش کیے جا رہے ہیں وہ سب پوشیدہ [illegible] ہیں۔ اور ان پوشیدہ خزانوں کو ہم اہل حضرات کے لیے اس شرط کے ساتھ نقل کر رہے ہیں کہ وہ ان عملیات میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد اللہ کے بندوں کی بے لوث خدمت کریں گے۔ اور ان اعمال کا سہارا لے کر انسانیت اور دین ہدیٰ کو فروغ دیں گے۔ مریضوں اور ضرورت مندوں سے ہدیہ یا وصول کرنا غلط نہیں ہے۔ غلط یہ ہے کہ عامل دروغ گوئی کا راستہ اختیار کرے۔ [illegible] کرے اور مریضوں اور ضرورت مندوں کے ساتھ چوروں اور ڈاکوؤں جیسا رویہ اختیار کرے۔ مؤکل تابع کرنے کے بعد ہر عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ لوگوں سے اس قدر ہدیہ وصول کرے جو لوگوں کے لیے باعث آزار اور رُلا دینے والا نہ ہو۔ اور عامل کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ جو لوگ معمولی درجے کا بھی ہدیہ دینے کی پوزیشن میں نہ ہوں تو ان کا کام بغیر ہدیہ کے کرے۔ یہی دراصل روحانی عملیات کی زکوٰۃ ہے۔

[illegible] وحصار:

مؤکل تابع کرنے والے حضرات سے گزارش ہے کہ وہ کوئی با مؤکل بغیر پرہیز اور بغیر حصار کے نہ کرے۔ مکمل تنہائی میں عامل کریں۔ اور اپنے عمل کو صیغہ راز میں رکھیں۔ دورانِ عمل رجال الغیب کی سمتوں کا خیال کرتے ہوئے۔ ہر روز اور ہر رات اپنا رُخ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ اور رجال الغیب کی سمتوں کا خیال کرتے ہوئے۔ ہر روز اور ہر رات اپنا رُخ بدلتے رہیں۔ اور ہر عمل عروج ماہ کی سعید ساعتوں میں شروع کریں۔

[illegible]ال ذو در ہے:

اس کتاب کے تحت ہم ایسے طریقے نقل کر رہے ہیں کہ جنہیں لاکھوں روپے خرچ کر کے بھی آپ کہیں سے حاصل نہیں کر سکتے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ طریقے ظاہر کرنے والی چیز

نہیں ہیں۔ لیکن ہم نے اپنے قارئین کو روحانی عملیات کی لائن سے پوری طرح آشنا کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ اس لیے ہم کسی بھی دولت کو اپنے قارئین سے چھپانا نہیں چاہتے۔ لیکن دعا یہ ہے کہ اللہ اہل کو توفیق دے اور نااہل کو ان خزانوں سے دور رکھے۔ (آمین)

بسم اللہ شریف سے حاضری برائے موکل

موکل تابع ہو جائے:

نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کریں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے احرام باندھ لیں۔ اور پرہیز جلالی اور ترک حیوانات کریں۔ عمل مکمل تنہائی میں پڑھیں۔ جس ستارے کی ساعت میں عمل کی شروعات کریں۔ اس کا بخور جلائیں۔ پہلے عشرہ میں "**بسم اللہ الرحمن الرحیم**" پانچ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ دوسرے عشرہ میں چار ہزار مرتبہ پڑھیں۔ تیسرے عشرہ میں تین ہزار مرتبہ پڑھیں۔ چوتھے عشرہ میں پانچ سو مرتبہ پڑھیں۔ ہر روز عمل کے شروع واخیر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ دوران چلہ یا پھر آخری دن موکل تابع ہو جائے گا تو تنہائی میں گیارہ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہی انشاء اللہ حاضر ہوگا اور حکم کی تعمیل کرے گا۔

سریع الاثر عمل:

تین دن کا مجرب عمل ہے۔ تین دن تک صرف دودھ پیو۔ اور بعد نماز عشاء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پینتالیس ہزار (45000) مرتبہ پڑھو۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھو۔ حصار کے بغیر اس عمل کو نہ کرو۔ ورنہ پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر حصار کرلیں۔ انشاء اللہ تیسرے دن 19 موکل حاضر ہوں گے۔ ان میں سے ایک موکل تابع ہو جائے گا۔ اور پھر زندگی بھر عامل کی اطاعت کرے گا۔

چار موکل تابع ہو جائیں:

یہ عمل 41 دن کا ہے۔ ترک حیوانات اور پرہیز جلالی کے ساتھ اس عمل کو کریں۔ بعد نماز عشاء 3125 مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں۔

﴿ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ﴾

اول واخیر اکیس 21،21 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اکیسویں دن سے موکل آنے شروع ہوں گے۔ اکتالیسویں دن انشاء اللہ 4 موکل تابع ہو جائیں گے۔ عمل کرتے ہوئے کامل توجہ و یکسوئی رکھے اپنی توجہ پڑھائی کی طرف مبذول کرے تو بفضل باری تعالیٰ جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اسم اللہ کے موکل کی حاضری

موکلوں کے سردار کو تابع کرنا:

اسم "اللہ" کی ریاضت، جو شخص دن میں روزہ رکھے اور ریاضت کی نیت سے نصف شب میں اسم "اللہ" 66 ہزار دو رکعت نفل نماز پڑھنے کے بعد پڑھے۔ چند ہفتوں کے بعد اس اسم الٰہی کا موکل، جس کا نام کیا ئیل ہے۔ اور یہ بہت سے موکلوں کا سردار ہے۔ اور یہ موکل 66 فرشتوں کی صفوں کا حاکم ہے۔ یہ حاضر ہو کر کہے گا کہ تو نے اللہ کو پکارا۔ ہم اس اسم اعظم کے خادم ہیں۔ اب تو بتا کہ تیرا کیا ارادہ ہے۔ عامل کو کہنا چاہیے کہ میں اللہ کے واسطے اپنی اطاعت کا طالب ہوں۔ وہ کہے گا کہ تجھے اپنا جسم اور لباس پاک صاف رکھنا چاہیے۔ اور ہر ماہ تین روزے (15,14,13 کے) رکھنے چاہئیں۔ یعنی چاند کی تاریخوں کے لحاظ سے۔ حلال چیز سے افطار کرنا چاہیے۔ پھر ہم تیرے بھائی ہیں اور تیرے مددگار بھی ہیں۔ بہت آسان عمل ہے۔ اور بہت ہی موثر عمل ہے۔ اس عمل کا عامل ہونا بہت ہی مفید ہے۔ ہر مصیبت اور پریشانی اور کسی بھی مہم میں موکل کو حاضر کر کے اس سے اپنی منشا کے مطابق کام لیا جا سکتا ہے۔

چالیس یوم کا عمل:

اس عمل کو وہ عامل کر سکتا ہے جس نے "یَا لَطِیْفُ" کی زکوٰۃ باقاعدہ ادا کر رکھی ہو۔ عامل کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل عزیمت اپنے نام کے مجموعی اعداد کے مطابق روزانہ پڑھے۔ اور پرہیز جلالی کے ساتھ عمل کو جاری رکھے۔ دوران عمل نقش کے سیاہ خانے پر نظر رکھے۔ انشاء اللہ اس خانے میں موکل کی شبیہ نظر آئے گی۔ پھر رفتہ رفتہ موکل نقش سے باہر آ جائے گا۔ اور عامل

سے محو کلام ہوگا۔ یہ عمل چالیس دن کا ہے۔ لیکن موکل جب بھی حاضر ہو جائے اس سے قول و قرار لے کر عمل بند کر دیں۔ عزیمت یہ ہے۔ يَا لَطِيْفُ تَلَطَّفْ فِي بُطُوْنِكُمْ يَا لَطِيْفُ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳۹	۴۴۲	۴۲۶	۴۳۲
۴۳۵	۴۴۳	۴۳۸	۴۴۳
۴۴۴		۴۳۰	۴۲۷
۴۳۱	۴۳۶	۴۳۵	۴۴۷

موکل کو حاضر کرتے وقت چاہیے کہ پاکی کا خیال رکھے جسمانی طہارت کو ملحوظ خاطر رکھے اور کوئی ناجائز کام نہ کرے۔

تین یوم کا عمل:

شب سہ شنبہ یا شب یکشنبہ کو آدھی رات گزرنے کے بعد باوضو ہو کر جائے نماز پر کھڑے ہو کر تین بار کہے فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی مصطفیٰ ﷺ و بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا۔ آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رساں بعدہٗ۔ اسی جگہ کھڑے ہو کر تین بار **آیت الکرسی** تین تین بار چاروں قل پڑھ کر حصار کرے اور "یا اللہ" چار ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور اسی طرح تین روز تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تیسری شب موکل حاضر ہوگا۔ اگر دوران عمل موکل حاضر ہو جائے تو اس سے بات نہ کرے جب تک تعداد پوری نہ ہو جائے۔ تعداد پوری ہونے کے بعد موکل سے عہد و پیمان کرے۔ اس کے بعد جب بھی موکل کو حاضر کرنا ہو تو خلوت میں مذکورہ بالا عمل کو پڑھ کر 41 مرتبہ "یا اللہ" پڑھے۔ انشاء اللہ موکل حاضر ہوگا۔ اور حکم کی تعمیل کرے گا۔ بلاوجہ موکل کو حاضر نہ کرے اور نہ ہی بلاوجہ تنگ کرنے کی کوشش کرے۔

موکل حاضر کرنے کا مختصر عمل:

چاند کی گیارہ تاریخ کو اس عمل کی شروعات کریں۔ بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ "سَلٰمٌ

... مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ" پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ اس عمل کے دوران سب سے پہلے ایک اژدہا نظر آئے گا۔ اس کے بعد اور بھی خوف دلانے والی چیزیں دکھائی دیں گی۔ لیکن عامل کو چاہیے ان چیزوں سے خوف زدہ نہ ہو۔ چالیسویں روز ایک موکل حاضر ہوگا۔ اور عامل کی اطاعت کا وعدہ کرے گا اور حاضر ہونے کا طریقہ بھی انشاء اللہ بتا دے گا۔ یہ نہایت سریع الاثر عمل ہے اس عمل کا عامل شخص موکل سے ہر طرح کا کام لے سکتا ہے مگر چاہیے کہ کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے کوئی حکم نہ دے۔

کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی:

"رزاق" یہ اسم بھی بہت قدیم اسم ہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ شانہٗ ازل ہی سے اپنی مخلوقات کو روزی پہنچا رہا ہے۔ اس لیے بجا طور پر اس کو رزاق کہا جاتا ہے۔ اس کے موکل کا نام ... موکل ہے۔ اس موکل کے تحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک افسر 308 صفوں کا مالک ہے اور ایک صف میں 308 موکل ہیں۔ جو اس اسم کی دعوت دیتا ہو اس اسم کا موکل عامل کے ... ہو کر رزق کے مسائل منٹوں میں حل کر دیتا ہے۔

طریقہ دعوت کا یہ ہے کہ اس اسم کا نقش بنا کر عامل اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ اور ... جمعرات سے شروع کریں۔ ہر فرض نماز کے بعد 308 مرتبہ 40 دن تک یا رزاق ... اور رات کو مکمل تنہائی میں مکمل پرہیز کے ساتھ 308 مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّزَّاقُ لِكُلِّ مَا اَوْجَدْتَهٗ مِنْ حُدُوْدِكَ وَ اَنْتَ الْمُكَمِّلُ ذَاتَهٗ وَ صِفَةً مِنْ حَيَاتِ شُهُوْدِكَ وَ اَنْتَ الْمُبْدِلُ رِزْقُهُمْ مِنْ غَوَامِضِ عِلْمِكَ بِوَسِيْلَةِ اَسْمَآءِكَ وَ اَرْضِكَ اَسْئَلُكَ بِمَكْنُوْنَاتِ مِنْعَكَ اَنْ تَجْعَلَ وَ جُوْدِيْ مَحَلَّ الْخَيْرَاتِ وَ وَاسِطَةَ الْبَرَكَاتِ مِنَ الْاَفْعَالِ وَالصِّفَاتِ وَارْزُقْنِيْ عِلْمًا نَّافِعًا لِلْقُلُوْبِ السَّقِيْمَةِ وَحَالًا جَامِعًا لِلْاَحْوَالِ الْاُنْسِيَّةِ وَ يَدَ امْعَطِيَةً لِلْعَطَايَا الْمَرْضِيَةِ وَاجْعَلْنِيْ اٰخِذًا مِّنْكَ عَلٰى نَعْتِ

الْجَمْعِ وَالتَّفْصِيلِ مُوْصِلاً اِلٰى عِبَادِكَ لَا اَجِدُ اِلاَّ
الْكَمَالَ وَالتَّكْمِيلَ وَاَرْدُلْنِى بِلطَائِفِ التَّوْحِيدِ
وخصائيص التوفيق وَالتَّسْدِيدِ اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔

40 وے دن انشاء اللہ موکل یہوائیل حاضر ہو کر تابع ہو جائے گا۔ اور آئندہ اس کے آنے کا طریقہ بتائے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۷۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

پانچ موکلوں کی حاضری:

نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کریں۔ اور لگاتار 40 دن تک عمل کو جاری رکھیں۔ اور مندرجہ ذیل نقش پہلے ہی دن اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ عمل یہ ہے۔ یَا حَاضِرُ یَا نَاظِرُ یَا شَافِیُ یَا حَیُّ یَا مَالِكُ روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ مکمل تنہائی میں مکمل پرہیز کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ چالیس ویں دن پانچوں اسماء الٰہی کے پانچ موکل حاضر ہوں گے۔ اور اظہار اطاعت کریں گے ان میں کوئی ایک تابع ہو جائے گا۔ اور خدمت کا وعدہ کرے گا اور اپنے آنے کا طریقہ بھی بتائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۳	۳۶۸	۳۷۱	۳۵۷
۳۷۰	۳۵۸	۳۶۳	۳۶۹
۳۵۹	۳۷۳	۳۶۶	۳۶۲
۳۶۷	۳۶۱	۳۶۰	۳۷۲

آیۃ الکرسی سے موکل قابو کرنا:

عروج ماہ میں شروع کریں۔ اور عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ مکمل پرہیز کے ساتھ عمل کو جاری رکھیں۔ آیت الکرسی سوا لاکھ مرتبہ پڑھی جائے گی۔ عامل اپنی استعداد اور ہمت کے مطابق سات دن میں، چودہ دن میں، اکیس دن میں یا چالیس دن میں تعداد پوری کرے۔ چالیسویں روز آیت الکرسی کے موکل حاضر ہوں گے اور اظہار اطاعت کرنے پر مجبور ہوں گے۔ عمل کے بعد روزانہ پانچ سو مرتبہ آیت الکرسی پڑھتا رہے۔ تاکہ عمل قابو میں رہے۔ جب موکل حاضر ہوں۔ ان سے حاضری کا طریقہ ضرور پوچھ لیں۔ موکل کے بتائے گئے طریقے کے مطابق جب بھی حاضری کے لیے کہیں گے موکل اُسی وقت حاضر ہو کر تابعداری کرے گا۔

جنات کی حاضری:

یہ عمل بہت سخت عمل ہے اس میں موکل نہیں جن حاضر ہوتا ہے۔ اگر کوئی عامل اس عمل میں کامیاب ہو جائے تو وہ اپنے وقت کا بادشاہ بن جاتا ہے۔ اور اس کے قدم عاملوں کی گردن پر ہوتے ہیں۔ اس عمل کو قابو میں کرنے کے لیے نوچندی بدھ سے ہفتہ تک روزے رکھے۔ عامل روزانہ غسل کرے۔ اور روزانہ پاک وصاف لباس تبدیل کرے۔ ہر روز عامل ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص ایک سو مرتبہ سورۃ یٰسین 40 مرتبہ سورۃ دخان، 40 مرتبہ الم سجدہ اور چالیس مرتبہ سورۃ ملک پڑھے۔ پھر ہفتہ کے روز عصر کے وقت جب سورج کی دسویں ساعت ہو تو کسی خلوت کی جگہ کاغذ کے سات ٹکڑے لے کر اس پر یہ آیت لکھے۔

﴿وَهُوَ الَّذِىْ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ۔﴾

دوسرے پرچے پر یہ آیت لکھے۔

﴿فَاِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔﴾

تیسرے پرچے پر لکھے۔

﴿فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔﴾

چوتھے پر۔

﴿ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ۔ ﴾

پانچویں پر۔

﴿ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ۔ ﴾

چھٹے پر۔

﴿ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا۔ ﴾

ساتویں پر۔

﴿ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ۔ ﴾

ان آیات کے لکھنے سے پہلے چار رکعت نماز نفل پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ دخان۔ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم سجدہ۔ اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ ملک پڑھے۔ اور سجدے میں سبحان اللہ ربی الاعلیٰ کے بعد یہ دعا پڑھے۔

﴿ سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْحَمْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّمْ يَكُنْ سُبْحَانَ مَنْ ذِى الْمَنِّ وَالْفَضْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِى الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ سُبْحَانَ ذِى الطَّوْلِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِى الْعَرْشِ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَالنُّوْرِ۔ ﴾

پھر اس کے بعد سجدے سے سر اٹھا کر یہ دعا پڑھے۔

﴿ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَبِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ اَنْ

تُسَخِّرَ لِىْ عَوْنًا من صلحاء الجن يُعِيْنُنِىْ عَلٰى مَا اُرِيْدُ من حوائج الدُّنْيَا۔ ﴾

اس وقت سات جنات عامل کے سامنے آئیں گے اور سلام کریں گے۔ مذکورہ نماز سے پہلے عامل کو چاہیے کہ ان ساتوں کاغذوں کو جن پر آیات قرآنی لکھی ہوئی ہیں ایک دھاگے میں باندھ کر اپنے سر پر باندھ لے اور تھوڑا سا موم اپنے پاس رکھے۔

جنات کی حاضری کے بعد:

جب جنات حاضر ہو جائیں تو ان ساتوں کاغذ کو اپنے سر سے کھول کر پوچھے کہ اپنا اپنا کاغذ بتاؤ کہ کونسا کاغذ کس کا ہے۔ اور اس پر اپنے نام کی مہر لگاؤ۔ سب اپنے اپنے کاغذ کو پہچان کر اپنے اپنے نام کی مہر لگا دیں گے۔ مہر لگانے کے لیے جنات کو وہ موم دے دینا جو عامل کے پاس موجود ہے۔ پھر ان کاغذوں کو احتیاط کے ساتھ کسی ڈبیا میں رکھ لیں۔ جنات اپنے حاضر ہونے کا طریقہ بھی بتا دیں گے۔ اس کے بعد جب بھی عامل کو ضرورت ہو وہ ان کو طلب کرے۔ جنات حاضر ہوں گے۔ اور عامل کے ہر حکم کی تعمیل کریں گے۔ عامل کے حکم پر جنات خزانے بھی لا کر دیں گے۔ خبر بھی بتائیں گے۔ اور ہر حکم کی تعمیل کرنے پر تیار ہوں گے۔

ضروری تاکید:

یہ بات یاد رکھیں کہ یہ عمل موکل کا نہیں ہے بلکہ جن تابع کرنے کا ہے اور اس کے لیے دل کا مضبوط ہونا بہت ضروری ہے۔ ورنہ جان کا خطرہ رہے گا۔ اس عمل کو وہی حضرات کریں جو عمل کامل کر چکے ہوں۔ اور جن کا دل حد سے زیادہ قوی اور مضبوط ہو۔ خواہ مخواہ اپنی جان کو خطرے میں نہ ڈالیں۔

سورۃ اخلاص سے موکلات کی حاضری:

یہ عمل سورۃ اخلاص کا ہے۔ جو شخص یہ عمل کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ سب سے پہلے اپنے دل کو امور دنیا سے خالی کرے۔ اور بالکل تنہائی اختیار کرے۔ البتہ اپنے لیے ایک خادم رکھ لے جو بوقت عمل عامل کی خدمت کرتا رہے۔ اور عامل کی ضروریات مہیا کرتا رہے۔ لیکن وہ

خادم بھی متقی اور پرہیزگار ہو۔ اگر کوئی نیک خادم مہیا نہ ہو تو بہتر ہے کہ عامل اپنے کام اپنے
سے انجام دے۔ یہ عمل 8 جمعرات تک جاری رہے گا۔ اس کے بعد چلہ شروع ہوگا۔ لیکن
صرف پندرہ دن کا ہوگا۔

مکمل ترک حیوانات:

آٹھ جمعراتوں میں یہ کرنا ہے کہ سورۃ اخلاص پانچ سو مرتبہ پڑھنی ہے۔ نویں جمعرات
سے سورۃ اخلاص کی دعوت کا عمل شروع کرے۔ اس عمل کے دوران روزانہ روزہ رکھے۔
ترک حیوانات کرے۔ جو کی روٹی اور روغن زیتون کے سوا کوئی غذا نہ لے۔ اس دوران ہر
نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اور نصف شب کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔
14 روز اس طرح پڑھنے سے کل تعداد 84 ہزار مرتبہ ہوگی۔ آخری دن ذکر اور درود میں
گزارے۔ یہ جمعرات کا دن ہوگا۔ اور عمل کا آخری دن ہوگا۔ اس دن تمام نمازوں میں
اخلاص کی تعداد پندرہ ہزار مرتبہ کرلیں۔ ہر فرض نماز کے بعد ایک ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس
کے علاوہ مسلسل سورۃ اخلاص پڑھتا ہی رہے۔ آخری مرتبہ نصف شب کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے
اس کے بعد یہ دعا کرے۔ یہ دعا پندرہ مرتبہ پڑھے۔

﴿اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا وَاحِدُ یَا فَرْدُ یَا اَحَدُ یَا مَن
یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ
یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ هٰذِهِ
السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ اَنْ یُّجِیْبُوْنِیْ اِلٰی مَا اُرِیْدُ اِنَّكَ فَعَّالٌ
لِّمَا یُرِیْدُ ط اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ یَا خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ مَا
تَعْتَقِدُہٗ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمْ بِالْاِجَابَةِ۔﴾

تین موکلوں کا حاضر ہونا:

عمل کے اختتام پر انشاء اللہ تین موکل حاضر ہوں گے۔ اُن کے چہرے اس قدر چمک
دار اور نورانی ہوں گے کہ ان پر عامل کی نظر نہیں جم سکے گی۔ بالکل چودھویں رات کے چاند کی
طرح۔ وہ حاضر ہو کر کہیں گے السلام علیکم یا عبد صالح ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ ہم اس سورۃ کے

[illegible] تمہارا مقصد کیا ہے؟ عامل یہ جواب دے، میں چاہتا ہوں کہ خدمت خلق کے معاملات
میں آپ میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو فوراً اس کی تعمیل کرو۔ وہ بولیں گے کہ ہماری کچھ شرطیں
[illegible] کوئی گناہ نہ کرنا، جھوٹ مت بولنا، لہسن پیاز نہ کھانا، مچھلی نہ کھانا۔ اور ہر جمعہ کو لازماً غسل
[illegible] سال میں ایک مرتبہ دس ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر تمام پردہ مسلمانوں کو ثواب پہنچانا۔
[illegible] سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر مرحوم مسلمانوں کو ایصال ثواب کرنا۔ عید کا دن مستثنیٰ ہے۔
[illegible] کے دن کی ناغہ کی جا سکتی ہے۔ عامل کو چاہیے کہ ان شرطوں کو قبول کرلے اور پھر اس پر عمل
[illegible] موکلین مصافحہ کریں گے اور فرمائیں گے کہ آج سے ہم تمہارے بھائی ہیں۔ عامل کو
[illegible] کہ آپ لوگوں کی کوئی نشانی۔ یا کوئی یادگار بات۔ اور میں کس طرح آپ لوگوں کو
[illegible] کروں گا۔ ان موکلین میں سے ایک کہے گا۔ کہ میرا نام عبدالواحد ہے۔ جس وقت تم یہ سورۃ
[illegible] کہ اے عبدالواحد حاضر ہو جاؤ۔ میں فوراً حاضر ہو جاؤں گا۔ اور میں تمہیں زمانہ بھر کی
[illegible] آگاہ کردوں گا۔ دوسرا کہے گا کہ میرا نام عبدالصمد ہے۔ تم سورۃ اخلاص پڑھ کر جس
[illegible] کہ اے عبدالصمد حاضر ہو جاؤ تو میں فوراً حاضر ہو جاؤں گا۔ اور تمہیں پوشیدہ خزانوں کی
[illegible] دوں گا۔ تیسرا کہے گا کہ میرا نام عبدالرحمٰن ہے۔ جس وقت تم سورۃ اخلاص پڑھ کر کہو گے کہ
[illegible] عبدالرحمٰن حاضر ہو جاؤ تو میں فوراً حاضر ہو جاؤں گا۔ اور تمہیں لوگوں کی نظروں سے چھپالوں
[illegible] اکروں گا۔ جب یہ نعمت حاصل ہو جائے تو عامل کو چاہیے کہ اللہ کا شکر ادا کرے
[illegible] دولت کو راز میں رکھے۔ ہر کس و ناکس کے سامنے اس کا تذکرہ نہ کرے۔ عامل اس دولت
[illegible] چھپائے کا اتنا ہی فائدے میں رہے گا۔

[illegible] اعداری کرے:

یہ عمل جن تابع کرنے کے لیے بہت موثر ہے۔ مکمل تنہائی میں اس عمل کو لگاتار 40 دن
[illegible] عمل پرہیز کے ساتھ جاری رکھے۔ اور دورانِ عمل حصار ضرور کرلے روزانہ سورۃ مزمل
[illegible] مرتبہ پڑھنی ہے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ دورانِ عمل کامل کو
[illegible] ڈراؤنی چیزیں نظر آئیں گی۔ لیکن وہ سب حصار سے باہر ہوں گی۔ اگر نہ ڈرا اور اس نے
[illegible] عمل کو ترک نہ کیا تو چالیسویں دن ایک جن حاضر ہو کر عامل کی اطاعت کرے گا۔ انشاء اللہ۔

مؤکل اطاعت کرے:

اس عمل میں خواب میں آ کر مؤکل عامل کی اطاعت کریں گے۔ عمل یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد عامل دو نفلیں ادا کر کے دو زانو ہو کر ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل پڑھے۔ اور تیرہ سو (1300) مرتبہ یہ پڑھے۔ يَا خُدَّامُ هذه الأية الشريفة والدّعوة المنيفة والا سماء الربانية بحق ما فيها من السّرّ والا سرارِ النور والا نوار بيّنوا لیْ ما اضمرتُ عليه من كذا او كذا (یہاں اپنے مقصد کا خیال کرے) بحقِّ ما تلوتهٗ عليكم وَ بحقِّ محمّد ﷺ بارك اللّٰهُ فِيكُمْ عَلَيْكُمْ اس عمل کو کر کے پاک صاف بستر پر سو جائے۔ انشاء اللہ مؤکل خواب میں آ کر صورتِ حال سے آگاہ کرے گا۔

دانہ سلیمانی حاصل کرنے کا مجرب عمل:

یہ عمل ہر مطلب برآری کے لیے بذریعہ غیبی امداد مفید اور مؤثر ہے۔ چاہیے کہ اس عزیمت کو جس کے اعداد 1093 ہیں۔ اسی تعداد سے یہ عزیمت 40 روز تک ترک حیوانات کے ساتھ پڑھے۔ جب چالیسواں دن آئے تو اس دن خالی حجرہ میں خوب لوبان وغیرہ سلگائے اور اس عزیمت کو حسب معمول پڑھے۔ پڑھتے پڑھتے ناگاہ اس کا مؤکل صفرائیل جو دانہ سلیمانی کا محافظ ہے۔ اس عزیمت کا تابع ہو کر اچھی طرح ظاہر ہوگا۔ اور سلام کرے گا۔ چاہیے کہ سوائے سلام کا جواب دینے کے اور کوئی کلام نہ کرے۔ جب تک کہ 1093 بار عزیمت کی تعداد پوری نہ کر لے۔ یہاں تک کہ وہ خود کلام کرے گا۔ اور پوچھے گا۔ کہ تیرا کیا مقصد ہے؟ مجھ سے طلب کر۔ اس سوال کا جواب عزیمت کی تعداد ختم کرنے کے بعد دے یعنی یہ کہے کہ میرا مقصد تمہاری تسخیر ہے۔ مجھ سے کلمہ محمدی کی قسم کے ساتھ یہ عہد کرو کہ جب میں تم کو طلب کروں فوراً حاضر ہو۔ جب یہ عہد مکمل ہو جائے تو اس مؤکل کو رخصت کر دے اور اس عزیمت کو روزانہ 390 بار ورد میں رکھے۔ تا کہ عمل قائم رہے۔

عزیمت یہ ہے۔

﴿ اَجِبْ يَا صَفْرَائِيْلُ بِحَقِّ يَا صَمَدُ يَا قَيُّوْمُ يَا رَبُّ۔ ﴾

اگر ایک چلہ میں مؤکل حاضر نہ ہو تو تین چلے تک برابر حسب معمول یہ عمل پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے چلے میں ضرور ضرور مسخر ہوگا۔ اور عہد و پیمان کرے گا۔ بعدہٗ اگر کسی مطلب کے لیے مؤکل کو بلائے یا دانہ سلیمانی طلب کرنا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ تنہائی میں خوب لوبان سلگائے اور غسل کر کے پاک جامہ پہنے اور اس عزیمت کو [illegible] مرتبہ پڑھے جب وہ حاضر ہو اور سلام کرے۔ تو سلام کا جواب دینے کے بعد اپنا مطلب بیان کرے۔ یا دانہ سلیمانی کو اس سے طلب کرے فوراً اس دانے کو لانے کے لیے وہ مؤکل غائب ہو جائے گا۔ اس کے واپس آنے کے وقت تک اسی جگہ عامل ٹھہرا رہے۔ یہاں تک کہ وہ حاضر ہو کر مطلوبہ دانہ عامل کے روبرو پیش کرے گا۔ چاہیے کہ تعظیم کرے اس دانہ کی اور اس کو سر آنکھوں پر رکھے۔ اور حیض و نفاس والی عورت اور جنب والے مرد کی نظر سے پوشیدہ رکھے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس دانہ کو خلافِ شرع کام کے لیے ہرگز طلب نہ کرے کیونکہ ایسی نیت سے اگر عمل کیا گیا تو مؤکل ہرگز مسخر نہ ہوگا۔ بلکہ نقصان پہنچائے گا۔ اس کے ذریعہ ہر ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے۔ جس کا طریقہ وہ مؤکل خود بتائے گا۔

تنبیہ

یہ عمل مجربات سے ہے۔ مگر اس میں ترک حیوانات جلالی ضروری ہے۔ جس کی تشریح [illegible] بہتر ہوگا کہ لوکی کی ترکاری بغیر مرچ کی اور جو کی روٹی خود پکا کر کھاتا رہے اور روزانہ [illegible] کا کسی نمازی آدمی سے منگا کر رکھ لے اور تا اختتام عمل اسی کو پیتا رہے۔ مخلوق خدا اور دین [illegible] سے اس عمل کو پڑھے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی چلے میں کامیابی کی 100 فیصدی امید [illegible] اگر یہی نیت رہی تو عامل کی ضروریات زندگی امید و خیال سے زیادہ قدرتاً پوری ہوں گی کہ [illegible] حیران رہ جائے گا۔

[illegible] اور مؤکلوں کی حاضری:

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں تو چندی جمعرات کو عمل کی شروعات کریں [illegible] ذیل کلمات عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ اور ہر فرض نماز کے بعد 41 مرتبہ [illegible] عمل سے پہلے حصار ضرور کر لیں۔ دورانِ عمل طرح طرح کے ڈراؤنے چہرے نظر آئیں

گے اور وہ اس بات کی کوشش بھی کریں گے کہ عامل اپنے عمل کو ترک کر دے۔ عامل کو دوران عمل
ایسا بھی محسوس ہوگا کہ کوئی میدان ہے جہاں لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور مرنے والے چیخ و پکار
کر رہے ہیں۔ عامل کو ایسا بھی محسوس ہوگا کہ زمین ہل رہی ہے۔ اور ہر طرف شعلے بھڑک رہے
ہیں۔ لیکن عامل کو چاہیے کہ وہ ان چیزوں سے خوف نہ کھائے۔ کیونکہ یہ چیزیں حصار کے اندر
آنے کی قوت نہیں رکھتیں۔

چالیسویں دن تین موکل حاضر ہوں گے۔ جو خود شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کا مرید اور
معتقد بتائیں گے وہ آ کر پوچھیں گے کہ انہیں کیوں بلایا ہے۔ عامل بتا دے کہ میں نے خدمت خلق
کے کاموں میں مدد کے لیے بلایا ہے۔ وہ بطور نشانی انگوٹھی دیں گے۔ اور حاضر ہونے کا طریقہ بھی
بتائیں گے۔

کلمات یہ ہیں۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ يَا اللّٰهُ يَا حَيُّ
يَا قَيُّوْمُ يَا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ۔ ﴾

عمل کے دوران عامل اپنی توجہ ادھر ادھر مبذول نہ کرے اور نہایت توجہ و یکسوئی سے
اپنا عمل مکمل کرے ان شاء اللہ مقصد میں کامیاب ہوگا۔

موکل کو حاضر کرنے کا نہایت آسان عمل:

یہ عمل سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کا ہے۔ اس عمل کو نوچندی اتوار سے شروع
کرے۔ اور چالیس دن تک لگاتار روزے رکھے۔ عشاء کی نماز کے بعد 432 مرتبہ سَلَامٌ قَوْلًا
مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پڑھے مکمل خلوت جہاں کسی کی آواز کانوں میں نہ آئے یہ عمل کرے۔ دوران
عمل عود اور لوبان کا بخور لے۔ سفید لباس میں یہ عمل کرے۔ تیسرے دن تازہ غسل کرے۔ اور
لباس پر خوشبو لگائے۔ ہر نماز کے بعد مذکورہ آیت کو تین تین مرتبہ پڑھے۔ اس دوران اوابین،
چاشت اور اشراق کی نمازیں بھی ترک نہ کرے۔ جب عمل کو 20 روز گزر جائیں گے تو ایک
موکل حاضر ہو کر کہے گا۔ اے شخص تو نے کافی مشقت اٹھائی۔ اب اپنا مقصد بیان کر۔ عامل کو
چاہیے کہ اس کی طرف دھیان نہ دے۔ اپنا عمل 40 دن تک جاری رکھے۔ چالیسویں دن کمرہ نور

جائے گا۔ اور در و دیوار پر آیت مذکورہ لکھی ہوئی نظر آئے گی۔ اس عرصے میں اچھے
نظر آئیں گے۔ اور ایک گھوڑے پر ایک بادشاہ سوار نظر آئے گا۔ اور اس کے ساتھ کثیر مخلوق
ہوگی۔ وہ سلام کرے گا۔ اس کی تعظیم کے لیے عامل کو کھڑا ہو جانا چاہیے۔ عامل کھڑے ہو کر
سلام کا جواب دے۔ اور کہے کہ جس طرح تم نے مجھے بزرگی دی اور مجھ سے ملنے کے
۔ اللہ تمہیں بھی بزرگی دے اور تمہارے مرتبے کو قائم رکھے۔ اے بادشاہ میں تم سے اپنی
طلب کرتا ہوں۔ جس کے ذریعے میں بوقت ضرورت تم کو بلا سکوں۔ وہ عامل سے
بیان کرے گا۔ اور کوئی نشانی دے گا۔ اور بلانے کا کوئی طریقہ بھی بتائے گا۔ آیت مذکورہ کی
پوری کرنے کے بعد یہ دعا تین مرتبہ پڑھنی چاہیے۔

﴿ اَللّٰهُمَّ لَيْسَ فِى السَّمٰوٰتِ ذَوَاتٌ وَلَا فِى الْاَرْضِ
عَمَرَاتٌ وَلَا فِى الْجِبَالِ مَدَارَاتٌ وَلَا فِى الْبَحْرِ
قَطَرَاتٌ وَلَا فِى الْعُيُوْنِ لَحَظَاتٌ وَلَا فِى النفوسِ
خَطَرَاتٌ اِلَّا وَهِىَ بِكَ دَالَّاتٌ وَلَكَ شَاهِدَاتٌ وَفِى
ملك متحيّراتٌ اسئلك بستسخرِ لِكُلِّ شىءٍ الْعَظِيْمِ
وَصَلَّى اللّٰهُ سَيِّدِنَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔ ﴾

یا اللہ سے موکل کی حاضری:

یا اسم ذات کا دوسرا عمل ہے۔ نوچندی جمعرات سے شروع کرنا ہے۔ عشاء کی نماز کے
"یا اللہ" روزانہ 3125 مرتبہ پڑھیں۔ 40 دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کریں۔ اور دوران
عمل ہر طرف پرہیز جمالی کریں۔ 40 دن کے بعد عشاء کی نماز کے بعد 66 مرتبہ روزانہ "یا اللہ"
پڑھتے رہیں۔ چالیسویں دن موکل حاضر ہوگا۔ اس کا نام کہیائیل ہے۔ یہ عامل سے عہد و پیمان
کرے گا۔ اور اس کے بعد جب بھی اس کو طلب کرنا ہو تو مکمل تنہائی میں 66 مرتبہ "یا کہیائیل
بحق یا اللہ" پڑھیں گے تو موکل حاضر ہو جائے گا۔ اور اطاعت کرنے پر مجبور ہوگا۔

یا سلام کے موکل کی حاضری:

"یا سلامُ" کا موکل بہت زبردست موکل ہے۔ اس کا نام "دردعیائیل" ہے۔ اس

کے ماتحت چار موکل ہیں اور ہر موکل 131 صفوں کا حاکم ہے۔ اور اسم سلام حضرت جبرئیل علیہ السلام کے زیرِ اثر ہے۔ جو شخص یا سلام کے موکل کو تابع کرنا چاہے اس کے لیے ضروری ہے کہ بہ نیت دعوت یا سلام کی ایک لاکھ 31 ہزار مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ نکالے اور عشاء کی نماز کے بعد روزانہ 3125 مرتبہ پڑھے۔ لگاتار چالیس دن تک 40 دن میں سوا لاکھ تعداد ہوگی۔ 41 ویں دن چھ ہزار مرتبہ پڑھ کر تعداد مکمل کریں۔ روزانہ عمل کے آخر میں ایک مرتبہ یہ دعا بھی پڑھنی ہے۔

﴿ یَا سَلَامُ اَنْتَ السَّلَامُ وَ اِلَیْکَ یَعُوْدُ السَّلَامُ سَلَامُکَ التَّامِ رَافَتُکَ عَلَی الْاَوْلِیَاءِ وَ الاَنْبِیَاءِ وَالْاَتْقِیَاءِ وَاَنْتَ الْمُحِیْطُ بِعِلْمِکَ الْقَدِیْمِ وَ بِصَفَائِحِ الصَّفَا فِیْ قُلُوْبِ الْاَصْفِیَاءِ اَسْئَلُکَ بِسَکِیْنَتِکَ النَّازِکَۃِ عَلَی السِّرِّ الْمُوْسوی بِعِزَّتِکَ الظَّاھرۃِ علی الجناب العیسوی وَبِمَا جَمَعْتَ فِیْ بَاطِنِ دَائِرَۃَ الھوٰی و ظاھر مَعَالِمِ المَنَاءِ اَنْ تَجْعَلَ قَلْبِیْ قَابِلاً لتوارِدِ الواحدیَّۃِ فَارِغًا مِنْ شَوَاغِلِ المرحدیَّۃِ عَـآئِدًا بِکَ اِلَیْکَ فِیْ جَمِیْعِ الْاَوْقَاتِ السَّرمدیَّۃِ وَارْزُقْنِیْ بلُطْفِکَ الْعَمِیْمِ وَاَحْسَانِکَ الْقَدِیْمِ حُسْنَ الظَّنِّ بِکَافَۃِ الْمُسْلِمِیْنَ لَا ئَالَ سِرَّ سُبُّوْا حَیْثِکَ اَلَّتِیْ جَعَلْتُمْ بِھَا فِیْ مَقَامِ الیقینِ وَاجْعَلْنِیْ مُتَبَرِّکًا بدقَائِقِ نفائس الاوَّلِینَ وَالْاٰخِرِیْن فَارْزُقْنِیْ الرِّضَا بِمَا قَدَّرْتَہٗ لِیْ فِیْ عِلْمِکَ وَیَسَّرْہُ لِیْ بِاَمْرِکَ یَا مَنْ رزق سَمَاء قُلُوْب الاولیَاء بِمَصَا بیح الْخواطِرِ افْتَحْ لِیْ ابوَابَ المشاھِدَۃِ بِمَصَابِیْحِ بصَائِرِ بالسَّلام یَا سَلَامُ۔ ﴾

انشاء اللہ 41 ویں دن دعا پڑھتے ہی موکل حاضر ہو کر اطاعت کا وعدہ کرے گا اور آئندہ اپنے حاضر ہونے کا طریقہ بتائے گا۔

پندرہ موکلوں کی حاضری:

حق تعالیٰ کے چار صفاتی نام "یَا حَافِظُ یَا بَاسِطُ یَا وَدُوْدُ یَا مُبِیْن" 1183 مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد سات روز تک پڑھے۔ ساتویں دن عشاء کی نماز کے بعد 1183 مرتبہ ان اسماء کو پڑھے۔ سات دن تک پرہیز جلالی اور ترک حیوانات کرے۔ ساتویں روز پندرہ موکل عمل کے اختتام پر حاضر ہوں گے۔ اور عامل سے محوِ کلام ہوں گے۔ اور طلب کرنے کی وجہ دریافت کریں گے۔ عامل کو چاہیے کہ ان سے ایک خادم کی فرمائش کرے۔ وہ ایک خادم عطا کر دیں گے۔ جو زندگی بھر عامل کے ساتھ رہے گا اور عامل کے حکم کی تعمیل کرے گا۔ عمل کو برقرار رکھنے کے لیے 300 مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ اور خادم سے اس کو طلب کرنے کا طریقہ معلوم کر لیں۔ جب بھی ضرورت ہو فوری طور پر طلب کر لیں جو بھی کام ہوگا وہ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد پورا ہوگا۔

سورۃ کوثر کا موکل تابع کرنا:

یہ عمل جلالی اور جمالی پرہیز کے ساتھ بہ مع ترک حیوانات تین دن تک کرے۔ دن میں روزہ رکھے۔ اور رات کو مکمل تنہائی میں یہ عمل کرے۔ جگہ، لباس، جسم ہر طرح سے پاک صاف ہوں۔ ہر نماز کے بعد سورۃ کوثر ایک ہزار مرتبہ پڑھتا رہے۔ اور اس کے بعد 7 مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

﴿ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ مَا اَسْئَلُکَ بِمُوجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ اَنْ تسخرلِیْ خدام ھذہٖ سرارۃ عبدک عَبْد الکرِیْم الاّ ما احبت و سمعت وَالمعت بحقِّ شریخ شریخ مَرْدیخ مَرْدیخ بِحَقِّ مَنْ کَلَّمَا مُوْسٰی تکلیمًا عَلٰی طورِ سِیْنا الوحا الوحا العجل العجل العجل السَّاعۃُ السَّاعۃُ بَارَکَ لِلّٰہِ فیك وعَلَیْکَ۔ ﴾

آخری دن سورۃ کوثر کا موکل تابع ہو جائے گا۔ عامل جب بھی اسے بلائے گا وہ حاضر ہو جائے گا اور عامل کے حکم کی تعمیل کرے گا۔

بسم اللہ کے مؤکلین کو تابع کرنا:

عروج ماہ میں شروعات کریں۔اور عمل مکمل تنہائی میں کریں۔عامل کو چاہیے کہ دورانِ عمل احرام باندھے۔اور مکمل پرہیز کرے۔یعنی پرہیز جلالی بھی کرے اور ترکِ حیوانات بھی۔ دورانِ عمل حصار ضرور کرلے۔10 دن تک روزانہ دس ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ گیارویں دن سے تیسویں دن تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ بسم اللہ پڑھے۔اکتیسویں دن سے چالیسویں دن تک روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھے۔اس طرح چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ بسم اللہ پڑھی جائے گی۔دورانِ عمل خوفناک چیزیں نظر آئیں گی۔لیکن عامل کو ڈرنا نہیں چاہیے۔ چالیسویں دن مؤکل حاضر ہوں گے۔سلام پیش کریں گے۔اور عامل کی اطاعت کرنے کا وعدہ کریں گے۔چلے کے بعد سو 100 مرتبہ روزانہ بسم اللہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔تاکہ عمل قابو میں رہے۔عامل کو چاہیے کہ بسم اللہ کے مؤکلین سے حاضر ہونے کا طریقہ پوچھ لیں۔تاکہ بوقت ضرورت مؤکل کو مدعو کیا جاسکے۔

سورۃ فاتحہ کے مؤکل تابع کرنا:

نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور تین ہزار ایک سو پچیس (3125) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنی ہے۔چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرنی ہے۔مکمل پرہیز کے ساتھ اس عمل کو کریں۔دورانِ عمل خوفناک چیزیں نظر آئیں گی۔لیکن عامل کا کچھ بگاڑنے پر قادر نہیں ہوں گی۔ چالیسویں دن سورۃ فاتحہ کے مؤکل آکر اظہارِ اطاعت کریں گے۔ان مؤکلوں سے اُن کو بلانے کا طریقہ معلوم کرلینا چاہیے۔مؤکل حاضر ہوکر عامل کے حکم کی تعمیل کریں گے اور اس کے لیے آسانیاں مہیا کریں گے۔

مؤکل حاضر کرنے کا نہایت پراثر عمل:

یہ عمل بھی بہت مؤثر ہے۔اور بزرگوں کا معمول رہا ہے۔عامل کو چاہیے کہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو عشاء کی نماز کے بعد 19 ہزار مرتبہ پڑھے۔اور اس عمل کو لگاتار 40 دن تک کرے۔دورانِ عمل پرہیز جلالی کے ساتھ ساتھ ترکِ حیوانات بھی رکھے۔چالیسویں دن مؤکل حاضر ہوکر اطاعت کرنے پر مجبور ہوگا۔دورانِ عمل مؤکلین آکر ڈرائیں گے۔لیکن عامل کو کسی طرح کا خوف نہیں کھانا چاہیے۔البتہ حصار کے بغیر عمل کرنے کی غلطی نہ کرے ورنہ نقصان عظیم ہوگا۔

پانچ روز کا عمل:

سب سے پہلے ایک ایسا مکان تلاش کریں کہ جس پر عامل کا مکمل اختیار ہو اور عامل کے سوا کسی اور کی وہاں آمد ورفت نہ ہو۔اس عمل میں ترکِ حیوانات اور پرہیز جمالی لازمی کرنے ہیں ورنہ عمل میں کامیابی نہیں ملے گی۔دورانِ عمل صندل اور عود کی دھونی لیں۔گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل کریں شروعات۔سب سے پہلے سورۃ یٰسین پڑھیں سو مرتبہ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پڑھیں۔اس کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھ کر سورۃ تکاثر سے سورۃ ناس تک کی تمام سورتیں پڑھیں۔عمل کے اختتام پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔اور مصلے ہی پر پڑھ کر سو جائیں۔اس عمل کو لگاتار پانچ دن تک کریں۔تیسرے روز عامل کے بدن میں کپکپی شروع ہوگی۔ ڈراؤنی صورتیں نظر آئیں گی۔اُن کے ہاتھوں میں تلواریں ہوں گی۔عامل کو چاہیے کہ ان چیزوں سے خوف نہ کھائے۔پانچویں دن ایک نورانی بزرگ عامل کو شربت کا ایک پیالہ عطا کریں گے۔اب عامل کو سمجھنا چاہیے کہ اس کا عمل کامیابی سے ہمکنار ہوگیا۔شربت پیتے ہی عامل کو روحانیت کا کمال حاصل ہوجائے گا۔اس کے بعد عامل جب بھی تنہائی میں پانچ مرتبہ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پڑھے گا مؤکل حاضر ہوجائے گا۔اور حکم بجالائے گا۔

نہایت طاقتور مؤکل کو تابع کرنا:

اسم "فتاح" کی برکت سے باطن کے راز کھلتے ہیں۔اور پوشیدہ خزانوں کا ادراک ہوتا ہے۔اس اسم کا اعداد 489 ہیں۔جو شخص اسم کے حروف کو اس اسم کے اعداد میں ضرب دے کر روزانہ 1956 مرتبہ لگاتار 40 دن تک اس طرح پڑھے کہ عمل کے اختتام پر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے۔اور عمل مکمل تنہائی میں مکمل پرہیز کے ساتھ کرے تو انشاء اللہ چالیسوے دن مؤکل حاضر ہوگا۔اس کا نام لحیائیل ہے۔یہ مؤکل 489 صفوں کا حاکم ہے۔اور ایک صف میں 489 فرشتے ہیں۔اس اسم کی دعوت شروع کرنے سے پہلے اس اسم کا نقش عامل اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

دعا یہ ہے۔

يَا فَتَّاحُ اَنْتَ الَّذِىْ تَفْتَحُ اَقْفَالَ الصُّدُوْرِ بِمَفَاتِيْحِ الْعِنَايَةِ الْاَزَلِيَةِ وَاَنْتَ الْغَنِىُّ الْكَرِيْمُ وَاَنْتَ الْمُعْطِىْ نِعْمَتَكَ لِمَنْ

بِشْئٍ بِيَدِكَ مِفَاتِحَ الخيراتِ وَالْكُنُوْزِ وَ اَنْتَ الْمُسَهِّلِ بِصُعَابِ الْاُمُوْرِ وَبِيَدِكَ دَقَائِقَ الدَّرِّمَنَ النورِ وَالْبَاعِثُ رُوْحِ الْجَوَادِ اِلٰى ضَمَائِرِ سَرا سَرِ اَصْحَابِ الصُّدُوْرِ وَالْفَتحَ بِعنا يتكَ كلِّ اَمْرٍ مُغْلَقٍ وَانْكشف بِاَمْرِكَ سِرُّ كُلِّ مُنْقِفل وَ مُنْقِفل وَ مُقْتَدٍ اَسْئَالُكَ يَا فَتَّاحُ كُلِّ خَيْرٍ افعٍ كُلَّ خَيْرٍ اَنْ تَجْعَلْنِيْ لَدَ يْكَ وَاقِفًا قَابِلاً مِنْكَ اِلَيْكَ قَابِضًا قبوضِ الحَيَاةِ العلميته وَالْمَنَائِحِ سَرْسَرِيته وَحُسْنَ الْاِنْتَظَارِ بظهورِ وَجُوْدِ لُطْفِكَ دَائِم الترتيب لحُصول كمالِ فَضْلِكَ مُسْتَدِيمَ التَّطَلُّعُ بر جُدَانِ اثارِ خزائن مَا فِىْ رَحْمَتِكَ وَ مَغْفِرَتِكَ يَا قَدِيْم الاحسن يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ ﴾ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۱	۱۲۳	۱۳۸	۱۱۴
۱۲۷	۱۱۵	۱۲۰	۱۲۵
۱۱۶	۱۳۰	۱۲۲	۱۱۹
۱۲۳	۱۱۸	۱۱۷	۱۲۹

مؤکل تابع کرنے کے شائقین کے لیے یہ فارمولے خزانوں کے مترادف ہیں۔ جو لوگ اہل ہیں۔ اور جن میں حوصلہ اور جرأت بھی ہے۔ وہ ان ہی فارمولوں میں سے کسی ایک یا چند فارمولوں پر عمل کر کے دولت دین ودنیا اپنے دامن میں سمیٹ لیں گے۔

اہل حضرات کے لیے ہماری دعا ہے کہ "رب العلمین" انہیں بھرپور کامیابی سے ہمکنار کرے اور نا اہل حضرات کے لیے ہماری دعا یہ ہے کہ اللہ انہیں اس طرف دیکھنے کی بھی توفیق نہ دے۔ تا کہ یہ قیمتی سرمایہ غلط ہاتھوں میں جانے سے محفوظ رہے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

استخارہ

کسی بھی کام کے کرنے سے قبل یا کسی بھی معاملے میں رہنمائی حاصل کرنے کی غرض سے استخارہ کیا جاتا ہے اور پھر اس کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔

استخارہ کی تعریف:

استخارہ کا مفہوم بہت واضح ہے یعنی خیر طلب کرنا، کسی بھی معاملے میں اللہ رب العزت سے رہنمائی چاہنا کہ اس کام میں بھلائی ہے یا نقصان یا فلاں کام کرنا مفید اور بہتر ہے یا نہیں۔

شرعی حیثیت:

زمانہ قدیم میں لوگ اپنے کام کا آغاز کرنے سے قبل بذریعہ فال نیک و بدشگون معلوم کیا کرتے تھے چنانچہ دور جاہلیت میں یہ رواج تھا کہ جب کسی کو کوئی اہم کام درپیش ہوتا، مثلاً نکاح، تجارت، سفر یا کوئی معاہدہ کرنا ہوتا تو وہ تیروں کے ذریعہ فال نکالا کرتا تھا۔ یہ تیر بیت اللہ شریف کے مجاور کے پاس ہوا کرتے تھے ان تیروں میں سے کسی تیر پر یہ لکھا ہوتا تھا تو پھر فال دوبارہ نکالی جاتی تھی۔ قرآن حکیم کی سورۃ المائدہ میں اس کی حرمت نازل ہوئی ہے چنانچہ قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے:

ترجمہ: "تم پر حرام کیے گئے ہیں مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور وہ جانور کہ غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو اور جو گلا گھٹنے سے مرجائے اور جو کسی ضرب سے مرجائے اور جو بلندی سے گر جائے اور جو کسی ٹکر سے مرجائے اور جس کو کوئی درندہ کھانے لگے جس کو ذبح کر ڈالو اور جو جانور پرستش گاہوں پر ذبح کیا جائے اور یہ کہ تقسیم کرو بذریعہ فال کے تیروں کے یہ سب گناہ ہیں۔ (سورۃ المائدہ آیت 3:)

احادیث مبارکہ کی روشنی میں:

استخارہ کی شرعی حیثیت کے حوالے سے بہت سی احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے اس حوالے سے چند احادیث مبارکہ درج ذیل ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے خیر اور بھلائی طلب کرنا:

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا، ''ابن آدم کی خوش قسمتی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس کے مقدر میں لکھ دیا ہے وہ اس پر راضی رہے اور ابن آدم کی بدقسمتی یہ ہے کہ اس کے مقدر میں جو کچھ لکھ دیا ہے وہ اس سے ناخوش اور ناراض ہو۔'' (مشکوٰۃ شریف)

استخارہ کرنے والا ناکام نہیں ہوتا:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ استخارہ کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا اور مشورہ کرنے والا کبھی پشیمان و نادم نہیں ہوتا۔ (طبرانی)

استخارہ کی تعلیم:

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ ہمیں تمام معاملات میں اسی اہتمام سے استخارہ سکھاتے تھے جس طرح قرآن حکیم کی سورۃ سکھاتے تھے۔ (ترمذی شریف)

مجرب المجرب استخارہ

سریع الاثر استخارہ:

اس نقش اسم اللہ کو بوقت ضرورت کام میں لائیں۔ طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر عطر لگا کر رات کو سوتے وقت تکیہ کے نیچے رکھ کر سو رہے داہنی کروٹ لیٹے۔ اور یہ عزیمت پڑھے اور لاتعداد پڑھے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے نیند آ جائے اور پھر قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھے عزیمت یہ ہے یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ انشاء اللہ جواب بالصواب پائے نقش اوپر بائیں طرف ہے۔

۷۸۶

١ ھ ١١ ١١ ھ ١١١٥

١٦	١٩	٣٢	٩
٣١	١٠	١٥	٢٠
١١	٢۴	١٧	١۴
١٨	١٣	١٢	٢٣

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ لَخْبِرْنِیْ

استخارہ عظیم:

بوقت ضرورت اس استخارہ سے کام لیں اول اس نقش کو عروج ماہ بروز پنجشنبہ لکھ کر تیار کریں اور ضرورت کے وقت نقش کو عطر لگا کر تکیے کے نیچے رکھ کر داہنی کروٹ لیٹ کر سو جائے انشاء اللہ تین روز میں مراد پوری ہو۔ اور تسلی بخش جواب حاصل ہو مجرب ہے۔

۷۸۶

قابض ١١١٥ ھ ١١ ١١ ھ و قابض

٨	١١	٨٨٣	١
٨٨٢	٢	٧	١٢
٣	٨٨٥	٩	٦
١٠	۵	۴	٨٨۴

بھاگے ہوئے کے بارے میں معلوم کرنے کا استخارہ:

اگر کوئی شخص گھر سے روٹھ کر یا لڑ جھگڑ کر بھاگ گیا ہو اور معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے؟ کس حال میں ہے؟ تو اس استخارہ کو کام میں لائیں طریقہ یہ ہے کہ اول 2 رکعت نماز نفل بنیت استخارہ پڑھے اور ہر دو رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے ایک ایک بار سورۃ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام کے ایک ہزار مرتبہ درود چشتیہ پڑھے اور یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ اَخْبِرْنِیْ سو مرتبہ پڑھے اور گریختہ و مفرور کا خیال ذہن نشین کر کے سو رہے۔ ان شاء اللہ خواب میں نظر آئے گا اور اپنے موجودہ مقام

سے واقف کرائے گا مجرب ہے۔

لاجواب استخارہ:

اگر کسی شخص کو استخارہ کرنا مقصود ہو تو اول نقش بروز چہارشنبہ بوقت 6 بجے تا 7 بجے لکھے اور تیار کر کے بوقت ضرورت عطر لگا کر تکیہ کے نیچے رکھ کر لیٹ جائے اور یہ عزیمت پڑھے یعنی اول سورۃ فاتحہ 11 مرتبہ پھر آیۃ الکرسی 11 مرتبہ اور پھر یہ دعا:

﴿ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ بِحَقِّ سُوْرَۃِ فَاتِحَۃِ وَاٰیَۃِ الْکُرْسِیِّ وَبِحَقِّ نَقْشِ الْمَصِّ وَاقْضِ مَلْجَقِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝﴾

پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ اول ہی روز سے تین روز میں جواب باصواب مل جائے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

ہ اا ح ھ !! اا ھ و

ص	م	ل	ا
ا	ل	م	ص
م	ص	ا	ل
ل	ا	ص	م

مریض کے متعلق معلوم کرنے کا استخارہ:

اگر کوئی کسی خاص مہم میں یا کسی خاص کام میں تذبذب کا شکار ہو یا کسی مریض کے بارے میں معلومات کرنا چاہتا ہو تو اس استخارہ کو کام میں لائے طریقہ یہ ہے۔ اول بروز پنجشنبہ صبح 6 بجے سے 7 بجے کے درمیان نقش مندرجہ ذیل لکھ کر تیار کر کے رکھے بوقت ضرورت کام میں لائے نقش کو عطر لگا کر تکیہ کے نیچے رکھ کر باوضو ہو کر داہنی کروٹ لیٹے اور مندرجہ ذیل عزیمت 71 مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلب کو ذہن نشین کر کے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اول ہی دن ورنہ تین دن میں جواب باصواب پائے۔

۷۸۶

ہ اا ح ھ !! اا ھ و

۲۶۵۷۱	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۴
۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۱

جَرْبُوس آرَادُس ھَبُوْنِ یَرْبُوْنَ سَمُوس لَوْمَاش اَلَا یَا رَبِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ۔ فلاں (یہاں کام لکھ) کام میرے لیے کیا ہے۔

لیٹ کر جو عزیمت پڑھی جائے گی وہ یہ ہے۔

﴿ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا جَامِعَ الْخَیْرَاتِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا مُنَزِّلُ الْبَرَکَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔﴾

استخارہ سے خواب میں اشارہ:

قول جمیل میں لکھا ہے کہ جو شخص چاہے کہ اس کی آئندہ مہم کے متعلق کچھ خواب میں اشارہ ہو جائے۔ تو وضو کر کے پاک کپڑے پہن کر روبہ قبلہ ہو کر سورہ والشمس اور سورہ واللیل اور سورہ اخلاص سات سات بار پڑھے۔ پھر یوں دعا کرے۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ مَنَامِیْ (کذا وکذا یہاں اپنا مقصد کا ذکر کرے) وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اسْتَدَلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ پھر لیٹ کر سو جائے۔ اگر کوئی مسرت بخش خواب دیکھے تو خیر، ورنہ دوسری شب یہی عمل کرے۔ اور اگر کچھ اچھی چیز دیکھے تو خیر تیسری شب

پھر یہی عمل کرے۔ اسی طرح حسب ضرورت سات روز تک یہ عمل کرتا جائے۔ شب ہفتم تک انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

(بحوالہ: قول جمیل)

خیر وشر جاننے کے لیے استخارہ:

اگر کوئی شخص کسی کام کے سلسلے میں خیر وشر جاننے کے لیے استخارہ کرنا چاہے تو وہ اس استخارہ سے کام لے۔ ترکیب یہ ہے کہ اول دو رکعت نماز نفل بنیت استخارہ ادا کرے اول رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص 21 مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں 11 مرتبہ پڑھے بعد سلام کے اول و آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھے اور عزیمت مندرجہ ذیل 105 مرتبہ پڑھ کر داہنی کروٹ سے سو جائے اپنا مقصد ذہن میں رکھے اللہ تعالیٰ خواب میں انجام کار سے آگاہ کر دے گا عزیمت یہ ہے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ بِبَرَکَۃِ ھٰذِہِ الْاِسْمِ یَا رَحِیْمُ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ ٥ اور یہ نقش لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سوئے۔

۷۸۶

ر	ح	ی	م
۱۱	۳۹	۲۰۱	۷
۳۸	۸	۱۰	۲۰۲
۹	۲۳	۳۷	۹

فلاں کام میرے لیے کیسا ہے

رشتے کے متعلق استخارہ:

''آیۃ الکرسی'' اگر کسی شخص کو کسی کار کے انجام میں خوف و اندیشہ ہو کہ اس سے کیونکر چھٹکارا ہوگا یا کسی امر میں مشکوک ہو یا کسی رشتہ کے بارے میں جاننا چاہے کہ فلاں مرد و عورت کا نکاح سازگار رہے گا یا نہیں تو اس استخارہ کو کام میں لائیں۔ ترکیب استخارہ یہ ہے کہ اول 2 رکعت نماز نفل نیت استخارہ ادا کرے اول رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی 21 مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے 11 مرتبہ پڑھے۔ پھر بعد سلام کے آیۃ الکرسی 21 مرتبہ بعدہ

القدر 21 مرتبہ بعدہ سورۃ اخلاص 21 مرتبہ بعدہ معوذتین 3-3 مرتبہ پڑھے بعدہ عزیمت 3 بار پڑھے۔

﴿ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَفَآءَلْتُ بِکَلَامِکَ الْقَدِیْمِ فَاَرِنِیْ مَا ھُوَ الْمَکْنُوْنُ وَالْمُنْجَاۃُ فِیْ لَیْلَتِیْ ھٰذِہٖ مِمَّا سَاَلْتُ عَنْہُ مَالَمْ اَسْئَلُ وَبَیِّنْ لِیَ الْخُرُوْجَ مِنْ ھٰذَا الْاَمْرِ الَّذِیْ اَخَافُہٗ وَاَحْذَرُہٗ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ خَیْرًا فَاَرِنِیْ بَیَاضًا اَوْ خُضْرَۃً وَاِنْ کَانَ شَرًّا فَاَرِنِیْ سَوَادًا فِیْ حُمْرَۃٍ وَاَرْسِلْ لِیْ خَادِمًا مِّنْ خُدَّامِ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الشَّرِیْفَۃِ ۔﴾

اور قبلہ رو ہو کر سو جائے مقصد و مطلب اور سوال کو ذہن نشین رکھے۔ انشاء اللہ اول روز ورنہ تین یوم میں جواب باصواب پائے گا مجربہ ہے۔'' بزرگان دین کا آزمودہ اور نہایت پُر اثر ہے جو لوگ کسی جگہ بچی یا بچے کی شادی کے خواہاں ہوں ان کے لیے نہایت فائدہ مند ہے استخارہ کے عمل سے اچھائی اور برائی کے بارے میں پتہ چل جائے گا۔

نہایت زود اثر استخارہ:

اگر کوئی شخص استخارہ کرنے کا ارادہ کرے تو اس استخارہ سے کام لے جو کہ زود اثر ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ رات کو بعد نماز عشاء سونے سے پیشتر پاک بستر پر بیٹھ کر پڑھے اول آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھے اور درمیان میں یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ بِحَالِیْ 360 مرتبہ پڑھ کر سو جائے مقصد ذہن میں رکھے انشاء اللہ مکمل حالات سے آگاہی ہوگی۔ اور مؤکل سب کچھ خواب میں آکر بتا دے گا۔ مجرب و مصدقہ ہے۔

زود اثر استخارہ:

یہ استخارہ بھی زود اثر ہے اور مجربہ ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ رات کو سونے سے پہلے غسل کرے پاک صاف و معطر لباس پہنے اور خوشبو جلائے اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف درمیان میں گیارہ سو مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ یَا کَاشِفَ الْغَرَآئِبِ پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ جس مقصد کے لیے استخارہ کیا ہے اس کا جواب تسلی بخش حاصل ہوگا۔

استخارہ حضرت معین الدین چشتیؒ:

• جو کہ حضرت خواجہ ولی الہند شہنشاہ عرب وعجم شاہ معین الدین حسن سنجری چشتی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ اول دو رکعت نماز نفل بنیت استخارہ ادا کرے اور ایصال ثواب کرے اور سورۂ کوثر پندرہ مرتبہ پڑھے اور پھر **یا علیھم علمنی من الحالی العُلالی۔** تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر داہنی کروٹ لیٹ کر سو جائے انشاء اللہ جواب شافی پائے اول ہی روز ورنہ تین یوم عمل کرے مصدقہ و مجرب ہے بہت سے بزرگان دین نے اس استخارہ سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل کی ہے اور ان کو خواب میں تسلی بخش جواب ملا ہے۔

نقش استخارہ:

اسی ضمن میں کسی بھی حاجت مند کو یہ نقش لکھ کر دے یا خود اپنے کام میں لائے۔ زود اثر ہے اور مجرب ہے۔ حاجت مند باوضو حالت میں یہ نقش رات کو سوتے وقت اپنے تکیے کے نیچے رکھ کر دائیں کروٹ لیٹ جائے ان شاء اللہ تعالیٰ اسے خواب میں اشارہ ہوگا۔

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۱۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ

فلاں کام میرے لیے کیسا ہے؟

استخارہ از شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ:

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ اس کا سہل طریقہ یہ ہے، کہ چہار شنبہ، پنجشنبہ، جمعہ کی راتوں کو مسلسل نماز عشاء کے بعد بات چیت وغیرہ دنیوی امور سے فارغ ہو کر تین سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ پھر سورہ الم نشرح سترہ بار بسم اللہ سمیت پڑھیں۔ اور اپنے چہرہ اور سینہ پر دم کریں۔ اور جناب باری میں دُعا کریں کہ میں فلاں کام کرنے

کا ارادہ رکھتا ہوں۔ مجھے خواب میں اس کے مفید یا مضر نتیجہ سے اطلاع بخشی جائے۔ پھر تین سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَکَ۔ بعد ازاں پڑھیں کہ حدیث شریف میں جو دعائے استخارہ آئی ہے۔ اس کو پڑھیں اور اپنے دل کی حالت پر غور کریں۔ اگر اس کام کی دل میں رغبت اور عزم کامل دیکھیں۔ تو اس کو شروع کر دیں۔ اگر دل میں تذبذب اور ارادہ میں سستی محسوس کریں۔ تو اس کا خیال چھوڑ دیں۔

استخارہ از حضرت رابعہ بصری رحمتہ اللہ علیہا:

حضرت رابعہ بصری رحمتہ اللہ علیہا سے روایت ہے کہ اگر کسی شخص کو کسی امر میں استخارہ کرنا مقصود ہو تو اس استخارہ کو کام میں لائیں۔ ترکیب یہ ہے کہ شب دوشنبہ کو یا شب چہارشنبہ کو یا شب پنجشنبہ کو یا پھر شب جمعہ کو اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں 421 مرتبہ یہ عزیمت پڑھے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ یَا سَمِیْعُ اَسْمِعْنِیْ ط پڑھ کر داہنی کروٹ سے لیٹ کر سو جائے۔ مقصد کو دل میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جواب باصواب پائے۔

نہایت آسان استخارہ:

بوقت استخارہ اس نقش ذوالکتابت کو کام میں لائیں اور قدرت خداوندی کا نظارہ دیکھیں۔ یہ استخارہ سہل، آسان اور زود اثر ہے۔ مجرب ہے۔ رات کو باوضو حالت میں پاک صاف کپڑے پہن کر لیٹے اس نقش کو تکیے کے نیچے رکھے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں جواب مل جائے گا۔

۷۸۶

ض	ب	ا	ق
۰	۱۰۱	۷۹۹	۳
۱۰۲	۳	۰	۷۹۸
۱	۷۹۷	۱۰۳	۲

یا قابض فلاں کام میرے لیے کیسا ہے

استخارہ از حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہا:

یہ استخارہ حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہا سے منقول ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ اول دو رکعت نماز نفل بنیت استخارہ ادا کرے۔ اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ اخلاص 107 مرتبہ پڑھے رو بقبلہ ہو کر پھر 360 مرتبہ اسم باری "یَا سَلَامُ سَلِّمْ" کا ورد کرے اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بعدہ داہنی کروٹ سے قبلہ کی طرف منہ کر کے زمین ہی پر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اول روز ورنہ تین یوم میں سوال کا تسلی بخش جواب پائے مجرب ہے۔ اس استخارہ سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ یقین کامل سے استخارہ کرے باوضو حالت میں زمین پر سوئے۔

عامل کے لیے زکوٰۃ کی ضرورت اور اقسام

یہ ایک ایسا راز پنہاں ہے جس سے ہزاروں عاملین واقف نہیں صرف کاملین کے ارشاد کے مطابق عمل کرتے رہے اور اسی کی تعلیم دوسروں کو دیتے رہے زیادہ سے زیادہ کسی سائل کے جواب میں یہ فرما دیتے کہ کسی آیت یا اسم کی زکوٰۃ سوا لاکھ ہے جو 41 یوم میں پوری کرنی ہے۔ اس کے سوا علم نہیں کہ سوا لاکھ کی تعداد ہر آیت یا اسم کی ہے اور وہ زکوٰۃ کی قسموں میں سے کس قسم کی زکوٰۃ ہے۔ آیا سوا لاکھ کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس عمل سے عمر بھر کام لے سکتے ہیں یا وقتی طور پر اگر عمر بھر کے لیے عامل ہو جائے گا تو ہر روز کسی مخصوص تعداد میں پڑھنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

پہلی قسم:

عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق 41 یوم روزانہ پڑھے تو وہ عمل ایک دفعہ کام دے گا ہمیشہ نہیں۔

دوسری قسم:

جو عمل پڑھنا ہو اس کے حروف کی تعداد جتنی ہو اتنی ہزار مرتبہ روزانہ 41 یوم پڑھے تو ہمیشہ کے لیے عامل ہو جائے گا۔ عامل اس کا سیف زبان ہو جاتا ہے پھر وقت ضرورت صرف

ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

تیسری قسم:

عمل کے جتنے حروف ہوں اتنے سو مرتبہ روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ بھی ایک ہی بار کام دیتی ہے قسم اول سے بہتر ہے۔

چوتھی قسم:

زکوٰۃ صغیرہ عمل کے قواعد قمری جتنے ہوں اتنے ہی بار روزانہ پڑھے۔ یہ زکوٰۃ عملی ہے اور ضروری بھی۔

پانچویں قسم:

زکوٰۃ کبیر۔ عمل کے اعداد قمری کو حروف عمل سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو روزانہ پڑھے زکوٰۃ صغیر سے زیادہ قوی ہے ہمیشہ کے لیے عامل ہو جائے گا۔

چھٹی قسم:

زکوٰۃ اکبر: عمل کبیر کے اعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر روزانہ پڑھیں یہ بھی زیادہ قوی ہے کہ اس اسم کے موکل سامنے آ کر عامل سے ملاقات کریں گے۔

ساتویں قسم:

زکوٰۃ اکبائر: عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دے کر پڑھیں یہ اکبر سے بھی زیادہ قوی ہے اس اسم کے موکل خادم ہو کر ہر وقت ساتھ رہیں گے۔

آٹھویں قسم:

زکوٰۃ اکبر الکبائر: یہ آخری زکوٰۃ ہے یعنی عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر پڑھیں اس کو کبریت احمر یا لعل سپید کہتے ہیں۔ اسی تعداد کو اس اسم کا نصاب کہتے ہیں۔

ان اقسام میں تعداد عمل کثیر ہو جاتی ہے اسمائے باری تعالیٰ کی تلاوت تو ممکن ہے۔ مگر آیات قرآنی کی زکوٰۃ صغیر بھی ادا کرنا ممکن نہیں۔ اس کے لیے اکابرین نے یہ طریقہ درج فرمایا ہے۔ جس کی 5 قسمیں ہیں۔

قسم اول عشر:

نصاب کی نصف تعداد کو کہتے ہیں۔

قسم دوم:

دردمدور عشر کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم سوم قفل:

دردمدور کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم چہار بذل:

قفل کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم پنجم ختم:

بذل کے نصف کو کہتے ہیں۔

بالکل معمولی طریقہ پر زکوٰۃ کی قسمیں اور بھی ہیں مگر ان میں یہ خطرہ رہتا ہے کہ عمل کبھی فائدہ کرتا ہے کبھی نہیں یا صرف ایک دفعہ ہی عمل کام دیتا ہے۔ ہاں یہ ایک فائدہ یقیناً ہے کہ کسی عمل کے اعداد اتنے زیادہ ہوں کہ زکوٰۃ صغیر ہی ادا کرنا مشکل ہو تو وہاں یہ طریقہ کام دے گا۔

اصغر:

یعنی تعداد صغیر کا نصف کر کے پڑھے اس کو اصغر کہتے ہیں۔

صغائر:

اگر اصغر کی تعداد بھی پڑھنا دشوار ہو تو اصغر کا نصف کر کے پڑھیں اس کو صغائر کہتے ہیں۔

اصغر الصغائر:

صغائر کے نصف کو اصغر الصغائر کہتے ہیں۔ یہ زکوٰۃ کی ادنیٰ قسم ہے اس سے کم نہیں۔ واللہ سبحانہٗ تعالیٰ اعلم (کاشف الاسرار شریف) زکوٰۃ کبیر اور زکوٰۃ اکبر: کبائر اور اکبر الکبائر اقسام کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ایک نشست میں تعداد پوری کی جائے یا ہر روز اتنی تعداد میں عمل

پڑھا جائے بلکہ 41 سے تقسیم کر کے حاصل عدد کے مطابق 41 دن میں اس تعداد کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

عامل کے لیے عمل پڑھتے وقت یکسوئی اشد ضروری ہے بغیر اس کے عمل بے اثر ثابت ہوگا:

جب کسی حاجت کے لیے کوئی عمل پڑھا جاتا ہے تو اکثر کامیابی نہیں ہوتی۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ دماغ میں انتشار رہتا ہے دل میں بے چینی۔ طرح طرح کے اوہام و وسواس کا آنا اور عمل کے پڑھنے میں دل کا نہ لگنا وغیرہ۔ اس کے اسباب پر غور کیا گیا تو تجربہ ہوا کہ معدہ کے اندر خشکی اور قبض کے سبب گیس بن کر اوپر کو چڑھتا ہے جس سے دل و دماغ میں انتہائی بے چینی رہنے لگتی ہے نہ نماز میں دل لگتا ہے نہ کسی کام کرنے کو جی چاہتا ہے۔ خصوصاً ایسے وقت میں جبکہ تفکرات کا غلبہ ہو۔ اگر رائی کے برابر فکر ہے تو ایک پہاڑ بن کر تمام کاموں میں رکاوٹ کا سبب بن جاتی ہے اور دل و دماغ کے انتشار کے سبب عمل بے اثر ثابت ہوتا ہے۔ جیسا کہ مولانا روم نے فرمایا ہے۔

برزباں تسبیح و در دل گاؤخر!
ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

عمل کے ذریعے یکسوئی کا حصول اور قلبی راز معلوم کرنے کا مجرب و آزمودہ نسخہ:

فجر کی اذان سے قبل یعنی جیسے ہی صبح صادق شروع ہو بستر سے اٹھ بیٹھے اور حوائج ضروری سے فارغ ہو کر وضو کر کے خاموش مصلیٰ پر بیٹھ جائے اور زور سے سانس لے کر روک لیجیے اور دل کی دھڑکن کی طرف دھیان لگائیے کہ وہ اللہ اللہ کہہ رہا ہے اور جب سانس ٹوٹے تو تین چار سانسیں اوپر نیچے اس طرح لیجیے کہ اوپر کو سانس جائے تو اللہ اور نیچے کو جائے تو الا اللہ کی آواز آپ کو صاف سنائی دے۔ پھر ایک دم سانس روک لیجیے اور یہی عمل دہرائیے۔ پہلے روز کم از کم پندرہ منٹ تک پھر ہر روز انداز سے پانچ منٹ بڑھاتے جائیے۔ یہاں تک کہ کم سے کم ایک گھنٹہ روزانہ یہ عمل جاری رہ سکے۔ اور عہد کر لیجیے کہ جب تک زندہ ہیں، یہ عمل ترک نہ کریں گے۔ اس عمل کے کرنے سے نہ صرف یکسوئی حاصل ہوگی بلکہ جب کوئی ضرورت مند آپ کے سامنے آ کر

بیٹھے اور آپ اسی طرح سانس روک کر اپنے دل کی طرف غور کریں اور اپنے قلب کی توجہ دوسرے کے دل پر ڈالیں گے کہ کس مقصد سے آیا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے قلب میں انکشاف ہو جائے گا۔ جو سو 100 فیصدی صحیح ہوگا۔

ہر کام میں تنظیم اور ربط:

مشہور انگریز شاعر پوپ کا شعر ہے ترتیب کائنات کا پہلا اصول ہے یاد رکھیے زندگی میں ترقی اور کامرانی حاصل کرنے کے لیے بھی یہ اصول بنیادی اہمیت رکھتا ہے اس کو اپنا لینے سے آدمی کا کام خود بخود بہت آسان اور ہلکا ہو جاتا ہے اور وہ نسبتاً بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتا ہے اگر ممکن ہو، تو اپنے لیے گھر کا ایک کمرہ یا گوشہ مخصوص کر لیں جہاں آپ کا ہر کاغذ اور ریکارڈ بہت ترتیب اور صفائی سے الماری یا شیلف میں محفوظ رکھا ہو۔ اگر آپ کا حافظہ کمزور ہے تو ڈائری میں ضروری باتیں اور ان کی تفصیلات درج کر لیا کریں تاکہ پتہ چلتا رہے کونسا ضروری کام آپ کر چکے ہیں اور کونسا ابھی باقی ہے۔ ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر عمل پیرا ہونے سے نہ صرف وقت بچ سکتا ہے بلکہ ہر کام بہتر طریقے سے انجام پا سکتا ہے۔ کسی کام کو انجام دینے میں غیر ضروری تاخیر اور تساہل کا مظاہرہ بہت نقصان دہ ہے اس سے پریشانی اور اعصابی گھبراہٹ کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوا۔ جتنی جلد کوئی کام سرانجام پا جائے اتنا ہی اچھا ہے اس سلسلے میں اگر آپ ''ابھی ختم کرو'' کے نعرے کو حرز جان بنا لیں، تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ کی زندگی کامیابی اور کامرانی سے بسر نہ ہو۔

......☆☆☆......

تسخیرات مؤکلین


سورہ کافرون کے مؤکل کو تابع کرنا:

عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ ''کافرون'' کے مؤکل ''وشائیل'' کی تسخیر کے لیے سورۃ ''کافرون'' کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ بعد سورۃ کے سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب و غریب واقعات شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں۔ اور یہ صرف عمل میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ مؤکل کے حاضر ہونے پر عہد و پیمان کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہر کام میں مؤکل آپ کی مدد کرے گا۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَجِبْ یَا وشائیلُ بحق بحرمت سورہ کافرُون حاَر شو حاضر شو۔



سورۃ "فلق" کے مؤکل کو تابع کرنا:


اگر آپ سورۃ "فلق" کو عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد از نماز عشاء اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ مؤکل "ضجائیل" کی حاضری ہوگی۔ یہ مؤکل سورۃ مذکورہ بالا کا خادم ہے۔ اس کے ماتحت 70 ہزار مؤکلات ہیں۔ جو دعوت کرنے والے عامل کی بھرپور مدد کرتے ہیں۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ ضجائيل عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ ضجائيل

حاضر شو بِحَقِّ بحُرْمَتِ سورة الوَحَا العَجَل السَّاعَةَ



سورۃ الناس کے مؤکل کو تابع کرنا:


عروج ماہ میں پیر کے دن بعد نماز عشاء سورۃ "الناس" کے مؤکل "ثکوائیل" کی تسخیر کے لیے سورۃ الناس کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ بعد سورۃ کے سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب و غریب واقعات شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں۔ کیونکہ یہ صرف عمل میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لیے

...ے ہیں۔ مؤکل حاضر ہونے پر عہد و پیمان کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہر کام میں مؤکل آپ کی مدد کرے گا۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آجِبْ يَا ثكوائيل بحق بحرمتِ سورة النّاس حاضر شو۔ حاضر شو۔



سورۃ "لہب" کے مؤکل کو تابع کرنا:

اگر آپ سورۃ "لہب" کو عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد از نماز عشاء اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ مؤکل "مدائیل" کی حاضری ہوگی۔ یہ مؤکل سورۃ مذکورہ بالا کا خادم ہے.......... اس کے ماتحت (70) ہزار مؤکلات ہیں۔ جو دعوت کرنے والے عامل کی.......... بھرپور مدد کرتے ہیں۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ ثدَ ائيل عزَّمْتُ عَلَيْكُمْ ثد ائيل

حاضر شو بحقِ بحرمَت سورۃ الوَحا العَجلِ السَّاعۃَ۔

سورۃ "النّصر" کے مؤکل کو تابع کرنا:

عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ النصر کے مؤکل "خیائیل" کی تسخیر کے لیے سورۃ "النصر" کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ بعد سورۃ کے سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب وغریب واقعات شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں۔ کیونکہ یہ صرف عمل میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ مؤکل حاضر ہونے پر عہد و پیمان کر لیں۔ انشاء اللہ آپ کے ہر کام میں مؤکل آپ کی مدد کرے گا۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَجبْ یَا خیَائیل بحَقِّ بحرمتِ سورۃ النّصر حَاضر شوَ حاضر شو۔

سورۃ "قدر" کے مؤکل کو تابع کرنا:

اگر آپ سورۃ "قدر" کو عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد از نماز عشاء اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ مؤکل "بلغائیل" کی حاضری ہوگی۔ یہ مؤکل سورۃ مذکورہ بالا کا خادم ہے۔ اس کے ماتحت ستر (70) ہزار مؤکلات ہیں جو دعوت کرنے والے عامل کی بھرپور مدد کرتے ہیں۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عَلَیْکُمْ بلغائیل عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ بلغائیل حَاضر شو
بِحَقِّ بحُرْمَتُ سورۃ الوحَا العَجل السَّاعَۃَ۔

سورۃ اخلاص کے مؤکل کو تابع کرنا:


عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ "اخلاص" کے مؤکل "بغائیل" کی تسخیر کے لیے سورۃ اخلاص کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ بعد سورۃ کے سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب وغریب واقعات شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں کیونکہ یہ صرف عمل میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ مؤکل حاضر ہونے پر عہد و پیمان کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہر کام میں مؤکل آپ کی مدد کرے گا۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَجِبْ یَا بغائیل بحقِ مجرمتِ سورہ اخلاص حاضر شو

حاضر شو۔



سورۃ قریش کے مؤکل کو تابع کرنا:

اگر آپ سورۃ "قریش" کو عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد از نماز عشاء اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ مؤکل "خوائیل" کی حاضری ہوگی۔ یہ مؤکل سورۃ مذکورہ بالا کا خادم ہے۔ اس کے ماتحت


۷۶ ہزار مؤکلات ہیں۔ جو دعوت کرنے والے عامل کی بھرپور مدد کرتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عمل تسخیر:

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ خَوَائِیل عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ حاضر شو

بحقِ مجرمت سورۃ الوحا العَجل السَّاعَۃ۔



سورۃ الزلزال کے مؤکل کو تابع کرنا:


عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ "الزلزال" کے مؤکل "طلد غائیل" کی تسخیر کے لیے سورۃ الزلزال کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ سورۃ کے سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب وغریب واقعات شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں۔ کیونکہ یہ صرف عمل میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ مؤکل حاضر ہونے پر عہد و پیمان کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہر کام میں مؤکل آپ کی مدد کرے گا۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَجِبْ یَا طلد غائیل بِحَقِّ بِحُرْمتْ سورۃ الزّلزال

حاضر شو حاضر شو۔



عمل موکل برحق:

جلالی و جمالی پرہیز پہلے تین دن روزے، خلوت، تنہائی، صاف و پاکیزہ جگہ پر نماز کے بعد سورۃ کوثر ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیا کریں اور اس کے بعد پھر یہ دعوت متبرک پڑھیں۔

اللّٰھم انی ما اسئلك بمحجوبات رحمتك

وعزائم مغفرتك ان تسخر لی خدام

ھذہ السورۃ عبدك عبدالکریم

الاما احبت و سمعت والمعت بحق

شیخ ۲ مردیخ ۲ بحق من کلیم موسیٰ

تکلیما علی طور سلنا الوجا ۱۳ لعجل ۳

الساعۃ ۳ بارباركُ اللّٰہ فیك وعلیك

جب موکل حاضر ہو جائے تو اس کی تعظیم کریں ہر کام میں مدد کا وعدہ لے لو اور تحریر ... جب ضرورت ہو خلوت میں چلے جاؤ اور سورۃ کوثر پڑھو اسی ساعت میں آجائے گا۔

بخور گوگل۔ سندرس۔ صندل سرخ۔ لوبان اور ذکر۔

... عمل موکل:

میرا آزمایا ہوا عمل ہے جو آپ کی نظر کر رہا ہوں۔ یہ عمل تو چندری ہفتہ یا اتوار سے شروع کریں ... یا کسی غیر آباد جگہ جہاں مدار کثرت سے اُگا کریں اور پھول بکثرت ہوں۔ آک کا ... جس میں پھول لگے ہوئے ہوں ایک ڈبیہ ڈھکن والی جس میں تقریباً سات پھول ... ڈبیہ اور اگربتی لے کر دن مذکورہ کو درخت مدار کے پاس جائیں اور ٹھیک وقت زوال ... کے وقت پہلے درخت مذکور کے نیچے اگربتی جلائیں اور درخت سے ایک پھول توڑ کر ... شریف۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمٍ۔

سات بار پڑھ کر ڈبیہ میں ڈال دیں اسی طرح ہر پھول پر سات بار آیہ شریفہ پڑھ کر ڈبیہ میں ڈالتے جائیں۔ کل سات پھولوں پر عمل کریں۔ اسی طرح وقت مقررہ پر آکر عمل کیا ... 40 روز بلاناغہ عمل جاری رکھیں۔ دوران عمل درخت پر سے پھول ختم ہونے پر دوسرے ... سے پھول توڑ کر عمل کیا جائے۔ عمل کے دوران کوئی شخص، مسافر، اجنبی یاد یہاتی آپ ... کرے یا راستہ معلوم کرے تو ہرگز بات نہ کریں۔ کوئی چیز طلب کرے یا ڈبیہ طلب کرے ... جواب نہ دیں نہ ہی بات کریں۔ آخر چالیسویں دن یا اکتالیسویں دن موکل حاضر ہوگا ... کرنے کے بعد میں موکل کی طرف رجوع کریں۔ پہل اپنی طرف سے نہ کریں اس سے ... اطاعت جائز کام کا کریں۔ ڈبیہ اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اس سے آسان اور کامیاب عمل ... دنیا میں ملنا بہت مشکل ہے۔ یہ ہمارا خاندانی عمل ہے اس میں اجازت براہ راست ہم سے ... کرلیں۔ یہ خاندانی عمل ہے۔ اجازت کے بغیر حاضری اس کی بہت مشکل ہے۔ آج پہلی ... ظلم کیا ہے۔ ایسا عمل آپ کو کتابوں میں یا کسی عامل سے نہیں مل سکتا۔

سورۃ کوثر کے موکل کو تابع کرنا:

اگر آپ سورۃ ''کوثر'' کو عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد از نماز عشاء اپنے نام
اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں تو انشاء اللہ
موکل ''رعطائیل'' کی حاضری ہوگی۔ یہ موکل سورۃ مذکورہ بالا کا خادم ہے۔ اس کے
ستر 70 ہزار موکلات ہیں جو دعوت کرنے والے عامل کی بھرپور مدد کرتے ہیں۔

عمل تسخیر:

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ رعطائيل عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ رعطائيل
حاضر شو .... بِحَقِّ بحُرْمَت سورة الوحا العَجْل
السَّاعَةْ۔

سورۃ عصر کے موکل کو تابع کرنا:

عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ ''عصر'' کے موکل ''اتیائیل'' کی
کے لیے ''سورۃ عصر'' کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ بعد
کے سات مرتبہ عمل تسخیر پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب و غریب واقعات شروع

ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں۔ کیونکہ یہ صرف عمل میں رُکاوٹ پیدا کرنے کے لیے
ہوتے ہیں۔ موکل حاضر ہونے پر عہد و پیمان کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہر کام میں موکل
آپ کی مدد کرے گا۔

عمل تسخیر:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَجِبْ يَا اتيائيل بِحَقِّ
بحُرْمَتِ سوره عصر حَاضر شو حَاضر شو۔

عمل برائے ملاحظہ

عجائبات وغرائبات:

يَا دَيَّانَ العِبَادِ كُلٌّ يَقُوْمُ خَاضِعًا لَوْ هَيْبَةٍ وَ رَغْبَتِهٖ
يَا دَيَّانُ۔

یہ دعا بعد نماز عصر سے غروب آفتاب تک پڑھے۔ اول و آخر 11 بار درود شریف اور صبح
کو بعد فجر اول وقت پڑھنے کے بعد سے فرض ادا کرنے تک اور فرض کے بعد سے طلوع آفتاب
تک یا مُعِيْدُ مَا اَفْنَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَخَافَتِهٖ يَا مُعِيْدُ۔ اول و آخر درود
شریف 9 بار۔ یہ عمل عجیب و غریب ہے۔ 40 روز نہیں گزرنے پائیں گے کہ وہ عجائبات و
غرائبات دیکھنے میں آتے ہیں کہ اس کا عامل خود بھی حیران ہوتا ہے۔

تین دن میں کامیابی:

یہ عمل اچانک حاجت درپیش ہونے پر تو کسی دن بھی شروع کر سکتے ہیں۔ مگر شب شنبہ میں شروع کرنا زیادہ بہتر ہے۔ شب شنبہ بعد نماز عشاء تنہائی میں روشنی گل کر کے اول 11 بار درود شریف 19 بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ایک ہزار بار یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ اور درود شریف 11 بار۔ شب یکشنبہ کو دریا یا تالاب یا حوض یا چشمہ کے کنارے اس طرح بیٹھیں کہ پاؤں پانی میں رہیں۔ اول 21 بار درود شریف 19 بار بسم اللہ شریف بعدہٗ 500 بار لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ درود شریف 21 بار۔ شب دوشنبہ کو کسی ایسے مقام پر جہاں سر اور آسمان کے درمیان کچھ حائل نہ ہو۔ سر برہنہ کر کے اول درود شریف 41 بار بسم اللہ شریف 19 بار۔ یَا غَیَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَّ مَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَّرَجَآئِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غَیَاثِیْ 178 بار۔ درود شریف 41 بار۔

عمل سورۂ اخلاص با موکل

سورۂ اخلاص ہر حاجت کے لیے زود اثر ہے۔ خصوصاً تسخیر۔ اس کے ذریعے تسخیر خلائق اور تسخیر مخصوص دونوں کام لیے جاتے ہیں۔ اور یہ عمل بہت مشہور و مجرب ہے، عاملین اس کے بہت سے طریقے بتاتے ہیں، اور تقریباً سب مجرب ہیں مگر ہم یہاں صرف 6 دن کا عمل اور بہت آسان بتاتے ہیں تاکہ کمزور حضرات بھی اس کے فوائد حاصل کر سکیں۔

پرہیز اور ضروری لوازمات:

یہ عمل با موکل ہے اس لیے پرہیز افضل کے ساتھ اکمل اشد ضروری ہے۔ مسجد یا مکان مگر پاک صاف ہو، یہ عمل تنہائی میں باطہارت 167 بار اس طرح پڑھیں کہ یہ نقش زعفران اور عرق گلاب میں حل کر کے لکھیں اور حصول دولت بھی درکار ہو تو چاندی پر کندہ کرا کے سامنے رکھیں کہ اس پر نظر رہے۔

عمل کا آغاز:

مصلّیٰ پر بیٹھ کر درود شریف ایک سو ایک بار پڑھیں۔ پھر دو نفل بہ نیت ایصال ثواب سید عالم ﷺ و حضرت علی و حسنین کریمین اور خواجہ غریب نواز و اعلیٰ حضرات رضوان اللہ علیہم اجمعین کے پڑھے پھر قبلہ رُخ کھڑے ہو کر تین بار اس طرح عرض کرے فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب میدارم بانصرام رسان پھر اسی جگہ کھڑے کھڑے تین بار آیۃ الکرسی شریف 3،3 بار چاروں قل پڑھ کر کلمہ کی انگلی پر دم کریں اور انگلی کے اشارے سے چاروں طرف حصار کریں پھر بیٹھ کر سورۂ اخلاص 167 بار اس طرح پڑھیں۔

﴿ بسم اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرحیم۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ وَعَزَمْتُ عَلَیْكُمْ اَجِبْ یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اَللّٰهُ الصَّمَدُ، یَا طَا طَا ئِیْلُ بِحَقِّ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا رَفْصَائِیْلُ بِحَقِّ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ ﴾

بعدہ درود شریف 21 بار دورانِ عمل نظر نقش پر رہے۔ بعد عمل ختم کرنے کے نقش پر دم کرے اسی طرح 6 دن عمل کرے۔ آخری دن دودھ کی فیرنی پکا کر فاتحہ دے کر خود کھائے اور احباب کو کھلائے۔

جب مؤکل ظاہر ہو جائیں:

اس عمل میں مؤکل کبھی ظاہر بھی ہو جاتے ہیں۔ یہ صفائے قلب پر منحصر ہے اگر موکل ظاہر ہوں بغیر عمل پورا کیے بات نہ کرے۔ جب عمل تمام ہو جائے وہ سلام کریں گے جواب دے اور کہے کہ میں نے آپ کو اس لیے بلایا ہے کہ آپ میری ہر جائز کام میں مدد کرنے کا وعدہ کریں۔ اگر وہ کوئی شرط رکھیں۔ عامل اسے قبول کرے اور ہمیشہ اس کا پابند رہے ورنہ وہ وعدہ کر کے رخصت ہو جائیں گے اور مؤکل ظاہر نہ ہوں جب بھی مایوس نہ ہو بلکہ 47 بار ورد میں رکھے اور نقش پر دم کرتا رہے وہ موکل اس نقش کے تابع رہیں گے اور ہر ضرورت اور ہر مشکل میں تسخیر اور حصول دولت میں غائبانہ مدد کرتے رہیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل هو الله احد	الله الصمد	لم يلد ولم يولد	ولم يكن له كفوا احد
ولم يكن له كفوا احد	لم يلد ولم يولد	الله الصمد	قل هو الله احد
الله الصمد	قل هو الله احد	ولم يكن له كفوا احد	لم يلد ولم يولد
لم يلد ولم يولد	ولم يكن له كفوا احد	قل هو الله احد	الله الصمد

وعزمت علیکم اجب یا عطرائیل یا اسرائیل

عمل سورۃ کوثر حاضری مؤکل

نیت استخارہ:

اول چاہیے کہ بروز بدھ غسل کریں اور روزہ رکھیں، بوقت افطار یہ کہے کہ یہ روزہ میں نے بہ نیت استخارہ رکھا ہے، ترک حیوانات کرکے روزہ کو چھلکے چاول خود پکا کر افطار کرے، جو بچیں کسی غریب کو دیدے۔

عمل مؤکل:

بعد بارہ بجے شب نوچندی جمعرات کے شب اول میں ایک ہزار بار سورۃ کوثر اور آخر میں ایک ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر ختم کرے دوران عمل ہمیشہ مینڈک کی چربی کا چراغ جلتا رہے، دیا سلائی بکس پاس رکھے، اگر بتی برابر روشن کریں، چراغ گل ہوجائے تو روشن کریں، اسی طرح دوسرے روز روزہ رکھ کر ساڑھے سات بجے سو بار سورۃ کوثر معہ اول اور آخر درود شریف ایک ایک تسبیح کے ادا کریں۔ تیسرے روز موافق معمول روزہ رکھ کر ساڑھے پانچ سو بار سورۃ کوثر اول اور آخر درود شریف ایک سو ایک (101) بار پڑھیں، پڑھنے کا وقت بارہ بجے شب سے چار بجے صبح صادق تک ہے۔

حاضری مؤکل:

تیسرے روز مؤکل پڑھنے کے دوران آکر بصورت حبشی کے کندھے پر سوار ہوگا، کچھ خوف نہ کرے اس سے کلام بھی نہ کرے، اگرچہ وہ خوفناک صورت میں ہوگا، جب پڑھنا ختم

ہو جائے گا وہ چراغ گل کرکے چلا جائے گا، پھر چراغ روشن کرکے اس کا انتظار کریں، پھر وہ ایک لڑکے کی شکل میں آئے گا، اس وقت جو کام ہو لیں، جو پوچھو گے جواب دے گا، مگر خلاف شرع جواب نہ دے گا، اس لیے ایسے سوالات کا خیال رکھنا چاہیے کہ وہ خلاف شرع نہ ہوں۔

ابجد قمری با مؤکل

ہر دعا قبول ہو:

(الف) اَجِبْ يَا اِسْرَائِيْلُ بِحَقِّ اَلِفْ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فَعِلِهٖ يَا اَللّٰهُ۔

اور اگر فعالہ کے ف کو زبر کے ساتھ پڑھے تو تمام افعال حسنہ اس کو حاصل ہوں گے مستجاب الدعوات ہوگا۔ یہاں تک کہ پانی کے لیے دعا کرے گا پانی برسے گا اور کسی مسلمان کی ترقی درجات کے لیے دعا کرے گا۔ ترقی ہوگی اور کسی دشمن کی ہزیمت چاہے گا ہزیمت ہوگی۔

دشمن کی ہلاکت:

اگر فعالہٖ کے ف کو زیر کے ساتھ پڑھے تو دشمن ہلاک ہوں مگر دشمن حق پر ہے تو رجعت اور خود کو نقصان پہنچے بہتر ہے کہ ف کو زبر کے ساتھ پڑھے، ہر مقصد حاصل ہو اور روزانہ کے آنے والے واقعات دکھائے یا بتادیے جاتے ہیں۔ ہر روز 382 بار یا 112 بار یا 66 بار یہ ضروری 7 بار اول و آخر درود شریف 7 بار۔

فسق و فجور سے باز رہے:

(ب) اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْل بِحَقِّ بَا يَا بَارٌ فَلَا شَيْءٍ كَفُوْهٗ بِذَاتِهٖ وَ لَا اِمْكَانَ لِوَ صْفِهٖ يَا بَارٌ۔

اگر بار کو "ر" پر پیش اور لِوَ صْفِہٖ کی "ہ" کو زیر کے ساتھ پڑھے، دل اس کا مصفا آئینہ کی مثل ہو، حق تعالیٰ کے جلوے دیکھے جاسکیں اور فسق و فجور سے باز رہے، اور صفات ملکی سے موصوف ہو اور کسی صاحب عمل کے چہرے پر نظر ڈالے اس کے دل میں عبرت پیدا ہو اور کبھی

برائی اور معصیت کے پاس نہ پھٹکے، اور اگر یَا بَاْرُ پڑھے یعنی رے پر زبر اور لِوَصْفِهٖ یعنی "ہ"

پر جزم ہو تو جس شہر یا قصبہ یا گاؤں میں صاحب عمل پڑھے گا وہ جگہ ویران برباد ہو جائے اور تمام

درخت اور پھل اور باغات خشک ہو جائیں۔ ہر روز 247 بار یا 203 بار بہ مجبوری 7 بار اول و آخر

درود شریف 3 بار۔

مخلوق کی نظروں سے غائب ہونا:

(ج) اَجِبْ یَا کَلْکَائِیْلُ بِحَقِّ جِیْم یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَنْ

کُلِّ شَیْءٍ فَلْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ یَا جَلِیْلُ۔

یَا جَلِیْلُ لام پر پیش اور صدق بغیر لام الف اور وَعْدُهٗ ذال معجمہ پڑھے تو جو کچھ

زمین کے ساتوں طبق کے نیچے ہے، عامل پر ظاہر ہو اگر جَلِیْلْ یعنی لام پر زبر اور الصِّدْق

الف کے ساتھ اور وَعْدُهٗ دال مہملہ کے ساتھ پڑھے عامل ہونے کے بعد 41 بار پڑھے اور پرام

کرے تو خلائق کی نظر سے غائب ہو اور جب چاہے کہ ظاہر ہو تو پہلے طریقے سے پڑھے تو خلق

میں ظاہر ہو جائے گا۔ ہر روز 143 بار بہ مجبوری 7 بار اول و آخر درود شریف 9 بار۔

عالم ظاہر و باطن بے حجاب دیکھنا:

(د) اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ دَالْ یَا دَآئِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا

زَوَالَ لِمُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا دَآئِمُ۔

اگر فَنَاءِ ہمزہ کو دو زیر کے ساتھ پڑھے تو تمام عالم ظاہری و باطنی اس کو فنا دکھائی

دے اگر فَنَاءَ ہمزہ کے زبر کے ساتھ پڑھے تمام عالم ظاہر و باطن بے حجاب دیکھے اور دونوں

عالم میں سالک کا مرتبہ حاصل ہو۔ ہر روز 250 بار یا 46 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف

7 بار۔

اندھیرے میں دیکھ سکنا:

(ہ) اَجِبْ یَا دُوْرِیَائِیْلُ بِحَقِّ هَا یَا هَادِیْ اَنْتَ اللّٰهُ

الَّذِیْ لَا تَهْتَدِی الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِهٖ یَا هَادِیْ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔

اس کا عامل اندھیرے میں اسی طرح دیکھتا ہے جس طرح روشنی میں دیکھتا ہے نہ دریا

میں ڈوبے نہ جنگل میں ہلاک ہو، دریائی جانور اور جنگل کے وحشی اس کے مطیع ہوں، سانپ بچھو

اس کے حکم پر عمل کریں، بے دینی، گمراہی فسق و فجور اور معصیت کی تاریکیوں میں کبھی نہ بھٹکے گا اور

اس بے دین بدمذہب یا فاسق و فاجر کو نیکی کی تلقین کرے وہ از بس اس کے حکم کی تعمیل کرے اور

برائی سے تائب ہو۔ اول آخر درود شریف 21 بار ہر روز 62 بار یا 20 بار۔

(و) اَجِبْ یَا زَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ وَاو یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ

کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرُهٗ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ یَا وَاحِدُ۔

ہر مشکل آسان ہو جائے:

روزانہ 762 بار یا 19 بار اول آخر درود شریف 9 بار اگر اَوَّلَ یعنی لام کو زبر پڑھے تو

عامل کو ابتدائے آفرینش سے فنا کے عالم تک کا علم ہو اور اس پر کچھ بھی مخفی نہ رہے، اور اَوَّلُ یعنی

لام پر پیش اور اٰخِرُهٗ خا کو زیر کے ساتھ پڑھے۔ تمام خلق مسخر ہو اور سب اس کی اطاعت کریں۔

(ز) اَجِبْ یَا نُوْرَفَائِیْلُ بِحَقِّ زَا یَا زَکِیُّ الطَّاهِرُ مِنْ کُلِّ

اٰفَةٍ بِقُدْسِهٖ یَا زَاکِیُّ۔

اگر اس کے عامل کا شیخ یعنی پیر عالم باعمل متقی ہے تو اس کا مؤکل اس کے پیر کی شکل میں

حاضر ہو اور ہر جائز خواہش بغیر کہے پوری کرے۔ اگر بحق زا کی بغیر (زاویا) کے پڑھے تو سات

طاقور جو اس عالم میں ہیں حاضر ہو کر فرمانبرداری کا وعدہ کریں اور بحق یَا زَاکِیُّ الطَّاهِرُ هَا

پڑھے تو ارواح عالم صاحب عمل کے روبرو ہو کر اپنا حال بیان کریں۔ اور عامل جس مشکل مہم

میں ان سے مدد چاہے مدد کریں۔ ہر روز 22 بار 38 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

مرض کا خاتمہ کرنے کی طاقت:

(ح) اَجِبْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ هَا یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ

دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا حَیُّ۔

اس کا عامل جس مریض کو بہ نیت صحت و عافیت دیکھے گا۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ

مرض جاتا رہے گا جس کا تعویذ دے گا موثر رہے گا اور تمام قول و فعل اس کے درست ہوں گے۔ اگر لَا حَیّ یا کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو اس کا کشف ہو اور تمام ارواح عالم کا معائنہ کرے گا۔ ہر روز 590 بار یا 18 بار اول آخر درود شریف 18 بار۔

تمام برائیوں سے محفوظ رہے:

(ط) اَجِبْ یَا اِسْمَاعِیْلُ بِحَقِّ طَا یَا طَاهِرُ طَهِّرَ الْمُطَهَّرُ النُّفُوْسَ مِنَ الرِّجْسِ وَالذَّنْبِ وَالْجَوْرِ وَالْكُرْبَةِ وَالْاٰفَةِ وَ الْبَلَاءِ یَا طَاهِرُ۔

اس کا عامل پاک باطن اور بغض و کینہ، حسد، ظلم و جور، تشدد اور گناہ کبیرہ صغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ نہ کسی بد باطن بد کردار سے کبھی صدمہ پہنچے اور جس کو نظر بھر کر دیکھ لے وہ تابع ہو کر پرہیزگار بن جائے گا اور کبھی اس کی اطاعت سے منہ نہ پھیرے گا۔ ہر روز 215 بار یا 143 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

611 بار 9 یوم بعدہ 85 بار اس کے عامل کی آنکھ میں تسخیر و جلال پیدا ہو چہرے پر عظمت و بزرگی اور ہیبت حق ظاہر ہو جس کو بنظر غضب دیکھ لے مردہ نظر آئے اور جس مردہ دل بیمار کو بنظر شفقت و رحمت دیکھے شفایاب ہو۔ مردہ قلب زندہ ہو اور نیک اعمال کی طرف مائل ہو۔ ہر روز 732 بار یا 38 بار بہ مجبوری 9 بار اول آخر درود شریف 9 بار۔

سانپ بچھو نقصان نہ پہنچا سکے:

(ك) اَجِبْ یَا حَرُوْزَائِیْلُ بِحَقِّ كَافْ یَا كَافِیْ الْمُوْسِعُ لِمَا خُلِقَ لَهٗ مِنْ عَطَا یَا فَضْلِهٖ یَا كَافِیْ۔

اس کے عامل کو سانپ، بچھو درندہ کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے اور ان میں سے کسی جانور کو دیکھے اور اس کے حملہ کا اندیشہ ہو یا سانپ بچھو کسی کو کاٹ لے تو اس کے عامل کا نام لے کر قسم دینے سے زہر ختم ہو جائے اور حملہ کرنے والا پلٹ کر بھاگ جائے۔ اگر اَلْمُوْسِعْ سین کو زبر کے ساتھ پڑھے تو خدا تعالیٰ اس کو غیب سے رزق عطا فرمائے اور دل کو غنی کرے اور کبھی مخلوق کا محتاج نہ ہو۔ ہر روز 263 بار یا 111 بار بہ مجبوری 8 بار اول آخر درود شریف 11 بار۔

صاحب قبر کا حال دریافت کرنے کی قوت:

(ل) اَجِبْ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَامْ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ كَمَلِهٖ بِاللَّطَافَةِ وَاللَّطَافَةُ فِیْ لَطَافَةِ لَطَافَتِكَ یَا لَطِیْفُ۔

سات ہزار بار سات یوم، بعدہ 129 بار۔ اس کی روزانہ کی زندگی ہمیشہ خدا کے لطف و کرم میں بسر ہو، جو بھی عامل کے پاس آئے اس اقلت کا حال اس طرح دیکھے جیسے آئینہ میں اپنا عکس دیکھتا ہے۔ جس کی قبر پر جائے آنکھ بند کر کے توجہ کرے۔ چند بار ہی پڑھے صاحب قبر کا حال دیکھے اور بات کرے اور اہل قبر کے دوست اور رشتہ دار کے متعلق جو کہے وہ اسے انجام دے اگر اہل قبر ولی اللہ ہے تو کسی بھی مسلمان کے لیے سوال کرے پورا ہو۔ ہر روز 129 بار یا 61 بار بہ مجبوری 7 بار اول و آخر درود شریف 7 بار۔

پتھر سونا بن جائے:

(م) اَجِبْ یَا رُوْیَائِیْلُ بِحَقِّ مِیْمْ یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّهٗ مَنَّانُ۔

اس کا عامل خود اکسیر بن جاتا ہے۔ اس کے عامل کے پاس ایک مرد عالم غیب سے آتا ہے اور وہ علم سکھاتا ہے کہ جس پتھر پر نظر ڈالے سونا بن جائے۔ اگر مَنُّهٗ یا مَنَّانُ۔

نون پر پیش پڑھے اور خالص اللہ کے لیے اس ذکر میں مشغول ہو تو ایک شخص عالم کیمیا ئے غیب سے ظاہر ہو اور صرف اس کی ایک نظر کے فیض اثر یہ عامل صاحب عرفان و ایقان ہو۔ ہر روز 208 بار یا 41 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

اسرار کا ظہور ہونا:

(ن) اَجِبْ یَا حَوْلَائِیْلُ بِحَقِّ نُوْنْ یَا نَقِیُّ مِنْ كُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَهٗ وَلَمْ یُخَالِطْهُ فِعَالِهٖ یَا نَقِیُّ۔

اس کے ذاکر کو عالم تصرف کی قدرت حاصل ہو جس کے لیے جو چاہے وہی ہو اگر لِمَنْ یَا نَقِیًّا یعنی زبر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کسی کو عمل کی اجازت دے وہ ہی تاثیر حاصل

ہو اور عامل کے سامنے جس کا نام لیا جائے اس کی حقیقت کی تصویر بن کر سامنے دکھائی دے۔ اور اگر فَعَلَۃُ یَا نَقِیًّا یعنی فا کو زیر کے ساتھ اور لام کو زبر کے ساتھ اور نقیا کی یا کو بغیر تشدید کے پڑھے اور اس کی 70 خلوتیں کرے۔ ہر ہفتہ میں ایک نیا اسرار ظاہر ہو اور بعد 21 ہفتوں کے عالم ہیمیا کا ظہور ہو کر اس کے تحت و تصرف میں آئے۔ سرائے باطن بھی ایسی ہی معمور و آباد ہے جیسے سرائے ظاہری مگر سرائے باطن میں ارواح انبیاء علیہم السلام صدیقین شہداء صالحین جلوہ فرما ہیں جن کی زیارت سے مشرف ہو اور جسے چاہے دکھا سکے گا۔

ہر روز 160 بار یا 86 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

کشف کسی کے درجات میں کیمیا، ریما، سالم سیمیا، چوتھا مقام ہیمیا ہے۔

دشمن کو نقصان پہنچانا:

(س) اَجِبْ یَا ھَمُوَا کِیْلُ بِحَقِّ سِیْنْ سُبْحَانَکَ یَا اِلٰہَ
الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یَا اللّٰہُ۔

اس کے عامل پر معرفت کا دروازہ کھل جائے گا اور ثابت قدمی میسر ہو گی اگر الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یعنی عین کو زبر اور لُہٗ کے لام کے پیش کے ساتھ پڑھے تو اس کا ثمر بیان کرنے کی طاقت زبان و قلم میں نہیں عامل خود دیکھے گا۔ اگر عین کو زبر اور لِہٖ کے لام اور "ہ" کو زیر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کے لیے چند بار پڑھے ہلاک و برباد ہو۔ مگر مسلمان کے واسطے بربادی یا نقصان کا عمل جائز نہیں، البتہ بدمذہب کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

ہر روز 141 بار 112 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

دشمن کو نقصان پہنچانا:

(س) اَجِبْ یَا ھَمُوَ اکِیْل بِحَقِّ سِیْنْ سُبْحَانَکَ یَا اِلٰہَ
الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَا لَہٗ یَا اللّٰہُ۔

اس کے عامل پر معرفت کا دروازہ کھل جائے گا اور ثابت قدمی میسر ہو گی اگر الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یعنی عین کو زبر اور لُہٗ کے لام کو پیش کے ساتھ پڑھے تو اس کا ثمر بیان کرنے کی طاقت زبان و قلم میں نہیں عامل خود دیکھے گا۔ اگر عین کو زبر اور لِہٖ کے لام اور "ہ" کو زیر کے ساتھ پڑھے

تو عامل جس کے لیے چند بار پڑھے ہلاک و برباد ہو۔ مگر مسلمان کے واسطے بربادی یا نقصان کا عمل جائز نہیں، البتہ بدمذہب کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

ہر روز 141 بار 112 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

ظاہری و باطنی علوم کا حصول:

(ع) اَجِبْ یَا لَوْ مَا ئِیْلُ بِحَقِّ عَیْنٍ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَلَا
یَفُوْتُ شَیْءٌ مِنْ حِفْظِہٖ یَا عَلَّامُ۔

اس کا عامل تمام علوم ظاہری کا حافظ ہو اور علوم باطن یعنی علم لوح محفوظ اسمائے اعظم کی برکت سے اس پر منکشف ہو اور عامل اپنی نظر سے دیکھے۔ ہر روز 141 بار یا 128 بار یا 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

غیب سے مدد حاصل ہو:

(ف) اَجِبْ یَا سَرْ حَمَا کِیْلُ بِحَقِّ فَا یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ
اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ یَا رَحِیْمُ وَ رِزْقِکَ یَا رَزَّاقُ وَ کَرَمِکَ
یَا کَرِیْمُ وَ نِعْمَتِکَ یَا مُنْعِمُ اَسْئَلُکَ یَا فَتَّاحُ۔

اس کا عامل کتنا ہی لاچار مجبور، حلال روزی سے مایوس ہو، جب اپنے بیگانوں سے منہ موڑ لیا ہو، کمزور بیمار ہو، کوئی سہارا نہ ہو مگر اللہ تعالیٰ اپنے خوان کرم کا ایک حصہ اسے عطا فرمائے۔ جب کہ اس کے خوانِ کرام کا ایک ذرہ ساری دنیا کی نعمتیں ہیں۔ بس اپنے سینے کو حسد سے پاک رکھے اور اللہ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو ہر روز 489 بار یا 369 بار بہ مجبوری 8 بار اول آخر درود شریف 41 بار۔

دلی خیالات معلوم کر لینا:

(ص) اَجِبْ یَا اَھْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ صَادْ یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ
شِبْہٍ فَلَا شَیْءَ کَمِثْلِہٖ یَا صَمَدُ۔

اس کا عامل ہر شخص کے مافی الضمیر سے واقف ہو جاتا ہے۔ خواہ وہ کسی بھی زبان میں

بات کرے اور تمام جانوروں کی بولیوں سے آگاہ ہو اور تمام اسمائے صفات پر تصرف حاصل ہو۔ اگر تجمِلّہٗ "لام" "د" "ہ" کو پیش کے ساتھ پڑھے تو اپنی صورت میں تمام عالم کو دیکھے تجلی ذات اس پر ظاہر ہو۔ ہر روز 134 بار یا 91 بار بہ مجبوری 8 بار اول آخر درود شریف 9 بار۔

(ق) اَجِبْ یَا عِطْرَائِیْلُ بِحَقِّ ق یَا قَاھِرُ ذُو الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ۔

اس کے عامل کو دینی و دنیوی تمام کاموں میں ترقی ہوگی۔ ہر مشکل کام قدرت خدا سے انجام پائے گا جس کو شفقت و رحمت کی نظر سے دیکھے گا وہ بھی عنایت رب سے نوازا جائے گا۔

دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنا:

اگر قَاھِرُ الف کو "ہ" سے متصل پڑھے تو جس کو چاہے زیر وزبر کردے۔ اگر ایک ہفتہ دو پرانی قبروں کے درمیان احرام باندھ کر ننگے سر 306 بار پڑھے جس کے لیے پڑھے اگر اس کو زرد تصور کرے تو بیمار ہو اور سرخ تصور کرے تو ہلاک ہو۔ ہر روز 321 بار یا 306 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 21 بار۔

ہر نقصان سے محفوظ رہے:

(ر) اَجِبْ یَا اَمْوَاکِیْلُ رَا یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَ مَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَ مَعَاذُہٗ یَا رَحِیْمُ۔

اس کا عامل عشق الٰہی سے سرشار ہو، ہر شے میں حق تعالیٰ کے جلوے دیکھے۔ اگر غِیَاثَہٗ زبر کے ساتھ رَحِیْمَ میم زبر سے پڑھے تو دنیا و عقبیٰ میں کوئی ایسی بات نہ پیش آئے جو رنج و غم تکلیف و مصیبت کا سبب بنے بلکہ جب یہ گمان ہو کہ فلاں مصیبت آنے والی ہے یا فلاں تجارت میں نقصان ہونے والا ہے اس دعا کو پڑھے اس سے محفوظ رہے بلکہ وہم و گمان سے زیادہ نفع ہو۔ روزانہ 258 بار 108 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 11 بار۔

ہر مرض سے نجات:

(ش) اَجِبْ یَا ھَمْزَائِیْلُ بِحَقِّ شِیْن یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَدَقْتَ یَا شَافِیُ۔

اس کا عامل سوائے موت کے ہر مرض کی شفا بن جائے۔ جس پر تین بار پڑھ کر دم کردے مرض دفع ہو۔ اس کے پاس مریضوں کا ہجوم رہے اور کوئی مایوس نہ پھرے اگر ہمیشہ دیکھ کر پڑھے نگاہ میں تاثیر پیدا ہو جائے کہ صرف نظر بھر کر دیکھنے ہی سے مرض جاتا رہے۔ اگر 7 بار روزانہ لکھتا رہے تو قلم میں یہ اثر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی جو نسخہ لکھ دے تیر بہدف ثابت ہو جس کو یہ اسم یا شین لکھ کر دے دے مریض شفایاب ہو۔ ہر روز 391 بار یا صرف 94 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شفا 7 بار۔

تمام خلائق میں مقبول و معزز ہونا:

(ف) اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَا یَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ کُلَّ کُنْہِ جَلَالِ مُلْکِہٖ وَ عِزِّہٖ یَا تَامُّ۔

اس کا عامل مقبول عوام و خواص ہو جاتا ہے امراء و سلاطین اس کے تابع اور فرمانبردار ہوں اور وہ مقام ملے جو اس ملک کے بادشاہ یا صدر یا وزیر اعظم کو مقام حاصل ہوتا ہے اگر تام کے میم اور السن کے نون و سین کو زبر سے پڑھے تو وہ ایسا بادشاہ یا صدر مملکت ہو کہ جس کی حکومت نہ صرف انسانوں کی زبان پر ہو بلکہ دلوں پر بھی حکومت کرے اور اس کی اقلیم کی ظاہری و باطنی دولت کی کثرت ہو کہ جس کو چاہے عطا کرے۔ ہر روز 441 بار بہ مجبوری 56 بار اول آخر درود شریف 11 بار۔

روحانی قوت کا حصول:

(ث) اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ ثَا یَا ثَابِتُ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ یَا ثَابِتُ۔

اس کا عامل ایسی روحانی قوت اپنے اندر پاتا ہے۔ جس سے وہ خود حیران ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا کیسے ہو گیا۔ کسی دور کی چیز کو اٹھانا چاہتا ہو تو وہ قریب ہو جاتی ہے۔ دور جانا ہو تو راستہ

سمت کر قریب ہو جاتا ہے۔ گھنٹوں کا راستہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے ہمراہی بھی حیران ہوتے ہیں اور خود بھی متعجب رہتا ہے۔ جسمانی اعتبار سے وہ کتنا ہی کمزور ہو اس میں روحانی قوت اتنی ہوتی ہے کہ اس کے کام کو دیکھ کر دنیا حیران ہوتی ہے۔ دنیا کی نظر میں جو کام وہ نہ جانتا ہو اس طرح کرتا ہے جس طرح کوئی ماہر فن کرتا ہے، اس کا عامل مستقل مزاج درگذر کرنے والا ہوتا ہے مگر وقت ضرورت سینکڑوں کے مقابلے سے نہ ڈرتا ہے نہ بھاگتا ہے نہ دشمن کے وار اس پر اثر کرتے ہیں۔ روز بعد نماز ظہر یا بعد مغرب 903 بار بہ مجبوری 80 بار اول آخر درود شریف 21 بار یا 3 بار۔

خفیہ رازوں کا افشا ہو جانا:

(خ) اَجِبْ یَا مِهْکَائِیْلُ بِحَقِّ خَا یَا خَالِقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْهِ مَعَادُهٗ یَا خَالِقُ۔

اس کے عامل کو علم مافی الارحام حاصل ہو جاتا ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں کس طرح پرورش پاتا ہے۔ کس طرح گوشت پوست، ہڈیاں بنتی اور سنورتی ہیں۔ کس طرح روح جسم میں داخل ہوتی ہے۔ رحم میں نر ہے یا مادہ اور اس کی صلاحیت و حقیقت کیا ہے عمر کیا ہے بڑا ہو کر کیا کرے گا اگر خَالِقُ کے قاف کو زبر کُلٌّ کے لام کو پیش بغیر تنوین اور مَعَادَهٗ کے دال کو زبر کے ساتھ پڑھے تمام جمادات، معدنیات کا علم حاصل ہو، کس زمین میں کونسی اشیاء ہیں۔ کتنی قیمتی ہیں۔ اس زمین سے کونسا درخت پیدا ہوگا وہ اس درخت کی ماہیت سے بھی واقف ہوگا، جو بغیر بیج کے اُگے گا۔ ہر روز بعد نماز تہجد یعنی قبل فجر بہ مجبوری بعد نماز فجر 731 بار بہ مجبوری 57 بار، اول آخر درود شریف 9 بار۔

عزت و عظمت کا حصول:

(ذ) اَجِبْ یَا اِهْرَائِیْلُ بِحَقِّ ذَال یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

اس کا عامل عزت و عظمت بزرگی میں وہ مقام حاصل کر لیتا ہے جو امیر و کبیر حاکم و وزیر جس کے لیے رات دن سرگرداں رہتے ہیں بلکہ اس کے عامل کے حضور زانوئے ادب تہ کرتے

نظر آتے ہیں اس کی حکومت کا سکہ جن و انس، وحوش و طیور کے قلوب پر چلتا ہے۔ ہر روز 731 بار یا 248 بار یا 85 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 41 بار۔

کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے:

(ض) اَجِبْ یَا عِطْکَائِیْلُ بِحَقِّ ضَاد یَا ضَارُّ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا ضَارُّ۔

اس کا عامل دوسرے کو نقصان پہنچانے سے اپنے کو بچائے رکھے تو شیر اس کی سواری میں رہے۔ سانپ کو ہاتھ میں مثل کوڑے کے پکڑے۔ وہ زہریلے بچھو جن کے کاٹنے سے موت واقع ہو جائے بے ضرر شے ہو، غرض زہریلی شے اور ہر زہریلا جانور اور ہر درندہ صفت انسان خواہ وہ افسر ہو یا حاکم وغیرہ بھی ضرر و نقصان نہ پہنچا سکے۔ ہر روز 110 بار یا 805 بار یا 141 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 7 بار۔

فرار شدہ اور بیمار کی کیفیت معلوم کرنا:

(ظ) اَجِبْ یَا لَوْزَائِیْلُ بِحَقِّ ظَا یَا ظَاهِرُ سُبْحَانَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الظَّاهِرُ الْمُظْهِرُ یَا ظَاهِرُ۔

یہ بہترین استخارہ بھی ہے وقت ضرورت اس کے ذریعے فرار شدہ کا حال معلوم کرنے، بیمار کی کل کیفیت اور اس کو دوا سے یا عمل سے فائدہ ہو۔ یا چوری کیا ہوا مال کہاں رکھا ہے وغیرہ وغیرہ فوری طور پر معلوم کرنے کے لیے مجرب ہے اور اس کے عامل کو ان فیوض کے ساتھ ساتھ علوم لدنی یعنی جو علوم کتب میں موجود نہیں ظاہر ہو جاتے ہیں۔ خزانے اور دفینے معمولی جدوجہد سے حاصل کر لیتا ہے۔ ہر روز 1106 بار یا 85 بار بہ مجبوری 7 بار اول آخر درود شریف 11 بار۔

حاجت پوری ہو جائے:

(غ) اَجِبْ یَا لَوْفَائِیْلُ بِحَقِّ غَیْن یَا غِیَاثُ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَةٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَةٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ

وَحْشَتِیْ وَ مَعَادِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَ رَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ
حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔

اس کے عامل کو اللہ تعالیٰ تمام مکروہات پر رنج وغم سے نجات دیتا ہے۔ ہر کام اور ہر حاجت جو خلاف شرع نہ ہو جس میں دنیا و آخرت کا ضرر نہ ہو پورا فرماتا ہے۔ رزق حسنہ عطا فرماتا ہے، اور خزانہ غیب سے ظاہری و باطنی نعمتیں دیتا ہے اور اس کا دل اللہ کی بے شمار نعمتوں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ ہر روز 178 بار مغرب اور عشاء کے درمیان اول و آخر درود شریف 5 بار جس دن وقت نہ ملے تو 41 بار انتہائی مجبوری اور بیماری میں صرف ایک بار۔

عامل کامل بننے کا آزمودہ نسخہ:

اگر کوئی شخص الف سے غین تک کسی حرف کا عامل بننا اور اس کے موکل کو تابع کرنا چاہے تو ایک لاکھ پچیس ہزار (125000) کی تعداد کو 41 دن یا 28 دن میں پورا کرے اور خلوت اختیار کرے پرہیز جمالی وجلالی پر کار بند رہے عمل پورا ہونے تک کسی سے بات نہ کرے اگر ضرورت پڑے تو لکھ کر دے۔ اگر ان پابندیوں کے ساتھ عمل کر لیا تو پھر کبھی کوئی عمل (1) کرنے کی ضرورت نہ ہوگی موکل کو جو حکم دے گا وہ انجام دے گا۔

اور جو چاہے گا اس پر ظاہر ہوگا۔ جس کسی کو عمل کی اجازت دے گا ایک بار پڑھنے سے اسے وہ سب کچھ حاصل ہوگا جو عامل کو حاصل ہے۔



تسخیر موکل کا ایک عجیب وغریب طریقہ

اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے نکال کر حسب قاعدہ مربع آتشی پُر کریں۔ خانہ 9 میں عدد ہو، اگر وہ اکائی تک ہے تو اس کو لیں اگر اکائی سے زیادہ ہے تو دھائی کا پہلا عدد لیں۔ اور اور بقیہ کو چھوڑ دیں۔

مثلاً نویں خانہ میں 25 ہے تو پانچ کو لے لیں اور 2 کو چھوڑ دیں۔ اگر مکمل عشرات میں 50, 40, 30, 20 ہو اس حالت میں دوسرا حرف لے لیں، جیسے 2, 3, 4, 5 وغیرہ یعنی اس صورت میں صفر کو نظر انداز کر دیں۔

اسی طرح خانہ 9, 10, 11, 12, 13, 14, 15 اور 16 کے ہندسے لے لیں اور ان کو جوڑ کر موکل بنالیں۔ جیسے خانہ 9 سے 5 اور خانہ دس سے 6 لیا۔ موکل ھ وائیل۔ (ھوائیل)

اسی طرح $\frac{10-9}{1}$ $\frac{12-11}{2}$ $\frac{14-13}{3}$ $\frac{16-15}{4}$ دو دو خانوں کا ایک موکل بن کر کل 4 موکل بنے۔

اب ان کی عزیمت تیار کر لیں۔ اس طرح۔

عزِمتُ واقسمتُ عَلَیْکُمْ .... نقطوں کی جگہ چاروں موکل کے نام لکھیں۔ اس کے بعد لکھیں۔ **احضروا واطیعوا بحق یا حی یا قیوم۔**

اس عمل کو اپنے نام کے مجموعی اعداد کے برابر 8 روز تک لگاتار تنہائی میں پڑھیں۔ اگرچہ کہ اس عمل میں کوئی چیز سامنے نہیں آئے گی لیکن آپ کو محسوس ہوگا کہ کوئی کمرے میں موجود ہے آپ عمل کے اختتام پر جو حاجت بیان کرو گے وہ انشاء اللہ غائبانہ پوری ہوگی۔

عامل کو چاہیے کہ اپنے نام کا جو نقش وہ تیار کرے گا اس کے نیچے چاروں مؤکل کے [illegible]
لکھ دے۔ یا مؤکلین کے نام نقش کے چاروں کونوں پر لکھ دے اور اس نقش کو اپنے دائیں بازو [illegible]
باندھ لے۔ انشاء اللہ مؤکلین غائبانہ طور سے عامل کی مدد کرتے رہیں گے۔

عامل مذکورہ عزیمت کو 8 روز کے بعد روزانہ اپنے نام کے مفرد عدد کے مطابق پ[illegible]
رہے تاکہ عمل قابو میں رہے۔



دنوں کے مؤکلین

اور اُن کے احکامات

ماہ قمری سعد منقلب ونحس:

ثابت وسعد	محرم	ربیع الثانی	رجب	شوال
او سط بین منقلب	ربیع الاوّل	جمادی الاوّل	شعبان	ذی العقد
نحس ومنقلب	ربیع الاوّل	جمادی الثانی	رمضان	ذی الحج

جو لوگ ماہ سعید منقلب اور نحس کا خیال نہیں رکھتے۔ جب چاہیں عمل شروع کر دیتے ہیں وہ ناکامی کا منہ دیکھتے ہیں اس لیے انتہائی ضروری ہے کہ ماہ سعید میں دعوت وغیرہ دی جائے۔ اگر منقلب مہینوں میں عمل شروع کریں تو تاثیر الٹی ہو کر رجعت طاری ہو کر پاگل یا دیوانہ کر دیتی ہے۔ جیسا کہ کئی مخبوط الحواس لوگ نظر آتے ہیں جو کہ اپنی غلطی سے رجعت میں گرفتار ہو کر حواس کھو بیٹھتے ہیں۔

نحس مہینوں میں عمل کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ عمل بالکل ضائع ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ماہ سعید کا خیال کر کے عمل کرنا چاہیے۔ تاکہ کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہو سکے۔

خواص واحکام روز ہائے ہفتہ

ہفتہ کا دن:

مکلا وہ اور غسل صحت و نو خوردن دھنیا (ہنی) جسے کہتے ہیں۔ رکھنا چاہتے ہو تو تحویل

مکان وخرید وفروخت چوپایہ اور سواری گھوڑا ہاتھی وغیرہ کے لیے بہتر ہے۔

اتوار کا دن:

یہ نام رکھنے اور نیا کھانے اور نیا سرخ کپڑا پہننے کا اور آغاز تعلیم اور عملیات اور زمین جوتنے اور ملازمت بادشاہوں کے لیے نیک اور بہتر ہے۔

سوموار کا دن:

مکلاوہ کرنے، نام رکھنے، غسل صحت، زمین جوتنے یا بنیاد رکھنے تحویل ونقل مکان اور خرید وفروخت اسباب وچوپایہ اور سواری وسفر کے لیے بہتر اور اچھا گنا جاتا ہے۔

منگل کا دن:

غسل صحت وعملیات ونوخوردن یا پوشیدن پارچہ سرخ اور نقل وتحویل اور خرید وفروخت چوپایہ سواری وسفر کے لیے بہتر ہے اور نیک ہے۔

بدھ کا دن:

مکلاوہ کرنے، نام رکھنے، نیا کپڑا پہننے، نیا کھانا کھانے، تعلیم، زمین جوتنے، بنیاد رکھنے، تحویل مکان، حجامت، بنوانا وملازمت سلاطین خرید وفروخت چوپایہ سواری نیک ہے۔

جمعرات کا دن:

مکلاوہ کرنے، نام رکھنے، پوشش نوتعلیم وغیرہ بمطابق بدھ کے نیک اور بہت بہتر اور خوش دہ ہے۔

جمعہ کا دن:

مکلاوہ ولباس نوزمین جوتنے، نوتعلیم بنیاد رکھنا، تحویل خرید وفروخت، حجامت بنوانا اور سواری ہاتھی، گھوڑے کو نیک سمجھا جاتا ہے۔ یہ عامل لوگوں کے لیے دنوں کے خواص لکھ دیتے ہیں۔

ایام کی خصوصیات

معلوم ہونا چاہیے کہ خداوند تعالیٰ نے سات آسمان اور سات ستارے اور سات زمین،

سات سمندر، سات دن اور سات اقلیمیں اور سات معدن، سات ملوک سفلی پیدا کئے اور بہت ہی سلسلے شروع ہوئے۔ سات آسمانوں میں پہلا آسمان یعنی سب کے اوپر وہ ہے جس کو ساتواں آسمان کہتے ہیں اور اس آسمان کی تدبیر خداوند تعالیٰ نے کوکب زحل سے متعلق کی ہے۔

دعوت زحل اور شنبہ میمون سیاف سجابی ابی نوح کے واسطے۔

﴿ اَجِبْ یَا ابا نوخ وَ بِحَقِّ الْمَلَکِ المؤ کل بكَ الَّذِیْ لَتَسرَعُ اِلٰی خدمتِہٖ کسفائیل وَ بِحَقِّ ازا_ ازد ارو انفحش هلکما کشلطلش کلست لطه نفعا ینم بشمخلیص علشا قش مهراقش اقتامقش ثقمو نهش ار کشالیخ کیاغ بکشلیخ علمش لهش نمره اجب یا میمون یا ابا نرخ وَ تَوَ کُّلُ بخدا وَ کذا بحق ما اقسمت بہ عَلیکَ العَجل 2 الوَحا 2 بار السَّاعة 2 بار۔ ﴾

یہ دعوت شنبہ (یعنی ہفتہ کے دن کی ہے۔ اس کا مؤکل بادشاہ مؤکل زمین کے مؤکلات سے کام لیتا ہے۔ سب کا بادشاہ ہے۔ ہر کام کرواتا ہے۔ اور چھٹے آسمان سے اسی طرح سب آسمانوں کی تدبیر ایک ایک ستارہ سے متعلق ہے۔ جیسا کہ پہلے بتا چکا ہوں۔

توبہ کا آسمان:

پھر ان سات آسمانوں کے اوپر ایک آسمان ہے۔ جس کو فلک ثوابت کہتے ہیں۔ یہ توبہ کا آسمان ہے۔ اور یہاں پر ہی توبہ کی دعا پہنچتی ہے اور توبہ قبول ہوتی ہے۔ وہاں پر ایک مؤکل روحانی رہتا ہے۔ یہ مؤکل سب مؤکلوں کا بادشاہ ہے۔ اور اس کا نام سیططر دن علیہ السلام ہے۔

ساتوں زمینوں اور ساتوں سمندروں کا مؤکل:

اس طرح ساتوں زمین اور ساتوں سمندر پر ایک مؤکل ارضی خداوند تعالیٰ نے مقرر کیا ہوا ہے۔ جس کا نام میمون آتا نوخ ہے۔ اور یہ مؤکل زحل کے تابع ہے۔ جس کی دعوت پیچھے لکھ چکا ہوں۔ اس طرح چھٹی زمین کا مؤکل شہورش مشتری کے تابع ہے۔

مطیع و تابعدار مؤکلین:

پانچویں زمین اور پانچویں سمندر کا مؤکل ابو یعقوب احمر محر مریخ کا تابع ہے۔ چوتھی زمین اور سمندر کا مؤکل ابوالنور زوبیہ زہرہ کا مطیع ہے۔ دوسری زمین اور سمندر کا مؤکل ابوالعجاب برقان عطارد کا تابعد ہے اور پہلی زمین اور سمندر کا مؤکل ابوالنور ابیض قمر کا تابع ہے۔ اور ساتوں زمینوں کے نیچے جو مچھلی ہے۔ اُس کو بہموت کہتے ہیں۔

مؤکل کی حکمرانی:

اس پر خدا نے ایک مؤکل میمون اسیاف نام کا مقرر کیا ہے۔ وہ ساتوں زمینوں اور ساتوں سمندروں کا حاکم ہے۔ جس کو چاہے گرائے جس کو چاہے نوازے۔ یہ خدا نے اس کو کام سونپے ہیں۔

تمام مؤکلات علوی و سفلی کا حاکم:

میطظرون ساتوں آسمانوں اور کواکب کا حاکم اور کل مؤکلات علوی و سفلی اس کے ماتحت ہیں۔ اور یہ مؤکلات جو آسمانوں میں ہیں۔ میطظرون کے محکوم ہیں۔ اور اس بات پر مامور ہیں جو کام سونپے جاتے ہیں بہت جلدی کرتے ہیں۔ اس بات پر بھی مامور ہیں کہ مؤکلات سفلی کے پاس زمین پر آئیں۔ اور احکام پہنچائیں۔

سب کا بادشاہ:

پس مؤکلات علوی سفلی کے احکام میں میطظرون ان سب کا بادشاہ ہے۔ بعض کا بیان ہے کہ میطظرون نویں آسمان کا حاکم اور کھڑا ہے۔ اس کے ہاتھ میں ایک کوڑا ہے۔ جس کے اندر تین سو ساٹھ گرہیں ہیں۔ اور ان گرہوں کے ساتھ وہ مؤکلات اور جنات پر حکومت کرتا ہے اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے تسخیر کیا تھا۔ سب جنات سلیمان علیہ السلام بن داؤد علیہ السلام کے تابع تھے۔ اور وہ کوڑا اس کا مثل شعلہ آتش کے روشن ہے۔ جس وقت عامل صحت الفاظ اور پابندی وقت کے ساتھ عمل پڑھتا ہے اور بخور روشن کرتا ہے۔ اور سریانی کے ناموں کا تذکرہ کرتا ہے۔ اس کے منہ سے ایک نور نکل کر میطظرون کے سامنے آجاتا ہے۔ اور میطظرون اس کے عمل کو قبول کرتا ہے اور اپنے کوڑے کو ہلا کر اس مؤکل کی طرف نظر کرتا ہے۔ جو اس وقت کی منزل کا

مالک ہے۔ وہ مؤکل فوراً زمین پر حاضر ہو کر زمین کے مؤکل کو پکڑ کر عامل کی خدمت میں حاضر ہو جاتا ہے۔ وہ عامل کے عمل کو پورا کرتا ہے۔ ذرا توقف نہیں کر سکتا۔ مگر یہ بات اس وقت ہوتی ہے جبکہ سریانی نام کو نہایت صحت کے ساتھ بغیر غلطی اور لحن کے پڑھا ہو۔ اگر اس نے غلط پڑھا تو مؤکل ہرگز حاضر نہ ہوں گے۔ اور خدا سے پناہ مانگیں گے۔ یہی سبب ہے کہ اکثر لوگوں کے عمل کامیاب نہیں ہوتے۔ اور عامل لوگ اس کو غلط قرار دیتے ہیں۔ پہلے عمل کا ورد کسی اچھے عامل سے درست کروائیں۔ اور اچھے عامل سے اجازت لے لیں۔ کیونکہ صحت الفاظ اور پابندی وقت نہایت ضروری ہے۔ ہر قسم کے اعمال پر جداگانہ مؤکل مقرر ہیں۔ جب عامل صحت کے ساتھ عمل کرتا ہے۔ میطظرون اس عمل کے مؤکل کی طرف توجہ کرتا ہے اور وہ مؤکل عامل کی خدمت گزاری کو حاضر ہو جاتا ہے۔ یعنی مؤکل ارضی کو حاضر کرتا ہے اور صاحب حاجت کی حاجت کو پوری کرتا ہے جیسا کہ مذکور ہوا۔

مؤکلات علوی کا حاکم:

میطظرون سب مؤکلات علوی کا حاکم ہے۔ اور مؤکلات علوی، مؤکلات سفلی یعنی عرضی کے حاکم ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا...... تو سفلی عامل کی اطاعت کبھی بھی قبول نہ کرتا۔ اس لیے لازمی ہے کہ جب کوئی سفلی عامل کا کہنا نہ مانے تب عامل اسماء قدرت اور اس مؤکل علوی کا نام لے گا جو مؤکل سفلی کا حاکم ہے۔ اس وقت عامل کے منہ سے نور نکل کر میطظرون کے پاس چلا جائے گا۔ اور وہ علوی کو حکم صادر کرے گا۔ اور فوراً عامل کا کام ہو جائے گا۔ یہ ایک سرکل ہے جو چلتا رہتا ہے اور عامل کا کام کروا کر اپنی ذمہ داری ختم کرے گا۔ اور میطظرون جب مؤکلوں کی طرف دیکھتا ہے اور غور سے دیکھتا ہے تو تمام مؤکل تھر تھر اس طرح خوف سے تھر تھراتے ہیں جیسے آندھی سے درختوں کے پتے اور خود درخت تھرتھراتا ہے اور فوراً اس حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔

اب ہم آتے ہیں ملوک علویہ کی طرف

ان کے ماتحت ملوک سفلیہ کے اسماء بیان کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔ سب سے پہلے مؤکل علوی دوقیائیل ہے۔ ملوک سفلیہ سے اس کا ماتحت مس حب جو یک شنبہ کا مالک ہے۔

دوسرا مؤکل شدخیائیل ہے اور اس کے ماتحت مرا بیض دوشنبہ کا مالک ہے۔ اور تیسرا مؤکل مہقیائیل ہے اور اس کے ماتحت ابومحرز احمر سہ شنبہ کا مالک ہے۔

چوتھا مؤکل شنفیائیل ہے۔ اس کے ماتحت برقان چہار شنبہ کا مالک ہے۔ پانچواں مؤکل جھلیائیل ہے۔ اس کا ماتحت شمہورش پنج شنبہ (جمعرات) کا مالک ہے۔ اور چھٹا مؤکل عیپیائیل اس کے ماتحت زوبعہ جمعہ کا مالک ہے۔ اور ساتواں مؤکل کسفیائیل ہے۔ اور ماتحت اس کے میمون شنبہ کا مؤکل ہے۔

سات حاکم مؤکلات:

مؤکلات علوی کے اوپر اور سات مؤکلات حاکم ہیں۔ چنانچہ اوقیائیل کا حاکم طھطھیائیل ہے اور شمخیائیل کا حاکم صعطکیائیل ہے۔ بعض صعلصعلیائیل کہتے ہیں۔ اور مہقیائیل کا حاکم تہتہطلطمیائیل ہے۔ اور جھلیائیل کا حاکم سلسیائیل ہے اور میططرون کا حاکم اعلیٰ اخطلیائیل علیہ السلام ہے۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ ان مؤکلات کے اوپر اور مؤکلات بھی ہیں۔ چونکہ ان کے ناموں میں علماء نے اختلاف کیا ہے۔ وہ بہت سخت اور دشوار بھی ہیں۔ اس وجہ سے ہم نے ان کا بیان ترک کر دیا ہے۔ پس پاک ہے اس کی ذات پاک اعلیٰ کہ جو رحیم ہے۔ رحمان ہے۔ غفور ہے۔ جو اپنے لشکروں کی تعداد آپ ہی خود جانتا ہے۔ حضرت آصف بن برخیا وزیر حضرت سلیمان علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب خداوند تعالیٰ کسی مؤکل یا کسی کو پیدا کرتا ہے تو اپنا ایک نام لے کر فرماتا ہے کہ کن (ہو جا) پس وہ مؤکل پیدا ہو جاتا ہے۔ جو شخص اسم کو معلوم کرے وہ اس کے ذریعہ سے مؤکل کو یا شیطان کو تابع کر سکتا ہے۔

ضروری ہدایات:

اے طالب تم کو یہ بات معلوم ہونی چاہیے اگر خدا نے تمہیں توفیق دی اور ان علوم کو تم نے حاصل کیا۔ پس تم اس مقام میں صدر نشین ہو گئے جہاں تمہارے باپ دادا کا بھی گزر نہ ہوگا۔ اور نہ کوئی تمہارے قریب پہنچ سکے گا یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان الٰہی ہے۔ اس علم کو حاصل کرنے میں روزہ و ریاضت کی بھی ضرورت ہے اور اس کی طلب نایاب میں گھبرانا بھی نہیں چاہیے۔ کیونکہ ان

کاموں میں تکلیفیں ضرور آتی ہیں۔ کسی چیز کو پانے کے لیے کچھ کھونا بھی پڑتا ہے۔ اور ان مشائخ کی صحبت اختیار کرنی چاہیے۔ جو اس میں علم کمال رکھتے ہیں۔

مؤکل کو حاضر کرنا:

اس میں یہ معلوم ہونا چاہیے جب تم ان مؤکلات میں سے ایک مؤکل کو حاضر کرنا چاہتے ہو۔ تب اس کے روز میں اس کو حاضر کرو اور وہ اسم پڑھو جس اسم کے ساتھ خداوند تعالیٰ نے اس مؤکل کو پیدا کیا تھا۔ یہ اسم اس کے حق میں آگ سے زیادہ ہوگا اور وہ آنے میں ذرا سا بھی توقف نہ کر سکے گا اور یہ اسماء سریانی زبان میں ہیں۔ اور بہت طاقت رکھتے ہیں۔

اب آپ کو یہ علم ہو چکا ہے کہ جب مؤکل کو طلب کریں تو اس کے روز میں طلب کرنا بہت ضروری سمجھا گیا۔ مثلاً اتوار کے روز مذہب کو بلائے یہ اتوار کے دن کا مؤکل جانا گیا ہے۔ کیونکہ وہ مؤکل کوکب شمس سے تعلق رکھتا ہے اور بعض علماء کہتے ہیں کہ شمس کی قسم اس کو دے۔ شمس اس کو حاضر کر دے گا۔ یہ بھی آپ کو معلوم ہوگا کہ پیر والے دن مرہ ابیض کو بلانا ہوگا۔ کیونکہ اس کا تعلق کوکب قمر کی روحانیت سے منسوب ہے۔ غرضیکہ اس طرح تمام مؤکلات کا خیال کرنا چاہیے جب جس کو بلانا ہو اس کے دن میں عمل کرے۔ اس کوکب کی قسم دینا ضروری بتایا ہے۔ علماء کے نزدیک یہ خیال کرنا ضروری سمجھا گیا ہے۔

مؤکل سفلی کے سامنے مؤکل علوی کو حاضر کرنا چاہیے۔

دعوات مؤکلات

ہم نے بڑی تفصیل اور طول سے سمجھایا ہے۔ امید ہے آپ کو سمجھ میں آ گیا ہوگا۔ ان کے اندر وہ اسماء ہیں جن کے ساتھ خداوند تعالیٰ نے مؤکلات کو پیدا کیا تھا۔ جس مؤکل کو تسخیر کرنا منظور ہو اس کے دن میں اس کی دعوت کو پڑھے۔ اس کے کوکب کو بتلائے ساتھ بخور کے روشن کر کے۔ ان اسماء کو قاعدہ روحانی کہتے ہیں۔ یکشنبہ کے روز ابو عبداللہ سعید المذہب کی دعوت یہ ہے۔ جو تحریر کر رہا ہوں۔

﴿ اَجِبْ یَا مُذْھِبُ مَا اَعْظَمَ سُلْطَانُ اللّٰہِ احترق من

عَصَی اللّٰہَ بِنَا رِہِ المُرُ قَدَۃٍ اَھُنَا ۲ تاہٍ ۲ خَنُوْخ ۲ اھیاً
اَشرَاھِیًا ادر نای اصبارث الُ شدای یاہٍ ۲ صبوح ۲ ما
اعزاصبا و تا القدیم الازلی اَجب یَا مُذھبُ بِحَقِ
سُبُّوْحٌ ۲ قُدُّوْسٌ ۲ رَبُّ الْمَلٰۤىِٕكَةِ وَالرُّوْحِ ۲ اَلوَحَا ۲
اَلْعَجَلُ ۲ السَّاعَۃَ ۲ بار۔﴾

اس کی دعوت اتوار کے دن سے تسخیر کیا جاتا ہے۔

دعوت دوشنبہ امراہ ابیض بن ہارث موکل

اس کی دعوت پیر کے دن میں شروع کرتے ہیں اور یہ شام کو موکل حاضر ہوتا ہے۔ بڑے کام کرتا ہے۔ عامل کو کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہوتی۔

﴿ اَجِبْ یَا مُرَّۃَ بِحَقِّ طھش طھشرۃِ طھشُوہ جارشہٖ
۳بار جنجروشہ ۲ بار ھبشروِ اَجبْ یَا مُرَّۃً سام ۲ بار
بِالَّذِیْ تَجَلّٰی لِلْجَبَلِ فَجَعَلَہٗ دَکًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا۔
اَلْعَجَلُ ۲ بار الوَحَا ۲ بار السَّاعۃ ۲ بار۔﴾

یہ دعوت بروز منگل ابی محرز احمر کو حاضر کرنے کی ہے

یہ منگل کے روز ہی حاضر ہوتا ہے۔ اس سے جو بھی کام لیتا ہے منگل کے دن لے سکتا ہے۔ اور آنافانا ہی کرتا ہے۔ مگر جو کام کرے گا وہ منگل کو ہی حاضر ہوگا۔ اور کام بھی منگل کے دن کرے گا۔ اس کی دعوت یہ ہے۔

﴿اَجِبْ یَا اَبَامَحرَزِ الاَحْمَرَ بِحَقِّ الطلقف ۲ بار اجلفف
۲ بار شفف ۲ لیطشلا ۲ شلا دون ۲ للہ ۲ ھلل ۲
ففھشل ۲ جھلفف ۲ مھلقك ۲ حلصص ۲ ھلھلص ۲

شھلیص ۲ نَمُوہٍ ۲ دَملیخ ۲ اجب یا اَحمَرُ بِحَقِّھَا
عَلَیْكَ بِحَقِّ الملكُ الغَالِبِ علَیكَ سمائیل وَ تَوَکَّلُ
بِکَذَا وَ لَذَا العَجَل ۲ الوحَاء ۲ السَّاعَۃ ۲ بار پڑھنا ہے۔﴾

دعوت چہارشنبہ یعنی بدھ برقان اصغر ابو العجائب موکل کا حاضر کرنا

یہ بروز بدھ کا موکل ہے۔ اس کا دن اس کو لگے گا۔ حاضری بھی بدھ کے دن ہوگی۔ یہ بھی بدھ کے دن بہت اچھے کام کرتا ہے دعوت اس کی یہ ہے۔

﴿ اَجِبْ یَا بُرقَانُ بِحَقِّ ھت ۲ مدت ۲ یولث ۲ الولہٖ ۲
یوہٍ ھلیون ۲ یَاہٍ ۲ ھیوث ۲ طلطلیوث ۲ ھیا ۲ لوث ۲
اھیاش خَلَقَ اللّٰہُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ کرابیلِ اھیا شراھیًا
اذونائی اصباوث ال شدِای تَوَکَّلُ یَا بَرقَانُ
بکذاو کذا بِحَقِّ المُوَکِّلُ بك میکَائِیلَ الَّذِیْ لتسرَعُ
لخدمتِہٖ العجل ۲ اَلوَحَا ۲ السَّاعَۃَ ۲بار۔﴾

اس کی حاضرات بہت جلد ہوتی ہے۔ صبح سے 11 بجے تک حاضرات شروع ہو جاتی ہے۔ تسخیرات کے دس بجے ہوتی ہے۔ جب بدھ کا دن ختم ہو جاتا ہے یہ بھی آسمان پر چلا جاتا ہے۔

دعوت بروز جمعرات شمہورش قاضی الجن کی حاضرات

یہ نکاح وغیرہ کروانے میں بہت مدد کرتا ہے۔ اگر کوئی نہ مانے تو اس کو راضی کرتا ہے۔ اس کی طاقت صرف بدھ والے دن کی ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ رات کے ساڑھے گیارہ بجے تک ہوتی ہے۔ پھر اپنے آسمان پر چلا جاتا ہے۔

اس کی دعوت یہ ہے۔

﴿ أَجب يَا شمهورش بحق الملك المؤكل بِكَ الَّذِىْ التسرع بخدمته صرفيائيل و بحَقِّ شططلش ٢ شطهش ٢ بار ملك عحرش ٢ بعرش ٢ هبقا ٢ اجب يَا شهورش بحقِ درد ميش ٢ وبحَقِّ مَا نِى لَوحِ القُدرةِ مكتُوبٌ اَن تتوَكَّلَ بِكَذَا وَ كَذَا الْعَجَلَ ٢ الوَ حَا ٢ السَّاعَةَ ٢ ـ ﴾

یہ ایک قاضی کا کام دیتا ہے۔ لڑکی کو راضی کرنا ایک سیکنڈ کا کام ہے۔ نکاح کرانے میں اس کا نمبر اوّل ہے۔

دعوت بروز جمعہ زوبعہ اَبیض کے حاضر ہونے کا

یہ جمعہ کے دن کا موکل ہے، اس کا کام جمعہ کے دن کا ہے۔ آسمان سے بہت جلد آتا ہے اور جاتا بھی بہت جلد ہے۔ سلیمان کی کتاب مرکبات سلیمانی میں صفحہ 320 پر لکھا ہے کہ رسول اکرم ﷺ اس موکل کے ذریعہ خدا کے حضور حاضر ہوئے تھے۔

﴿ أَجِبْ يَا أَبيض يَا زوبعه بِحَقِّ المُلكِ المُوَكَّلِ بِكَ عينيا ئيل الَّذِىْ تَسرَعُ اِلَى خِدمتِه وَ بِحَقِّ د موسى ابيهِ بشيلى جر حططسبوح اِذَا لم تات يَا ابيض وَالاَّ اَعرِضُهَا عَلَى النَّارِ اَجب واسرَع وَ تَوَكَّلْ بِكَذَا وَكَذَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ وَ عَلَيكَ ـ ﴾

توجہ طلب باتیں:

یہ تمھیں دعوات ملائکہ جو فقیر عرض کر چکا ہے۔ ان کی قدر کرنی چاہیے۔ کیونکہ یہ سب ملائکہ بھی ہیں۔ کیونکہ۔ یہ بہت کمیاب ہیں۔ اور ایسی صحت کے ساتھ اور کسی کتاب میں آپ کو نہیں ملے گی۔ یہ آپ سے میرا وعدہ ہے کہ آپ جو بھی عمل کریں اس کے ساتھ اس روز کے موکل کے

بھی ان دعوتوں میں سے ضرور پڑھیں۔ پھر دیکھیں عمل کیسے کامیاب ہوتا ہے۔ خواہ وہ کوئی عمل بھی ہو۔ جنات پریوں کا وغیرہ تو بہت بہتر طریقہ سے کامیاب ہوں گے دور دور سے دُنیا پاس آئے گی۔ آپ کے ہاتھ شفا ہوگی۔ دور دور تک دھوم ہوگی۔ اور ہر کام آپ کا انجام پائے گا۔ بہر حال تقویٰ اور طہارت کا اختیار کرنا بہت ہی ضروری ہے اور وہی ایسی چیز ہے جس سے تمام عالم علوی و سفلی مطیع ہوتا ہے۔ ریاضت ہر کام کی بنیاد ہے۔ ان اعمال کے عامل کو لازم ہے کہ ایسے وظائف کا بھی ورد رکھے جو انس وجن کے شر سے محفوظ رکھنے والے ہیں۔ اس لیے کہ اکثر انسان و جنات دشمن ہو جاتے ہیں اور تاک میں لگے رہتے ہیں۔ اس لیے عامل کو اعمال کے ساتھ اپنی حفاظت کرنی ضروری ہے۔ تاکہ وہ انس اور کل موذیات کے شر سے محفوظ رہے۔ لہٰذا آیت الکرسی جو شخص ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار پڑھا کرے۔ ہر جن وانس کے شر سے محفوظ رہے۔ جب تم کسی خوفناک مکان میں ہو یا اسماء سریانی کی دعوت کرنی چاہتے ہو۔ تم کو لازم ہے کہ آیت الکرسی تین تین بار پڑھ کر اپنے دائیں بائیں اور آگے پیچھے اور اوپر نیچے دم کر لو۔

اس کی برکت سے ہر ایک شر سے محفوظ رہو گے اور جنات کوئی اذیت نہ پہنچا سکیں گے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ جو شخص اس علم روحانی کے حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ شیاطین اور جنات اس کو ضرر پہنچانے اور عمل چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس واسطے عامل کو اپنی حفاظت کرنی لازمی ہے۔ ہمیشہ طہارت کاملہ کے ساتھ رہنا چاہیے۔ تاکہ جنات اس کو اذیت نہ پہنچائیں۔ بلکہ اس کے مطیع اور ہر حکم کو بجالائیں۔ جب عامل کسی ایسی جگہ ہو جہاں وہ جنات کی شرارت سے خوف رکھتا ہو اس وقت آیت الکرسی ہی ہر شر مخلوق سے محفوظ رکھتی ہے۔ ہر قسم کے جنات اور انسان کے شر سے محفوظ رکھتی ہے۔



تسخیر مؤکلات

دعوت کلمہ طیب برائے حاضری مؤکل

عبارت عمل:

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ﴾

عامل کے لیے خصوصی ہدایات:

جاننا چاہیے کہ یہ عمل بڑا متبرک ہے۔ لہٰذا شائقین مؤکلات کو چاہیے کہ اس کا چلہ ضرور کریں۔ اللہ رب العزت آپ کو ضرور کامیاب کرے گا۔ عروج ماہ قمری میں ماہ ثابت میں عامل کسی خلوت کے مکان میں گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اور کسی مرد یا عورت کی شکل نہ دیکھے۔ اور آسمان و بیت الخلاء میں فضلے پر نگاہ نہ کرے۔ اور ترک جلالی و جمالی کرے اور نماز پنجگانہ قضا نہ ہونے دے۔ دوران چلہ کسی سے گفتگو نہ کرے۔ درود شریف و استغفار کا فارغ اوقات میں ورد کیا کرے۔ اگر نماز تہجد و چاشت و اشراق کی بھی نماز پڑھا کرے تو بہت خوب ہے۔ غذا میں جو کی روٹی، نمک اور روغن زیتون یا کھجور استعمال کرے۔ چاہ و یا دریا یا پھر چشمے کا پانی استعمال کرے۔ اگر دس یوم تک روزہ بھی رکھے تو ہر صورت سے عامل اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

دس یوم کا عمل:

یہ عمل صرف دس یوم کا ہے۔ بروز نوچندی اتوار یا جمعرات کو بعد نماز فجر ڈھائی ہزار مرتبہ کلمہ کلمہ طیب مع اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ورد کیا کرے۔ لیکن حصار پہلے ضرور کرلے۔ اسی طرح پانچوں وقت کی نمازوں کے بعد کیا دوران پڑھائی اگربتی کا بخور روشن کرے اور لباس و مصلے سفید رنگ کا بغیر سلا ہوا استعمال کرے۔ اپنا لباس کی صورت میں استعمال کرے

اور قبلہ کی سمت منہ کر کے بیٹھے۔

حاضری مؤکل:

آخری دن یعنی دسویں یوم بعد نماز عشاء جب آپ کی پڑھائی ختم ہوگی تو یکا یک ایک مؤکل نمودار ہوگا۔ اور عامل کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہے گا۔ عامل اس کا جواب وعلیکم السلام دے۔ پھر وہ عامل سے دریافت کرے گا کہ مجھے کیوں بلایا ہے۔ پس عامل اس سے کہے کہ مجھے اس وقت کوئی دنیاوی حاجت پیش آئے گی تم اس میں میری معاونت کرنا اور اس سے جلد حاضر ہونے کا بھی طریقہ دریافت کرلینا۔ چنانچہ وہ اپنی جلد حاضری کا طریقہ آپ کو بتائے گا۔ جب بھی آپ اس طریقہ پر عمل کریں گے وہ فی الفور حاضر ہوا کرے گا اور دنیا کا بڑے سے بڑا مشکل ترین کام چشم زدن میں پورا کردے گا۔

مؤکل کی شرائط:

جب وہ تمام باتوں کا اقرار کرلے گا تو پھر کچھ اپنی بھی شرائط عامل پر لگائے گا۔ مثلاً ہر وقت پاک و طاہر رہنا نماز پنجگانہ ادا کرنا، فسق و فجور سے بچنا وغیرہ۔ پھر جب آپ سے اقرار کرلے گا تو آپ اس کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کردیں۔ وہ آپ کی آنکھوں سے اوجھل ہو جائے گا۔

عمل کا اختتام:

اب آپ دو رکعت نماز شکرانہ ادا کریں۔ اور خدا کا شکر بجالائیں۔ اور کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کلمہ طیبہ کی نیاز دیں۔ اور شیرینی تمام کی تمام خود کھالیں۔ اب آپ کا عمل تمام ہوا۔ لہٰذا خلوت سے نکل کر اپنے کام کاج میں مشغول ہوں۔ اور اپنے عمل کا اظہار کسی دوسرے شخص پر ہرگز نہ کریں۔ اور روزانہ کم از کم پانچ سو مرتبہ کلمہ طیبہ کا ورد رکھا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔ نیز مخلوق خدا سے شفقت سے پیش آئیں۔ اور ان کی خدمت کرنا اپنا فرض سمجھیں۔ عمل ہذا کی کامیابی پر ہرگز مغرور نہ ہوں۔ اور مؤکل سے کسی بھی ناجائز کام کروانے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ عامل اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔

عمل کے فیوض و برکات:

اس عمل کے لاتعداد فیوض و برکات ہیں۔ اگر کوئی شخص اس عمل کا عامل ہو کر دنیا میں

نیکی کا کام کرے گا تو اللہ پاک اس کو اپنے نیک بندوں میں شامل کر لیں گے اور صاحب کشف بنا دیں گے۔ اور عامل کا قلب مثل آئینہ ہوگا۔ عذاب قبر سے وہ شخص محفوظ رہے گا۔ نیز اللہ پاک اس کی بخشش کر دیں گے۔ یہ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں۔ بلکہ احادیث نبوی ﷺ میں یہ مذکور ہے۔

اجازت کا حصول:

اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی بزرگ کامل یا اپنے پیرومرشد یا پھر اپنے استاد سے اجازت لے لیں۔ تاکہ ان کی سرپرستی رہے۔ یہ عمل مجھے حضرت قلندر شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ جے پوری کے مُرید خاص محترم جناب سلطان العارفین مرحوم نے عطا کیا تھا۔ لہٰذا جو حضرات اس عمل سے فیض اٹھائیں مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی کریں۔ اور ان کے لیے دعائے مغفرت کریں۔

حاضری سُرخ مؤکل

عبارت عمل:

خدا کی شاہ محمد ﷺ کا نور خواجہ کی۔

تسبیح کل عالم حضور ﷺ بھیجو مؤکل لانے
حضور ﷺ۔

چاند کی پہلی جمعرات سے:

عروج ماہ قمری میں ماہ ثابت میں بروز تو چندی جمعرات سے عامل ترک جلالی و جمالی کرے۔ اور کسی خلوت کی جگہ پر بند کمرے میں قبلہ رُو جائے نماز پر بیٹھ کر عمل پڑھا کرے۔ لیکن روز اول کسی سفید شیرینی پر حضور نبی کریم ﷺ و مؤکلات عمل کی نیاز دے۔ اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضور ﷺ و مؤکلات عمل کو پہنچائے۔

چالیس یوم کا عمل:

یہ عمل کل چالیس یوم کا ہے۔ اور بعد نماز عشاء کمرے میں جائے نماز پر بیٹھ کر اول گیارہ

مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر عبارت عمل کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل تمام کرے۔ دوران عمل خوشبودار بخور برابر روشن رہنا چاہیے۔ اور عامل کا لباس بھی عطر سے معطر ہونا چاہیے۔ اسی طرح روزانہ وقت مقررہ پر عبارت عمل کا ورد کرتا رہے۔ اور دن کے وقت درود شریف و استغفار کا ورد کثرت سے کرے اور پانچوں وقت کی نماز پابندی سے ادا کرتا رہے۔

عمل کا آغاز:

روزانہ عمل شروع کرنے سے قبل غسل ضرور کرنا چاہیے اور ہر وقت پاک طاہر ہونا لازمی ہے۔ عمل پڑھنے سے قبل حصار ضرور کر لے اور چالیس یوم تک اس کمرے کو بند رکھے جس میں عامل چلہ کشی کر رہا ہے۔ تاکہ کوئی دوسرا شخص کمرے میں داخل نہ ہو سکے۔ دوران چلہ کشی عجیب وغریب واقعات پیش آئیں گے اور خواب میں بھی عجیب وغریب نظارہ ہوا کرے گا۔ اکثر پڑھائی کے دوران ڈراؤنی شکلیں نظر آئیں گی۔ لیکن عامل کو چاہیے کہ وہ ان کی طرف قطعی توجہ نہ دے۔ ورنہ اس کا عمل ضائع ہو جائے گا۔ جب تک آپ کی پڑھائی مکمل نہ ہو جائے دوران پڑھائی کسی سے بھی گفتگو نہ کریں۔ اور بہتر یہ ہے کہ پڑھائی کے بعد آپ اسی جگہ پر روزانہ سو جائیں۔ اور چالیس یوم تک اس کمرے میں عامل کے علاوہ کوئی دوسرا شخص داخل نہ ہو۔

سرخ مؤکل کا حاضر ہونا:

آخری دن عمل کے اختتام پر ناگاہ ایک مرد غیب سے نمودار ہوگا۔ یہی سُرخ مؤکل ہے۔ آپ اس کی بہت تعظیم وتکریم کریں۔ کیونکہ اللہ پاک نے اس کو بڑی روحانی قوت عطا کی ہے۔ پس اس کو السلام علیکم کہہ کر یہ وعدہ لیں کہ جب بھی آپ کو کسی دنیاوی اغراض ومقاصد کے لیے بلائیں بغیر دعوت کے حاضر ہونا اور جو بھی کام کہیں اس کو فوراً کرنا اور اس سے جلد حاضری کا طریقہ بھی دریافت کر لینا۔ وہ اپنی جلد حاضری کا طریقہ کار بتائے گا۔ پھر آپ اس کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔ فوراً غائب ہو جائے گا۔

مؤکل سے وعدہ لینا:

ایک بات کا خیال رکھیں کہ مؤکل سے سختی سے یہ وعدہ لیں کہ ہر وقت عامل کے ساتھ

میں رہے گا۔ اور بن بلائے نہیں آئے گا۔ اگر آپ نے یہ وعدہ نہ لیا تو آپ کا جینا دوبھر کر دے گا۔ عامل کو چاہیے کہ دورانِ چلہ کشی اپنا کھانا خود پکائے۔ تقریباً چار گھنٹے میں پڑھائی مکمل ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر کسی شخص کے لیے 3125 (تین ہزار ایک سو پچیس) مرتبہ پڑھنا ممکن نہ ہو تو پھر سوالاکھ کی تعداد کو تین چلوں میں تقسیم کر دے اور تین چلوں تک باپرہیز روزانہ عبارتِ عمل کو مقررہ تعداد میں پڑھا کرے۔ سوالاکھ کی تعداد مکمل ہونے پر سُرخ مؤکل حاضر ہوگا۔

مؤکل ہر کام کرے گا:

عامل جب بھی کسی کام کی غرض سے مؤکل کو اس کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق حاضر کرے گا فوراً حاضر ہوا کرے گا اور جو بھی جائز کام عامل کہے گا اس کو فوراً کرے گا چاہے وہ کام بظاہر مشکل ہی کیوں نہ ہو۔ اس مؤکل سے آپ ہر قسم کی معلومات بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن کسی بھی ناجائز کام کے لیے مؤکل سے نہ کہنا چاہیے۔ ورنہ پھر عامل کی جان کی خیر نہ ہوگی۔ جس کام کو مؤکل کرنے سے منع کرے اس کام کو نہ کرانا چاہیے۔

یہ عمل مجھے علی صاحب مرحوم نے عطا کیا تھا۔ وہ بذاتِ خود اس عمل کے عامل تھے۔ مودبانہ عرض ہے کہ اگر آپ حضرات اس عمل سے فیض اٹھائیں تو ان کے لیے دعائے مغفرت کریں گا۔

دعوتِ آیتِ کریمہ برائے حاضری مؤکل

عبارتِ عمل:

﴿ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ٥ ﴾

جلالی عمل:

جاننا چاہیے کہ یہ عمل نہایت درجہ جاروبابس ہے۔ اسی مناسبت سے یہ ایک زبردست جلالی عمل ہے۔ لہٰذا اس عمل کا چلہ صرف نڈر و قوی دل کے مالک کا کام ہے۔ گو کہ محنت طلب ضرور ہے۔ لیکن سریع التاثیر بھی بہت ہے۔ اور ہفتہ عشرہ میں عامل وہ سب کچھ دیکھ لے گا جو کہ برسوں

ریاضت کے بعد بھی حاصل نہیں ہوتا۔

اجازت کا حصول:

جو شخص اس عمل کا عامل بننا چاہے تو لازم ہے کہ کسی کامل بزرگ یا عامل آیت کریمہ سے اجازت لے کر چلہ کشی کرے تا کہ رجعت سے محفوظ رہے۔

پرہیز ترک جمالی و جمالی اور دیگر ہدایات:

عروج ماہ قمری میں ماہِ ثابت میں عامل ترک جلالی و جمالی کرے اور غذا میں جو کی روٹی، گھی، دودھ روغن زیتون استعمال کرے۔ اپنا کھانا خود پکایا کرے اور لوگوں سے ملنا جلنا ترک کرے تو بہتر ہے۔ ورنہ لوگوں سے بہت کم کلام کرے۔ بوقت پڑھائی بغیر سلا ہوا لباس جو کہ سرخ ہوگا۔ اور دو حصوں پر مشتمل ہوگا۔ ایک حصہ کا تہبند جب کہ دوسرے حصہ کو اوپری بدن ڈھانپنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ سر ننگا ہوگا۔ دورانِ پڑھائی خوشبو بخور روشن رہنا ضروری ہے۔

عمل کا طریقہ:

بعد نماز عشاء کسی ایسی جگہ پر جائیں جس کے چاروں طرف آب ہو۔ مثلاً کسی دریائے کے چاروں طرف آب و ہوا اور بیچ میں تھوڑی سی خشک جگہ ہو۔ اسی طرح سمندر و تالاب یا جھیل میں عام پر بیچ میں خشکی یا ٹیلا وغیرہ ہوتا ہے۔ ہمیں ایسی ہی جگہ مطلوب ہے۔ چنانچہ بعد نماز عشاء مطلوبہ جگہ پر کسی سُرخ مصلے پر قبلہ رُو ہو کر بیٹھ جائیں۔ اور ایک عدد مٹی کا طشت لے کر اس میں اسی مقام سے آب بھر لیں۔ اور بخور روشن کر دیں اور حصار کسی چھری سے کر لیں۔ اور چھری بائیں زمین میں گاڑ دیں۔ لیکن دستہ باہر رکھیں اب آپ اول ایک سو ایک بار درود شریف پڑھیں۔ پھر تسبیح کو طشت میں آدھی لٹکا دیں تا کہ وہ آب میں تر رہے۔ اب آپ عبارتِ عمل کو 3125 (تین ہزار ایک سو پچیس) مرتبہ ورد کریں۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگ لیں۔ اور آب طشت کو پی جائیں۔ دورانِ پڑھائی بخور کسی وقت بھی نہیں رکنا چاہیے۔ اگر عمل کے دوران گرمی و خشکی کا غلبہ ہو تو پھر آب طشت کو ہاتھ میں لے کر سر منہ پر لگا لیں۔ بحکم خدا تری و خشکی جاتی رہے گی۔

بکثرت درود شریف پڑھنا:

جب آپ کا روز اوّل کا عمل تمام ہو تو واپس اپنے گھر آ کر کسی علیحدہ کمرے میں ... ہو جائیں۔ بہتر یہ ہے کہ پڑھائی کے بعد کسی سے گفتگو نہ کریں اور جس کمرے میں آپ سوئیں وہاں کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو۔ جب تک نیند نہ آئے درود شریف کا ورد برابر کرتے رہیں۔ دورانِ چلہ کشی نمازِ پنجگانہ قضا نہ ہونی چاہیے اور استغفار کا ورد بھی زیادہ سے زیادہ کرنا چاہیے۔

پڑھائی کے دوران غافل نہ ہو:

اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر مقررہ تعداد میں تمام لوازمات کو مدِنظر رکھتے ہوئے عبارتِ عمل کو چہل یوم تک پڑھیں۔ چند یوم کے بعد نہایت خوفناک مناظر کا سامنا عامل کو کرنا پڑے گا۔ ہیژدہ ہزار عالم کا نظارہ بھی ہوگا۔ پس اس وقت لازم ہے کہ اپنے مرشد یا استاد کا تصور کامل رکھے اور عبارتِ عمل کو برابر پڑھتا رہے اور ہرگز ہرگز کسی بھی صورت میں اپنی پڑھائی سے غافل نہ ہو۔ ورنہ آپ کی جان جاتی رہے گی۔ یا پھر دیوانے ضرور ہو جائیں گے۔

حصار سے باہر نہ نکلے:

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ہرگز ہرگز آپ کے حصار کے اندر کوئی بھی مؤکل یا شے داخل نہ ہو سکے گی۔ ہاں اگر پڑھائی ختم ہونے سے قبل حصار سے باہر نکلیں گے تو آپ کو ضرور نقصان پہنچے گا۔ اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دریا یا سمندر میں طغیانی آ گئی ہے اور اب آپ کی طرف زبردست لہروں کی صورت میں آپ کے اوپر آنا چاہتا ہے۔ لیکن یہ آپ حصار کے باہر ٹھہر جاتا ہے۔ اسی طرح مختلف جانور و خوفناک شکلیں بھی دکھائی دیتی ہیں۔ لیکن عامل کا اس وقت تک کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ جب تک عامل حصار کے اندر بیٹھا ہوا ہے۔ اور جب عامل کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہوتی ہے تو تمام مناظر خود بخود حیرت انگیز طور پر غائب ہو جاتے ہیں۔

مؤکل کی حاضری:

آخری دن جس وقت آپ کی پڑھائی ختم ہوگی یکایک ایک مردِ جوان بصورتِ انسان آپ کے سامنے آ موجود ہوگا۔ پس عامل کو چاہیے کہ اس کو السلام علیکم کہہ کر اس کی بہت تعظیم کرے اور عہد لے کہ عند الحاجت طلب کرنے پر حاضر ہونا اور جو بھی جائز کام کہیں کرنا۔ اور ہر خبر کی

دینا۔ اس سے جلد حاضری کا طریقہ کار بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ پس وہ عامل سے ان تمام باتوں کا اقرار کرے گا۔ لیکن عامل کو چاہیے کہ عامل ہونے کے بعد روزانہ عبارتِ عمل کو کم از کم ایک سو ایک مرتبہ ورد کیا کرے تا کہ تاثیر عمل باقی رہے اور عمل قابو میں رہے۔

راز کو راز رکھے:

عامل ہونے کے بعد عامل کو چاہیے کہ اس راز کو کسی پر ظاہر نہ ہونے دے۔ اور مخلوق خدا کی خدمت کرتا رہے اور ان پر ہمیشہ شفقت کرتا رہے۔ اور تکبر کو اپنے پاس پھٹکنے نہ دے اور خدا اور رسول ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا رہے۔ اگر آپ نے ان تمام باتوں پر عمل کیا تو اللہ پاک آپ کو درجہ ولایت پر فائز کر دیں گے۔ بصورتِ دیگر آپ کا عمل بھی ضائع ہوگا۔ اور دین و دنیا دونوں خراب ہو جائیں گی۔

آخری دن جب آپ کامیاب ہو جائیں تو پھر کسی سرخ شیرینی پر مؤکلات کی نیاز دیں اور تمام شیرینی آپ خود ہی کھالیں۔

عمل سورۂ مزمل برائے حاضری مؤکل

عبارتِ عمل:

شروع سے آخر تک، لیکن مندرجہ ذیل آیات کی تکرار تین تین مرتبہ کرنا ہوگی۔

﴿ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط ۔ ﴾

عامل کے لیے ضروری ہدایات:

اس عمل کے لیے ضروری ہے کہ عامل تقویٰ و طہارت کا پابند ہو کر اس عمل کا چلہ کرنے کا قصد کرے۔ نیز پہلے کسی عامل سورۂ مزمل شریف سے اجازت لے۔ پھر پرہیز جلالی و جمالی کا پابند بن کر بعد نماز عشاء عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کو مصلے پر بیٹھ کر سب سے پہلے اپنا حصار چہار قل و آیت الکرسی سے کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ چار عدد دائرے اپنے گرد کھینچ کر درمیانی

دائرے میں خود بیٹھے اور اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے۔ پھر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے۔ اسی طرح روزانہ وقت مقررہ پر پڑھائی کرنا چاہیے۔

دورانِ پڑھائی خوفزدہ نہ ہو:

ساتویں روز دورانِ پڑھائی عامل کے سامنے یکایک تین مرد اور چار عورتیں غیب سے نمودار ہوں گی۔ عامل ان سے قطعی خوف نہ کرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

عمل پورا کرنے پر توجہ دے:

اگر وہ ساتوں آپ سے گفتگو کرنے کی کوشش کریں تو آپ جب تک اپنی سورۃ کی عمل تعداد ختم نہ کرلیں۔ ہرگز ان سے کوئی گفتگو نہ کریں۔ تعداد کے مکمل ہونے پر ان سے کہیں کہ عند الحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہونا اور جو کام بھی کہیں اس کو پورا کرنا اور ہمیشہ مطیع رہنے کا اقرار کرلیں۔ نیز ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ کار بھی دریافت کرلینا چاہیے۔ اگر آپ کی بات ماننے سے انکار کریں تو پھر آپ دوبارہ روزانہ پڑھائی کرتے رہیں۔ بالآخر یہ روحانی مؤکلات بہت مجبور ہوں گے اور آپ کی کسی بھی شرط کے ماننے سے انکار نہیں کریں گے۔ یہاں یہ بات قابل یادداشت رہے کہ زیادہ سے زیادہ چہل دیک روز میں مکمل تسخیر ہو جائیں گے۔ لیکن کبھی چودہ یوم یا اکیس یوم یا اکتیس یوم یا پھر اکتالیسویں روز تابع داری کا اقرار لازمی کرلیتے ہیں۔ دورانِ پڑھائی بخور خوشبودار لازمی جلنا چاہیے۔ اور اس عمل کا اظہار کسی بھی دوسرے شخص پر ہرگز نہ کرنا چاہیے۔ سوائے اپنے پیر و مرشد یا استاد کے جس نے آپ کو اجازت دی ہو۔

کامیابی کے بعد شیرینی تقسیم کرے:

جس دن آپ کامیاب ہو جائیں تو کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کی نیاز دیں۔ شیرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کرسکتے ہیں۔ زکوٰۃ قائم رکھنے کے لیے روزانہ سورۂ مزمل شریف ایک مرتبہ ورد کرنا لازمی ہے۔ جب بھی آپ مؤکلات کو کسی کام کے لیے حاضر کریں گے فوراً حاضر ہو کر آپ کا کام کردیں گے۔ چاہے وہ مشکل ترین کام کیوں نہ ہو۔

حاضری شاہِ جنات

عبارتِ عمل:

﴿ يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ ﴾

نہایت کامیاب عمل:

جاننا چاہیے کہ یہ عمل حاضری جنات کا عجیب و غریب و صدری بزرگانِ دین کا ہے اور بے خطا ہے۔ ہرگز ہرگز اس میں ناکامی نہیں ہوتی۔ لیکن اس قسم کے سریع التاثیر اعمال بدقسمتی سے ہمارے مسلمان بھائیوں کے پاس ہیں جو کہ بخل کے لیے دنیا میں تمام مذاہب و قومیتوں کو پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ کاش کہ یہ اعمال مجربہ کسی غیر مسلم کے پاس ہوتا تو وہ اس کو سرِ عام کردیتا تاکہ ہر مذہب و ملت کے لوگ اس سے فیض اٹھاتے۔ آج کے دور میں بھی بدھ مت، ہندو، عیسائی علمائے روحانیات نے بیشتر ممالک میں باقاعدہ طور پر سرِ عام ہر خاص و عام کے لیے مدارس کھول رکھے ہیں۔ جہاں پر طلبہ و طالبات کو روحانی علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔

کاش کہ پاکستان کے ہر شہر میں علوم مخفی کی تعلیم کا سلسلہ ہو جائے تاکہ جعلی پیر فقیر و جعلی عاملین کاملین سے لوگ نجات پائیں اور سچے عاملوں کا بول بالا ہو اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات:

شاہِ جنات کو حاضر کرنے کے لیے عامل کو عروجِ ماہ قمری میں ترکِ جلالی کرنا چاہیے اور نماز پنجگانہ پر کاربند رہنا چاہیے اور بعد نماز تہجد قبلہ رُو جائے نماز پر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ لیکن عمل ہٰذا کی عبارت کو پہلے زعفران سے کورے کاغذ پر تحریر کرکے آب گرم کی دیگچی میں ڈالے تاکہ آب اُبلتا رہے اور عامل عبارتِ عمل کو پڑھتا رہے۔ تعداد مکمل ہونے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے اور کامیابی کے لیے دعا مانگے اور چولہے کو بند کردے۔ دیگچی کے آب کو کسی بھی پاک جگہ پر

روزانہ ڈال دیا کرے۔

عمل سے قبل حصار:

عمل سے قبل حصار ضرور کرلیا کرے۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر عمل کا چلہ کیا کرے اور روزانہ عبارتِ عمل کو تحریر کرکے آب میں ڈال کر اُبالنا ضروری ہے اور اسی دوران عبارتِ عمل کو پڑھتا رہے۔ الغرض اکتالیسویں یوم شاہِ جنات حاضر ہوگا۔ مناسب شرائط طے کرلیں۔ ہر کام میں آپ کی معاونت کرے گا۔

تسخیر مُردے کے مٹکے کا مؤکل

عبارتِ عمل:

یا تکمیشا یا بلکیشا۔

خفیہ ترین عمل:

واضح ہو کہ یہ عمل انتہائی اسراری ہے اور ہرگز کسی بھی کتاب میں نہ مل سکے گا یہ میرا دعوٰی ہے۔ میں پورے ہندوستان کے عاملوں کو چیلنج کرتا ہوں جو کہ اپنے آپ کو تو ماہر الطلسمات کہلاتے ہیں۔ کیا ان کو اس عمل کے اسرار و رموز کے متعلق کچھ علم ہے؟

بے نظیر عمل:

یہ عمل میرے محسن و شاگرد محترم جناب مولانا انوار کا عطا کردہ ہے۔ انہوں نے اپنے ہندو استاد جناب چورو مرحوم سے حاصل کیا تھا۔ اور مولانا انوار کا ایک استاد بھائی اس عمل کو کرنے کے بعد مؤکل کو حاضر بھی کرچکا ہے۔ گویا بے نظیر عمل ہے۔ آپ بھی تجربہ کرکے فائدہ اُٹھائیں۔

عمل کا طریقہ:

جب بھی کوئی شخص مرجائے تو اس کے نہانے کا مٹکا یعنی وہ مٹکا جس میں آب گرم کرکے مردے کو نہلاتے ہیں حاصل کرلیں اور شب کے وقت اس مٹکے کو لے کر اس قبرستان میں جائیں جہاں مردے کو دفن کیا ہے۔ چنانچہ مردے کی قبر تک مٹکا لے کر جائیں۔ پھر آٹھ قدم پیچھے اُلٹا چلیں اور کسی جگہ پر مٹکے کو اُلٹا کرکے رکھیں اور حصار کرکے عبارتِ عمل کو تین ہزار ایک

سو چالیس مرتبہ پڑھیں۔ اور گھر واپس آجائیں اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ عمل سے قبل حصار ضرور کرلیں اور مٹکے کو چھپا کر یعنی جھاڑی وغیرہ سے روزانہ ڈھانپ دیا کریں۔ تاکہ کوئی دوسرا شخص اس کو ہاتھ نہ لگا سکے۔ الغرض کل چالیس یوم کا چلہ کریں اور روزانہ پڑھائی کے وقت مٹکے پر سے جھاڑی وغیرہ ہٹا کر پڑھا کریں۔

پرہیز جلالی:

عمل کے دوران پرہیز جلالی کرنا ضروری ہے۔ انتالیس (39) یوم تک دوران پڑھائی کوئی بھی ارواح وغیرہ عامل کو نہ دکھائی دیں گی۔ لیکن چالیسویں روز یکا یک ایک مردہ کلاہ بردار مٹکے کے پاس نمودار ہوگا۔ اور مٹکے کو بغور دیکھتے ہوئے اس کے گرد چکر لگانا شروع کردے گا اور عامل کی طرف اس کی قطعی توجہ نہ ہوگی۔ اکثر مٹکے کو پھلانگ بھی جایا کرے گا۔ آپ کو چاہیے کہ اس کی طرف قطعی توجہ نہ کریں۔ بلکہ اپنے عمل کو پڑھنے میں مشغول رہیں۔ جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہوجائے تو آپ اس سے قول و قرار لے لیں۔ ہر کام چشم زدن میں پورا کرے گا۔

تسخیر جنات

عبارتِ عمل:

﴿ یَا طَھْسُرُوْ سَا یَا شَھْمُوْسَا یَا شَیْخُوْ سَا یَا شَیْعُوْسَا یَامَھْطِیْسَایَا شَیْمُوْسَا یَا مَھْیُتَا یَا مَھْجَلَیْتَا یَا عَلْیَلْیَلَا لَیَا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ ﴾

نہایت آسان عمل:

جنات کی تسخیر کے لیے نہایت مجرب و آسان عمل ہے۔ ہر خاص و عام کو دعوت دی جاتی ہے کہ اس عمل کا عامل بن کر جنات جیسی مخفی مخلوق کا مشاہدہ کرکے دنیاوی اغراض و مقاصد کے لیے اس مخفی مخلوق سے معاونت حاصل کریں۔ اور دنیا میں خوش و خرم زندگی بسر کریں۔ لیکن کسی قسم کا بھی ان سے ناجائز نہ لیں۔ ورنہ نقصان ہوگا۔

عمل کا طریقہ:

طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار سے عامل ترک جلالی کرے اور بعد نماز عشاء قبلہ رُو جائے نماز پر بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو سات سو مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اوّل کا عمل تمام کرے۔ عمل سے قبل حصار ضرور کرلے۔ دورانِ عمل خوشبودار بخور روشن کرے۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر عمل پڑھا کرے۔ روز اوّل سے ہی عجائبات کا ظہور ہوگا اور ساتویں روز جس وقت عامل کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے والی ہوگی۔ اس وقت عظیم شور و غلغلہ ظاہر ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا دل قوی رکھے۔ ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

جنات کی حاضری:

پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے فوراً بعد یکا یک دست بستہ عامل کے روبرو جنات حاضر ہوں گے۔ چنانچہ عامل کو چاہیے کہ ان کی بہت تعظیم و تکریم کرے اور اپنا سلام عرض کرے۔ وہ جواب میں وعلیکم السلام کہیں گے پھر مقصد دریافت کریں گے۔ آپ ان سے کہیں کہ خدا نے آپ کو بزرگی و قوت عطا کی ہے۔ لہٰذا میری خواہش ہے کہ آپ سب مجھ سے دوستی کرلیں۔ تاکہ آپ میرے دنیاوی کام میں مدد فرمایا کریں اور ہر پوشیدہ راز کی بات مجھ پر ظاہر کردیا کریں۔ نیز آپ لوگ اپنی اپنی مخصوص نشانیاں عطا کردیں۔ تاکہ مجھے جب بھی ضرورت ہو آپ لوگوں کو حاضر کرلیا کروں اور اپنے جلد حاضر ہونے کا طریقہ کار بھی مجھے بتائیں۔ چنانچہ وہ عامل کی مندرجہ بالا باتوں کا اقرار کریں گے اور عامل پر بھی کچھ پابندیاں لگائیں گے۔ لہٰذا عامل کو بھی ان کی باتوں پر عمل کرنا ہوگا۔ پھر آپ ان کو رخصت کردیں اور ان کی دی ہوئی نشانیاں عام لوگوں پر ظاہر نہ کریں اور یہ کہ میرے پاس جنات ہیں۔ ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

احضارِ رُوحانیات

عبارتِ عمل:

﴿ بِسْطَلِعِ سَلْطِعِ بَسُلِطَقٍ سَلْطِقٍ تَهْكَرَانِ بِحَقِّ اَرْقَاش

شَمْلِيخِ لِيَاخٍ شَرَاهِيمٍ اُخْدَاعٍ يَتَلاً اَجِبْ يَا طَقَا طَقًا قَوَاسٍ اَنْزَلَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الَّذِیْ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَنْزَلَ يَاَيُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْ حَانِيَّةِ بِالَّذِیْ هَدٰيكُمْ وَ اَبْنِكُمْ فِيْكُمْ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَ اْتُوْنِیْ مُسْلِمِيْنَ۔ ﴾

حل المشکلات عمل:

مندرجہ بالا عمل انتہائی سہل و مجرب ایرانی علمائے روحانیات کے معمولات میں سے ہے۔ لہٰذا مؤمنین مؤمنات کے لئے خصوصیت سے تحریر کر رہا ہوں۔ تاکہ اس سے آپ لوگ فوراً استفادہ حاصل کریں۔ عموماً اس عمل کو سخت ترین مشکلات کے لیے کیا جاتا ہے۔ جس وقت روحانیت کا نزول ہوتا ہے اُن سے حاجت بیان کی جاتی ہے اور وہ فی الفور حکم بجالاتے ہیں۔

عمل کا طریقہ:

یہ ہے کہ جس دن سے اس عمل کو کرنے کا ارادہ ہو اس دن روزہ رکھیں اور ترک جلالی کریں۔ افطار کھجور و زیتون سے کریں اور بعد نماز عشاء قبلہ رُو جائے نماز پر بیٹھ کر خوشبودار بخور، عود و مشک کا روشن کریں اور کمرے میں ایک عدد مٹی کا چراغ روشن کریں۔ جس میں روغن چنبیلی و روئی کا فلیتہ ہوگا اور کسی قسم کی بھی روشنی نہ ہو۔ یعنی بلب یا ٹیوب لائٹ نہیں جلانا چاہیے۔ اب آپ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عزیمت کو 533 (پانچ سو تینتیس) مرتبہ کامل یکسوئی سے پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ رب العزت سے کامیابی کی دعا مانگیں۔ اور روز اول کا عمل تمام کریں۔ چراغ بجھادیں۔ پھر پنکھا اور بجلی جلاسکتے ہیں۔ لیکن سونا اسی جگہ ہے۔ جہاں پر آپ نے عزیمت کا چلہ کیا تھا۔ اسی طرح سہ یوم روزہ رکھ کر اس عمل کو کریں۔

عمل کی تکمیل:

تیسری شب جس وقت آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے والی ہوگی یکا یک روحانی جماعت آپ کے سامنے دست بستہ حاضر ہوگی۔ آپ ان کو اشارے سے السلام علیکم کہیں۔ اگر آپ کی تعداد مکمل ہوگئی ہو تو آپ باآواز بلند اپنا سلام اس روحانی جماعت کو پیش کریں۔ وہ سب

وعلیکم السلام کہیں گے۔ پھر آپ کی جو بھی حاجت ہو ان سے بیان کریں۔ فوراً اقرار کریں گے۔ آپ ان کا شکریہ ادا کر کے رخصت کر دیں۔ آپ کا کام نہایت جلد پورا ہوگا۔

عمل عجیب سورۂ اخلاص برائے حاضری مؤکل

عبارتِ عمل:

﴿یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَالِكُ عَبْدُ الصَّمَدُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۙ﴾

سریع التاثیر عمل:

یہ حاضری مؤکل کا ایک نہایت سریع التاثیر و سہل قسم کا سورۂ اخلاص کا عمل ہے۔ شاید اس سے بہتر و آسان عمل آپ کو نہ ملے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو دعوت دی جاتی ہے کہ اس سے بھرپور استفادہ حاصل کریں۔ اور مصنف و مؤلف کو دعائے خیر سے یاد کریں۔

عمل کا طریقہ:

پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ اور ہر وقت باوضو ہونا ضروری ہے۔ نوچندی بدھ کو شب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے ایک لکڑی کی چوکی بچھا کر اس پر مصلّٰی بچھائیں اور ایک مٹی کا کوزہ لے کر اس میں چینی بھر کر سامنے رکھیں۔ اور اگربتی کا بخور روشن کریں اور اپنے گرد حصار کھینچیں۔
پھر اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو صرف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزِ اول کا عمل اتمام کریں اور کامیابی کے لیے دعا مانگ لیں۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر عمل کیا کریں۔

مؤکل کا حاضر ہونا:

پہلے، تیسرے، پانچویں، ساتویں، نویں یا گیارہویں روز مؤکل ہاتھ جوڑ کر حاضر ہوگا اور عامل سے کہے گا کہ میں حاضر ہوں۔ آپ پڑھائی بند کر دیں۔ اس وقت پڑھائی کی تعداد مکمل کرنے کے بعد آپ اس سے کہیں کہ میں تم کو اپنے جائز معاملات کے لیے بلاؤں گا۔ تم کو فوراً

اگر میرا کام کرنا ہوگا۔ وہ اقرار کرے گا۔ پھر آپ اس سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ کار بھی دریافت کرلیں اور بغیر بلائے حاضر ہونے کا عہد لیں۔ وہ آپ کی تمام شرائط مان جائے گا۔ پھر آپ اس سے تخت پر سے اُٹھنے کا طریقہ بھی دریافت کرلیں۔ وہ جس طرح بتائے اسی پر عمل کریں۔ بعدہٗ مؤکل کو جانے کا حکم دیں۔ فوراً آپ کی نظروں سے اوجھل ہوگا۔

زکوٰۃ قائم رکھیں:

اب آپ اس عمل کے عامل ہیں۔ لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کے لیے روزانہ گیارہ مرتبہ عبارتِ عمل ورد کرنا لازمی ہے۔

نیاز کی تقسیم:

آخری دن کامیابی کے بعد سفید شیرینی پر مؤکلات کی نیاز ضرور دیں اور شیرینی خود بھی کھالیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔
نمک و تلخ چیزوں کا پرہیز رکھیں۔ نیز کچا لہسن پیاز بھی بالکل استعمال نہ کریں۔ میٹھی چیز زیادہ استعمال رکھیں۔ گیارہ یوم باوضو ہونا ضروری ہے۔ آخری دن نیاز چینی پر جو کہ روزِ اول آپ نے رکھی تھی۔ ساتھ ساتھ کوئی مٹھائی بھی جو کہ سفید ہو نیاز میں شامل کرلیں۔ جب بھی آپ کسی کام کی غرض سے مؤکل کو حاضر کریں گے۔ فی الفور حاضر ہو کر آپ کا کام کرے گا۔

تسخیر مؤکل سورۃ اللیل

عبارتِ عمل:

﴿وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی یَا شَمْسَائِیْلُ بِحَقِّ سُبُّوْحٌ وَ قُدُّوْسٌ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی یَا طَهْطَائِیْلُ بِحَقِّ هُوَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ وَ مَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰی یَا طَحَائِیْلُ بِحَقِّ هُوَ الْغَنِیُّ وَالْقَوِیُّ اِنَّ سَعْیَكُمْ لَشَتّٰی فَاَمَّا مَا اَعْطٰی وَاتَّقٰی یَا شَمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا عَدْلُ یَا حَكِیْمُ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی وَ اَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی یَا كُرْ كَائِیْلُ

بِحَقِّ اَللّٰهُ الصَّمَدُ وَ کَذَّبَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی
وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗ اِذَا تَرَدّٰی اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی یَا کَاکَائِیْلُ
بِحَقِّ یَا وَهَّابُ وَ اِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا
تَلَظّٰی لَا یَصْلٰهَآ اِلَّا الْاَشْقٰی یَا کَرْمِیَائِیْلُ بِحَقِّ الْوَدُوْدُ
الَّذِیْ کَذَّبَ وَ تَوَلّٰی وَ سَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ
یَتَزَکّٰی وَ مَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰی یَا رَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ
یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی وَ لَسَوْفَ یَرْضٰی
اَجِیْبُوْا یَا مُوَکِّلُوْنَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ بِحَقِّ سِرِّ اللّٰهِ وَ عَظَمَةِ
اللّٰهِ وَ قُدْرَةِ اللّٰهِ وَ وَجْهُ اللّٰهِ﴾

عمل کا طریقہ:

بروز نوچندی جمعہ یا نوچندی پیر کی شب کو غسل کرکے اور عشاء کے فرض پڑھ کر جا نماز پر قبلہ رُو بیٹھیں اور خوشبودار بخور روشن کریں اور اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۃ واللیل مغربی اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ پاک سے کامیابی عمل کے لیے دعا مانگ لیں۔ یہ روز اوّل کا عمل تمام ہوا۔ پھر نماز وتر و سنت و نفل پڑھ کر نمازِ عشاء مکمل کر لیں۔ اسی طرح روزانہ عمل کیا کریں اور ترک جلالی لازم ہے۔ کل اکتالیس یوم کا عمل ہے۔ درمیان چلہ کشی عامل کو سیر ملکوتی حاصل ہوگی اور کلید غیبی نصیب ہوگی۔ اگر عامل کشف کا طالب ہوگا تو وہ بھی حاصل ہوگا۔ عامل کو چاہیے کہ سورۃ واللیل پڑھنے کے بعد چھیاسٹھ مرتبہ اسم ذات ضرور پڑھ لیا کرے۔ تاکہ جلد تر اسرار ظاہر ہوں۔ اگر عامل مؤکل کو تسخیر کرنے کا طالب ہو تو اس اسرار ظاہر ہوں۔ اگر عامل مؤکل کو تسخیر کرنے کا طالب ہو تو اس کو چاہیے کہ سورۃ کو ایک ہزار مرتبہ تلاوت کرے اور اسی تعداد میں اسم ذات بھی ورد کرے۔ بحکم خدا اکتالیسویں روز مؤکل اس سورۃ کا عامل کے روبرو بصورت انسان حاضر ہوگا۔ جس کا چہرہ مثل شمس کے منور ہوگا اور عامل کی اطاعت قبول کرے گا۔

تسخیر شمعلونی

عبارتِ عمل:

﴿اَجِبْ یَا شَمْعَلُوْنِیْ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾

زکوٰۃ کی پابندی:

میرے پیر و مرشد حضرت مولانا شیخ احمد الفاروقی الٰہ آبادی سے میں نے 1980ء میں شمعلونی کے متعلق دریافت کیا تھا۔ کہ یہ کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا تھا کہ یہ ایک مؤکل ہے۔ اس کے (90) ہزار بادشاہ ملکوتی فرمانبردار ہیں۔ بذات خود یہ ایک زبردست قوت کا مالک ہے۔ لہٰذا اس عمل کا چلہ صرف وہ حضرات کریں جو کہ صوم و صلوٰۃ کے پابند ہوں۔ نیز تقویٰ و طہارت کا پابند ہونا بھی لازم و ملزوم ہے۔

عمل کا طریقہ:

اگر کوئی شخص شمعلونی کو مطیع کرکے اس سے دنیا و دین میں مدد لینا چاہتا ہے تو عروج ماہ کی ساعت میں جب کہ مشتری و عطارد رجعت و نحوست سے پاک ہوں۔ بروز نوچندی جمعرات ترک جلالی کرکے ایک علیحدہ کمرہ پاک و طاہر میں اس عمل کا چلہ شب کو بعد نمازِ عشاء سے کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے جائے نماز سفید پر جو بغیر سلا ہوا ہو اور اپنا لباس مثل احرام بغیر سلا ہوا ہو۔ بخور عود کا روشن کرے اور خوشبودار پھول اپنے سامنے رکھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارت عمل کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روز اوّل کا اختتام کرے اور حصار قبل از عمل ضرور کر لیا کرے اور ورد مکمل ہونے پر حصار کو سات جگہ سے توڑ کر باہر نکل آیا کرے۔

نماز حاجت پڑھنا:

اگر ورد سے قبل دو رکعت نماز حاجت پڑھے تو بہت خوب ہے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد عشری تعداد میں سورۃ نصر پڑھا کرے۔ ورد مکمل ہونے پر وہیں جائے نماز پر سو جانا

چاہیے اور کسی سے کلام نہ کرنا چاہیے۔ صبح اُٹھ کر اپنے کام کاج میں مصروف ہو سکتے ہیں۔ پڑھائی کے وقت لباس مخصوص ہونا چاہیے۔ جیسا کہ مندرجہ بالا سطور میں، میں نے عرض کیا ہے۔ دوران عمل بخور برابر روشن کرتے رہنا چاہیے۔

خوشبودار اشیاء کا استعمال:

دن کے وقت عامل کو پان زیادہ کھانا چاہیے اور خوشبودار اشیاء کا زیادہ استعمال کرنا چاہیے۔ مثلاً الائچی خورد وغیرہ۔ دوران چلہ کشی بڑے ہی حسین وجمیل مناظر نظر آیا کریں گے۔ چالیسویں روز یکا یک غیب سے ایک نورانی صورت کے بزرگ عامل کے روبرو حاضر ہو کر عامل کو السلام علیکم کہیں گے۔ عامل کو چاہیے کہ ان کو جواب میں وعلیکم السلام کہے۔ اگر تعداد مکمل نہیں ہوئی ہو تو ہاتھ کے اشارے سے جواب دینا چاہیے۔ تعداد مکمل ہونے پر ان سے وعدہ لیں کہ جس وقت حاضر کروں۔ فوراً بغیر دعوت کے حاضر ہونا اور اپنی کوئی نشانی مجھ کو عطا کریں اور ہر کار دنیا میں آپ اور آپ کے لشکر میری مدد فرمایا کریں۔ نیز اپنے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی مجھے ارشاد فرمایئے۔ وہ ان تمام باتوں کا اقرار کریں گے۔ چنانچہ عامل ان کا شکریہ ادا کر کے رخصت کرے اور اس راز کو پوشیدہ رکھے اور اللہ پاک کا شکر بجالائے۔

ہر مشکل کام میں آسانی:

عامل جب بھی ان بزرگ کو حاضر کرنا چاہے گا فی الفور حاضر ہوا کریں گے اور مشکل سے مشکل ترین کام فی الفور پورا کر دیا کریں گے۔ اس رُوحانی ہستی سے کسی بھی قسم کا ناجائز کام کسی بھی صورت میں نہ لینا چاہیے۔ ورنہ عامل کو سخت ترین نقصان ہوگا اور یہ روحانی بزرگ عامل سے ناراض ہو کر ہمیشہ کے لیے چلے جائیں گے۔ عامل کو امورِ شرعیہ پر کاربند رہنا بھی ضروری ہے۔

احضارِ بدوح

عبارتِ عمل:

﴿ آجِبْ یَا بُدُّوْحُ۔ ﴾

اسراری عمل:

آج ایک عظیم راز کو آپ پر ظاہر کرتا ہوں۔ ممکن نہیں کہ یہ عمل آپ کو دنیا کے کسی بھی رسالہ میں مل جائے۔ کیونکہ ایسے اسراری اعمال سوائے کامل استاد یا پھر کامل فقیر کے پاس ہی مل سکتے ہیں۔ مجھے بھی کسی ایسے ہی شخص نے عطا کیا تھا۔ لفظ بدوح، توریتی ہے اور اس کے معنی "اللہ تعریف والا ہے۔" گو کہ یہ اسم پاک اپنے اندر بے پناہ جلالیت رکھتا ہے۔ لیکن رجوعات و فتوحات کے لیے بہت زبردست تاثیر رکھتا ہے۔

عمل کا طریقہ:

مندرجہ بالا تشریح سے یہ بات واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ لفظ "بدوح" اللہ رب العزت کا اسم پاک ہے۔ اب اس کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ ایک مؤکل علوی جس کا نام بھی بدوح ہے مخصوص طریقے سے دعوت دینے پر عامل کے رُوبرو حاضر ہوتا ہے۔ چوں کہ یہ بے پناہ قوت رکھتا ہے۔ اس لیے عامل کا کام چشم زدن میں پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص احضار "بدوح" کا شائق ہو تو اس کو چاہیے کہ ترک جلالی و جمالی کا پابند ہو کر بوقتِ شب آبِ رواں میں کھڑے ہو کر رُو بقبلہ، لباس سفید احرام کی طرح پہن کر لیکن سر ننگا رکھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر عمل تمام کرے اور بارگاہ ایزدی میں اپنی کامیابی کے لیے دُعا کرے۔ لیکن حصار ضرور کرلیا کرے۔ اسی طرح چہل یوم کا چلہ کرے۔ روزانہ وقتِ مقررہ پر عمل پڑھا کرے۔

عمل سے قبل حصار:

واضح ہو کہ آب رواں سے مراد دریا، نہر، سمندر یا جھیل ہے اور بوقت پڑھائی عامل کے ناف تک آب ہونا لازمی ہے اور اپنی حفاظت کے لیے چھری سے حصار چھری سے کاٹ کر باہر نکلنا چاہیے۔ دوران عمل روزانہ عامل کو نہایت خوفناک دل ہلا دینے والے مناظر سے واسطہ پڑے گا۔ پس اس وقت عامل اپنا دل قوی رکھے اور اپنے حصار سے ہرگز اس وقت تک باہر نہ نکلے جب تک کہ پڑھائی کی تعداد مکمل نہ ہو جائے۔ اگر عامل چلہ کے دوران خوف سے باہر نکل گیا تو سخت ترین رجعت کا شکار ہو کر دیوانہ ہو جائے گا۔ یا پھر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔

انسانی شکل میں ایک مرد کا ظاہر ہونا:

چالیسویں روز جس وقت آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہوگی تمام خوفناک منظر عامل کے سامنے سے غائب ہو چکا ہوگا اور یکا یک ایک مرد بصورت انسان غیب سے نمودار ہوگا اور عامل کے سامنے حصار کے باہر آب رواں پر کھڑا ہوگا اور عامل کو السلام علیکم کہے گا۔

عامل کو چاہیے کہ اس کو وعلیکم السلام کہے اور اس سے وعدہ لے کہ عندالحاجت میرے طلب کرنے پر تم فوراً آنا اور جو بھی جائز کام میرا ہوگا تم اس کو پورا کرنا اور اس سے جلد حاضری کا طریقہ کار بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ اس سے یہ بھی عہد لے کہ ہر وقت میرے ساتھ نہ رہنا۔ بلکہ صرف بلانے پر حاضر ہونا۔ وہ آپ کی تمام باتوں کا اقرار کرے گا۔ پھر آپ اس کو جانے کی اجازت دے دیں۔ فی الفور آپ کی نظروں سے غائب ہوگا۔ اب آپ حصار سے باہر نکل کر خشکی کے کنارے آئیں اور دو رکعت نماز شکرانہ ادا کریں۔ پھر کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کی نیاز دے کر شیرینی آپ خود کھالیں اور گھر واپس آجائیں اور کسی سے اس راز کا ذکر نہ کریں۔

عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے:

عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے روزانہ عبارت عمل کو چار سو مرتبہ ورد میں رکھنا ضروری ہے۔ عامل کو جب کوئی مشکل آن پڑے یا کسی سائل کا کسی بھی قسم کا کام ہو تو آپ فوراً بدوح کو حاضر کر کے اپنا مقصد بیان کریں۔ فی الفور وہ پورا کرے گا۔ مزید تفصیل اس لیے نہیں ذکر کر رہا ہوں کہ جب آپ اس عمل کے عامل ہوں گے تو تمام اسرار آپ پر خود منکشف ہو جائیں گے۔

تسخیر شہنشاہِ جنات

عبارت عمل:

﴿ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ ﴾

نہایت پُر تاثیر آیت:

مندرجہ بالا آیت قرآنی سورۂ مزمل شریف کی ہے جو کہ انتیسویں (29) پارہ میں ہے۔

شاہ جنات کی تسخیر کے لیے حکما اثرات رکھتی ہے۔ لہٰذا وہ لوگ جو کہ جنات کو مسخر کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ ہمت کر کے اس عمل کا چلہ نکالنے کی کوشش کریں۔ اللہ پاک آپ لوگوں کو کامیابی عطا فرمائے۔

عمل کا طریقہ:

طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ قمری ثابت میں عامل ترک جلالی کرے اور عمل کے لیے ایک علیحدہ کمرہ مقرر کرے جس میں کسی قسم کا دیگر گھریلو سامان نہ ہو۔ نیز عامل کے علاوہ کوئی دوسرا شخص اس کمرے میں اکتالیس یوم تک نہ جائے اور کمرہ کو نہایت پاک صاف رکھے۔ اب بروز تو چندی جمعرات کو عامل بعد نماز تہجد قبلہ رُو سفید لٹھے کے جائے نماز پر بیٹھے جو بغیر سلا ہوا ہوگا اور سفید ہی سوتی کپڑے کو مثل احرام اپنے جسم پر لپیٹے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارت عمل کو گیارہ سو مرتبہ ورد کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل کی کامیابی کے لیے دعا مانگیں۔ اس طرح روز اوّل کا عمل تمام کریں۔

حصار کا فائدہ:

اگر عامل حصار کر کے پڑھے تو بہتر ہے۔ کیونکہ دوران عمل عجیب و غریب مخلوقات کا ظہور ہوگا جن سے عامل خوف زدہ بھی ہو سکتا ہے۔ حصار کے اندر کوئی بھی شئے داخل نہ ہو سکے گی حصار سے باہر نکلتے وقت سات جگہ سے حصار کاٹ کر باہر نکل آئیں۔ اسی طرح کل اکتالیس یوم کا چلہ روزانہ وقت مقررہ پر کرتے رہیں۔ بیس یوم کے بعد عجائبات کا ظہور بڑھ جائے گا اور تیس یوم کے بعد مزید خوفناک مناظر سامنے آئیں گے۔ حتیٰ کہ آخری تین دن بہت ہی خطرناک عجیب و غریب واقعات پیش آئیں گے اور آخری غلغلہ و شور عظیم ظاہر ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا دل قوی رکھے۔ ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔ چنانچہ روز آخر جس وقت آپ کی پڑھائی ختم ہوگی شہنشاہ جنات آپ کے روبرو حاضر ہوگا اور عامل کو السلام علیکم کہہ کر سوال کرے گا۔ کہ ”اے ابن آدم! تو نے مجھے کیوں یاد کیا ہے؟

”پس اس وقت آپ اس سے کہیں کہ میرا مقصد صرف آپ سے دوستی ہے تاکہ میرے تمام کام میں آپ مدد فرمایا کریں۔ وہ اقرار کرے گا اور اپنی کوئی نشانی آپ کو دے کر حاضر ہونے

کا طریقہ بتائے گا۔

حاضری بچہ مؤکل

عبارتِ عمل:

﴿ یَا حَلِیْمُ ذِ الْاٰیَاتِ لَہٗ کُلُّ شَیْءٍ مِّنْ خَلَقَ۔ ﴾

زبردست اسراری عمل:

جاننا چاہیے کہ یہ ایک زبردست قسم کا اسراری عمل ہے اور بالکل بے خطا عمل ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص مؤکل کی تسخیر کا خواہاں ہو تو اس کو چاہیے کہ اس عمل کا چلہ ضرور کرے۔ کیونکہ اس میں کسی قسم کا کوئی خوف نہیں اور حصار تک کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔ نہ ہی چلہ کے دوران خوفناک مناظر سامنے آتے ہیں۔ البتہ ہفتہ عشرہ کے بعد ایک طفل عامل کے مصلے پر بیٹھ جاتا ہے اور پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر چلا جایا کرتا ہے اور عامل کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا۔ دراصل یہ بچہ مؤکل ہے۔ جب تک یہ عامل سے خود کلام نہ کرے عامل کو چاہیے کہ اس سے قطعی گفتگو نہ کرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

عمل کا طریقہ:

عامل ترکِ جلالی و جمالی کا پابند ہو کر بوقتِ شب بعد نماز عشاء قبلہ رُخ جائے نماز پر بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو گیارہ سو اکیس (1121) مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر کامیابی کے لیے دعا مانگ لے۔ روز اول کا عمل تمام ہوا۔ دورانِ عمل بخور خوشبودار روشن کرتے رہنا چاہیے۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر پڑھائی کیا کریں۔

بچہ مؤکل کا حاضر ہونا:

چند روز کے بعد بچہ مؤکل آپ کے مصلے پر دوران پڑھائی غیب سے نمودار ہوگا اور آپ جب تک پڑھائی کی تعداد مکمل نہ کرلیں گے ہرگز نہ جائے گا۔ آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر غائب ہو جائے گا۔ پھر روزانہ آپ کے پاس دورانِ پڑھائی حاضری دیا کرے گا۔ لیکن آپ سے کسی بھی قسم کی گفتگو نہیں کرے گا۔ الغرض جب آپ سے وہ خود بات کرے تو آپ

کر سکتے ہیں۔

مؤکل سے اپنی شرائط منوائیں:

اگر وہ آپ سے دریافت کرے کہ مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ تو آپ اس سے کہیں کہ میں تم سے دوستی کرنا چاہتا ہوں۔ تاکہ میں اپنے دنیاوی کاموں میں تم سے مدد لوں۔ جب وہ اقرار کرلے تو اس سے اُسے بلانے کا طریقہ بھی دریافت کر لینا۔ وہ آپ کو جلدی حاضری کا مخصوص طریقہ بتائے گا۔ یہ بھی اقرار کرلیں کہ ہر وقت میرے ساتھ نہیں رہنا۔ بلکہ صرف بلانے پر فوراً حاضر ہونا۔ جب وہ آپ کی تمام شرائط مان جائے تو پھر آپ اس کو جانے کی اجازت دے دیں۔ فوراً غائب ہو جائے گا۔

شیرینی کی تقسیم:

اب آپ فوراً کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کی نیاز دیں۔ شیرینی خود بھی کھا سکتے ہیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔

روزانہ کا معمول:

عامل ہونے کے بعد آپ کو عبارتِ عمل روزانہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنا ہوگا اور اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ نیز یہ کہ مؤکل سے کسی بھی ناجائز کام کو نہیں کروانا چاہیے۔ ورنہ آپ کو زندہ نہیں چھوڑے گا۔ بظاہر قد و قامت کے لحاظ سے مؤکل بڑا چھوٹا ہے لیکن زبردست روحانی قوت کا مالک ہے۔

تسخیر ہاروت و ماروت

عبارتِ عمل:

﴿ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ط وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَا ط ﴾

سینہ بہ سینہ عمل:

یہ عمل انتہائی اسراری وصدری ہے۔ دنیا میں بہت کم لوگ ہوں گے جو کہ اس عمل کے

متعلق جانتے ہوں گے۔ اکثر بنگال و آسام و کامرو کو مچھوا کے لوگ اس کے عامل ہوتے ہیں اور بمشکل ہی کسی کو اس عمل کی تعلیم دیتے ہیں جہاں تک مجھے معلومات ہیں کہ اس عمل کا عامل فی الوقت پورے ہندوستان میں کوئی بھی شخص نہیں ہے۔ اس عمل کو عامل کرنے کے لیے میں نے بیشتر اپنے قیمتی اعمال روحانی دیے ہیں۔ اب یہ آپ دوستوں کا کام ہے کہ چاہے اس کی قدر کریں یا نہ کریں۔ میرا دعویٰ ہے کہ کسی بھی دوسری کتاب میں یہ عمل آپ لوگوں کو ہرگز نہ مل سکے گا۔

اگر آپ لوگوں کو واقعی ہاروت و ماروت کو مسخر کرنے کا شوق ہے تو دیر نہ کریں اور اپنی پہلی فرصت میں اس عمل کو کرنے کا قصد کریں۔ ہرگز ہرگز کسی بھی صورت میں آپ لوگوں کو ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑے گا کیونکہ یہ جمالی عمل ہے۔ اس لیے کسی بھی قسم کی رجعت اس عمل کے عامل پر نہیں ہوتی۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات:

اس عمل کو عروج ماہ قمری میں کرنا چاہیے جو کہ ثابت ہو۔ نیز مشتری رجعت و نحوست سے پاک ہونا چاہیے۔ اس کا چلہ اکتالیس یوم کا ہوگا۔ دوران عمل عامل کو پرہیز جلالی رکھنا ہوگا اور عامل کا اظہار سوائے اپنے مرشد یا استاد کے کسی پر نہ کرنا چاہیے۔

عمل کی اجازت:

جو شخص اس عمل کا عامل ہوگا۔ وہ ہی اس عمل کو اجازت دینے کا مجاز ہوگا۔ اگر زکوٰۃ صغیر کا بھی عامل ہو تو بھی اجازت دے سکتا ہے۔

عمل کا طریقہ:

بعد نماز تہجد سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ جس کی نیت اس طرح کریں "میں نیت کرتا ہوں دو رکعت نماز نفل واسطے حاجات کے منہ میرا کعبہ شریف کی طرف" اللہ اکبر کہہ کر نیت باندھ لیں۔ پھر دو رکعت نماز پوری کر لیں۔ پھر اپنے گرد حصار کر لیں اور اگر بتی کا بخور روشن کریں اور ایک سو ایک مرتبہ درود شریف کو پڑھ کر آیت مذکور کو دو ہزار دو سو سترہ مرتبہ پڑھ کر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل مکمل کر لیں۔ پھر دعا مانگ لیں اور وہیں جائے نماز پر سو جائیں۔ یہ شرط لازم ہے۔

مؤکلات سے گفتگو:

اسی طرح وقت مقررہ پر روزانہ پڑھا کریں اور نماز پنجگانہ برابر ادا کرتے رہیں۔ دوران عمل جو عجائبات دیکھیں اس کا ذکر صرف اپنے مرشد یا استاد سے کریں۔ جب بیس یوم گزر جائیں گے تو مؤکلات آپ کو خواب میں نظر آنا شروع ہو جائیں گے اور مختلف قسم کی راز و نیاز کی باتیں بتائیں گے جو کہ سچ ثابت ہوں گی۔ تیس یوم گزرنے کے بعد مؤکلات آپ کے سامنے آ کر گفتگو کریں گے۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ ان کی کسی بات پر توجہ نہ دے۔ بلکہ اپنی پڑھائی میں مشغول رہے۔

مؤکلات سے نشانی طلب کرنا:

اکتالیسویں روز آپ کے سامنے آ کر کہیں گے کہ ہمیں کیوں بلایا ہے؟ پس عامل پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد کہے کہ میں آپ کو اپنے پاس رکھنا چاہتا ہوں اور آپ کی راہنمائی اور مدد چاہتا ہوں۔ تاکہ میرے دنیاوی و دینی کام خوش اسلوبی سے ہوتے رہیں۔ چنانچہ وہ ان تمام باتوں کا اقرار کریں گے پھر عامل دونوں مؤکلات سے الگ الگ نشانی طلب کرے اور ان کے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی معلوم کرلے۔ تمام طریقہ کار عامل پر واضح کر دیں گے۔ پھر عامل ان کو رخصت کر دے اور خدا کا شکر ادا کرے۔ جب بھی عامل ان کو کسی کام کی غرض سے حاضر کرے گا وہ حاضر ہو کر کام کر دیں گے۔ لیکن عام لوگوں پر یہ راز ظاہر نہ کرے۔

احضارِ ملک سورۂ فیل

عبارت عمل:

﴿ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ يَا جِبْرَائِيْلُ فَعَلَ رَبُّكَ يَا تَمَائِيْلُ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ يَا كَاكَائِيْلُ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ يَا لُوْمَائِيْلُ فِيْ تَضْلِيْلٍ يَا مِيْكَائِيْلُ وَ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ يَا اِسْرَافِيْلُ طَيْرًا اَبَابِيْلَ يَا هَمْزَائِيْلُ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ يَا كَيْفَائِيْلُ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاكُوْلٍ تَوَكَّلُوْا

﴿بِاِحْضَارْ مَلِكْ يَوْمُ الْاَحَدُ مَذْهَبْ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْمُبَارَكَةِ السَّاعَةَ السَّاعَةَ الْوَحَا الْوَحَا الْوَحَا۔﴾

ضروری ہدایات:

اگر کوئی شخص ملک سورۂ فیل کو تسخیر کر کے اس سے دنیاوی امور میں مدد لینا چاہے تو اس کو چاہیے کہ تقویٰ وطہارت کا پابند بنے اور عروج ماہ قمری میں ترک جلالی کرے۔

عمل کا طریقہ:

بروز اتوار بعد نماز عشاء کسی تنہا مقام پر علیحدہ کمرے میں قبلہ رُو ہو کر بیٹھے اور بخور خوشبودار روشن کرے اور چہار قل وآیت الکرسی کا اپنے گرد نئی چھری سے حصار کر کے چھری سامنے رکھے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ فیل با موکل پانچ سو مرتبہ تلاوت کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل تمام کرے اور حصار کھول کر باہر نکل آئے اور اپنے کام کاج میں مشغول ہو۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ پڑھائی مکمل کرنے کے بعد اسی کمرے میں سو جائے اور کسی سے گفتگو نہ کرے۔ صبح نماز فجر ادا کرنے کے بعد اپنے کام کاج میں مشغول ہو سکتا ہے اور لوگوں سے ہمکلام بھی ہو سکتا ہے۔

چالیس یوم کا عمل:

یہ عمل کل چالیس یوم کا ہے۔ دوران عمل بڑے ہی عجیب وغریب حالات وواقعات پیش آئیں گے۔ لہٰذا کسی بھی صورت میں گھبرانا نہیں چاہیے۔ آپ کے حصار میں کوئی بھی چیز داخل نہ ہو سکے گی۔ جوں جوں دن گزرتے جائیں گے نہایت خوفناک دل ہلا دینے والے مناظر سامنے آئیں گے۔ پس آپ ثابت قدم رہیں اور اپنے مرشد یا استاد کامل کا تصور رکھیں۔ خوف جاتا رہے گا۔ بالآخر چالیسویں روز یکایک آپ کے کمرے میں ملک سورۂ فیل نہایت شان و شوکت سے حاضر ہوگا۔ آپ کو السلام علیکم کہے گا۔ آپ اس کو وعلیکم السلام کہیں۔ اگر ورد مکمل نہیں ہوا تو صرف ہاتھ کے اشارے سے جواب دیں۔ ورد مکمل ہونے پر اس سے قول وقرار لیں کہ آئندہ بغیر دعوت کے فوراً حاضر ہونے کا طریقہ بتائے اور ہر کار دنیوی میں میری مدد کیا کرے وہ تمام باتوں کا اقرار کرے گا۔ پھر آپ اس کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

تسخیر موکل سفلی ہفلطوش

عبارت عمل:

﴿هَلُوْشٍ هَلُوْشٍ هِيلُوْشٍ هِيلُوْشٍ هَفْلَطُوْشٍ هَفْلَطُوْشٍ اَجِبْ يَا هَفْلَطُوْشٍ بِحَقِّ مَا تلوته عَلَيْكُمْ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ؕ﴾

عمل کا طریقہ:

عروج ماہ قمری میں عامل ترک جلالی کرے۔ بعد نماز عشاء قبلہ رُو جائے نماز پر بیٹھے اور چہار قل وآیت الکرسی اور حصار سلیمانی علیہ السلام سے اپنے گرد کسی نئے چاقو سے حصار کرے اور بخور دار چینی کا روشن کر کے عبارت عمل کو 350 مرتبہ تلاوت کر کے سورۂ ہمزہ آخر میں ایک مرتبہ تلاوت کرے۔ دوران عمل بخور برابر روشن کرتا رہے اور بروز نوچندی جمعرات اس عمل کو شروع کرنا چاہیے۔ کمرے میں کوئی دوسرا سامان نہ ہونا چاہیے۔ بہتر ہے کہ چہل یوم تک اس کمرے میں عامل کے علاوہ کوئی دوسرا شخص نہ جائے۔

دوران عمل تاکید:

دوران عمل کمرے میں صرف ایک چراغ گلی میں روغن تلخ ودار چینی وفلیتہ روئی کا سامنے رکھنا چاہیے۔ صرف فلیتہ کمرے کو روشن کرنے کے لیے جلانا چاہیے اور کسی قسم کا بلب یا لیمپ لائٹ وغیرہ روشن نہیں کرنا چاہیے۔ روزانہ پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر حصار کو سات سلام سے کاٹ کر باہر نکل آنا چاہیے اور چراغ بجھا دینا چاہیے۔ دوران عمل اگر آپ سے کوئی گفتگو کرے تو ہرگز ان کو کسی قسم کا جواب نہ دینا چاہیے۔

عامل خوفزدہ نہ ہو:

یہ عمل کل چالیس یوم کا ہے۔ دوران عمل بڑے خوفناک حالات وواقعات آپ کے سامنے پیش آئیں گے۔ لہٰذا آپ اپنا دل قوی رکھیں۔ کوئی شے آپ کے حصار میں ہرگز داخل نہ ہو سکے گی۔ جو کچھ بھی نظر آئے گا حصار کے باہر ہوگا۔ وقت کی پابندی اس عمل کے لیے ضروری

ہے۔ یعنی رات کو اگر آپ نے دس بجے اس عمل کو روز اوّل شروع کیا تو پھر آپ کو اسی وقت روزانہ عمل شروع کرنا ہوگا۔

عمل کا اختتام:

چالیسویں روز جس وقت آپ کا عمل مکمل ہوگا یکایک غیب سے ایک مرد نمودار ہوگا۔ جس کا نام ہفلطوس ہے۔ یہ مؤکل سفلی ہے۔ پس آپ اس سے عہد لیں کہ آئندہ بغیر عذر کے فی الفور حاضر ہو کر میرا ہر کار دینوی کرنا اور اپنے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی بتاؤ۔ وہ عامل کی تمام باتوں کا اقرار کرے گا۔ پھر عامل اس کا شکریہ ادا کر کے رخصت کر دے۔ فوراً غائب ہو جائے گا۔ آپ کو جس کام کے لیے حاضر کریں گے فوراً حاضر ہو کر آپ کی مدد کرے گا۔

عمل سورۂ یٰسین برائے حاضری ہفت مؤکل

عبارتِ عمل:

سورۂ یٰسین شریف شروع سے آخر تک لیکن ہر مبین پر عزیمت مندرجہ ذیل ہفت، ہفت مرتبہ بتکرار کریں اور آخر مبین پر عزیمت پڑھنے کے بعد جہاں سے سورۃ چھوڑی تھی۔ یعنی آخر مبین کے بعد سے پڑھائی ہوئی۔ اسی طرح کل اکتالیس مرتبہ ورد کریں۔ عزیمت درج ذیل ہے۔

﴿عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيَّتُهَا الْمَلٰٓئِكَةِ الْكِرَامِ اَجِبْ يَا عَبْدَ السَّلَامِ وَ يَا عَبْدَ الرَّبِّ وَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ وَ يَا عَبْدَ الْوَهَّابِ وَ يَا عَبْدَ الْكَرِيْمِ وَ يَا عَبْدَ الشَّكُوْرِ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ط وَ بِحَقِّ سُوْرَةِ يٰسٓ۔﴾

نہایت سریع الاثر عمل:

یہ ایک اسراری و لاثانی عمل جو کہ صدری ہے۔ ہرگز الا ماشاء اللہ کبھی بھی خطا نہیں کرتا۔ شاید کہ سورۂ یٰسین کا اس سے بہتر عمل حاضری مؤکلات کا دنیا کے کسی بھی عامل و کتاب سے نہ مل

سکے گا۔ اس عمل کا جو شخص بھی عامل ہوگا۔ دنیا کا بے تاج بادشاہ ہوگا اور درجہ ولایت پر فائز ہوگا۔ دوران چلہ کشی اسرار قدر حسین و جمیل اور حیرت انگیز عجائبات کا دیدار ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص صد سال بھی ریاض کرے تو بھی ایسا لطف ہرگز نہیں آئے گا۔ جیسا کہ اس عمل میں اللہ رب العزت نے بیش بہا خوبیاں رکھی ہیں۔ ایک سب سے بڑی خوبی اس میں یہ بھی ہے کہ کسی بھی قسم کی رجعت کا اندیشہ قطعی نہیں ہے۔ کیونکہ سورۂ یٰسین کے یہ ہفت مؤکلات سے آپ ہرگز نہ لیجیے گا۔ کیونکہ آپ کے پاس سے اس عمل کا تصرف چلا جائے گا اور آپ ساری زندگی ہاتھ ملتے رہیں گے۔ بحث کافی طویل ہوتی جا رہی ہے۔ لہٰذا آخری بات کہہ کر طریقۂ زکوٰۃ واضح کرتا ہوں۔

آخری ضروری بات:

آخری بات یہ ہے کہ اس عنوان "تسخیر مؤکلات" کا صرف اسی عمل کا چلہ کر کے آپ اپنی دنیا و دین سنوار سکتے ہیں اور میرا دعویٰ ہے کہ آپ کو پھر کسی بھی دیگر عمل کی حاجت باقی نہیں رہے گی۔ کیوں کہ عمل ہذا کے مؤکلات دنیا کا تقریباً ہر کام سیکنڈوں میں کرنے کی قوت رکھتے ہیں۔ جو لوگ تقویٰ و طہارت کے پابند ہیں اور رزق حلال کھاتے ہوں۔ نیز فسق و فجور سے دور ہوں۔ اللہ و محمد ﷺ اور اہل بیتؓ سے ظاہر و باطن قلبی الفت رکھتے ہوں گے۔ بے شک اللہ پاک ان کو کامیابی و کامرانی عطا فرمائیں گے۔ آمین ثم آمین۔

عمل کا طریقہ:

عروج ماہ قمری ثابت میں عامل ترک جلالی و جمالی کا پابند بنے اور ایک علیحدہ کمرہ کا انتظام کرے۔ کہ اس کمرے میں چہل و یک یوم کے دوران سوائے عامل کے کوئی دوسرا شخص نہ جائے تو چندی جمعرات یا جمعرات کے دن سے اس عمل کا چلہ بعد نماز تہجد کیا جاتا ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور تہجد کی نماز پڑھ کر اول بخور اگربتی کا بخور سبع سیارگان کا روشن کرے۔ بخور روشن کرنے کے بعد آپ چاقو یا داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت سے اپنے گرد حصار کریں اور جائے نماز پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ درود شریف پھر اکتالیس مرتبہ سورۂ یٰسین شریف مع عزیمت پڑھ کر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدہ میں جا کر اللہ پاک سے کامیابی کے لیے دعا مانگیں۔ دعا مانگنے کے بعد اسی مقام پر سو جائیں۔ اگر پیاس

یا دیگر کسی ضرورت کے لیے کمرے سے باہر جانا پڑے تو کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس کے لیے آپ پہلے حصار کا میں گے پھر باہر نکلیں گے۔ اسی طرح روزانہ مقررہ وقت پر آپ کو روزانہ چلہ کشی کرنا ہوگی اور یہ سلسلہ اکتالیس یوم تک جاری رہے گا۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات:

یہ بات قابل ذکر ہے کہ چلہ کشی کے وقت عامل کا لباس بصورت احرام ہونا چاہیے۔ جیسا کہ حج کرتے وقت حاجی لوگ استعمال کرتے ہیں۔ جس کا رنگ سفید ہونا چاہیے۔ سر پر سفید رومال ہونا چاہیے۔ جس میں سوئی سے سلائی نہ ہو۔ اسی طرح مصلےٰ بھی سفید ہونا چاہیے اور یہ بھی سلا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ البتہ سوتے وقت آپ سلا ہوا کپڑا پہن سکتے ہیں۔ دن کے وقت آپ اپنے دنیاوی کام کاج میں مشغول رہ سکتے ہیں۔ لیکن نماز کی پابندی ضروری ہے اور درود شریف و استغفار کا ورد کثرت سے کرنا چاہیے۔ اس عمل کا اظہار سوائے اپنے پیرومرشد یا استاد کے علاوہ کسی سے نہیں کرنا چاہیے۔ عامل کا ظاہر و باطن جس قدر پاک و طاہر ہوگا۔ اتنی ہی جلدی عامل کے سامنے عجائبات کا ظہور ہونا شروع ہو جائے گا۔

پڑھائی کے دوران:

دوران پڑھائی نہایت بزرگ ہستیاں عامل کے سامنے آیا کریں گی اور کلام بھی کریں گی۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ ان کے کسی بھی سوال کا جواب نہ دے۔ صرف آپ نظارہ کرتے رہیں اور سنتے رہیں۔ اکثر آپ کو خواب میں بھی موکلات نظر آیا کریں گے اور خواب میں مختلف قسم کی خبریں دیا کریں گے جو کہ سچ ثابت ہوں گی۔

موکلات کی آمد میں اضافہ:

جوں جوں دن گزرتے رہیں گے عجائبات و اسرار نہائی آپ پر منکشف ہوتے رہیں گے۔ حتیٰ کہ پینتیس دن کے بعد روزانہ دوران پڑھائی عمل ہٰذا کے موکلات کی آمد بہت زیادہ بڑھ جائے گی اور یہ لوگ آپ سے گفتگو کرنے کی کوشش بھرپور انداز میں کریں گی۔ اکثر لالچ زر و جواہر کی دیں گی۔ عامل کو چاہیے کہ ان کی طرف قطعی توجہ نہ دے بلکہ اپنی پڑھائی میں مشغول رہے۔ اکتالیسویں روز بہت زور و شور سے عجائبات و غرائبات کا ظہور ہوگا۔ یہ آخری دن عامل

[illegible] وقت آزمائش کا ہوگا۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ اپنا دل قوی رکھے اور اپنے پیرومرشد یا استاد کا [illegible] رکھے اور باآواز بلند پکار پکار کر لیسین شریف مع عزیمت پڑھنا شروع کر دے۔ حتیٰ کہ [illegible] مرتبہ کی تعداد مکمل ہو جائے۔ پھر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر چلہ کشی مکمل کر لیں۔ [illegible] موکلات عامل کے روبرو دست بستہ حاضر ہوں گے۔ جن کے پورے چہرے مثل [illegible] ماہتاب ہوں گے۔ وہ عامل کو السلام علیکم کہیں گے۔ عامل ان کو وعلیکم السلام کہے۔ پھر وہ [illegible] دریافت کریں گے کہ اے مرد صالح ہم سبھوں کو کیوں بلایا ہے اور ہم سبھوں سے کیا [illegible] اس وقت عامل ان سے کہے کہ میری خواہش ہے کہ آپ ساتوں میرے دوست [illegible]۔ تاکہ میں اپنی دینی و دنیاوی ضرورت کے لیے آپ لوگوں کی مدد لے سکوں اور آپ [illegible] اپنی جلد حاضری کا طریقہ کار بھی مجھے عنایت کریں۔ تاکہ میں آپ لوگوں کو فوراً حاضر [illegible]۔ چنانچہ یہ لوگ عامل سے تابعداری کا اقرار کریں گے اور ساتوں الگ الگ اپنا تعارف [illegible] کرائیں گے۔ پھر عامل ان کو جانے کی اجازت دے کر فوراً غائب ہو جائیں گے۔ اب [illegible] شیرینی پر موکلات کی نیاز دے کر تمام شیرینی خود کھالے۔ جب بھی عامل کسی کام کی [illegible] موکلات کو حاضر کرے گا فوراً حاضر ہو کر عامل کا کام چشم زدن میں پورا کریں گے۔

آیت الکرسی کے موکل کی تسخیر

آیت الکرسی کی زکوٰۃ اور دعوت

امام بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اس کا عامل بننا چاہا ہو تو اللہ پر بھروسہ کرو اور [illegible] اور کپڑوں کو پاک صاف رکھو اور نیت کو خالص کرو۔ پھر منگل کے دن فجر کی نماز کے [illegible] میں بیٹھو اور دھونی بکثرت اپنے پاس رکھو اور ہر فرض نماز کے بعد 72 مرتبہ دعوت [illegible] لگائے رکھو۔

[illegible] خلوت:

[illegible] مرتبہ مقام خلوت کے کسی گوشے سے گدھے کی آواز کے مشابہ کوئی آواز سنو گے،

مگر اس سے نہ ڈرو نہ گھبراؤ۔ کیونکہ وہ تم پر قادر نہ ہوں گے۔ دوسری رات آدھی رات کے
خلوت کے اوپر گھوڑے کی سی آواز سنو گے، مگر نہ گھبراؤ نہ ڈرو اور تیسری رات نصف شب
قریب تین قطار سرخ، سفید اور سیاہ دروازے سے داخل ہو کر مقام خلوت کے درمیان
گزریں گے۔ مگر تم بالکل نہ ڈرو، کیونکہ تم پر قادر نہ ہوں گے یہ دعوت آڑ ہو گی۔ چوتھی رات
شب کے وقت دھونی سلگاؤ اور رو بقبلہ ہو کر دعا پڑھو۔ اس وقت دیوارش ہو گی۔

نورانی خادم ظاہر ہو:

نورانی خادم ظاہر ہو گا۔ اس سے مطلق نہ ڈرو۔ دھونی سلگاتے رہو۔ تا آنکہ وہ
السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ۔
اس کو جواب میں کہو وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهٗ تب وہ
کہ اے ولی اللہ ہم سے کیا چاہتے ہو، تم کہو کہ میں ایک خادم چاہتا ہوں جو عمر تک میری خدمت
کرے وہ کہے گا۔ کہ یہ سونے کی انگوٹھی لو، جس میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم نقش ہے اور یہ
تمہارے درمیان عہد ہے۔ جب تم مجھے بلانا چاہو تو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہن کر۔

دعوت عزیمت:

تین مرتبہ دعوت پڑھو اور یہ کہو۔

﴿يَا مَلِكَ كند ياس اجبنى بِحُضُوْرِكَ فِيْ كُلِّ مَا تُرِيْدُ
مِنْ طي المَكَان وَالْمشي عَلَى الْمَاءِ وَغَيْرُ همَا مِنْ ا
نَوَاعِ الْكَرَامَاتِ هذا مَعَ التَوَكُّل۔﴾

اجازت کا حصول:

صاحب خزینہ کہتے ہیں کہ میرے خیال میں یہ عمل بلا شیخ کی اجازت کے حاصل
ہو گا۔ کیونکہ بہت اسرار و خصائص انسان کی پیدائش ہی کی طرح اجازت یا فتہ شیوخ کی
سے حاصل ہوتے ہیں۔
آیت الکرسی کی یہ دعوت عزیمت دعوت مستجاب ہے اور اس کی تاثیر عجیب ہے۔

نہایت سریع التاثیر دعوت:

امام ابو حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اس دعوت مبارکہ سے زیادہ سریع التاثیر کوئی
[illegible] خاص کر تکالیف شرائر کے ازالہ کے لیے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے تین سو تیرہ مرتبہ
آیت الکرسی پڑھے۔ اس کے بعد سات مرتبہ یہ دعوت پڑھے اور یہ عمل عشاء کے بعد پاک جگہ
[illegible] میں پڑھے۔

[illegible] کے لیے:

امام بونی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں ہر فرض کے بعد یہ عزیمت بیس مرتبہ پڑھے۔ تو اللہ
تعالیٰ اس کے خدام کو اس کے لیے مسخر کر دے گا۔

[illegible] کام میں آسانی:

بعض اہل خواص کہتے ہیں کہ جو کوئی روزانہ ایک مرتبہ اس دعوت مبارکہ پر مداومت
[illegible] اور آیت الکرسی بمقدار کلمات حروف پڑھنے کے بعد پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ بنی آدم و بنات حوا
[illegible] کو اس کے تابع فرمان کر دے گا اور تمام مشکل کام اس کے لیے آسان ہو جائیں گے۔

دعوت و عزیمت

﴿بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾
﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمْ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ يَا اَللّٰهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا رَحْمٰنُ
يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ، يَا هُوْ يَا هُوْ
يَا هُوْ يَا رَبَّاهُ يَا رَبَّاهُ يَا رَبَّاهُ۔ يَا سَيِّدَاهُ يَا سَيِّدَاهُ يَا سَيِّدَاهُ
يَا هُوَ يَا هُوَ يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ شِدَّتِيْ يَا اَنِيْسِيْ عِنْدَ وَحْدَتِيْ
يَا مُجِيْبِيْ عِنْدَ دَعْوَتِيْ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اللهُ اَللّٰهُ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مَنْ تَقُوْمُ
السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِہٖ یَا جَامِعَ الْمَخْلُوْقَاتِ تَحْتَ
لُطْفِہٖ وَقَھْرِہٖ اَسْأَلُكَ اللّٰھُمَّ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّةَ
ھٰذِہِ الْاٰیَةِ الشَّرِیْفَةِ یُعِیْنُنِیْ عَلٰی قَضَاءِ حَوَآئِجِیْ یَا مَنْ
لَّا تَاْخُذُہٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ اِھْدِنَا اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی طَرِیْقٍ
مُّسْتَقِیْمٍ۔ حَتّٰی اَسْتَرِیْحَ مِنَ اللَّوْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ
سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَا مَنْ لَّہٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا
بِاِذْنِہٖ اَللّٰھُمَّ اشْفَعْ لِیْ وَاَرْشِدْنِیْ فِیْمَآ اُرِیْدُ مِنْ قَضَاءِ
حَوَائِجِیْ وَاِثْبَاتَ قَوْلِیْ وَفِعْلِیْ وَعَمَلِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ
اَھْلِیْ یَا مَنْ یَّعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا
یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖ یَا مَنْ یَّعْلَمُ ضَمِیْرَ عِبَادِہٖ سِرًّا
وَّجَھْرًا۔ اَسْأَلُكَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاٰ
یَةِ الْعَظِیْمَةِ وَالدَّعْوَةِ الْمُنِیْفَةِ یَكُوْنُوْنَ لِیْ عَوْنًا عَلٰی
قَضَاءِ حَوَآئِجِیْ ھَیْلًا ھَیْلًا جَوْلًا جَوْلًا مَلْكًا مَلْكًا یَا
مَنْ لَّا یَتَصَرَّفُ فِیْ مُلْكِہٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّہُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ سَخِّرْ لِیْ عَبْدَكَ كِنْدِیَاسَ حَتّٰی
یُكَلِّمُنِیْ فِیْ حَالِ یَقْظَتِیْ وَیُعِیْنُنِیْ فِیْ جَمِیْعِ حَوَائِجِیْ
یَا مَنْ وَّلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ یَا حَمِیْدُ
یَا مَجِیْدُ یَا بَاعِثُ یَا شَھِیْدُ یَا حَقُّ یَا وَكِیْلُ یَا قَوِیُّ یَا
مَتِیْنُ كُنْ لِّیْ عَوْنًا عَلٰی قَضَاءِ حَوَآئِجِیْ بِاَلْفِ اَلْفِ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔
اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ یَا اَیُّھَا السَّیِّدُ اَ كِلْنِدِیَاسْ اَجِبْنِیْ اَنْتَ
وَخُدَّامُكَ وَاَعِیْنُوْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ بِحَقِّ مَا
تَعْتَقِدُوْنَہٗ مِنَ الْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِیَاءِ وَبِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیَةِ
الْعَظِیْمَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَصَلَّی
اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا
كَثِیْرًا۔ ﴾

(بحوالہ کرشمات مؤکلات)

ہر حاجت پوری ہو:

شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ جو آیت الکرسی بمقدار کلمات، بمقدار حروف یا بمقدار عدد المرسلین پڑھے اسے چاہیے کہ تعداد پوری کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

﴿ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ بُرْھَانًا بِنُوْرِ ثُبَیْ اَمَانًا وَّ اٰنِسْنِیْ
بِكَ عَلٰی كُلِّ مَطْلُوْبٍ وَّاَصْحِبْنِیْ بِعَوْنِ عِنَایَتِكَ فِیْ
نَیْلِ كُلِّ مَرْغُوْبٍ یَا قَادِرُ یَا جَلِیْلُ یَا قَاھِرُ یَا عَظِیْمُ یَا
نَاصِرُ كَتَبَ اللّٰہُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ
الْعَزِیْزُ o ﴾

شمطون موکل کی خدمات حاصل کرنا

ان اسماء کو دس ہزار مرتبہ روزانہ بیس یوم تک پڑھیں۔ جنگل میں یا آبادی سے دور کسی چٹیل میدان میں اور پڑھتے وقت جاوی لوبان کا بخور بھی روشن کریں۔ آخری یوم شمطون موکل ایک سیاہ لمبے غلام کی شکل میں حاضر ہوگا۔ جس کا سر آسمان سے لگا ہوا ہوگا اور پاؤں زمین میں

ہوں گے اور اس کے ہاتھ میں ایک انگشتری ہوگی۔ آپ اس سے وہ انگشتری طلب کریں، وہ کچھ شرائط پر آپ کو انگشتری دے گا۔

ہر کام فوری ہو جائے:

پھر جب کبھی آپ ضرورت محسوس کریں انگشتری کے سامنے رکھ کر اس اسم کو چند مرتبہ پڑھیں بس شمطون حاضر ہو جایا کرے گا اور مندرجہ ذیل امور میں مددگار ثابت ہوگا۔ جلب و مودت، تسخیر عورت، بندش زبان دشمناں، خون کا جاری کرنا، دشمنان کو بیمار کرنا، آسیب کا علاج کرنا، لوگوں میں جدائی پیدا کرنا، ظالم کو ہلاک کرنا غرضیکہ جو آپ چاہیں گے فوراً تعمیل کرے گا۔ مگر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا چاہیے۔ مؤکل سے کبھی بھی خلاف شرع کام نہ لیں اسماء یہ ہیں۔

﴿ طَلتَمِیْشا ئا مِنْ وَ تبُوْنِ مِن الْجِم۔ ﴾

تسخیر مؤکل

نہایت مختصر عمل:

یہ بہت مختصر سا عمل ہے، ترکیب اس کی یہ ہے کہ سات دن روزے رکھیں اور عروج ماہ میں پہلی تاریخ جمعرات کے دن سے ابتداء کریں اور عزیمت اپنی ہتھیلی میں لکھیں اور ہر نماز کے بعد اس عزیمت کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ آخری دن مؤکل باریک سانپ کی صورت میں آپ کے سامنے حاضر ہوگا، جب سانپ ظاہر ہو۔ اس وقت بخور لوبان جاوی وغیرہ روشن کریں اور عزیمت سانپ پر پڑھ کر دم کریں۔ وہ سیاہ غلام کی شکل اختیار کر لے۔ اس سے عہد لے لیں۔ وہ کچھ شرائط پر عہد و پیمان کرے گا اور پھر جب آپ جادو تعویذات کو حاضر کرنا چاہیں یا مرد اور عورتوں میں محبت پیدا کرنا چاہیں یا کسی کو بیمار کرنا مطلوب ہو، خون جاری کرنا ہو، یا کہیں سے دفینہ نکالنا چاہیں ان تمام امور میں مددگار ثابت ہوگا۔

سورۂ جن کی تسخیرات

جنات کے کسی بھی طبقہ کے کسی بھی فرد کی تسخیر کے لیے سورۂ جن ایک خاص اثر رکھتی

ہے۔ چند اعمال تسخیر جنات و مؤکلات اور پریوں کے تحریر ہیں جو سورہ جن سے تسخیر کیے جاتے ہیں۔ سب سے پہلے جنات کے مسلمان بادشاہ کی تسخیر کا عمل تحریر ہے۔ جس کا نام ہیطاش ہے۔

تسخیر ہیطاش

یہ جنات میں سے مسلمان بادشاہ ہے۔ زبرجد کے ذخیروں کا مالک ہے، ملک اعظم کہلاتا ہے، انسانوں کو پسند کرتا ہے، مدت اس کی تسخیر کی صرف پندرہ روز تک اس کی عزیمت پڑھی جاتی ہے ان پندرہ دنوں میں روزہ رکھا جاتا ہے اور روزانہ غسل کیا جاتا ہے۔ کپڑے پاک وصاف ہونے چاہئیں، بخورات ہر وقت روشن ہوں اور اس عمل کا بخور یہ ہے عنبر، گندر سیاہ، مشک، صندروس، زعفران سب برابر وزن لیں اور ایک دن میں اور رات میں بیس مثقال جلانا ہوگا۔ گوشت ہمہ قسم اور جماع کا قطعی پرہیز ہے۔ یہ بادشاہ زبرجد اور دوسرے جواہرات کی خدمت کرتا ہے اور آپ کا ہر حکم بجا لائے گا۔ اس کی تسخیر کا طریقہ یہ ہے کہ حصار کے اندر بیٹھ کر ہر رات پہلے دو رکعت نماز نفل تسخیرات پڑھیں اور جن دنوں میں سورۃ پڑھنی ہے نفل کے بعد تین سو ایک مرتبہ پڑھیں اور عزیمت روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھنا ہوگی۔ حاضری سے قبل اچھی آوازیں آئیں گی، خوشبو آئے گی اور پھر ایک خوبصورت شخص پر تاج رکھے آئے گا اور حصار کے پاس بیٹھ جائے گا۔ بعض اوقات تحائف بھی ساتھ ہوتے ہیں جو باہر رکھ دیتے ہیں اور پھر سوال و جواب اور عہد و پیمان کر لیں سلسلہ میں جو طلسم حصار کے دروازہ پر ہوگا وہ یہ ہے اور اسی کو کندہ کر کے انگشتری کسی سعد وقت میں تیار کریں۔ طلسم یہ ہے۔

لا	ط	ھ	اا	۲۹۹	حم	اا	د	ا
سمہ	و	اااح	اطا	عد	اا	ھ	٩	

عزیمت:

عزیمت اس کی یہ ہے لیکن بعد تسخیر جب بھی بلانا ہوگا تین مرتبہ سورہ جن اور ایک مرتبہ عزیمت پڑھنی ہوگی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْمَلِکُ الْعَظِیْمُ وَ اَلسَّیِّدُ الْکَرِیْمُ بِحَقِّ عَشر طُوْ فَاشٍ تَلْعَظْمُوْ تَا نَوْ طُوْ نَاتٍ حسر مَا نِیْکَتٍ خَلْطُوْ عَمَاثٍ طَلَیْجَعَاوَتٍ کَیْمُولَاتٍ اَجِبْ دَعْوَتِیْ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الْعَظَامِ یَا مَلِکُ الذَّاھِبُ وَالسُّلْطَانَ اشْجَاعُ الْمَوْصُوْفُ بِصِفَۃِ الْقُوَّۃِ وَالشُّجَاعَۃِ اَلْجِبْ دَعْوَتِیْ بِحَقِّ عشر طُوَاتٍ طَلْخُوْنَاثٍ ھَلْمِیْعَاشٍ ظَلِیْمَثٍ عَطْنُوْنَاشٍ بِحَقِّ حَقِّکَ وَ بِعِزِّ اَسْمَائِکَ وَبِحُرْمَۃِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ ﴾

تسخیر ہفت کس طلوحوش

اس تسخیر میں سات فرد آتے ہیں۔ ساتوں کی قوتوں کا مجھے علم نہیں۔ البتہ بعض کا علم
مثلاً ایک جن عامل کے پاس آنے والوں کی ایسی خبر دیتا ہے کہ یہ کس خاندان سے ہے۔ کتنے
بھائی ہیں، اس کی جیب میں کیا ہے، کتنا علم جانتا ہے، اس کا پیسہ کہاں کہاں ہے وغیرہ وغیرہ
دوسرا جن آتا ہے وہ تمام بیماریوں کا علاج اور شناخت کرتا ہے۔ یہ طبیب ہے علی الخصوص سرسام
سکتہ، لقوہ اور آسیب وغیرہ کا علاج آسانی سے کر دیتا ہے یا آسان طریقہ بتا دیتا ہے کہ اطبا
اطباء نہیں کر سکتے۔ ایک جن جملہ علوم و دفائن صنعت ہائے اکسیر علم حب و بغض اور حل و عقد
کلمات سکھائے گا اسی طرح باقی افراد بھی عجیب و غریب قوتوں کے مالک ہیں۔ اس میں سورہ جن
تین سو ایک مرتبہ پڑھی جاتی ہے۔ روزانہ نفل عبادت کے بعد سات دن تک پڑھنی ہے اور
سات دنوں تک تین سو ستانوے مرتبہ عزیمت پڑھنی ہے۔ حاضری کے وقت سات خوش پوش
خوش رو اور عمدہ کپڑوں میں ملبوس حاضر ہوں گے اور پوچھیں گے کہ تجھے کیا چاہیے ہر ایک
انگشتری دے گا اور اپنی صفت بیان کرے گا، اس انگشتری کے ذریعہ ہی کسی کو بلوایا جا سکے گا

...دار کا نام طلوحوش ملک ہے جو اس تمام ریاضت اور دعا کا مالک ہے بخور اس کا یہ ہے، پوست،
...ال، کمار خشک، مقل ازرق، کندر سیاہ، زعفران برابر وزن لے کر کوٹ کر رکھیں اور جلائیں۔
...پہلے اپنی انگشتری تیار کریں۔ سات دن سورہ جن پڑھنے کے بعد چاندی کے پترے پر
...لکھیں اور انگشتری میں جڑوا کر پہن لیں پھر عزیمت پڑھیں، بخور ہر وقت روشن رکھیں۔
...ہے۔

ll طھ ll ادا ll لماء ll د ll

لمہ

ھ ط ہ ہ

عزیمت اس کی یہ ہے۔

﴿ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا طَلْخُوْش مَعَ اَتْبَاعِہٖ بِحَقِّ اَذْرْعُوْ نَاشٍ طَلْیَعُوْ طِیْشٍ ھُوْ نَاشٍ فِیْلِیْنُوْثٍ ھَمْلِیْطَاتُوْشٍ جَھْلَد شَعُوْثٍ اَذَارْ ھُوْ نَاشٍ عَھْلَتْ طِغُوْثٍ یَا جَسْمَائِیْلُ فِطِیْنُوْثٍ کَشُوْرَاثٍ اِرَامِثٍ اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاحْضَرُوْنِیْ بِحَقِّ حَیُّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ بِحَقِّ مُحَمَّد صلی اللّٰہ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَ سَلَّمَ۔ ﴾

تسخیر پری

مندرجہ بالا طریقوں کو اختیار کر کے پہلے تین دن تک سورہ جن تین سو ایک مرتبہ روزانہ
...یں پھر گیارہ دن تک تین ہزار ایک سو مرتبہ ان اسماء کو پڑھیں تو ایک پری حاضر ہوگی۔ دنیا کو جو
...علم سیکھنا چاہیں گے وہ سکھا دے گی اسماء یہ ہیں۔

﴿ یَا ھَلْیِعِیْطُوْنَاشٍ عَطْلَمُوْثٍ۔ ﴾

طئی الارض

طئی الارض کا مطلب ہے، ملک ملک اور شہر شہر جانا کہ کوئی زحمت نہ ہو اور فاصلہ ایک لمحہ میں طے ہو جائے۔ احوال دنیا سے خبریں ملیں۔ اس عمل انگشتری کو اس دن تیار کریں۔ جب مریخ و مشتری میں نظر تسدیس یا تثلیث ہو۔ نقش کرنے کے بعد روزانہ نفل کے بعد سورۃ جن تین سو ایک مرتبہ تین روز تک پڑھیں۔ پھر گیارہ دن تک عزیمت اکیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں آخری دن ایک شخص ظاہر ہوگا جو کپڑا دے گا اور ایک انگوٹھی سرخ یاقوت کی دے گا جب اس کو ہاتھ میں پہنیں گے تو جہاں جانا چاہیں گے نیت کریں تو وہاں اپنے آپ کو موجود پائیں گے اور جب جانا چاہیں گے نیت کریں تو وہاں اپنے آپ کو موجود پائیں گے اور جب انگوٹھی انگلی میں ڈال کر جو نیت کریں گے وہ پوری ہوگی۔ بخور اس عمل کا مقل ارزق، سندروس، کندر سیاہ، پوست سرو، عنبر اور مشک ہے۔ انگشتری پر کندہ کرنے والا طلسم یہ ہے۔




اور عزیمت یہ ہے۔

﴿ طِیْحَتَ وَهِیْ مُنِّیْ بِحَقِّ حَمَلْتُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَا تَنْکَفِیْلُ۔ ﴾


حصار کا طریقہ خاص:

ان تمام اعمال میں حصار کا خاص طریقہ یہ ہے اس کو سمجھ لیں گوشت ہمہ قسم اور بدبودار چیز نیز جماع سے قطعی پرہیز سوائے حاجات ضروریہ کے حصار کے اندر رہیں، اندر سوئیں اور اندر ہی بخورات جلائیں۔ کمرہ تنہا ہو اگر مکانوں سے الگ جگہ ہو تو بہتر ہے۔ عمل ختم ہونے تک چھٹی منائیں اور کوئی کام نہ کریں۔ کپڑے صاف اور معطر پہنیں۔ روزانہ غسل کریں اور روزانہ نفل دو رکعت بہ نیت تسخیر پڑھیں اور خالی کمرہ میں بہت کھلا کھلا حصار لگائیں۔ حصار کے لیے آٹھ چھریاں نئی ہونی چاہئیں۔ حصار آیت الکرسی کا ہو۔ تین لکیریں لگائیں پھر آٹھوں چھریاں آیت الکرسی کا ہو۔ تین لکیریں لگائیں پھر آٹھوں چھریاں آیت الکرسی پڑھ کر گاڑیں پھر چاروں طرف چاروں طلسم کسی لکڑی میں لگا کر گاڑیں اور دروازہ کی چھری پر وہ طلسم لگائیں جو انگشتری

میں کندہ کیا ہو۔ جب باہر نکلنا ہو تو آیت الکرسی پڑھ کر آیت اگلی پڑھ دیں اور چھری کو اکھاڑ لیں اس سے دروازہ اتنا کاٹیں کہ باہر نکل سکیں اور اندر آسکیں۔ اندر آتے وقت آیت الکرسی پڑھ کر دروازہ کی لکیر بند کر دیں اور چھری گاڑ دیں حصار کا نقش یہ ہے۔



اور چاروں طلسم یہ ہیں۔



(بحوالہ: مصباح الارواح طلسماتی دنیا شمارہ جنوری فروری 03

اسم اعظم آیت الکرسی معظم ومکرم

جناب حضرت سلیمان بن داؤد اپنی کتاب مبادیات صفحہ 376 میں لکھتے ہیں آیت میں جو برکتیں ہیں یہ قرآن کا خاص حصہ ہے۔ جس پر دنیا قائم ہے۔ یہ اسم اعظم ہے۔ کئی بیماریوں کو اس سے شفا ملتی ہے۔ صرع مرگی والے مریض کو آناً فاناً میں 11 بار پڑھ کر دم کردیں۔ فوراً اٹھ کر بیٹھ جائے گا۔ یہ تسخیر و حاضرات خلائق اور فتوحات غیبی و ہر شر مخلوقات سے امن و امان اور قبول حاجات کے لیے دُعا فوراً قبول ہوتی ہے۔ اس کا نور تجلی آسمان پر جاتا ہے۔ بزرگان کاملین کا معمول و مجرب ہوتا ہے۔

آیت الکرسی مع اسمائے باری تعالیٰ

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اعتَصَمتُ بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ الدَّآئِمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ حَاضِرٌ نَاظِرٌ وَّلَا نَوْمٌ ٥ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ قَادِرٌ قَدِیْرٌ عَلٰی كُلِّ مَخْلُوْقٍ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ كَرِیْمٌ رَحِیْمٌ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ لَا خِلَافِ وَالَا كِذْبِ جَبَّارٌ قَهَّارٌ غَفَّارٌ سَتَّارٌ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ٥ حَافِظٌ حَفِیْظٌ رَقِیْبٌ وَكِیْلٌ نَاصِرٌ نَصِیْرٌ بِحَقِّ اللّٰهِ الَّذِیْ ذَوَالْ الْمَلَائِكَ وَلَا فَنَآءِ الْحُكْمِ حَكَمٌ بَرٌ حَكِیْمٌ بِحَقِّ نَبِیِّ اللّٰهِ اسْمُهٗ اَحْمَدٌ حَامِدٌ مَحْمُوْدٌ فِی

التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالصِّدِّیْقِ وَالْفَارُوْقِ وَذِی النُّوْرَیْنِ وَالْمُرْتَضٰی آئمه رِضْوَانَ اللّٰهِ تَعَالٰی اَجْمَعِیْنَ : بِحَقِّ شَیْخ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیلانی سَخِّرلِی مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَمِنْ اَهْلِ الْاَرْضَیْنِ بِقُدْرَتِكَ یَا قَدِیْرُ الْقَادِرِیْنَ وَبِحُكْمِكَ یَا اَحْكَمَ الْحَكِمِیْنَ وَبِحُكْمِكَ یَا اَحْكَمَ الْحَكِمِیْنَ یَا قَدِیْرُ یَا حَكِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ﴾

اسم اعظم آیت الکرسی کے تصرف کے خواص

وبرکات اور وظیفہ وغیرہ کی طاقتیں

شروع بروز جمعرات عروج ماہ قمری میں بعد از نماز فجر رو بقبلہ ہو کر حضور اکرم ﷺ پر سو بار درود شریف پڑھے۔ پھر بہ روح حضرت غوث الاعظم سورۃ فاتحہ سورۃ اخلاص گیارہ گیارہ بار پڑھ کر بطریق اسم اعظم آیت الکرسی چار چار مرتبہ اول بطرف دھوپ مغرب پھر شمال پھر جنوب پھر شرق ہر چار طرف منہ کر کے پڑھے۔ پھر رو بقبلہ ہو کر اکتالیس بار اسم اعظم آیت الکرسی پڑھ کر پھر سو بار درود شریف کا ورد ضرور یکسو ہو کر پڑھیں۔ اس طرح روزانہ بلا ناغہ ہمیشہ ورد رکھیں۔ چند روز میں تسخیر خلائق اور حاضرات مخلوق اور فتوحات غیبی کے دروازے کھل کر تنگ دستی فقر و فاقہ سے خوشحال ہو جائیں گے۔ اور تمام مخلوق کی نظروں میں عزیز ترین رہیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اگر ملوک وسلاطین یا مطلوب خاص کو مسخر کرنا چاہیں تو حسب طریق بالا اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر مطلوب کی صورت اپنی آنکھوں میں حاضر کر کے اکتالیس (41) روز اول یا تین روز میں حاضر ہو کر ہمیشہ کے لیے مطیع و فرمانبردار ہو کر غلام بے دام ہو جائے گا۔

اگر کسی بھی مجلس میں جانے سے قبل اول و آخر سات بار تازہ پانی پر سات مرتبہ دم کر

کے اپنے منہ پر مل کر مجلس میں جائے تو تمام اہل مجلس باادب تعظیم و تکریم سے پیش آئیں گے اور دشمنوں اور حاسدوں کی زبانیں بند ہو جائیں گی۔ اگر بطور حصار بوقت خواب چار چار بار پڑھ کر اسے چاروں طرف دم کر دیں تو مؤکلات آیت الکرسی، دیو پری، جن بھوت، چڑیل اور ہر اذیت ناک جانور اور دشمنوں کے ہر حربہ سے حفاظت کریں گے بفضل خدا تعالیٰ۔

عمل ہذا اکثر امراء وزراء ملوک، سلاطین علماء حکماء فقراء اور اولیائے کرام کا معمول رہا ہے جس کے تصرف سے جمیع خلائق ان کو عزیز ترین رکھتی ہے۔

فوائد اسم معظم و مکرم آیت الکرسی کے لاتعداد ہیں۔ مختصر تحریر کیے جاتے ہیں۔ باقی خواص و فضائل ورد کرنے والے پر خود منکشف ہو جائیں گے۔ خداوند تعالیٰ آپ کو ہر قسم کی کامیابی عطا فرمائے۔

چور کا اندھا ہونا

اگر بوقت سونے کے ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے زور سے تالیاں مارے جہاں تک تالیوں کی آواز پہنچے گی اس جگہ تو چور، ظالم، ڈاکو ہرگز نہیں آ سکے گا۔ اگر اس حد میں آ جائے تو اندھا ہو جائے گا۔ باہر اس حد سے نکل نہیں سکے گا۔

اسمائے خاتم خیر

ان سے بھی بہت کام لیے جا سکتے ہیں۔ سریانی زبان کے حروف اسم الٰہی میں خداوند تعالیٰ کے یہ اسم اعظم ہیں۔ اس سے عامل ہر کام لے سکتا ہے۔

ق	ھے	اااآ	م	ااآ
ج ز	ل	ش	ط	خ

صفات

اگر کسی سے ملاقات کو جانا ہو تو مشک و زعفران سے ان حرفوں کو لکھ کر دھو کر ایک شیشی میں رکھیں۔ جب کسی کی ملاقات کو جانا ہو تو تھوڑا سا اس میں سے منہ پر مل لے جس کے پاس جائے گا یا جو دیکھے گا۔ اس سے نہایت محبت و اخلاق سے پیش آئے گا اور مخلوق پر تمہارا رعب ہوگا۔ ہر شخص تمہارا استقبال کرے گا۔ انشاءاللہ

دوسرا اسمائے خاتم سریانی زبان

بڑے بڑے عاملوں اور جامع صوفیوں میں اس خاتم کو بڑے انداز میں دیکھا گیا ہے۔

ااااآ	#	م	ااآ	٥
ش	ت	ط	خ	ف

شمخیائیل حال اسرافیل میطظرون توکلوا یا خدام هذه الا سماء فلاں کا کام ہو جائے۔

جو کچھ آپ کا ارادہ ہو یہاں پر لکھ دے وہی مطلب سو فی صد بر آئے گا۔ مجرب در مجرب ہے۔

عمل فتح مندی

چاند کی پہلی رات کو اسم یَا مُنْعِمُ کو 4400 بار مع اول و آخر درود شریف کا ورد کریں تو اس اسم کی زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔

ہر چیز کی خود حفاظت

اگر چوروں سے بچنا ہے یا کسی اور نقصان سے بچاؤ کے لیے ایک کاغذ پر لکھ کر صندوق یا دیگر سامان وغیرہ میں یہ اسماء وغیرہ رکھ دیں۔ تو ہر قسم کے نقصان سے وہ چیز محفوظ رہے گی اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گی۔ انشاءاللہ وہ اسماء یہ ہیں۔

﴿ اَللّٰهُ حَفِيظٌ لَطِيفٌ ۔ قَدِيرٌ بسم اُدُمىٌّ حَسَنٌ قَيُّرْمٌ لَا

یَنَامُ۔ ﴾
خدا خود اس کی حفاظت کرے گا۔

دس اسماءِ شریف باری تعالیٰ

توریت کے باب توحید کی بیسویں آیت میں لکھا ہے کہ یہ دس نام تبارک تعالیٰ کے بہت بلند فضیلت رکھتے ہیں۔ جو شخص ان ناموں کو بمعہ درود اول و آخر گیارہ گیارہ بار اور ان دس اسماء کو پانچ سو مرتبہ پڑھے اگر وقت نہ ہو سکے تو ایک تسبیح ضرور پڑھے۔

شَرُ الوالذَ رعی جو سَا منوعًا
عَالِمًا طیوسُونًا سَلیخا مُلِیخاً
مَلقُومًا یَا قَیُّومُ بِحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ
وَبِحَقِ حٰمٓعٓسٓقٓ ط

کوئی دشمن یا کوئی بلا اس کے اوپر حملہ آور نہیں ہو سکتی اور خصوصاً ان ناموں کے پڑھنے سے ہر قسم کی مفلسی دور ہو کر چند ماہ میں پڑھنے والا تونگر ہو جاتا ہے کیونکہ ان ناموں میں مثل مقناطیس کے جیسے اثر ہے۔ ہر برائی کو دور کرتا ہے۔ ہر بھلائی بھاگتی چلی آتی ہے۔

برائے بیداری وقت مقرر پر

اگر کوئی رات کے کسی وقت میں بیدار ہونا چاہتا ہو تو سوتے وقت سورۃ کہف کے آخری رکوع میں ان الذین آمنو تا آخر سورۃ تک ان چاروں آیات کی تلاوت تین تین بار کرے۔ پھر کہے اے اس آیت شریف کے خادمان مجھے فلاں وقت پر جگا دینا بابرکت ان آیتوں کے انشاء اللہ تعالیٰ وقت مقررہ پر بیدار ہو جاؤ گے۔ مجرب ہے۔

دیگر برائے بیداری وقت ضرورت

اکثر بزرگوں کو دیکھا گیا ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے لیے یا تہجد پڑھنے کو وقت مقررہ پر اپنا

ام ے گا اور سوتے وقت کہے گا کہ مجھے فلاں وقت پر بیدار کر دینا ضروری ہے۔ فی الحقیقت یہ بھی
ہے فوراً وقت پر بیدار ہو جائے گا۔

برائے زبان بندی حاسدان

اگر حاسدان کی زبان بندی کرنا چاہتے ہو تو جب چاند منزل میں ہو رہا ہو یا قمر در عقرب ہو۔ یا قمر تحت الشعاع میں ہو تو یہ عمل زبان بندی کا کریں۔
منہ میں تھوڑی سی موم رکھ کر کسی سے بات نہ کریں۔ خاموش تنہائی کی جگہ میں بیٹھ کر حروف صوامت کے ساتھ بمعہ نام والدہ جس کی زبان بند کرنی منظور ہو لکھ کر تکسیر کر کے جب تمام حال آئے تو پھر تمام حروف مرکب کر کے مطرب کریں پھر ایک سکہ کی پتری پر لکھ کر تختی کے حاشیے پر لکھیں۔

بستم ہوش و عقل و گوش و زبان
و حواس و احساس ظاهری و باطنی
فلاں بن فلانہ کی بستم شود

اور پھر اس پترے کو اندھیری کوٹھری میں وزن کے نیچے دبا دیں۔ پس حاسد کی زبان بند ہو جائے گی کہ بات بھی نہ کر سکے گا۔ حروف صوامت یہ ہیں۔
ا د و ہ ط ک ل م س ع ص ر

دوسرا طریقہ برائے عزت و سرخروئی

اس تعویذ کو لکھ کر دعائے برھتیہ پڑھ کر دم کر کے تعویذ بنا کر پاس رکھے۔ ہر قسم کی ذلت اس شخص کی طرف رخ نہ کرے گی اور ہر قسم کی ذلت اس شخص کی طرف رخ نہ کرے گی اور مدام خوش و خرم عزت و حکمت سے زندگی بسر ہوگی۔ انشاء اللہ اس کے ہر قسم کے دشمن کی ذلت ہوگی اور اہل دلدار ہوں گے اگر حکمران کے سامنے جائے گا مثل موم کے حاکم ہو جائیں گے اور تمام مخلوق اس کی ماں باپ کی طرح خدمت کریں گے۔ جہاں جائے گا مخلوق کی نظروں میں عزیز رہے گا۔

۷۸۶

بسم	اللّٰہ	الرَّحمٰن	الرَّحیم
اللّٰہ	الرَّحمٰن	الرَّحیم	بسم
الرَّحمٰن	الرَّحیم	بسم	اللّٰہ
الرَّحیم	بسم	اللّٰہ	الرَّحمٰن

عزمت علیکم یا معشر الجن والانس

وشیاطین والارواح ان تجعلوا

عمل باموکل کے متعلق خصوصی ہدایات

یوں تو ہر عمل باموکل ہوتا ہے۔ کیونکہ ہر آیت اور اسم بلکہ ہر حرف کے موکل ہوتے ہیں۔ جس کی تلاوت کرنے سے وہ موکل جو اس حرف یا اسم کے تابع ہوتے ہیں۔ اللہ کے حکم سے عامل کے کام کو سرانجام دیتے ہیں۔ مگر اصطلاح عاملین میں عمل باموکل اُسے بولتے ہیں۔ جس کے ذریعہ موکل عامل کے سامنے بطریقہ عمل اچھی یا خوفناک شکل میں ظاہر ہو کر عامل کی اطاعت کا وعدہ کرتا ہے اور آئندہ کے لیے اس کو بلانے کا طریقہ دریافت کیا جائے تو وہ طریقہ بھی خود ہی بتاتا ہے۔

موکل کی اقسام:

ہر اسم کے پانچ موکل ہوتے ہیں۔ موکل علوی جمالی۔ موکل علوی جلالی۔ موکل سفلی جمالی۔ موکل سفلی جلالی۔ موکل قدسی۔

موکل قدسی کو تابع کرنا:

موکل قدسی، اہل تقوی یا اہل اللہ ہی تابع کر سکتے ہیں۔ ہر ایک کی طاقت سے باہر ہے۔

موکل علوی جلالی وجمالی:

اہل اسلام بالفاظ دیگر صحیح العقیدہ ہونے کی قید ہے بصورت دیگر اس میں کامیاب نہیں ہوتے بلکہ کتب اعمال سے کوئی عمل کریں بھی تو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔

موکل سفلی جلالی وجمالی:

موکل سفلی جلالی وجمالی میں کسی کی قید نہیں ہر ایک فرد کر سکتا ہے۔ مگر عام طور پر عمل سفلی موکل میں عامل ناجائز امور کی طرف زیادہ مائل رہتا ہے اور موکل سے بھی ایسے ہی کام لیتا ہے۔ جس کی وجہ سے عقل وخرد کے ساتھ جانی ومالی نقصان بھی اٹھانا پڑتا ہے۔ اگر صرف جائز امور میں ان سے کام لیا جائے تو کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہیں۔

نیت کا اخلاص:

عمل باموکل علوی جمالی وجلالی کرتے وقت نیت صادق ہے۔ تو اس کا عامل امور خیر کی طرف مائل ہوتا چلا جائے گا۔ یہاں تک کہ موکل اس سے مانوس ہو کر تابع ہو جاتے ہیں۔

ہدایات عمل باموکل:

عام طور سے عمل باموکل کی طرف زیادہ نظریں اٹھتی ہیں۔

اس سلسلے میں چند ہدایات درج ذیل ہیں۔

پرہیز ترک جلالی وجمالی:

ہر عمل باموکل میں تحریر ہو یا نہ ہو ترک جلالی وجمالی ضروری ہے۔ جس طرح عمل سے اول وآخر درود شریف 3 بار یا 7 بار یا گیارہ بار پڑھنا ضروری ہے۔

دل زبان اور آنکھوں کی حفاظت:

قلب وزبان وچشم کا ممنوعات شرع سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔

پاک صاف رہنا:

پاکیزگی وطہارت کے ساتھ اچھی خوشبو میں بسا ہونا ضروری ہے۔ کہ موکلین پاکی وطہارت اور خوشبو کو بہت پسند کرتے ہیں۔

قلبی صفائی:

جسم ولباس کی پاکی کے ساتھ قلب ونیت کی پاکی بھی شرط ہے۔ کسی ناجائز خیال کو دل میں جگہ نہ دیں۔ ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔

عمل باموکل کا احسن طریقہ:

ان شرائط وہدایات پر عمل کرنے کی صلاحیت عمل کرنے کی صلاحیت قابلیت اور اہلیت وقدرت ہو۔ جب بھی فقیر کی رائے یہ ہے کہ عمل باموکل کرے تو موکل کو تابع یا سامنے حاضر ہونے کی نیت سے نہ کرے۔ عامل کا مقصد یہ ہو کہ ہمارا فلاں کام مثلاً ادائیگی قرض، ملازمت کا ملنا، فلاں شخص جو غائب ہے حاضر ہو۔ فلاں کی بیوی میکے میں بیٹھ گئی ہے۔ شوہر کے گھر آجائے وغیرہ وغیرہ۔ یہ تمام امور موکل کی حاضری کے بغیر بھی پورے ہو سکتے ہیں۔ تو پھر کیا ضرورت ہے کہ موکل کو اپنے تابع ہی کیا جائے۔ ایسی صورت میں کسی عمل باموکل کو تین یوم یا حسب ہدایت جتنے دنوں کا ہو باشرائط کریں۔

اسم عمل یابدوح باموکل

عمل یابدوح جتنا آسان ہے اتنا ہی مشکل ہے۔ کیونکہ اس عمل میں رجعت بہت جلد ہوتی ہے۔ اگر پیر باتصرف یا پابند شرع ہے یا اس اسم کے عامل کی اجازت سے شروع کرے تو رجعت سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ اگر بدوح کے بجائے بدو پڑھا یا بدھو یعنی بڑی ح کے بجائے دوچشمی ھے پڑھے گا تو نقصان کا امکان زیادہ ہے۔ اگر یابدو پڑھے گا تو وہ گھر وہ بستی ویران ہوجائے گی۔ یا وہاں کے باشندے طرح طرح کی مصیبتوں اور پریشانیوں کا شکار ہوں گے اور یابدوح پڑھے گا تو اس گھر یا گاؤں میں آگ لگ جائے گی۔ اس عمل کا اثر بہت دیرپا ہے۔ اس لیے اس سے نفع نقصان کا اثر بھی دیر سے ظاہر ہوتا ہے اور ایک چلہ کا اثر برسوں باقی رہتا ہے۔


یہ عمل لیلی (رات کا) ہے دن میں پڑھنے کے بھی بُرے اثر ظاہر ہوں گے۔ ان وجوہ کے پیش نظر ہر ایک کو جو اس کا اہل نہ ہو یہ عمل نہ کرنا چاہیے اور جو شخص کسی کو انتقاماً یہ عمل بتائے گا جس طرح اکثر حاسد اور دشمن کسی کو برباد کرنے کے لیے ہمدرد بن کر شراب اور جوئے کا عادی بنا دیتے ہیں اگر کسی نے ایسا کیا تو جو نقصان پڑھنے والے کو ... ہوگا۔


عمل یابدوح کے ذریعہ تسخیر خصوصی اور تسخیر عمومی دونوں کام لیے جاسکتے ہیں۔ یہ عمل ہر دو کام میں مجرب ومشہور ہے۔ یہاں صرف تسخیر عمومی کے طریقے درج کیے جاتے ہیں۔


پہلا طریقہ:

تسخیر عمومی کے لیے تین چلے بطریق افضل پرہیز شرعی پڑھے اور طہارت کی پابندی کرے۔ اول چلے میں یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ چار ہزار بار روزانہ بعد مغرب سے وقت طلوع فجر تک وقت کی پابندی سے پڑھے۔ اول وآخر درود شریف 41 بار دوسرے چلے میں یا جبرائیل یا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْح 400 بار اول وآخر درود شریف 21 بار۔ تیسرے چلے میں یا جِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْعَمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ 40 بار۔ اس عمل کو خواہ بطریق اکمل پڑھے یا بطریق اجمل یا بطریق افضل۔


پہلے دن ختم کرنے پر ان گیارہ نقوش پر نظر ڈالے اور جس پر دل قائم ہو اسی نقش کو 20 عدد لکھے۔ 19 کو آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے۔ آخری کو دم کر کے اپنے پاس رکھے۔ اس کے بعد نمبر وار ہر نقش کو 20 عدد لکھیں۔ 19 دریا میں ڈالے۔ آخری دم کر کے پاس رکھے۔ نمبر وار سے مراد یہ ہے کہ اگر پہلے دن 10 نمبر کا نقش لکھا ہے تو دوسرے دن 11 نمبر کا تیسرے دن 1 نمبر چوتھے دن 2 نمبر، اسی ترتیب سے لکھتا رہے۔ عمل کا ایک چلہ ہو یا 3 جب بھی عمل ختم ہو۔ اس دن کا جو نقش ہے وہ عمر بھر کے لیے ہے۔ وہ آخری نقش اپنے پاس رکھے۔ اس سے پہلے کہ جو نقش جمع ہو چکے ہیں ہر نقش کو 24 گھنٹے اپنے پاس رکھے۔ ایک منٹ کو بھی جدا نہ کرے۔ جب دوسرے دن دوسرا نقش لکھ کر باندھ لے تب پہلے کو کھول کر رکھ لے۔ یا کسی حاجت مند کو دیدے تسخیر اور روزگار کے لیے مفید ہوگا۔ یہ جمع شدہ نقوش ختم ہونے کے بعد جب بھی کسی کو لکھ کر دے تو وہی نقش جو آخری دن اُسے ملا ہے دے۔








٨	٧	١٠
٦	٢	٣
٢	١	٦





(بحوالہ: کرشمات مؤکلات)



عمل سورۂ اخلاص سے مؤکل تابع کریں

یہ عمل عجیب ترین ہے۔ حل مشکلات کے ساتھ فرحت قلبی بھی حاصل ہوتی ہے۔ مگر وہ حیرت انگیز مناظر دیکھتا ہے۔ جس سے نظر ہٹانے کو دل نہیں چاہتا۔ اگر اہل ذوق چاہیں تو اس کی دعوت بھی دیں۔ مگر خلوت اختیار کرنا ہوگی۔ کسی سے کلام نہ کرے۔ ایک پرہیزگار خادم رکھیں۔ کہ وہ ضروریات کو انجام دے، غذا میں صرف بھنے ہوئے چنے یا جو کی روٹی کھائے۔ باقی ہدایات ترک جمالی و جلالی میں ملاحظہ فرمائیں اور اس پر عمل کریں۔ 15 دن کی خلوت میں چھ ہزار بار بطریق مذکور ذیل پڑھیں۔ دن میں روزہ رکھیں۔ 400 بار روزانہ دن رات میں پڑھیں۔ باقی اوقات میں درود استغفار پڑھیں یا سوئیں اور قضائے حاجت کے لیے 600 بار ایک دن رات میں 300 بار ہر سہ روز پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف 41 بار۔

طریقہ یہ ہے۔

﴿ اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ اللّٰهُ الصَّمَدُ يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ مَنْ لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ اَنْ تَجِيْئُوْا لِيْ اِنِّيْ مَا اُرِيْدُ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴾

جب 200 کی تعداد پوری ہو جائے یا ایک دن میں 600 کی تعداد پوری کرتا ہو تو ہر 200 کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھیں۔

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا .... السُّوْرَ الشَّرِیْفَۃَ
اَنْ تُجِیْبُوْلِیْ مَا تُجِیْبُوْلِیْ مَا تَعْتَدُوْنَہٗ اِلاَّ مَا اَسْرَعْتُمْ
الْاِجَابَۃَ بِدَعْوَتِیْ وَ بِطَاعَتِیْ فَاَسْرَعُوْا وَاحْضِرُوْا
اَطِیْعُوْا بِحَقِّ قَوْلِہٖ تَعَالٰی اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ
الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ
دَاخِرِیْنَ۔

اس عمل کو شروع کرتے ہی تین موکل عامل کی مدد کے لیے متعین ہو جاتے ہیں اور جب تک عامل کی ضرورت پوری نہ کر دیں واپس نہیں جاتے۔ اگر عامل کی ذات یا بات کی وجہ سے کسی مومن مرد یا عورت کا دل نہیں دکھا ہے اور ان کی آہیں اس وقت حائل نہ ہوں تو موکل کی وجہ سے کسی مومن مرد یا عورت کا دل نہیں رکھا ہے اور ان کی آہیں اس وقت حائل نہ ہوں تو موکل سامنے حاضر ہو کر یوں کہتے ہیں۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ اس کے جواب میں یوں کہے وَ عَلَیْکُمُ السَّلَامُ یَا عِبَادَ اللّٰہِ پھر وہ سوال کریں گے کہ تو نے ہم کو کس لیے یاد کیا ہے۔ اب اختیار ہے کہ اُن سے اپنی حاجت بتلا دے جائز و محمود ہو گی تو فوراً پورا کریں گے اور اگر موکلین کو تابع کرنا ہے تو ان سے یہ کہے کہ میں چاہتا ہوں کہ تم کو جب یاد کروں حاضر ہو اور میرا کام ہوا انجام دو۔ اس پر وہ کوئی شرط پیش کریں گے اگر تم نے اُسے پورا کرنے کا وعدہ کیا تو وہ بھی خادم رہیں گے اور جب بھی اس میں کوتاہی برتی۔ موکل حاضر نہ ہوں گے۔

......☆☆☆......

ہمزاد تابع کرنے کا موثر طریقہ

جب ہمزاد تابع کرنے کا ارادہ ہو تو ایک ہفتہ پہلے مچھلی اور ہر طرح کا گوشت چھوڑ دیں۔ روزانہ غسل کریں۔ پانچوں وقت کی نماز باجماعت پڑھیں۔ کھانا پیٹ بھر کر نہ کھائیں۔ کوشش کریں کہ 8 دن تک جو کی روٹی کھائیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو سادی غذائیں اور اُبلی ہوئی ترکاریاں استعمال کریں۔ عشاء کی نماز کے بعد سورۂ اخلاص روزانہ تین سو مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ چالیس نمازیں باجماعت ادا کرنے کے بعد تو چندی قمرات یا اتوار یا پیر کو روزہ رکھیں اور کسی تالاب کے کنارے پر بیٹھ کر سات ہزار مرتبہ "اللہ الصمد" اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے بعد یہ نقش لکھیں اور تالاب یا حوض کے کنارے اسے کھلا چھوڑ دیں۔ یہ نقش آتشی چال سے پُر کریں۔ لگاتار پانچ دن تک یہ عمل کریں یعنی روزہ رکھیں۔ روزے کی حالت میں تالاب یا حوض کے کنارے جائیں۔ سات ہزار مرتبہ اللہ الصمد پڑھیں اور نقش لکھ کر اس کو کھلا تالاب کے یا حوض کے کنارے چھوڑ آئیں۔ پانچویں روز شام تک کہیں بھی کسی شخص سے بالکل تنہائی میں ملاقات ہو گی۔ یہ ملاقات گھر کے اندر کمرے میں بھی ممکن ہے اور سر راہ چلتے وقت بھی جب کہ عامل تنہا چل رہا ہو۔ یہ شخص عامل کے ہم شکل ہو گا اور عامل سے یہ سوال کرے گا کہ تم ہمزاد کیوں تابع کرنا چاہتے ہو۔ عامل کو جواب دینا چاہیے کہ میں ہمزاد اچھے کاموں میں تعاون اور خدمت خلق کے لیے تابع کرنا چاہتا ہوں۔ ہمزاد یہ سن کر کچھ شرطیں پیش کرے گا۔ عامل جن شرطوں کو پوری کر سکتا ہے وہ اس کو مان لینی چاہئیں۔ اگر شرطیں مشکل ہوں تو ان کا انکار کر دینا چاہیے۔ جب وہ تابع ہو جانے کا عہد کر لے تو عامل کو چاہیے کہ اس سے حاضر ہونے کا طریقہ پوچھ لے۔ ہمزاد کا عمل عامل کو پوری رازداری کے ساتھ کرنا چاہیے۔ ورنہ ہمزاد حاضر نہیں ہو گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۲۱۴	یا مدو قائیل احضرو	۱۰	۵
۹	۶	احضروا احضروا	۳	۲۱۳
۷	۱۲	بحق یا جبرائیل	۲۱۰	۲
۲۱۱	۱		۸	۱۱

ہمزاد تابع کرنے کا آسان طریقہ:

کاغذ کے چار ٹکڑوں پر یہ عبارت لکھو۔ قارون، فرعون، شداد، نمرود، ہامان، ابوہم شیطان۔ رات کو پلنگ پر سوؤ اور پلنگ کے ہر پائے کے نیچے ایک ٹکڑا کاغذ کا رکھ لو۔ صبح کو اُٹھ کر اُن تمام ٹکڑوں کو جلا دو۔ اگلی رات پھر اسی طرح لکھو اور صبح کو جلا دو۔ کچھ دنوں کے بعد لگاتار یہ عمل کرنے سے خواب میں ہمزاد سے باتیں شروع ہو جائیں گی۔ جو عامل کے ہر سوال کا جواب دے گا۔ اس عمل کی خوبی یہ ہے کہ اس میں کچھ پڑھنا نہیں ہے اور کسی طرح کا کوئی پرہیز بھی نہیں کرنا ہے۔

ہمزاد تابع کرنے کا آزمودہ طریقہ:


﴿قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔﴾

اس آیت کو 371 مرتبہ روزانہ رات کو پڑھیں اور پڑھتے وقت اپنے سائے پر نظر رکھیں اور چراغ جلا کر عمل سے پہلے اپنی پشت پر رکھ لیں۔ 41 دن اس عمل کو جاری رکھیں اور ترک حیوانات کریں۔ انشاء اللہ پہلے ہی میں ورنہ دوسرے چلے میں ہمزاد روبرو حاضر ہو گا اور تابع ہو جائے گا۔ بہت ہی قیمتی عمل ہے اور آزمودہ بھی ہے۔

خواب میں حقیقت معلوم کرنا:

یہ عمل خواب میں حقیقت حال معلوم کرنے کا ہے۔ اس میں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ بہت ہی آسان عمل ہے۔ مندرجہ ذیل نقش 4 عدد لکھ کر چارپائی کے چاروں کونوں میں دبا دیں اور 41 مرتبہ یہ پڑھیں۔ "کالی چڑی دس بھری آنت فی امری" آخر میں ایک بار یہ کہیں کہ اے میرے ہمزاد اگر تو نے فلاں مسئلے میں مجھے آگاہ نہیں کیا تو قیامت کے دن میں تیرا گریبان

پکڑوں گا۔ نقش یہ ہے۔



گیارہ روز عمل:

یہ عمل 11 دن کا ہے۔ عمل کے دوران مکمل تنہائی اختیار کریں۔ کسی سے ملاقات نہ کریں۔ نیز بیوی کے ساتھ مجامعت سے مکمل پرہیز کریں۔ عمل بالکل الگ تھلگ مکان یا کمرے میں کریں۔ شروع کے سات دن تک روزہ رکھیں۔ سحر و افطار میں بہت معمولی غذا استعمال کریں۔ عمل کے دوران بخورات روشن کریں۔

یہ عمل سیاہ لباس ہی میں کامیابی سے ہمکنار ہوتا ہے۔ اس لیے اس عمل کے لیے سیاہ لباس سلوالیں۔ رات کو عمل کے وقت اس لباس کو پہن لیں۔ بصورت قعدہ بیٹھ کر عمل شروع کریں۔ عمل کو ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ عمل کے بعد اسی مکان کے صحن میں لیٹ جائیں۔ اگر سردی کا زمانہ ہو تو اسی کمرے میں لیٹ جائیں۔ آخری دن سیاہ لباس میں ہمزاد حاضر ہو کر ہمکلام ہو گا۔

عمل کی عبارت یہ ہے۔

﴿يَا هَمْزَادًا۔ هَمْوَا قًا يَا هَمْزَادًا۔ هَمْهُوْقًا۔ يَا هَمْزَادًا قَقْهُوْقًا۔ يَا هَمْزَادًا هَقْهُوْقًا۔ يَا هَمْزَادًا هَمْهُوْ قًا يَا هَمْزَادًا قَمْهُوْ قًا يَا سَرِيْعًا سَرِيْعًا سَرِيْعًا۔﴾

اکیس روز میں ہمزاد تابع کرنا

اس عمل کو بستر پر لیٹ کر آنکھیں بند کر کے دو ہزار مرتبہ پڑھے۔ جلالی اور جمالی پرہیز

رکھے۔ عمل مکمل اندھیرے میں کرے تو بہتر ہے۔ اس عمل میں حصار وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ کانوں میں روئی وغیرہ لگالیں۔ عمل آہستہ آہستہ پڑھیں اور دوران عمل لمبے لمبے سانس لیں۔ اس عمل کو لگاتار 21 روز تک جاری رکھیں۔ آخری دن ہمزاد حاضر ہو کر تابع ہو جائے گا۔

عمل کی عبارت یہ ہے۔

﴿ اَهَانًا وَ هُوْدًا۔ آهيًا همارًا همزادًا تخميثًا رحيقًا وحيدًا اشراهيًا۔ هُواقًا هيمثا دُودًا ليمحًا كيمحًا كُوْراشًا واذاشًا رينمهكَ جهمًا وجيمًا بونًا۔ ﴾

گیارہ دنوں میں ہمزاد تابع کرنا

یہ عمل بھی صرف 11 دن کا ہے۔ اس عمل کو نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ عمل سے پہلے آیت الکرسی 11 مرتبہ، چاروں قل تین تین بار پڑھ کر اپنا حصار کرلیں۔ زمین پر بیٹھ کر عمل کریں اور عمل کے دوران اپنی آنکھوں کو بند رکھیں۔ عمل کی تعداد ایک سو گیارہ ہے۔

عمل کی عبارت یہ ہے۔

﴿ اَسْئَالُكَ كَشَفَ حِجَابَ الغيب بما فيه حتّٰى اشاهد الرّوح الباقي۔ اٰه اٰه اٰه انت يا حيي يا قيوم يا نور السّمٰوٰتِ وَالْاَرض وَمَا بينهما ربّ العرش العظيم انْ تصلّي وتسلم على سيّدنا محمّد وان فكشف لي عن اسرارِ اسمائك وان تسخر لي همزاد بالاطاعةِ وقلبي لكَ بالعبادةِ وان ترزقني انوار هدايتك ومعرفة اسرارك حتّى اكون بتهجا بما هو ما يظهرُ مِنْ لطفك يا لطيفُ الطف يا ارحم الرّحمين۔ ﴾

ان شاء اللہ گیارہویں دن ہمزاد حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا۔ حسب قاعدہ اس سے قول و قرار کریں۔

(بحوالہ طلسم خانہ عملیات)

☆☆☆

مراقبہ

تمام خیالات کو ذہن سے نکالتے ہوئے نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ذہن کو اپنے قابو میں کرکے توجہ اور دھیان کو ایک مرکز پر جمع کرکے اپنے اندر کی روحانی قوتوں کو بیدار کرنے کے لیے مراقبہ کیا جاتا ہے۔

مراقبہ کی تعریف:

مراقبہ ایک ایسی حالت و کیفیت کا نام ہے جس میں مراقبہ کرنے والا اپنے اندر کے احساس اور شعور کو بیدار کرکے اسے فطرت کے تمام پہلوؤں سے روشناس کراتا ہے جس سے اس کی روحانی قوتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس میں وہ قوت پیدا ہو جاتی ہے جس سے وہ خیالات کو اپنے کنٹرول میں کرلیتا ہے اسے نہ صرف اپنے خیالات پر کنٹرول حاصل ہو جاتا ہے بلکہ وہ حالت مراقبہ میں دوسروں کے ذہن کے اندر بھی جھانک سکتا ہے۔ روحانی علوم کے حصول کے لیے مراقبہ نہایت ضروری ہے بلکہ نقطہ آغاز ہے اس کے بغیر نہ تو کسی بھی ماورائی علم کو حاصل کرنے کی واقفیت ہوسکتی ہے اور نہ ہی اس درجہ کمال تک پہنچا جاسکتا ہے۔

مراقبہ کے لیے ضروری ہدایات


مراقبہ کرتے ہوئے درج ذیل ضروری باتوں کا خیال رکھا جائے تو بفضل باری تعالیٰ مقصد میں کامیابی جلد ہوتی ہے۔

- جسمانی صفائی کا لحاظ رکھتے ہوئے غسل کرے۔
- پیٹ بھرا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔
- ایسی جگہ مراقبہ کیا جائے جہاں کا ماحول نہایت پرسکون ہو۔

- مراقبے کے دوران کسی طرح کی خلل اندازی اور دخل اندازی کا اندیشہ بالکل نہ ہو۔
- مراقبہ کے لیے آلتی پالتی مار کر بیٹھیں یا دو زانو حالت میں بیٹھیں۔
- نہایت پرسکون اور آرام دہ حالت میں بیٹھیں اور اپنے اوپر کسی قسم کا بوجھ نہ لیں۔
- مراقبہ کے لیے ایک وقت مقرر کیا جائے اور روزانہ اسی وقت پر مشق کی جائے۔
- مراقبہ کرتے ہوئے چہرے کا رُخ شمالی جانب رکھا جائے تاکہ شمالی مقناطیسی لہروں سے اچھی طرح استفادہ کیا جاسکے۔
- مراقبہ کرتے ہوئے سب سے پہلے اپنی توجہ کسی بھی چیز پر مرکوز کرنے کی کوشش کی جائے۔
- مراقبہ کا وقت ابتدائی مشق میں کم از کم تین منٹ تا دس منٹ تک ہونا چاہیے۔
- رفتہ رفتہ مراقبہ کے وقت میں اضافہ کرتے جائیں۔
- اگر ابتدائی مرحلے میں توجہ و یکسوئی نہ ہو اور دھیان اِدھر اُدھر بٹنے لگے تو گھبرائیں نہیں بلکہ قوت ارادی سے کام لے کر رفتہ رفتہ خیالات پر قابو پائیں۔
- جب مراقبہ میں درجہ کمال حاصل ہو جائے تو اپنے خیالات کی لہروں کو کسی ایک نقطہ پر مرکوز کر دیا جائے۔
- جب عبور حاصل ہو جائے تو مراقبہ کے دوران ذہن کو جسم سے مکمل طور پر خالی رکھا جائے۔
- جب آپ کو درجہ کمال حاصل ہو جائے تو رفتہ رفتہ اپنی تمام قوت کو اکٹھی کریں تاکہ اصل حقیقت سے آگاہی ہو سکے۔
- مراقبہ کا عمل ختم کرنے کے بعد جسم اور ذہن کو نارمل حالت میں آنے دیں اور قلبی اور جسمانی طور پر طمانیت اور سکون محسوس کریں۔
- ان ہدایات پر عمل کر کے مراقبہ کا عمل نہایت آسان اور کامیابی سے پورا کیا جاسکتا ہے۔

رجال الغیب معلوم کرنے کا آسان طریقہ

نقوش لکھتے وقت یہ دیکھیں کہ رجال الغیب اس وقت کس طرف ہیں۔ اگر یہ سامنے ہوں گے تو کام میں رکاوٹ ہوگی۔ اس لیے جب عمل کے لیے بیٹھیں تو ایسی طرف منہ کریں کہ رجال الغیب آپ کی پشت پر ہوں۔ نیچے نقش میں سمت اور چاند کی تاریخیں درج ہیں۔



رجال الغیب سے عملی استعانت حاصل کرنے کے لیے عمل سے پہلے درج ذیل دعا پڑھے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَۃِ اَغِیْثُوْنِیْ وَ اُنْظُرُوْا اِلَیَّ بِنَظْرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبْدَالُ یَا اَوْتَادُ۔﴾

(بحوالہ امامیہ جنتری، 2010)

مؤکلات کو کسی کے پاس روانہ کرنا

اگر کسی عامل، فقیر، بادشاہ، یا کسی کے پاس روانہ کرنا ہو۔ کسی بھی حاجت کے لیے مؤکل روانہ ہوگا تو باپرہیز جلالی و جمالی۔ یعنی جس چیز میں روح و جان رہتی ہو۔ اس کا گوشت،

مچھلی، انڈا، دودھ، دہی، گھی اور بدبودار اشیاء مثلاً لہسن، پیاز، ہینگ وغیرہ بالکل نہ کھائے۔ دن روزہ رکھے۔ رات کو بعد نماز عشاء جگہ تنہائی میں اول اور آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور دعائے بر ہتیہ ایک ایک بار پڑھے۔ اور سورۃ الناس ایک ہزار بار پڑھے۔ ہر سینکڑے کے بعد دعا پڑھے۔ مثلاً اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو وہ کلمات یہ ہیں۔ جو میں لکھ رہا ہوں۔ ان کلمات کا ورد کرتا ہوگا۔

﴿ اَجِیْبُوْا وَ تَوَ کَّلُوْا اَیُّهَا الْوَاسُ الْخَنَّاسُ وَادْخُلُوْا بِقَلْبِ فلان بنت فلان یا اَلْمُحَبَّةِ وَالْمُودَةِ وَ عطفُوْا اقلبهٗ عَلَیَّ ﴾

تو مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

حاجت روائی کے لیے مؤکل بھیجنا

اگر قضائے حاجات کے لیے کسی کے پاس مؤکل بھیجنا ہو تو بطریقہ بالا اوّل و آخر درود شریف اور دعائے بر ہتیہ پڑھنا لازمی ہے اور سورۃ الناس ہزار بار پڑھتا جائے اور ہر سینکڑے کے بعد یہ کلمات پڑھنا بہت ضروری ہے اور ہر کام سہل ہوگا۔

﴿ اَجِیْبُوْ وَ تَوَ کَّلُوْا اَیُّهَا الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسُ وَادْخُلُوْا عَلٰی فلان ابن فلان فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ اَوْ ضَرِبُوْهُ بِالسُّیُوْفِ وَالْحَرابِ وَاَیْقَظُوْهُ وَسَمَوالَهٗ حَاجَتِیْ وعَرَّفُوْهُ بِاِسْمِیْ کُنْیَتِیْ وَ مَحَلِّیْ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَهِ ط

پس وہ شخص صبح پہنچ کر حاجت روائی کرے گا۔ اگر اپنی محبت میں کسی کی نیند بند کرنی ہو تو سورۃ الناس کے ہر سینکڑے کے بعد یہ کلمات پڑھنا ضروری ہیں۔

وہ کلمات یہ ہیں جو پڑھنے ضروری ہیں۔

﴿ اَجِیْبُوْ وَ تَوَ کَّلُوْا اَیُّهَا الْوَاسُ الْخَنَّاسِ بِعَقْدِ مِ نَوْمِ

فلان بن فلان حَتّٰی لَا یَاْ کُلُ وَ لَا یَشْرَبُ وَ لَا یَنَامُ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ وَ سَخِّرُوْا لِیْ قَلْبَهٗ وَ فُوَادَهٗ وَالبِسُوْا رُوْ حَانِیَتَهٗ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ ط ﴾

اگر عورت ہو تو جہاں قلبہ ہے وہاں قلبہ پڑھیں۔ مطلوب کی اس قدر نیند بند ہوگی کہ کھانا پینا سب کچھ بھول کر کپڑے پھاڑتا ہوا طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔

مؤکلات کے ذریعہ جنات کو حاضر کرنا

ایک پاک صاف نابالغ بچے کی ہتھیلی پر بر خاتم غزالی یا سلیمانی لکھ کر اور لوبان کی دھونی روشن کر کے بچے کی ہتھیلی کو دھونی کے دھوئیں کے مقابل کر کے دعوت بر ہتیہ پڑھتا جائے اور مؤکلات کو حکم صادر کرے کہ ہتھیلی کی انگلی متفرق کر دیں۔ جب انگلیاں الگ الگ دکھائی دیں تو ان کو حکم دے کہ ہتھیلی سر پر رکھ دے۔ جب یہ کام بھی مؤکل کر دیں تب ان سے کہے کہ اس بچے میں حلول کرو اور بچہ کو بغیر تکلیف کے زمین پر لٹا دو۔ فوراً بچہ بے ہوش ہو جائے گا۔ اس وقت بچے پر ایک پاک سفید چادر اوڑھا دیں۔ پھر بچہ کی طرف خطاب کر کے اسماء عہد کو پڑھ کر یہ آیت پڑھیں۔

﴿ وَ قَالُوْا لِجُنُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْ تُّمْ عَلَیْنَا قَالُوْا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِیْ اَنْطَقَ کُلَّ شَیْءٍ اَنطقَ ایها الروح بحَقِّ۔ ﴾

یہ تمام اسماء جو پڑھنے ہیں۔

﴿ اَلَّذِیْ انطق النملة سلیمان بن دَاوٗد عَلَیْهِ السَّلام وَانطق عیسٰے فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا۔ ﴾

اور ضروری ہے کہ ان کلمات کو بار بار پڑھتا رہے۔ یہاں تک کہ وہ بچہ بولنے لگے۔ اس وقت تک پڑھتا رہے۔ اس وقت جو کچھ دریافت کرنا ہو اس سے دریافت کرے۔ صحیح جواب دے گا اور وہ خبر سو فی صد سچ ثابت ہوگی۔ مثلاً غائب یا مسافر یا خزانہ جو معلوم کریں بتائے گا۔ یا دو لشکروں میں حالت معلوم کرنا ہو کس کی فتح ہوگی یا کسی بیمار کا مرض یا دوا معلوم کرنا ہو تو

دریافت کریں۔ فوراً جواب ملے گا۔

جب تمام سوال و جواب سے فارغ ہو جائیں تو مؤکل کو آگے دی ہوئی ترکیب رخصت کر دے۔ بچہ ہوشیار ہو کر اٹھ بیٹھے گا جو شخص اس عمل پر کامیاب ہو گیا وہ دنیا کا بادشاہ ہے۔

خزانہ معلوم کرنا

اگر زمین میں خزانہ معلوم کرنا ہو تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ اسی درخت کی لکڑی لیں جس میں پھل نہ لگا ہو۔ اس لکڑی پر خاتم سلیمانی کے حروف اور سات حروف حال لکھیں پھر جس جگہ خزانہ کا خیال ہو۔ وہاں اس لکڑی کو ڈال دیں اور خشک دھنیا آگ پر روشن کر دیں اور اکیس بار دعوت برہتیہ کو پڑھیں۔ ہر بار مؤکلات کو حکم کریں کہ اس لکڑی کو خزانہ کی جگہ کھڑا کر دیں۔ مؤکلات ایسا ہی کریں گے۔ تم وہاں سے خزانہ نکال لو اور خزانہ نکالنے میں کوئی مانع نہیں اگر جن وغیرہ درپیش ہو تو لوبان ذکر سیاہ روشن کریں اور برہتیہ کو پڑھ کر مؤکلات کو اس کے مانع کے دفع کرنے کا حکم دیں۔ پس ہر قسم کا مانع دفع ہو گا۔ خزانہ نکالنے میں دقت نہیں ہو گی۔

برائے حُبّ

اگر تم معشوق یا مطلوب کو دور دراز سے بلانا چاہتے ہو تو اتوار کے روز روزہ رکھیں اور پاکیزہ مکان میں تنہا بیٹھ کر بیالیس (42) بار دعوت کو پڑھیں اور مؤکلات کو اس کے حاضر ہونے کا حکم دیں اور گوگل اور لوبان کا بخور روشن کریں۔ مطلوب چند ہفتوں میں حاضر ہونے میں بے قرار ہو گا۔

نقش برائے حُبّ

نقش برائے حُبّ مجرب کا یہ بھی نقش ہے۔ نقش لکھ کر دعائے برہتیہ پڑھ کر دم کریں لوہے کے پترے پر لکھ کر آگ میں رکھیں اور لوبان جلائیں۔ مطلوب بیقرار ہو کر فوراً حاضر ہو گا بہت ہی مجرب نقش ہے۔ آنکھ جھپکتے ہی کام دکھائے گا۔

۷۸۶

۲۳۷	۲۳۰	۲۳۳	۲۲۹
۲۳۴	۲۳۰	۲۳۶	۲۳۱
۲۳۱	۲۳۵	۲۳۸	۲۳۵
۲۳۹	۲۳۳	۲۳۲	۲۳۳

«احرق قلب فلان بنت فلانته بعشق محبت فلاں بنت فلانته بیقرار شده حاضر آید بحق هذه الاسماء برهتیه الوحا العجل الساعة الساعة»

ظالم کو بیمار کرنا

اگر کسی ظالم شخص کو بیمار کرنا مقصود ہو تو ایک مچھلی کے پیٹ میں سفیدی گرم بھرے اور ایک کاغذ میں حروف مفردات خاتم بھی لکھ کر اس کے ساتھ رکھے۔ پھر مُردہ کے کفن کا کپڑا اس پر رکھ کر اس پر بھی یہ لکھے کہ اے خدا ان اسماء کے طفیل فلاں بن فلاں کو بیمار کر اور دار چینی کی دھونی دے کر سات بار دعوت کو پڑھ کر دم کرے اور اس مچھلی کو پرانی قبر میں جہاں کوئی جاتا نہ ہو دفن کریں اور خود اس کے نشان کو معلوم رکھے۔ تا کہ وہ شخص ہلاک نہ ہو۔ ورنہ اس کا گناہ عامل کی گردن پر ہو گا یہ یاد رہے۔ کیونکہ عمل سے مارنے والا ایسا ہے کہ جیسے تلوار سے مارنے والا اور جب اس کو تندرست کرنا ہو تو مچھلی کو نکال کر اس کے پیٹ سے سفیدی دور کریں اور کپڑے سے نمک وغیرہ کو دھو ڈالے اور دعوت کو لکھ کر اس شخص کو پلائے۔ اس کے پانی سے نہلائے انشاء اللہ تندرست ہو گا۔

خیر وشُر کے اعمال

معلوم ہو کہ اس دعوت کے ساتھ خیر وشر کے اعمال کئے جاتے ہیں۔ شروط ریاضت اور اعمال کے ساتھ اور عامل جب خیر کا عمل کرے۔ مثال کے طور پر مطلوب کو حاضر کرنا یا بادشاہوں

سے فائدہ اٹھانا یا محبت وغیرہ کے واسطے یا فراخی رزق کے لیے تو ان اعمال کو عروج ماہ کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے اور اچھے بھی ہوتے ہیں۔ اگر شر کے اعمال کرنے مقصود ہوں۔ مثلاً دو اشخاص کے درمیان عداوت ڈالنی ہے، کسی کو بیمار کرنا ہے، ہلاک کرنا ہے یا زبان بند کرنی ہے تب یہ اعمال نزول ماہ میں کرنا چاہئیں۔

محبت کے واسطے

پس اگر تم کسی شخص کو کسی دوسرے پر عاشق کرنا چاہو۔ تب خاتم دعوت کو آگے آ کر لکھ رہا ہوں۔ ایک کپڑے پر لکھ کر یا مطلوب کے پاؤں کی مٹی کو چراغ میں جو بالکل کورہ ہو۔ چنبیلی کے تیل میں چراغ کو روشن کریں۔ دن کو یا رات کو تنہائی کے مکان میں جلوتری اور لوبان ذکر کی دھونی روشن کر کے دعوت کو سات بار پڑھیں۔ مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔

برائے تسخیر حُب

اگر اپنے لیے یا کسی دوسرے کے لیے چاہو کہ مخلوق تم سے محبت کرے تو نار یہ اعظم کے ساتھ ایسے انڈے پر جو مرغی نے پہلا دیا ہو لکھ کر بخور لوبان دے کر دعوت بر بقیہ سات بار پڑھ کر دم کریں اور مؤکلات کو اپنے یا اس شخص کے لیے جس کے واسطے عمل کرنا درکار ہے۔ حکم دیں کہ فلاں بن فلاں سے محبت ہو جائے۔ پس فوراً وہ شخص اس سے محبت کرنے لگ جائے گا۔ لیکن انڈا ایسی جگہ دفن کریں جہاں تھوڑی گرمی انڈے کو پہنچتی رہے۔

تسخیر خلائق

" یَـا مُسْتَطِیْعُ " اس اسم کی ایک سو تیس (130) بار روزانہ صبح کو اول اور آخر میں تین تین مرتبہ درود شریف آخر پر ہمیشہ ورد رکھیں۔ پس ہر وقت مجمع خلائق تمہارے پاس لگا رہے گا۔ اور ہر طرح کا فائدہ آپ کو ملے گا۔ اخلاق بلند رکھیے۔ اگر اس پر ہلکا عمل کرو تو پاؤں کے تلے کی مٹی نہ ملے تب خاتم کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر آگ میں ڈال دیں اور بخور کو روشن کریں مطلوب

حاضر ہو گا۔

کل دُنیا کو تسخیر کرنا

اگر تم اپنے کسی شخص یا تمام مخلوق کے درمیان محبت کرنا چاہتے ہو یا پوری مخلوق کو تسخیر کرنا چاہتے ہو۔ تب خاتم کو مع حروف نار یہ اعظم کے ساتھ اس انڈے پر لکھیں۔ جو مرغی نے پہلا دیا ہو اور اس کو بخور مذکور کی دھونی دے کر دعوت کو سات مرتبہ اس پر دم کر کے آگ میں دفن کریں اور مؤکلات کو اپنے اور اس شخص یا تمام مخلوق کے درمیان محبت کا حکم دیں۔ ساری مخلوق تم سے محبت اور موافقت کرے گی۔ انشاء اللہ۔

مسخر کرنا، زبان بند کرنا

اگر تم یہ سوچو کہ کوئی تمہیں بُرا نہ کہے اور تمہارے مطیع ہوں تو ایسا ہے کہ خاتم کو اور اس کے گرد پوری دعوت مشک اور زعفران اور عرق گلاب کے ساتھ ہرن کی جھلی پر لکھ کر جلوتری اور لوبان ذکر کی دھونی دیں۔ سات بار دعوت پڑھ کر اس پر دم کریں اور مؤکلات کو تمام مخلوق کے مطیع ہونے اور زبان بند کرنے کا حکم صادر اپنے مؤکلات سے کروائیں۔ مؤکلات فوراً حکم کی تعمیل کریں گے۔ عجیب تاثیر مشاہدہ کرے گا۔

مرد بستہ کو کھولنا

اگر مرد بستہ کو کھولنا یا سحر کا دور کرنا یا دیوانہ کو تندرست کرنا چاہتے ہو۔ تب دعوت خاتم کو طریق مذکورہ ہرن کی جھلی پر مشک، زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر عود، جلوتری کی دھونی دیں۔ اور دھونی دیتے وقت سات بار دعوت پڑھیں اور مؤکلات کو دفع و سحر یا مرد بستہ کو کھولنے کا حکم صادر کریں جنات کو دفع کرنے کا حکم دیں۔ ایسا ہی ہو گا بحکم تعالیٰ۔

(بحوالہ حکیم مجید الیاس مؤکلات نمبر)

کرشماتِ موکلات

دنیا میں سب سے بڑا تسخیر اور فتوحات کا عمل

اس دعائے برہتیہ غضب کی تسخیر اور فتوحات ہیں۔ دنیا بھر کی فتوحات کے ہر کام تسلی بخش ہیں۔

حضرت امام زین العابدین اور دیگر بزرگانِ دین کہتے ہیں کہ یہ فتوحات بغیر جنات کی فتوحات اور تسخیر حضرت سلیمان علیہ السلام سے بہت ڈرتے تھے اور جنوں کو بہت جلد حکم ماننے کا حکم دیتے تھے۔ بادشاہ جنات یکتالوس کے منہ سے آگ نکلتی تھی اور بیل کی طرح بڑے بڑے سینگ ہوتے تھے۔ لوگوں کو اپنے منہ سے نکلنے والی آگ سے بھسم کر دیتے تھے اور سلیمان بن داؤد علیہ السلام فرماتے تھے کہ اس دعائے برہتیہ میں بلا کی تسخیر فائق ہے۔

نسخہ تسخیری

دعائے برہتیہ کو ماہ سعیدرات کے بارہ بجے اتوار کی رات کو ہفتہ کی رات بارہ بجے آتی ہے اور اتوار شروع ہوتا ہے۔ بلال کی تسخیر ہے۔ جگہ میں تنہائی لازمی ہے۔ جگہ پاک صاف اور باوضو ہو کر عود لوبان جلا کر اول اور آخر درود شریف سو 100 سو 100 بار اور دعائے برہتیہ 225 بار روزانہ سات دن تک ورد کرے۔ اس دعائے برہتیہ کا عامل ہو جائے گا۔ لیکن جب دعائے برہتیہ پڑھتے ہوئے جمیع ما اجر کم بہ پر پہنچے تو یہ الفاظ بہت ضروری تعداد لازمی قرار دیے گئے ہیں۔ اس کا نام نسخہ تسخیری ہے۔

﴿ وَتَوَكَّلُوْا سَخِّرْلِیْ قُلُوْبُ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ

وَيَحْضَرُوْ لِيْ مِنْ كُلِّ اَوْلَادِ اٰدَمَ وَ بَنَةِ حَوٌّ الْلُمُسَخِّرَاتِ وَالْحَاضِرَاتِ اِلٰى هٰذَا الْمَكَانِیْ وَ جَلْبِ جَمِيْعِ الْمَنَافِعِ وَ وُسْعَتِ الرِّزْقِ ودائِمَ الْفُتُوْحِ وَدفعِ جَمِيْعِ الْمَضَرَّاتِ عَنِّیْ وعن مَا يَحُوْنَهٗ شَفِقَتِیْ بِحَقِّ اِسْمِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ اِحْتَرَقَ مَنْ اَسْمَاءِ اللّٰهِ بِاَ الْمُوْقَدَهِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الَّتِیْ عَاهَدْ تُمْ بِهَا عِنْدَ بَابِ الْهَيْكَلِ الْكَبِيْرِ وَ بِحَقِّ اَهْيًا اِشْرَاهِيًا اَذُوْنِیْ اَصْبَاوْتُ اَلِ شَدَایَ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ط هَيًا اَلْوَحَا ۲ الْعَجَلِ ۲ اَسَاعَةِ ۳ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَ عَلَيْكُمْ۔ ﴾

ملا کر پڑھا کریں۔ اس طرح روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد روزانہ بطور ورد چوبیس 24 بار ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ عامل ہو جانے کے بعد بردبار، خوش خلقی، وسعت حوصلہ اختیار کرے۔ اللہ کی مخلوق دن رات آپ کی مرید ہوتی چلی جائے گی۔ ہزاروں مخلوق کو فائدہ ہوگا۔

عامل کے لیے ہدایات

عامل کو چاہیے، خیرات، یتیموں، بیوگان، مسکین، غرباء، فقراء کو کھانے و لباس سے جس طرح فائدہ پہنچایا جا سکے۔ دن بدن ہر وقت عامل کے پاس مخلوق کا ہجوم لگا رہے گا۔ اگر ایک مرتبہ کے عمل سے کامیابی نہ ہو تو اکل جلالی اور ترک حیوانات کر کے عمل کریں۔ ضرور کامیابی ہوگی۔

اس سے بڑھ کر دنیا میں تسخیر کا کوئی عمل نہیں ہے۔ ہر کام میں کامیابی ہی کامیابی۔ مجید الیاس صاحب سے عام اجازت کی آزادی ہے۔ جس کا دل چاہے عمل میں لا کر فائدہ حاصل کر کے عاجز کو اور بچوں کو دعائے خیر سے نوازیں۔

(بحوالہ حکیم مجید الیاس)

حاضرات

عملیات کی دنیا میں حاضرات کا عمل انتہائی اہمیت کا حامل اس عمل کے دوران عامل کو بعض پابندیوں میں رہتے ہوئے یعنی پرہیز ترک جلالی و جمالی کرتے ہوئے عمل کو کامیابی کے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے استقامت اور ہمت سے کام لینا پڑتا ہے۔ موکلات کو حاضر کرنے کی غرض سے عاملین نے مختلف طریقے بیان کئے ہیں۔ آسیب و جنات اگر کسی کو تنگ کرتے ہوئے اور کسی طرح باز نہ آتے ہوں تو ان کو حاضر کرنے کے لیے حاضرات کا عمل کیا جاتا ہے اور آسیب زدہ کی جان چھڑائی جاتی ہے۔ مختلف کاموں میں معاونت اور مشکل امور میں آسانی کے لیے بھی موکلات کو حاضر کیا جاتا ہے اور ان سے عامل حسب منشا کام لیتا ہے موکلات کے ذریعے دوسرے لوگوں کے کام کروائے جاتے ہیں اس لیے عملیات کے شائقین کے لیے ضروری ہے کہ وہ حاضرات کے عمل کے بارے میں مکمل طور پر معلومات رکھتے ہوں تاکہ ان کو عمل کرتے ہوئے آسانی ہو چنانچہ اسی حوالے سے ذیل میں حاضرات کے چند مختلف طریقے درج کیے گئے ہیں۔

سورۂ مزمل سے حاضرات

یہ نقش سورۂ مزمل کا ہے وہ اس طرح ہے کہ اول زکوٰۃ ادا کرے یعنی شروع ماہ میں روز پنجشنبہ سے شروع کرے ہر نماز کے بعد 3-3 مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد 41 مرتبہ چالیس روز تک متواتر پڑھے اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ چالیسویں روز ایصال ثواب کرے اور مٹھائی تقسیم کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدۂ عامل جب حاضرات کرنا چاہے تو اس سورۃ کا نقش تیار کرے جو کہ مثلث ہے اس کے نویں خانے میں سیاہی بھریں اور وہ نقش مریض کو دیں کہ وہ اس سیاہی بھرے خانہ میں غور سے دیکھے اور عامل سورۃ مزمل پڑھنا شروع کرے چند ساعت بعد اموا کیل حاضر ہونے شروع ہوں جو کہ چار ہوں گے اول کا نام لومائیل ہوگا دوسرے کا نام لوخائیل ہوگا، تیسرے کا نام رویائیل ہوگا اور چوتھے موکل کا نام طاطائیل ہوگا۔ سابقہ قواعد

مطابق حاضرات کرے جنات کو، جنیات کو قید کرے یا جلوائے یا چھوڑ دے یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔ نقش سورۂ مزمل شریف یہ ہے۔

لوخائیل	۷۸۶	لومائیل
۲۲۵۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۳	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱
طاطائیل		رویائیل

چند منٹوں میں حاضرات

یامیکائیل — یاجبرائیل

م	۱۳۵	۱۳۵	۱۳۵
ع	۱۳۵	۱۳۵	۱۳۵
ی		۱۳۵	۱۳۵
و	۱۳۵	۱۳۵	۱۳۵

یا اسرافیل بحقِ معید حاضرات حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا ہے۔ وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے کو گیارہ مرتبہ درود شریف اور 124 مرتبہ یا معیدُ پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ نے حل طلب مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا آزمودہ عمل

یامیکائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

۱۰۶۶۴	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۸	۱۰۶۵۴
۱۰۶۶۷	۱۰۶۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۶
۱۰۶۵۶	■	۱۰۶۶۳	۱۰۶۶۰
۱۰۶۶۴	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۹

یا اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگائیں اور [illegible] سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود شریف اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات نہ ہو۔ جب حاضرات کا نزول ہو جائے تو بچہ [illegible] اپنے تمام مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کریں۔

حاضرات کا مقید عمل

یامیکائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

۱۳۶	۱۴۹	۱۵۴	۱۳۹
۱۵۱	۱۴۰	۱۴۵	۱۵۰
۱۴۱	■	۱۴۷	۱۴۴
۱۴۸	۱۴۳	۱۴۲	۱۵۳

یا اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

[illegible]

مندرجہ بالا نقش کو ایک صاف کاغذ پر لکھیں اور سیاہ خانہ میں عطر گلاب لگائیں اور بچے کو [illegible] غور سے سیاہ خانہ میں دیکھے اور آپ (عامل) بچے پر درود شریف اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر [illegible] پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول [illegible] بچے کے ذریعے تمام تفصیل سے حالات معلوم کریں جو سو فیصد درست ہوں گے۔

حاضرات کا سہل طریقہ

یامیکائیل یاجبرائیل

۱۶	واحد	حبیب	ط
طیب	ی	حوا	ودود
ھو	■	۱۷	وھاب
حی	احد	واجب	حبیب

یاعزرائیل یااسرافیل


سیاہ خانہ میں بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر عزیمت یَا بَدِیْعُ [illegible] بِالْخَبِیْرُ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ط اس وقت تک بچے پر پڑھ کر پھونکتا رہے جب تک [illegible] کا نزول نہ ہو۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مسائل [illegible] میں درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

پریوں کی حاضرات

[illegible]:

[illegible] آنکھ ہد ہد کی اور داہنی آنکھ گرگ کی دونوں کو سکھا کر پانی میں پیسو اور بوقت غروب [illegible] اپنی آنکھ میں لگاؤ۔ تو پریوں سے ملاقات ہوگی اور ہر طرح کی مراد حاصل ہوگی۔ رخصت [illegible] ہو تو سات بار سورۂ الحمد اور سات بار آیت الکرسی پڑھ کر رخصت کر دو۔ غائب

ہو جائیں گی۔



طریقہ:

گیارہ سو بار نوچندی جمعرات سے گیارہ دن مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیم پڑھیں۔ درود شریف یہ ہے۔

﴿الصلوۃ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہُ وَ عَلٰی عَلَیْکَ وَ اَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ۔﴾

جب بھی حاضرات کی ضرورت آئے۔ نقش کے سیاہ نشان میں غور سے خود دیکھیں اور مندرجہ بالا درود شریف کو صرف گیارہ بار پڑھیں۔ انشاءاللہ تمام احوال سیاہ نشان میں نظر آئے گا۔ اگر خدانخواستہ خود پر حاضرات نہ ہو تو بچے، بچے پر معروف طریقے سے درود شریف پڑھ کر حاضرات کریں۔ جو سوال چاہیں کریں۔ انشاءاللہ سو فیصد درست جواب ملے گا۔

آیت الکرسی سے حاضرات کا عمل



طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کسی سفید کاغذ پر بنا کر کسی بچے یا بچی کو سیاہ دائرہ میں دیکھنے کو کہیں۔ اگر ... وغیرہ سلگائیں۔ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونکے اور آیت الکرسی پڑھ کر ... پر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ جب سیاہ خانہ میں کچھ نظر آنے لگے تو ... سے تمام مشکل امور کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ انشاءاللہ سو فیصد درست جواب ... ملیں گے۔

حاضرات کا تیر بہدف عمل

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

طریقہ:

سیاہ خانہ میں عطر لگائیں اور گیارہ بار اسم شَرَ نَطْشَخ پڑھ کر سیاہ خانہ میں پھونکیں۔ پھر ... گیارہ سال کے بچے کے گلے میں گلاب کا ہار ڈالیں اور اسے سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور ... بچے پر شَرَ نَطْشَخ بلاتعداد پڑھ کر پھونکتا رہے۔ اول و آخر درود پاک کے ساتھ جب تک ... حاضرات کا نزول نہ ہو۔ اس وقت تک اسم بالا کو پڑھتا رہے۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ... ان سے آپ اپنے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ...

حاضرات کا آسان عمل:

کالی سیاہی سے درج ذیل نقش لکھ کر نابالغ لڑکے یا لڑکی کے ہاتھ میں دیں اور مٹھی بند ... کرا دیں۔

نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ
یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ
مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ

یہ نقش بچے کی مٹھی میں دے کر مندرجہ ذیل عزیمت تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور کہیں کہ بزرگ محمد وقاص صاحب کے دوست حاضر ہو۔ اسی وقت حاضری ہو جائے گی۔ سوال و جواب لے کر شکریہ کے ساتھ رخصت کر دیں۔ اگربتی سلگائیں۔ شیرینی رکھیں۔ جگہ اور بچہ پاک وصاف ہو۔

عزیمت جو پڑھنی ہے وہ یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط حَسْبِیْ رَبِّیْ یَا اللّٰہُ۔ مَا فِیْ قَلْبِیْ خَیْرَ اللّٰہِ نُورِ محمَّد صَلَّی اللّٰہُ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ علیقًا علیقًا طلیقًا طلیقًا طلیقًا۔ مَخْلُوْقًا مَخْلُوْقًا مَخْلُوْقًا۔ شَافِیًا شافیًا شافیًا۔ اِرْتَضٰی مُرْتَضٰی بحق ا سالاسًا سَا لُوْسًا۔ ﴾

حاضرات غوثیہ

جبرائیل — میکائیل

۴۷۶	۴۷۹	۴۸۳	۴۶۹
۴۸۲	۴۷۰	۴۷۵	۴۸۰
۴۷۱	■	۴۷۷	۴۷۴
۴۷۸	۴۷۳	۴۷۲	۴۸۴

اسرافیل بحق شیخ عبدالقادر جیلانی عزرائیل

...ب سے پہلے چند اگربتیاں سلگائیں۔ چند عدد گلاب کے پھول، ایک پاؤ برفی یا ...ت جناب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی فاتحہ دلائیں اور ایصال ثواب کریں۔ عامل ...دونوں پاکیزہ ہوں۔ بعدہٗ عامل بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہے۔ (عامل) ...براہیمی اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر بعد حاضرات کا نزول ...س سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں تسلی بخش معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

جبرائیل — ۷۸۶ — میکائیل

۱۳۸۹	۱۳۹۲	۱۳۹۶	۱۳۸۲
۱۳۹۵	۱۳۸۳	۱۳۸۸	۱۳۹۳
۱۳۸۴	■	۱۳۹۰	۱۳۸۷
۱۳۹۱	۱۳۸۶	۱۳۸۵	۱۳۹۷

اسرافیل حاضرات حاضر شو عزرائیل

دشمن یا ظالم کو شہر سے نکالنا

اگر تم کسی ظالم کو یا دشمن کو شہر یا مکان سے نکالنا چاہتے ہو۔ تب خاتم سلیمانی کے مفرد ...ہر حرف اپنے عدد کے موافق تابوت اور کوری ٹھیکری پر لکھیں۔ مُر اور لہسن کی دھونی ...اس کے اوپر ٹھیکری پکڑے رہو۔ سات بار یا اکیس بار دعوت کو پڑھیں اور موکلات کو ...وہاں سے نکالنا ہو تو حکم کریں اور پھر اس ٹھیکری کو پیس کر اس مکان یا شہر کے ...ڈال دیں۔ وہ شخص نکل جائے گا۔

... بالا نقش کو کسی صاف کاغذ یا گتے پر لکھیں۔ اگربتی وغیرہ سلگائیں۔ عامل ...وغیرہ صاف ہوں۔ جہاں سیاہ نشان لگایا ہے۔ وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگا دیں ...خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیمی اور آیت کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ برابر بلاتعداد پڑھتا رہے اور پانی پر پھونکتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں بادشاہ سلامت کی حاضری ہو جائے گی۔ جس سے آپ اپنے تمام مسائل کا حل سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔ ہر قسم کے سوالات کے جوابات سو فیصد درست معلوم کریں۔

حاضرات کا نہایت آسان طریقہ

ایک طشت پاکیزہ یا پیالہ مٹی کا پاکیزہ لے کر پانی سے بھرے اور چراغ روشن کرے اور بخور عود کا جلائے اور کسی لڑکی نابالغہ کو بٹھائے اور اس سے کہے کہ پانی اور چراغ پر نظر رکھے اور (عامل) باوضو اس عزیمت کو تین یا سات بار پڑھے اور جو جی چاہے پوچھے اور سو فی صد درست جواب سنے۔

عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط﴾

﴿اَللّٰهُمَّ اهْتَدَیْتكَ بِفَضْلِكَ وَ كَرِ مكَ وَ اسْتَقْبَلْتكَ شَلْخَصْنَا شَلْخَصْنَا شَلْخَصْنَا شَلْخَصْنَا بَلْخَسْنَا بَلْخَسْنَا بَلْخَسْنَا مَلْگَسْنَا مَلْگَسْنَا مَلْگَسْنَا مَلْگَسْنَا تَاعَزْ هُمْ عَلَقْتُ عَزَ مْتُ عَلَیْكُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ خَاتِمُ سُلَیْمَانْ بن داؤد عَلَیْهِ السَّلَام حَاضِرْ شو حَاضِر شو حاضِر شو۔﴾

پریوں کی حاضرات:

مندرجہ ذیل نقش کو سفید کاغذ پر لکھے اور کورے مٹی کے چراغ میں جلائے اور کسی لڑکی نابالغہ کے ہاتھ پاؤں اور منہ دھلا کر تھوڑا عود جلائے اور اس لڑکی کے سر کے آگے کے بال پکڑ کر سورۃ لایلاف پڑھے اور گرہ لگائے۔ تخت پریوں کا حاضر ہوگا۔ پس جو مقصد ہو۔ عرض کرے۔۔۔

انشاء اللہ پورا کریں گے اور مندرجہ ذیل عزیمت اور پر جو کے دانہ پر پڑھ کر لڑکی پر مارے جلد حاضر ہوں گی۔

چراغ میں جلانے کا نقش یہ ہے۔

مرعد	اا	و	ا	عـه
صراب صراب صراب صراب				

جو پر پڑھنے کی عزیمت۔

﴿فَكُبْكِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَ الْغَاوٗنَ ط وَ جُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ ط اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ السَّاعَته السَّاعَتَهٗ۔﴾

دشمن کو اندھا کرنا

اگر کوئی کسی شخص کو اندھا کرنا چاہے تو تب ایک گندا انڈا لے کر اس پر مفردات خاتم کو ان کے اعداد کے مطابق لکھو۔ (اور تین ف لکھو اور پانچ آل اور چار و) اس شخص کا نام مشہور اور اس کی ماں کا نام بھی لکھیں۔ پھر اس انڈے کو ظہر، مٹر، لہسن، پیاز کے چھلکے اور انڈے کے چھلکے کی دھونی دیں اور دعوت کو اکیس بار پڑھیں اور کسی اندھیرے مکان میں دفن کر کے دھواں اس کے اوپر کر دیں۔ وہ شخص اندھا ہو جائے گا۔ مگر عامل کو خدا سے خوف کرنا چاہیے اور جو شخص اس بات کا مستحق ہوتا ہے اس کیواسطے یہ عمل کرے ورنہ اس کا وبال عامل کے سر پر ہوگا اور اگر عامل اپنے عمل کا اثر اُتارنا چاہے تب انڈے کو نکال کر حروف اس پر دھو ڈالے اور دعوت کو لکھ کر اس شخص کو پلا کے اس کا منہ دھلائے تو وہ تندرست ہو جائے گا۔

کسی عورت کا خون جاری کرنا


اگر کسی عورت کا خون جاری کرنا چاہتے ہو اور وہ عورت فاجرہ یا زانیہ ہو تب خاتم کے حروف کو طریق مذکورہ ایک سرخ کاغذ میں لکھ کر سرخ حریر کا ڈورا اس پر باندھیں۔ بعد ایک زحل

کے اندر اس کو رکھ کر موم سے منہ بند کردیں اور دھاگے کا سرا باہر نکال کر نہر جاری کے مشرق کی طرف دفن کردے اور دعوت کو اکیس بار پڑھ کر اس پر دم کرے اور مؤکلات کو خون کے جاری کرنے کا حکم کریں۔ نیز بخور بھی روشن کریں خون جاری ہوجائے گا۔

سہل الحصول حاضرات

''برائے حاضرات کامل .... یہ حاضرات بہت ہی سہل الحصو ہے اور بچے، بوڑھے، جوان مرد، عورت وذو جسدین بھی پر ہوتا ہے اور بھی کو نظر آتا ہے اور اس کو کسی بھی جگہ کر سکتے ہیں۔ اول اس کی زکوٰۃ اس طرح ادا کرے کہ عروج ماہ میں بروز چہارشنبہ شروع کرے۔ چالیس روز تک مسلسل 141 مرتبہ روز پڑھے۔ چالیسویں روز سویاں پکا کر گیارہ نمازیوں کو کھلائے۔ زکوٰۃ انشاءاللہ ادا ہوگی۔ بعدہٗ 11 مرتبہ روز ورد میں رکھے۔

عامل جب حاضرات کرنا چاہے تو ایک نقش جمعہ کی صبح 8 تا 9 بجے کے درمیان لکھ کر تیار کرے جو نقش حاضرات کے لیے تیار کرنا ہے وہ اس طرح ہے۔



نقش مریض کو دے تاکہ وہ دونوں ہاتھوں میں پکڑے اور عامل عزیمت کو پڑھے۔ اکیس بار پڑھنے سے پہلے ہی حاضرات ہوگا۔ بوقت حاضرات حسب توفیق شیرینی بچوں کو تقسیم کرے۔

عزیمت کامل یہ ہے۔

یا کہ مل اکمل کمال یا کامل حاضر شو حاضر یا حزورائیں بحق کامل کامل خلیفہ حاضر شو۔

آسیب کی حاضری:

برائے مریض، یعنی اس حاضرات میں آسیب و جنات، بھوت، پریت جوگیان، کلٹاران وغیرہ حاضر ہوتے ہیں جو کہ اذیت پہنچاتے ہیں اس حاضرات کے لیے نقش لکھ کر تیار رکھیں مریض کو سامنے بٹھائیں۔ حاضرات کی جگہ سابقہ ذکر شدہ قواعد کے مطابق ہو اور عامل عزیت پڑھے انشاء اللہ حاضرات ہوگا۔ جو بھی خبیث آسیب مریض کو ستاتے ہوں گے۔ وہ حاضر ہوں گے۔ اب عامل کو اختیار ہے کہ وعدہ لے کر یا قسم کھلا کر چھوڑ دے یا قید کرلے یا جلائے۔ نقش حاضرات کے لیے جو متعینہ پر تیار کرتا ہے وہ یہ ہے۔

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

یہ حاضرات بغیر زکوٰۃ کے بھی کامیاب ہے صرف عزیمت کو پڑھنا ہے۔ عزیمت یہ

﴿ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ فَسْحُوْنَكَ فَسْحُوْنَكَ حَبِيْكَ حَبِيْكَ سَفْكًا سَفْكًا اَلِيْسًا اَلِيْسًا بِلِيْسًا بَلْسًا طَلِيْسًا طَلِيْسًا شَدِيًا شَدِيًا نَبِيًّا نَبِيًّا بِحَقِّ حَضْرَت سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اُحْضُرُوْنِىْ اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ مِنْ جَانِبِ السَّلَامِ اُحْضُرُوْنِىْ اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْمَنِ وَالْاَيْسَرِ وَالْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَالْفَوْقِ وَالتَّحْتِ بِحَقِّ خَاتِمِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامِ حَاضِرُ شَوْ حَاضِرُ شَوْ حَاضِرُ شَوْ ﴾

پریوں کی حاضری

''برائے آئینہ پریاں۔'' اول اس کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ شروع ماہ میں بروز پنجشنبہ شروع کرے اور روزانہ 333 مرتبہ متواتر 33 روز تک پڑھے تینتیسویں روز گیارہ نمازیوں کو کھلائے اور بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ 33 مرتبہ روز وردرکھے۔

عامل جب حاضرات کرنا چاہے تو خوشبودار تیل لے کر اس پر مندرجہ ذیل عزیمت 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کسی لڑکے، لڑکی یا عورت کو بٹھائے اور عامل برابر عزیمت پڑھتا رہے۔ جب پریاں حاضر ہو جائیں تو سوال و جواب اور جو کچھ معلومات کرنی ہوں کرو۔

اس میں تین پریاں حاضر ہوں گی۔ ایک کا نام ''دَہِینُ'' دوسری کا نام ''کُہِیُنُ'' اور تیسری کا نام ''دَہِیُنُ'' ہوگا ان پریوں کو انہیں ناموں سے پکارا جائے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کَرْ قَرْ حًا وَ قَرْقَرْحًا وَ قُوْمِهَا وَ قِنَآ ئِهَا وَ عَدَ سِهَا قَالَ عَلٰی اَتَسْتَبْدُوْنَ ط عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ مِنَ الْیَسَ فَقَدْ یَعْظِمُ ط کَلِیْشَ لَا یَنَاقُ اِلٰی حِیْنَ ط﴾

کامل ترین حاضرات

''برائے حاضرات آئینہ'' سب سے پہلے زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں کسی مناسب ساعت میں شروع کرے روزانہ 3125 مرتبہ پڑھے متواتر چالیس روز تک چالیسویں دن بروح پاک حضرت محمد ﷺ و سلسلہ چشتیہ کو ایصال ثواب کرے اور 7 نمازیوں کو کھانا کھلائے اور شیرینی تقسیم کرے بعدہٗ 11 مرتبہ روز ہمیشہ ورد میں رکھے۔

عامل جب حاضرات کرنا چاہے تو ایک نقش آئینہ پر یا بدوح کا لکھے بیچ کے خانہ میں سیاہی بھرے اور مریض کو دے کر وہ دونوں ہاتھوں سے پکڑے اور سیاہی والے خانہ میں غور سے دیکھے۔ عامل عزیمت پڑھتا رہے انشاء اللہ حاضرات ہوگا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿یَا بَدُّوْحُ یَا وَدُوْدُ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا رَقْتَمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ۔﴾

آسیب فوراً حاضر ہو جائے

''برائے آسیب حاضر کرے۔'' اگر کوئی عامل چاہے کہ آسیب وغیرہ کو حاضر کرے تو اس حاضرات کو کام میں لائے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اول اس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز دوشنبہ شروع کرے اور اکیس روز تک 121 مرتبہ روز پڑھے۔ اکیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعدہٗ 11 مرتبہ روز ورد میں رکھے۔ بعدہٗ جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو چند خوشبودار پھول لائے اور اس پر عزیمت پڑھ کر دم کر کے آسیب زدہ سر پر رکھے اور عامل 3-3 مرتبہ عزیمت پڑھ کر دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ اذیت دینے والا آسیب حاضر ہوگا۔ ہمکلام ہوگا اور اطاعت کرے گا۔ پھر عامل اپنا اختیار استعمال کرے یعنی قید کرے آزاد کرے یا جلائے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَالِکَ الْاَرْوَاحِ لُقْفُوْشَ صَارِعًا اُحْضُرُوْ یَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَمِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ۔﴾

حاضرات کا مفید عمل

یا میکائیل ۷۸۶ یا جبرائیل

۱۷۶۵۸	۱۷۶۶۱	۱۷۶۶۳	۱۷۶۵۱
۱۷۶۶۳	۱۷۶۵۲	۱۷۶۵۷	۱۷۶۶۲
۱۷۶۵۳		۱۷۶۵۹	۱۷۶۵۶
۱۷۶۶۰	۱۷۶۵۵	۱۷۶۵۴	۱۷۶۶۵

یا اسرافیل حاضر شو حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

مندرجہ بالا حاضرات کے نقش کو ایک سفید کاغذ پر لکھیں۔ سب سے پہلے اگربتیاں سلگائیں۔ عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں۔ کمرہ پاکیزہ ہو اور خوشبو سے معطر ہو۔ عامل کو چاہیے کہ معمول پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکے۔ پھر معمول کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہے۔ کچھ عرصہ بعد بچے کو سیاہ خانہ میں کوئی نظر آئے گا۔ بچے کو کہو۔ ان کو سلام عرض کرے اور بچہ، بچی سے ان بزرگ ہستی سے اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں پوچھیں۔ بعدہ ان سے اپنا مطلب مکمل کر کے ان کو سلام عرض کرکے شکریہ کے ساتھ اجازت دیں۔

حاضرات کے بے نظیر عمل:

یاجبرائیل ۷۸۶ یامیکائیل

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶		۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

یا اسرافیل حاضر شو حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

مندرجہ بالا حاضرات کا نقش ایک قابل قدر تحفہ ہے۔ اس کی خوبیاں حاضرات کرنے پر معلوم ہوں گی۔ جوں جوں عامل حاضرات کرتا رہے گا اسی مناسبت سے اس کے حاضرات کے اسرار و رموز اس پر منکشف ہوتے رہیں گے۔ عامل کو چاہیے کہ حاضرات کرنے سے پہلے اگربتیاں سلگائے۔ کمرہ صاف ستھرا ہو۔ عامل پاک ہو اور کپڑے عطر سے معطر ہوں۔ حسب حیثیت برنی پر اس نقش کے موکلوں کی نیاز دلائے۔ چند عدد گلاب کے پھول بھی رکھے۔ بعدہ کسی بچہ بچی یا کسی بڑے فرد پر حاضرات کرے۔ سیاہ خانہ میں جہاں سیاہ نشان لگا دیا ہے اس میں بڑے کو غور سے دیکھنے کو کہے اور آپ (عامل) معمول پر درود شریف پڑھ کر پھونکے اور اخلاص برابر پڑھ کر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ چند ثانیہ کے بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ مسائل کے بارے میں مکمل درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

مجرب عمل حاضرات

یاجبرائیل ۷۸۶ یامیکائیل

۲۱۴	۲۱۷	۲۲۰	۲۰۶
۲۱۹	۲۰۷	۲۱۳	۲۱۸
۲۰۸		۲۱۵	۲۱۲
۲۱۶	۲۱۱	۲۰۹	۲۲۱

یا اسرافیل بحق سلامٌ قولاً من الرّب الرّحیم یا عزرائیل

حاضرات حاضر شو حاضر شو

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا دیا ہے اس میں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں۔ اگربتی وغیرہ سلگائیں۔ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور اس عزیمت کو 818 مرتبہ بچے پر پڑھ کر پھونکے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمٍ ط چند ہی ثانیے میں بچے کو سیاہ خانہ میں کچھ نظر آئے گا۔ آپ بچے سے اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور ان بزرگ کو سلام عرض کر کے شکریے کے ساتھ جانے کی اجازت دیں۔

ترکیب:

اگر عامل خود حاضرات کرنی چاہے تو اس عزیمت کو روزانہ بعد نماز عشاء 818 مرتبہ چالیس یوم پڑھے۔ (باپرہیز) اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سیاہ دائرہ میں نظر جما کر اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر عزیمت پڑھے۔ حتیٰ کہ حاضرات کھل جائے۔ تمام مقصد ٹی وی کی طرح نظر آئے گا۔

چوری کے متعلق معلوم کرنے کے لیے حاضرات

یا جبرائیل ۷۸۶ یا میکائیل

۱۹۵۴	۱۹۴۹	۱۹۵۶
۱۹۵۵	■	۱۹۵۱
۱۹۵۰	۱۹۵۷	۱۹۵۲

یا اسرافیل بحق سورئہ فیل حاضر شو یا عزرائیل حاضر شو حاضر شو

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ کسی بچہ، بچی کو چراغ کے سامنے بٹھائیں اور ہدایت کریں کہ چراغ کی بتی کی لو پر نظر جمائے رکھے۔ بس تھوڑی دیر بعد اسے غیر معمولی چیز نظر آئے گی۔ آپ اس سے گمشدہ اشیاء چوری کے بارے میں اور دیگر مشکل مسائل کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات تسلی بخش و سو فیصد درست ملیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاضرات کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سیاہ خانہ میں جہاں سیاہی کا داغ لگایا ہے۔ وہاں تھوڑا سا عطر لگا دیں اور بچے کو کہیں، کہ سیاہی والے خانے پر نظر جما کر رکھے اور عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور سورۂ فیل 27 مرتبہ پڑھ کر پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

چند لمحوں میں حاضرات

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

۱۷۲	۱۷۵	۱۷۸	۱۶۴
۱۷۷	۱۶۵	۱۷۱	۱۷۶
۱۶۶	■	۱۷۳	۱۷۰
۱۷۴	۱۶۹	۱۶۷	۱۷۹

اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو عزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو ایک سادہ کاغذ پر لکھیں اور پاکیزہ روئی میں لپیٹ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں اور بچے کو کہیں چراغ کی لو پر نظر رکھے۔ بچے کو جب کچھ نظر آئے تو اس سے اپنے مسائل کے بارے میں معلومات کریں۔ دیگر اس حاضرات کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عامل بچے کو نقش میں دیکھنے کو کہے۔ جہاں سیاہ نشان لگایا ہے۔ وہاں بچہ غور سے دیکھتا رہے۔ عامل بچے پر درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور بچے پر آیت کریمہ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ چند ہی ثانیہ میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کبھی کبھی حاضرات کا نزول نہیں ہوتا۔ مگر عامل کو گھبرانا نہیں چاہیے۔ بلکہ کوشش جاری رکھنی چاہیے۔ حاضرات بھی ہپناٹزم، مسمریزم کی طرح کا ایک عمل ہے۔ حاضرات میں مشق (پریکٹس) کی ضرورت ہوتی ہے۔ جوں جوں آپ حاضرات کرتے رہیں گے۔ اسی طریقے سے آپ حاضرات کے اسرار و رموز اور طریقوں سے آشنا ہوتے رہیں گے۔

اگر اتفاق سے حاضرات ایک یا دو مرتبہ نہ ہو تو بد ظن نہیں ہونا چاہیے۔ بلکہ زیادہ سے زیادہ مشق (پریکٹس) کرنی چاہیے۔ اس سے یہ ہوگا کہ آپ کی قوت ارادی اور خود اعتمادی مضبوط ہو جائے گی اور آپ حاضرات کے طریقے سے بھی آشنا ہو جائیں گے اور کچھ عرصہ بعد ایسا وقت

آئے گا کہ آپ سے حاضرات چند منٹ میں ہی ہو جایا کرے گی۔ حاضرات کے لیے یکسوئی، قوت ارادی و خود اعتمادی کا ہونا لازمی شرط ہے۔

حاضرات کا آسان عمل

میکائیل		۷۸٦	جبرائیل
٦٠٠	٦٠٠	٦٠٠	٦٠٠
٦٠٠	٦٠٠	٦٠٠	٦٠٠
٦٠٠	■	٦٠٠	٦٠٠
٦٠٠	٦٠٠	٦٠٠	٦٠٠

اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو عزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی صاف ستھرے کاغذ یا گتے پر بنائیں اور اگر بتی وغیرہ سلگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات نہ کھلے اس وقت تک سورۃ اخلاص اور درود شریف برابر پڑھ پڑھ کر بچے پر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں مکمل معلومات سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا سہل ترین عمل

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْھَافِظُ فَا مَعِی یُدَلِلْ مَحْفُوظُ اِلاَّ اللّٰہُ حَافِظٌ ط ﴾

طریقہ:

مندرجہ بالا عزیمت کو گیارہ دن گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر 11011 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ (پرہیز جلالی و جمالی کریں) بعدہ صرف گیارہ مرتبہ

پڑھ کر پھونکیں۔ حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کو آپ انگوٹھی، انڈا اور شیشہ پر بھی کر سکتے ہیں۔ یہ حاضرات چھوٹے اور بڑوں پر بھی کی جا سکتی ہے۔

فوری حاضرات

کالا دیو با بانی ا کے مل میرے جانی۔

طریقہ:

مندرجہ بالا عمل کو روزانہ بعد نماز عشاء 4140 مرتبہ اکتالیس دن پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ (با پرہیز) جب بھی کوئی مسئلہ در پیش ہو کسی بچے کو آنکھیں بند کرنے کو کہیں اور مندرجہ بالا عمل کو صرف اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔ فوراً ہی حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا آزمودہ عمل

میکائیل		۷۸٦	جبرائیل
٣٣	٣٧	٣٠	٣٦
٣٩	٢٧	٣٢	٣٨
٢٨	٣٢	٣٥	٣١
٣٦	٣٠	٢٩	٣١

اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو عزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی صاف کاغذ یا گتے پر بنائیں اور جہاں سیاہ نشان لگایا ہے۔ وہاں بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیم و سورۃ اخلاص برابر پڑھ کر پھونکتا رہے۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے

بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

بے مثل حاضرات

طریقہ:

کمرہ صاف ستھرا ہو۔ اگربتیاں سلگائیں اور ایک بچے کو سیاہ خانے میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور یہ عزیمت پڑھ کر پھونکے۔ جب تک حاضرات نہ کھلے اس وقت تک برابر پڑھتا رہے۔

۷۸۶

۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱		۹۴۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱

عزیمت یہ ہے۔

ا بِسْمِ اللّٰہ جَابِسْمِ اللّٰہ حاضرات کو جلد گھیر گھار کرے لا بسم اللّٰہ۔

چند ثانئے کے بعد حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات چڑی:

جب بھی حاضرات کی ضرورت ہو تو کسی بچے کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر بھی لگائیں تاکہ چمک پیدا ہو۔

مندرجہ ذیل عزیمت 21 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس حاضرات سے آپ ہر قسم کے سوالات کے جوابات سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔

عزیمت یہ ہے۔

کالی چڑی گل چڑی کالا پھل کھائے۔ محمد ﷺ کی برکت سے حاضرات دکھائے بحقِ کھٰیٰعص یا صادق۔

توشہ:

3 عدد گلاب کے ثابت پھول، ایک پاؤ برفی، چند عدد اگربتیاں وغیرہ سلگائیں...... بعدہٗ حاضرات کریں۔ بغیر توشہ کے حاضرات نہیں کھلے گی.......... لہٰذا توشہ لازمی رکھیں۔

شاہ زین کی حاضرات

اول زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز چہار شنبہ سے شروع کرے روزانہ 660 مرتبہ اکیس روز تک پڑھے۔ پہلے روز اور اکیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی بعدہٗ 21 مرتبہ روزانہ ہمیشہ ورد رکھے اور جب اس کا عامل حاضرات کرنا چاہے تو عزیمت ہذا کو سفید کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنائے اور چراغ نو میں روشن کرے، سرسوں یا تل کا تیل ڈال کر جلائے انشاء اللہ چراغ کی لو میں شاہ زین حاضر ہوگا۔

دوسرا طریقہ:

یہ ہے کہ ایک نقش چونتیس 34 کا بروز جمعہ 8 تا 9 بجے کے درمیان لکھے اور سولھویں خانہ میں سیاہی بھرے۔ پھر جب حاضرات کرنا منظور ہو تو کسی بچہ یا مریض کو بٹھائے سیاہی والے خانہ میں عطر لگائے۔ مریض یا بچہ کو نقش ہاتھوں میں دے کر سیاہی والے خانہ میں دیکھنے کی ہدایت کرے انشاء اللہ جلد حاضرات ہوگا مجرب و آزمودہ ہے۔

وہ نقش چونتیس یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اور وہ عزیمت مندرجہ ذیل ہے۔ (عزیمت شاہ زین)

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا عَطْرَائِيْلُ يَا بِحَصْهَيَائِيْلُ يَا كَبْطَهْيَائِيْلِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اُحْضُرُوْ يَا زِيْنُ شَاهُ طُرْفَةُ الْعَيْنِ مِنَ الْبَرْقِ اَنْتَ تُقْضِ حَاجَاتِيْ مِنْ جَمِيْعِ حَوَائِجِيْ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ۔ حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔ ﴾

انگوٹھے پر حاضرات

طریقہ:

کسی نابالغ بچے، بچی کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگا کر اُسے کہیں کہ غور سے دیکھے اور عامل یہ الفاظ 10,15 دفعہ تکرار کرے اور بچے کے منہ پر دم کرتا رہے۔ بچے سے پوچھے کہ کوئی شخص نظر آتا ہے جب نظر آنے لگے تو اس سے کہو کہ میدان صاف کر کے دربار لگائیں۔ پھر بادشاہ کو طلب کریں۔ اوّل عامل اپنی طرف سے سلام کہہ کر معلوم کرے کہ میں کچھ پوچھنا چاہتا ہوں آپ بتائیں گے۔ جب وہ کہے کہ ہاں میں بتاؤں گا۔ پس جو بات پوچھیں گے وہ مفصل، درست بتائے گا۔ پھر شکریہ ادا کر کے انہیں رخصت کر دیں۔

بچے پر دم کرنے کی عزیمت یہ ہے۔ ھاؤ لائے سامتی سونا الا ھو یا کریم یا کریم یم یا کریم یا کریم ٥

ارواح کی حاضرات

اگر کسی خاص روح سے بات کرنی ہو یا ملاقات کرنی ہو یا اپنے ماں باپ سے ملنے اور گفتگو کرنے کی خواہش ہو یا کسی ولی، نبی کی زیارت کرنا چاہتا ہو تو بعد نماز عشاء خلوت میں وضو کر کے اچھے صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے اور سورۃ الشمس مع بسم اللہ اور سورۃ واللیل، اور سورۃ اخلاص ہر سورۃ کو سات سات مرتبہ پڑھے۔ پھر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اَرِنِيْ مَنَامِيْ رُوْحَ

فلاں ط فلاں کی جگہ اس شخص کا نام لے جس کی روح سے ملاقات چاہتا ہو۔ پھر کہے۔

﴿ وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّارْزُقْنِيْ فِيْ مَنَامِيْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰى اِجَابَةِ دَعْوَتِيْ ط ﴾

پہلی ہی رات میں ورنہ دوسری، تیسری رات میں، غرضیکہ ساتویں رات تک ضرور ملاقات ہوتی ہے۔ اللہ کے نیک بندے، عابد، زاہد پہلی رات میں ہی زیارت کراتے ہیں۔

فوری حاضرات

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ حَامَا طَهٗ مَا لَنَا عَلَيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ عَاسِفَةٌ مَا سِعَةُ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ هُوَ خَالِقُ السَّمَآءِ وَ نَزَلَ مِنَ الْقُرْاٰنِ بسم الله مِنْ وَّرَآءِهِمْ مُّحِيْطٌ ط بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ اللوح محفوظ يا رفيق بسم الله حصارا مجيدا ط ﴾

طریقہ:

مندرجہ بالا طلسماتی عمل کو گیارہ بار پڑھ کے ایک صاف آئینہ پر دم کریں اور کسی نابالغ بچے کو آئینہ میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کے مؤکل آ موجود ہوں گے۔ جن سے آپ ہر قسم کے سوالات کے تسلی بخش جوابات معلوم کر سکتے ہیں۔

سیاہ خانہ میں حاضرات

۱۱۴۴	۱۱۴۵	۱۱۳۸	۱۱۳۵
۱۱۴۷	۱۱۳۶	۱۱۴۱	۱۱۳۶
۱۱۴۷		۱۱۴۳	۱۱۴۰
۱۱۴۴	۱۱۳۹	۱۱۳۸	۱۱۳۹

طریقہ:

کسی نابالغ بچے کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور آپ عامل بچے پر درود شریف وسورہ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مقاصد کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

موکلوں کی حاضری

۷۸۶

۱۳۵	۱۳۸	۱۵۲	۱۳۸
۱۵۱	۱۳۹	۱۳۳	۱۳۹
۱۳۰		۱۳۶	۱۴۳
۱۳۷	۱۳۲	۱۳۱	۱۵۳

طریقہ:

کسی نابالغ لڑکی لڑکے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونکے اور یہ اسم "یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ" تین یا چالیس مرتبہ بچے پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کے موکل آموجود ہوں گے۔ جن سے آپ اپنے مشکل امور کے متعلق سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات برائے اسم یابدوح

"برائے اسم یابدوح" اس اسم کی پہلے زکوٰۃ ادا کرے روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اول آخر درود شریف چالیس روز تک پڑھے۔ چالیس روز میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔ چالیسویں دن ایصال ثواب کرے، شیرینی تقسیم کرے۔ بعدہ 11 مرتبہ روز ورد میں رکھے۔

جب عامل حضرات کرنا چاہے تو نقش تیار کرے جو کہ بروز جمعہ صبح 8 تا 9 بجے کے

... میں لکھا گیا ہو۔ مریض کو یا بچے کو بٹھائے تعویذ اس کے ہاتھ میں دے اور سیاہی والے خانہ میں دیکھنے کی تاکید کرے۔ اور عامل خود عزیمت پڑھتا رہے۔ نقش یہ ہے۔

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

اور عزیمت یہ ہے۔

﴿يَا بُدُوحُ بِحَقِّ يَا جِبْرَائِيلُ يَا دَرْدَائِيلُ يَا رَفْتَمَائِيلُ يَا تَنْكَفِيلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ۔﴾

انشاء اللہ حاضرات ہوگا اور ہر سوال کا جواب باصواب ہوگا۔

حاضرات کا آزمودہ عامل

یامیکائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

۳۷۷	۳۸۰	۳۷۰
۳۸۳	۳۷۱	۳۸۱
۳۷۲	٠	۳۷۵
۳۷۹	۳۷۳	۳۸۵

یاعزرائیل یااسرافیل

طریقہ:

سیاہ خانہ میں عطر لگائیں اور بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر گیارہ ... درود شریف پڑھ کر پھونکے اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط ... پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب ... کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا مختصر ترین عمل:

لا الہٰ کا دربار الا اللہ کی چوکی محمد رسول اللہ کا حکم حاضر کرو۔ حاضرات سب میرے [illegible]
میں لا۔ دہائی پنجتن پاک کی المدد یا غوث الاعظم دستگیر۔

ترکیب زکوٰۃ:

اس عمل کو روزانہ 707 بار اکیس روز تک با پرہیز پڑھے۔ انشاء عمل میں آجائے گا۔
اس کی ابتداء بچے سے کرے۔ جب حاضرات کمل جائے تو بڑوں پر کریں۔

حاضرات آئینہ

- اللہ علی ذوالفقار دربالا سے باربار۔
- لا الہٰ الا اللہ محمد رسول اللہ۔
- الکریم قادر لونا کو کر حاضر۔

طریقہ:

اس عمل کو اللہ علی.......... قادر تک روزانہ 2100 بار 21 روز تک با پرہیز پڑھے۔
یہ عمل چھوٹے بڑے سب پر کر سکتے ہیں۔ اس میں معمول کو سامنے بٹھائے [illegible]
جو طالب ہو۔ وہ پاک وصاف ہو باوضو عطر وغیرہ لگائے۔ خوشبو جلائے۔ نمبر ایک والا عمل
پڑھ کر معمول پر دم کرے اور پوچھے کہ کچھ نظر آیا۔ اگر کہے کہ میدان یا روشنی نظر آئی تو سمجھ لو
کہ حاضرات کا نزول ہو گیا۔ اگر حاضرات نہ کھلے تو کلمہ طیبہ اکیس بار پڑھ کر معمول پر دم
کرے۔ اگر پھر بھی حاضرات نہ کھلے تو تیسرے نمبر والا عمل کرے۔ الکریم قادر کے بعد
کہے۔ لونا کو حاضر کرو۔ اس طرح گیارہ بار عمل پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ اگر پھر بھی
حاضرات نہ کھلے تو تیسرے نمبر والا عمل کرے۔ الکریم قادر کے بعد کہے۔ لونا کو حاضر
کرو۔ اس طرح گیارہ بار عمل پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ انشاء اللہ تین بار کرنے سے عمل
چل جائے گا اور حاضرات کا نزول ہوگا۔

حاضرات آئینہ (خود)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم
چورو حاضر شو یا اللہ یا اللہ
اللہ اللہ اللہ اللہ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو آئینے کے پیچھے لگائے۔ زعفران وعرق گلاب سے نقش کو لکھے۔ اس
کے بعد آئینے کو معمول کے سامنے رکھے۔ اور مندرجہ ذیل عزیمت اکیس مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ
[illegible] حاضرات کا نزول ہوگا۔ یہ حاضرات عامل خود بھی کر سکتا ہے۔ اس میں چھوٹے بڑے کی
[illegible] پڑھنے کی عزیمت یہ ہے۔


﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط یا بدوح اللہ یا اللہ
حاضرات حاضر ہو یا اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ۔ ﴾

انشاء اللہ جلد مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

[illegible] کا طریقہ:

عزیمت جو پڑھنے کی ہے اس کو اکیس روز تک روزانہ 100 بار پڑھے۔ عمل قابو میں
آجائے گا۔ بسم اللہ الرحیم والا نقش روزانہ 41 عدد اکیس روز تک لکھے اور آخر میں تمام جمع کرکے
[illegible] دریا میں ڈال دے۔

فوری حاضرات



طریقہ:

سیاہ خانہ میں بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور ستر مرتبہ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضرات کا نزول ہوگا۔

مریض پر حاضرات

اولاً اس نقش کو عروج میں زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ روزانہ بوقت چاشت چار نفل پڑھ کر لکھنا شروع کرے۔ 45 نقش روزانہ لکھ کر دریا میں بہائے 45 روز تک ایسا ہی کرے پینتالیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ بروز جمعہ کو نقش تیار کرے۔

اور جب حاضرات کرنا چاہے تو بچہ یا مریض پر حاضرات کرے انشاء اللہ صاف نظر آئے گا اور سوالات کے جوابات با صواب ملیں گے مجرب ہے اور عامل بوقت حاضرات عزیمت پڑھے۔

اهمز ط	۷۸۶	بحق
۱۴	۱۹	۱۲
۱۳	۱۵	۱۷
۱۸	۱۱	۱۶
اهمز ط		بحق

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا دَرْدَائِیْلُ هر بلاے که درود جود فلاں بن فلاں باشد گرفته و بسوزانند و اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا رَفْتَمَائِیْلُ هر بلائیکه درو جود فلاں بن فلاں باشد گرفته و بسوزانند و اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا تَنْگَفِیْلُ هر بلائیکه درو جود فلاں بن فلاں باشد گرفته و بسوزانند وَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ هر بلائیکه درو جود فلاں بن فلاں باشد گرفته و بسوزانند۔)

حاضرات فتح علی شاہ:

اس حاضرات کو کئی طریقوں سے کیا جاسکتا ہے۔ اول اس کی عزیمت کی زکوٰۃ اس طرح ادا کرے کہ عروج ماہ میں بروز چہار شنبہ کو شروع کرے روزانہ ایک سو گیارہ مرتبہ عزیمت پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے چالیس روز تک برابر عمل جاری رکھیں۔ چالیسویں روز ایصال ثواب کریں اور شیرینی تقسیم کرے بعدہ 11 مرتبہ روز پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ اگر عامل کسی سحر زدہ یا آسیب زدہ کا حاضرات کرنا چاہے تو عزیمت کو کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنائے اور چراغ تو میں جلائے۔ مریض کو سامنے بٹھائے اور خود عامل عزیمت پڑھنا شروع کرے چند ساعت میں چراغ کی لو میں فتح علی شاہ حاضر ہوں گے۔ جب مریض کو نظر آجائیں تو کہے کہ فلاں مریض کو جو بھی آسیب و جن ستاتے ہوں ان کو فی الفور اپنے پاس حاضر کرو۔ تو فتح علی شاہ ان کو پکڑ کر لائے گا اور اگر سر پر بلا کر بات کرنا چاہے تو حکم کرے کہ مریض کے سر پر آکر با سانی یعنی بلا مریض کو ضرر پہنچائے بات کرو۔ تو انشاء اللہ جو بھی ضرر رساں آسیب وغیرہ ہوگا بات کرے گا۔ پھر عامل کو اختیار ہے کہ قید کرے یا آزاد کرے یا جلا دے۔

دوسرا طریقہ وجودی:

یہ ہے کہ عزیمت کہ جن و آسیب وغیرہ کو جلانا مقصود ہو تو یہ عزیمت ساتھ ملا کر پڑھے۔

الٰہی بود فلاں بن فلاں آسیب، جنات، خبیثات، چڑیل، مزیل، ہری پری، مری، دیو، بھوت،

پر بہت کہ ایذا ای وہد گرفتہ بسوز و بحق شاہ یکتانوس حاضر شو حاضر شو۔ حاضر شود نقش یہ ہے۔

۷۸۶


۱۶۵۷۶	۱۶۵۷۹	۱۶۵۸۳	۱۶۵۶۸
۱۶۵۸۱	۱۶۵۶۹	۱۶۵۷۵	۱۶۵۸۰
۱۶۵۷۰	۱۶۵۸۳	۱۶۵۷۷	۱۶۵۷۴
۱۶۵۷۸	۱۶۵۷۳	۱۶۵۷۱	۱۶۵۸۳

حاضرات آسیب

"برائے حاضر کردن بر سر مریض آسیب وغیرہ، اس نقش کو بروز جمعہ لکھ کر تیار رکھے بوقت حاضرات فتیلہ بنا کر چراغ میں جلائے اور مریض کو چراغ کے سامنے بٹھائے۔ مریض کے بدن میں جو آسیب و جن ہوگا، حاضر ہوگا۔ اب عامل چاہے دفع کرے، قید کرے یا جلا کر خاکستر کرے۔ اس نقش کو ریشمی کپڑے پر لکھے جو کہ کیسری رنگ کا ہوئے۔

۷۸۶

ع	یا	او	۱۰
قر	ر	و	۳
حف	قفد	ط	و
لیس	ہ	م	ع



اجہد

حاضرات برائے جنات

اگر یہ دیکھنا مقصود ہو کہ مریض پر جنات کا اثر ہے یا نہیں۔ تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مریض کے دائیں ہاتھ میں باندھ دیں اور سورۂ مزمل سالم پڑھ کر سورۂ مومنون پارہ 18 کی آخری آیت اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے تا آخر وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ تک ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ہاتھ کانپنے لگ جائے گا۔ اگر ہاتھ نہ کانپے تو پھر تین بار پڑھیں۔ اگر پھر بھی نہ کانپے تو دوسرا نقش لکھ کر بائیں ہاتھ میں دیدیں۔ پھر سورۂ مزمل اور اَفَحَسِبْتُمْ سورۂ مومنون پوری پڑھ کر دم کریں۔ جنات فوراً حاضر ہوں گے اور بولیں گے اس وقت فوراً آیت الکرسی اور چاروں قل کا حصار مریض کے چوگرد دیں اور ان سے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ، حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا عہد لے کر چھوڑ دیں اور پکا عہد لیں کہ پھر آئندہ مریض پر نہ آئیں گے۔ اگر مریض کے ہاتھ نہ کانپیں تو پھر مریض دوسرا ہے یا جادو ہے۔ اس کا علاج کریں نقش یہ ہے۔

۴۳	۴۶	۴۹	۳۶
۴۸	۳۷	۴۲	۴۷
۳۸	۵۱	۴۴	۴۱
۴۵	۴۰	۳۹	۵۰

اجب بحق یا جبرائیل علیہ السّلام
اجب بحق یا میکائیل علیہ السّلام
اجب بحق یا اسرافیل علیہ السّلام
اجب بحق یا عزرائیل علیہ السّلام
گریز مدہ شو ورنہ سوختہ شو

آئینہ میں حاضرات

سیاہ سانپ کی کینچلی، سنگ مقناطیس، کانچ سفید ان تینوں اجزاء کو تین تین ماشہ لے کر خوب کھرل کریں کہ مثل سرمہ ہو جائے، بعدہٗ اس میں قدرے چنبیلی کا تیل ملائیں۔ یہ ایک مرہم سا بن جائے گا۔ اب اس کو اپنے انگوٹھے یا ناخن پر لگا کر یا ہتھیلی میں لگا کر اپنے مقصد کا دھیان رکھیں اور یکسوئی سے دیکھیں۔ چند ثانیہ بعد مثل آئینہ تمام حال معلوم ہو جائے گا۔ عامل اس مرہم اجزاء کو دوسروں کو بھی دے سکتا ہے۔ دوسرا شخص بھی اسی طرح حاضرات کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ اس سیاہی کو آپ فروخت بھی کر سکتے ہیں۔ غرض ہر مذہب و ملت کا آدمی اس سیاہی سے فیضیاب ہو سکتا ہے۔

کاجل سے حاضرات

چاند کی پہلی تاریخ کو جب شنبہ (ہفتہ) پڑے تو اس دن مالکنگنی کا روغن کشید کروائیں اور اس روغن کو اسی دن مٹی کے نئے چراغ میں ڈال کر بارہ مہینے کھلنے والے کپاس کی روئی کا فلیتہ بنا کر اس چراغ میں روشن کر کے کاجل حاصل کریں۔ اس کو آنکھ میں لگائیں یا ناخن پر لگا کر اپنے مقصد کا دھیان رکھیں پانچ دس منٹ بعد مثل ٹی۔وی کے تمام احوال معلوم ہو جائے گا۔ عامل یہ کاجل دوسرے کو بھی دے سکتا ہے۔ وہ بھی اسی طرح اس کاجل سے اپنا مقصد پورا کر سکتا ہے۔

جلد حاضرات کے لیے

ہدہد کا دل اور سیاہ کوے کی زبان دونوں کو خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں چنبیلی کا تیل حسب ضرورت ملا کر کاجل بنالیں۔ جب کبھی حاضرات کرنی ہو تو اس کاجل کو نابالغ بچے، بچی کی آنکھ میں لگائیں اور ایک عدد سفید چادر اڑھا کر اس سے اپنا مقصد پوچھیں۔ تمام احوال آئینے کی طرح نظر آئے گا۔

بچے کے ذریعے حاضرات

کوا سیاہ پہاڑی اس کی زبان اور گوشت دونوں بروز اتوار حاصل کریں۔ ان دونوں چیزوں کو خشک کر کے کوری روئی میں لپیٹ کر بکری کی چربی کے روغن میں مٹی کے چراغ میں فلیتہ روشن کر کے کاجل حاصل کریں اور دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگا کر اپنے مقصد کا دھیان رکھیں۔ تھوڑی ہی دیر بعد تمام احوال مثل آئینے کے نظر آئے گا۔

حاضرات کا جادوئی آئینہ

گدھ کی آنکھیں، ہدہد کی آنکھیں، کوے کی آنکھیں، چار عدد بکروں کا ایک پتہ، ایک تولہ سنگ مقناطیس، سیاہ بلّی کی آنکھیں، تمام کو سایہ میں خشک کر لیں۔ بعد ازاں خوب باریک پیس کر حسب ضرورت شہد ملالیں اور تانبے کے قلعی شدہ برتن میں رکھ کر آگ پر رکھیں۔ یہاں تک کہ تمام دوائیں جل جائیں۔ ان کو پیس کر حسب ضرورت چنبیلی کا تیل ملالیں اور صاف پاکیزہ آئینہ پر یہ سیاہی مل دیں۔ بس حاضرات کا جادوئی آئینہ تیار ہے۔ جب بھی کسی امر کی ضرورت پیش آئے اس آئینے میں دیکھیں جو پوچھنا ہو پوچھیں۔ تمام احوال ٹی وی کی طرح نظر آئے گا۔ اس کے علاوہ اس سیاہی (کاجل) کی ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔ تو جنات و روحانیت کا مشاہدہ ہوگا۔ اس کاجل سے انسان اپنا ہمزاد خود دیکھ سکتا ہے۔ لاجواب و بے مثل حاضرات ہے۔ حاضرات کرنے کے بعد آنکھوں کو عرق گلاب سے اچھی طرح دھولیں۔ بعدہٗ صاف پانی سے دھولیں۔

حاضرات کا آسان عمل

یاجبرائیل	۷۸۶	یامیکائیل
۲۵۹	۲۵۲	۲۵۷
۲۵۴	۲۵۶	۲۵۸
۲۵۵		۲۵۳

یا اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

طریقہ:

دس یا بارہ سال کے بچے کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں عامل خود بچے پر درود ابراہیمی اور سورۂ اخلاص پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات نہ کھل جائے۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ ہر قسم کی معلومات سو فیصد درست حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا نظر عمل

یامیکائیل — یاجبرائیل

نٓ	حمٓعسٓقٓ	الٓمٓ
یٰسین	حمٓ	الٓمٓصٓ
امین	قٓ	کٓھٰیٰعٓصٓ

یاعزرائیل — یااسرائیل

طریقہ:

حاضرات کے لیے ضروری ہے کہ عامل اور معمولی دونوں پاکیزہ ہوں۔ لباس خوشبو سے معطر ہو۔ کمرہ صاف ستھرا اور خوشبو سے مہک رہا ہو۔ حاضرات اگر ایک مرتبہ نہ کھلے تو بار بار حاضرات کریں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ حاضرات کے وقت یکسوئی نہیں ہوتی اور بچے کا ذہن منتشر ہوتا ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کچھ بچوں میں قوت ارادی بالکل نہیں ہوتی۔ ان وجوہات سے بھی حاضرات کا نزول نہیں ہوتا۔ سب سے پہلے بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونکیں اور اڑتالیس مرتبہ حمٓعسٓقٓ پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں۔ سیاہ خانہ میں عطر لگائیں۔ تھوڑی ہی دیر میں بچے کو سیاہ خانہ میں روشنی نظر آئے گی۔ پھر بچے کو ایک میدان نظر آئے گا۔ تھوڑی دیر بعد ایک آدمی نظر آئے گا۔ بچے سے کہلوایا جائے کہ خاکروب کو بلاؤ جھاڑو دے ماشکی کو بلاؤ۔ چھڑکاؤ کرے۔ دریاں بچھاؤ۔ تخت شاہی حاضر کیا جائے۔ جو چاہیے سو پوچھو۔ انشاء اللہ

تمام مشکل امور کے سوالات کے جوابات کا تسلی بخش سو فیصد درست جواب ملے گا۔ بعدہ بادشاہ سلامت کا شکریہ ادا کریں اور سلام عرض کے انہیں جانے کی اجازت دیں۔

حاضرات خود

۱۱۸	۱۲۳	۱۱۶
۱۱۷		۱۲۱
۱۲۲	۱۱۵	۱۲۰

یا اسرافیل بحقِ خوطیر حاضرات حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگایا ہے۔ وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور اب آپ آٹھ سو پچیس مرتبہ اسم خوطیر پڑھ کر سیاہ خانہ میں پھونکیں اور سیاہ خانہ میں آپ خود حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں۔ جو کچھ بھی دریافت کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ دیگر اس حاضرات کو بچے پر بھی کر سکتے ہیں۔ بچے سے جو بات پوچھیں۔ وہ سو فیصد درست بتائے گا۔

حاضرات (خود)

مندرجہ ذیل نقش اتوار کے دن سورج طلوع ہونے کے دس پندرہ منٹ بعد دو عدد لکھیں۔ ایک نقش تو جاری پانی میں ڈال دیں اور دوسرے نقش کو بتی بنا کر اور اس پر ذرا سی پاک و صاف روئی لپیٹ کر رات کو سوتے وقت چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں۔ مگر چراغ اس طرح رکھیں کہ عامل کی نگاہ کے سامنے ہو اور خود اس چراغ پر نگاہ کر کے سورۂ جن پڑھنا شروع کرے۔ یہاں تک کہ اسی حالت میں نیند آ جائے۔ اسی رات میں کسی جن یا مؤکل سے خواب میں ضرور ملاقات ہوگی اور عامل کے سوالوں کا جواب بھی ملے گا۔ اگر پہلے دن ملاقات نہ ہو تو پھر

پیر کے دن دو نقش لکھے۔ پیر کے دن صبح آٹھ بجے سے نو بجے تک کا وقت ہے۔ ایک دریا میں یا نہر میں ڈال دے اور دوسرے کی بتی بنا کر حسب ترکیب عمل کرے۔ اگر دوسرے دن بھی ملاقات نہ ہو تو پھر دوسرے اتوار کو طلوع سے دس پندرہ منٹ بعد دو عدد نقش لکھے اور حسب ترکیب بالا عمل کرے۔ تیسرے دن ضرور ملاقات ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ جب تک نیند نہ آئے سورۂ جن پڑھتے پڑھتے سو جائے جس جگہ پر کرنی ہو تو سیاہ خانہ میں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے پر ایک بار سورۂ جن پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فی صد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

یا میکائیل		۷۸۶	یا جبرائیل
۲۱۲۹۳	۲۱۲۹۵	۲۱۲۹۸	۲۱۲۸۵
۲۱۲۹۷	۲۱۲۸۶	۲۱۲۹۱	۲۱۲۹۶
۲۱۲۸۷		۲۱۲۹۲	۲۱۲۹۰
۲۱۲۹۳	۲۱۲۸۹	۲۱۲۸۸	۲۱۲۹۹
یا عزرائیل			یا اسرافیل

حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد

سورۃ الجاثیہ (سپارہ 25) وَيْلٌ لِّكُلِّ سے عَذَابٌ عَظِيْمٌ تک روزانہ ایک ہزار بار اکیس یوم تک پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مذکورہ بالا عمل کو صرف تین مرتبہ پڑھ کر معمول پر دم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں تمام احوال ٹی۔وی کی طرح نظر آئے گا۔ یہ حاضرات آئینہ میں بھی کر سکتے ہیں۔ غرض حاضرات ہر جگہ کام دے گی۔

حاضرات:

﴿ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ اَنْتَ رَبِّيْ وَ عِلْمُكَ

حَسْبِيْ فَانِعْمَ رَبِّ رَبِّيْ وَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴾

طریقہ: [illegible]

روزانہ ایک ہزار دو بار یوم جلالی و جمالی پرہیز کے ساتھ پڑھیں۔ مؤکل انسانی شکل میں سامنے حاضر ہوگا۔ قول و قرار کر کے آئندہ آنے کا پوچھیں۔ اس عمل میں مختلف شکلیں نظر آئیں گی۔ گھبرانے و ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر دل کی کمزوری ہو تو چاروں طرف سے اپنا حصار کریں اور شکلیں نظر آئیں گی۔ گھبرانے و ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر دل کی کمزوری ہو تو چاروں طرف سے اپنا حصار کریں اور چاروں قل تین تین بار اور آیت الکرسی سات بار پڑھ کر چاروں طرف دم کریں۔

طلسماتی حاضرات

طعلسلحلح علسلطح غفلحح

طریقہ: [illegible]

مندرجہ بالا طلسماتی طلسم کو فتیلہ بنا کر اور اس پر روئی لپیٹ کر ایک کورے چراغ میں ... کا تیل ڈال کر روشن کریں اور کسی نابالغ بچہ، بچی کو چراغ کی لو پر نظر رکھنے کو کہیں کہ چراغ کی لو کو ... دیکھتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں ایک بزرگ نظر آئیں گے۔ عامل بچے پر درود شریف و سورہ اخلاص پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ جب بزرگ نظر آئیں تو عامل بچے سے سلام کہلوائے اور ... بیان کرے جو بھی مقصد ہوگا۔ مثلاً بیماری، چوری، گمشدہ کا پوچھنا وغیرہ وغیرہ۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

حاضرات چہل کاف

(آزمودہ است)

طریقہ:

ماہ رمضان شریف کے آخری عشرہ 21 سے 29 یا 30 تک اوّل و آخر 11,11 بار درود شریف پانچ سو بار چہل کاف باوضو پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھیں۔ جن حاضر ہوگا۔ ڈرو خوف کھانے کی ضرورت نہیں۔ انشاء اللہ ہر جائز کام بخوشی سرانجام دے گا۔

چہل کاف یہ ہے۔

﴿ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةٌ كِفْكَا فُهَا لَكِمِنْ كَانَ مِنْ كُلُهَا تَكُرُّ كَرًّا اَلْكَرَّ الْكَرِّ فِيْ كَبِدٍ تَحْكِيْ مُشْكُنْكَهٗ كَلْكَلِكٍ كَلْكًا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ ط ﴾

حاضرات درود نوری:

﴿ يَا نُوْرُ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ النُّوْرِيْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِهَا سِرِّيْ وَسَرِيْرَتِيْ وَبَصَرِيْ وَبَصِيْرَتِيْ وَدُنْيَا وَاَهْلِيْ وَعَيَالِيْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط ﴾

طریقہ:

کسی صاف ستھرے بچہ، بچی کو بٹھا کر اس کے دائیں انگوٹھے پر ذرا سا کاجل لگا کر اور اس پر تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے کو اس میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ مندرجہ بالا درود نوری پڑھ کر پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جو بھی سوالات کرنے ہوں۔ ان کے جوابات بچے کے ذریعہ سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔ تمام

سوالوں کے جوابات انشاء اللہ سو فیصد سچے و درست ہوں گے۔

حاضرات پری

۶/۳۱۸۷۱	۷/۵۱۸۷۱	۲/۱۷۸۱۰
۱/۱۷۸۰۹	۹/۱۷۸۱۳	۹/۱۷۸۱۷
۸/۱۷۸۱۶	۳/۱۷۸۱۱	۳/۱۷۸۱۳

طریقہ:

نوچندی جمعرات کو مندرجہ بالا نقش 75 یا 39 مرتبہ لکھیں۔ وقت ایک مقرر کریں اور اکیلے میں لکھیں۔ بعدہٗ تمام نقوش کی آٹے میں گولیاں بنا کر دریا، نہر میں ڈال دیں۔ پہلی دفعہ 75 یا 39 نقش لکھیں۔ پھر جب ضرورت ہو تو اکیس نقش لکھیں۔ بیس عدد نقش کی آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا بہتے پانی میں ڈالو۔ اور ایک نقش اپنے پاس رکھو۔ جب کسی کا کام کرنا ہو تو وہ نقش اس آدمی کے سر پر یا دائیں ہاتھ میں رکھو۔ پری حاضر ہو کر ہر قسم کے سوال کا جواب سو فیصد درست دے گی۔ اس کے بعد اکیس نقش روز لکھو۔

فلاں شخص آسیب زدہ ہے آپ اس کو جلا دیجئے یا گرفتار کر لیجئے۔ یا اس سے نجات دلا دیجئے اور آئندہ کے واسطے وعدہ لے لیجئے کہ اب نہ آئے گا۔

دفینہ اس مقام پر کسی جگہ ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو بتلا دیجئے۔

فلاں شخص ہم کو پریشان کرتا ہے۔ اس کی کیا تدبیر کی جائے؟ الغرض ہر مقصد کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ بعد مطلب کہہ دیجئے۔ کہ میں نے آپ کو بہت تکلیف دی۔ اب آپ تشریف لے جائیے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

حاضرات:

مندرجہ ذیل نقش کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ نقش کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر روشن کریں۔ اب کسی نو دس سال کے لڑکے، لڑکی کو چراغ کے

سامنے بٹھائیں اور بچے کو کہیں کہ چراغ کی بتی کی لو کو دیکھتا رہے۔ اسے تھوڑی ہی دیر بعد کوئی معمولی چیز نظر آئے گی۔ آپ اس سے ہر قسم کے سوالات وحالات درست معلوم کر سکتے ہیں۔

حاضرات کے ہر نقش میں عامل کو چاہیے کہ بچے پر درود شریف وسورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ جب تک کہ حاضرات نہ کھلے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

حاضرات گم شدہ اشیاء چوری وغیرہ کا معلوم کرنا

جب کوئی چیز گم ہو جائے یا کوئی چوری وغیرہ ہو جائے۔ یا کوئی اور مسئلہ درپیش ہو تو اس وقت یہ حاضرات، کرامات کا کام دیتی ہے۔ اس حاضرات سے آپ مشکل سے مشکل مسائل کے بارے میں سو فیصد درست جوابات معلوم کرتے ہیں۔ حاضرات کیا ہے ایک غیبی خزانہ ہے۔ مندرجہ ذیل طلسم کو کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں اور طلسم کو روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی روشن کریں۔ اور کسی بچہ یا بچی کو چراغ کے سامنے بٹھائے اور ہدایت کریں کہ چراغ کی بتی کی لو کو غور سے دیکھتا رہے۔ پس تھوڑی دیر بعد اُسے غیر معمولی چیز نظر آئے گی۔ آپ اس سے گم شدہ اشیاء چوری کے بارے میں اور دیگر مشکل مسائل کے بارے میں بھی پوچھ سکتے ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات تسلی بخش وسوفی صد درست ملیں گے انشاءاللہ۔

طلسم یہ ہے۔

۱۹ق	۲۲م	۲۵م	۱۲ ا
۲۴ی	۱۳م	۱۸ل	۲۳ج
۱۴ط	۲۷ص	۲۰ل	۱۷و
۲۱ل	۱۶ل	۱۵و	۲۶د

حاضرات

آسان اور سہل حاضرات جو کہ تھوڑی سی محنت سے حاصل ہو جاتی ہے۔ اوّل عزیمت "اعب یا ھیائیل بحق یا حبی حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔" اکتالیس روز تک ایک سو اکیس مرتبہ بعد نماز عشاء تنہائی میں پڑھے۔ بعد اکتالیس روز نقش مذکور کو لکھے اور درمیان کے خانہ میں سیاہی بھرے۔ اس حاضرات کو بارہ سال سے لے کر ساٹھ برس کے مرد وعورت پر بھی کیا جاسکتا ہے۔

ایک کوری (نئی) مٹی کی چھوٹی ہنڈیا الٹی رکھ کر اس کی پشت پر چراغ نور رکھیں اور روئی کی بتی بنا کر ڈالیں اور سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائیں بچے یا بڑے کو سامنے بٹھائیں اور نقش اس کے ہاتھوں میں پکڑائیں اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر چراغ کی لو پر دم کریں اور گیارہ مرتبہ معمول پر پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نقش میں یعنی چراغ کی لو میں ایک بزرگ نظر آئے گا۔ عامل بذریعہ مریض سلام کروائے بعدہٗ مریض کے بارے میں معلومات کرے یا جس چیز کے بارے میں معلوم کرنا ہو معلوم کرے۔ انشاءاللہ جیسے عامل چاہے ویسا ہی ہوگا۔

نقش حاضرات بلانے کا یہ ہے۔ یہ نقش حاضرات میں بھی کام کرتا ہے اور چراغ میں جلانے کا بھی یعنی دونوں طریقے سے حاضرات کر سکتے ہیں۔ نقش میں لکھنے سے بھی حاضرات ہوتی ہے اور دوسرے نقش کو چراغ میں فتیلہ بنا کر بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷		۳
۲	۹	۴

حاضر شو حاضر شو حاضر شو

حاضرات:

"برائے حاضرات سورۂ جن" اول زکوٰۃ ادا کرے طریقہ یہ ہے کہ

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَجِبْ يَا كَلْكَائِيْلُ يَا نُوَائِيْلُ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا حَصُوْرَائِيْلُ يَا عَطُوَائِيْلُ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ وَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ وَ بِحَقِّ اَسْمَاءِهٖ وَالْخُدَّامِ حَاضِرُ شَوْ حَاضِرُ شَوْ حَاضِرُ شَوْبِحَقِّ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ۔﴾

سے آخر سورۃ تک پڑھے۔اسی طرح ہر بار پوری سورۃ پڑھے گیارہ مرتبہ روزانہ اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔چالیس روز تک چالیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔بعدہٗ تین مرتبہ روز ورد میں رکھے۔

بعدہٗ جب عامل حضرات کرنے کا ارادہ کرے تو اول سورۃ جن کا نقش تیار کرے بروز جمعہ بوقت صبح 8 تا 9 بجے کے درمیان لکھا جائے گا۔بیچ کے خانہ میں سیاہی بھرے پھر مریض کو خواہ وہ عورت ہو یا مرد (سابقہ مذکورہ قاعدہ کے مطابق) اور عامل خود عزیمت یعنی سورۃ پڑھے۔عامل ایک بار پوری سورۃ نہیں پڑھ پائے گا کہ اموکیل حاضر ہو جائیں گے اور ہر سوال کا جواب باصواب دیں گے اور مریض پر جو سحر سفلی و آسیب، جن، دیو، خبیث ہوگا حاضر کریں گے۔ اب عامل کو اختیار ہے جیسا چاہے سلوک کرے۔بعدہٗ یہی نقش سورۃ جن کا لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور ایک پانی کی بوتل میں ڈال کر رکھیں کہ صبح شام وہ پانی پیے۔

انشاءاللہ صحت عاجلہ و شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔دوران عمل پوری شرائط کا خیال رکھے۔تغافل و سستی نہ برتے۔انشاءاللہ حصول کامیابی یقینی ہے مجرب و آزمودہ ہے۔"

۷۸۶

۲۲۶۷۳	۲۲۶۷۴	۲۲۶۶۹
۲۲۶۶۸	۲۲۶۷۲	۲۲۶۷۶
۲۲۶۷۵	۲۲۶۷۰	۲۲۶۷۱

پری کو حاضر کرنا

اگر کوئی شائقین حاضرات پری کو حاضر کرنے کا شوق رکھتا ہو تو پہلے اس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ شروع کرے اور روزانہ 121 مرتبہ اکیس روز تک پڑھے اکیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔بعدہٗ گیارہ مرتبہ روز ورد میں رکھے۔بعدہٗ جب عامل کسی پری زدہ کا حاضرات کرنا چاہے تو پری زدہ کی پیشانی کے بال پکڑے اور عزیمت ہذا کو پڑھنا شروع کرے۔اکیس بار پڑھنے سے پہلے ہی پری حاضر ہوگی۔کلام کرے گی اور اطاعت کرے گی اور انشاءاللہ آئندہ بھی تابعدار رہے گی وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿عَقْلَمُ عَقْلَمُ عَقْلَمُ عَقْدُوْشٍ عَقْدُوْشٍ قُرَيْشٍ قُرَيْشٍ حَبِيْبَكَ حَبِيْبَكَ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوُوْنَ ٥ وَ جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ۔﴾

بستم بستم بستم بہ مہر سلیمان بن داؤد علیہما السلام بستم و مہر کردم و بند کردم تا من نکشایم کسے نکشاید۔

﴿بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ۔﴾

حاضرات کے لیے فتیلہ تیار کرنا

''برائے فتیلہ'' حاضرات'' مندرجہ ذیل نقش بروز جمعہ لکھ کر تیار کرے اور سا... اور عروج ماہ میں زکوٰۃ کی ادائیگی شروع کرے 44 نقش روز بعد نماز فجر لکھے اور دریا میں ... متواتر 21 روز تک لکھے اور بجائے اکیسویں روز بچوں کو شیرینی تقسیم کرے اور پانچ نمازیوں کو ... کھلائے اور ایصال ثواب کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی بعدہ ایک نقش تیار کرے اور سولہویں ... میں سیاہی بھرے۔

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۸	۱۱	۷۲	۱
۷۱	۲	۷	۱۲
۳	۷۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۷۳

تنکفیل رفتمائیل

اور جب حاضرات کرنا چاہے تو بچہ یا مریض کو بٹھائے اور چراغ تو جلائے اور مریض ... سیاہی میں دیکھنے کی ہدایت کرے اور عامل یہ عزیمت پڑھے'' اَجِبْ یَا جبرئیل یا میکائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل ببرکت ایں نقش حاضر شو حاضر شو حاضر شو'' چند منٹ میں موکلین حاضر ہوں ان سے سلام و کلام کرے انشاء اللہ سوالات کا جواب باصواب پائے۔ مجرب ... آزمودہ ہے۔

برائے حاضرات سورۂ جن

اس حاضرات کی عزیمت بھی سابقہ حاضرات والی ہے اور طریقہ زکوٰۃ بھی وہی ... ایک زکوٰۃ ادا کرکے دونوں طریق کا حاضرات کرسکتا ہے۔ فرق بس اتنا ہے کہ اس حاضرات ... نقش دوسرا ہے۔ نقش ہذا کو بروز جمعہ لکھ کر تیار کرے۔ بعدہ جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو بچہ ...

مریض کو بٹھائے، چراغ جلائے اور نقش بچہ یا مریض کے ہاتھ میں پکڑوائے اور سیاہی میں دیکھنے کی تاکید کرے۔ عامل خود عزیمت مذکور سورۂ جن والی پڑھنا شروع کرے چند ساعت میں مؤکلات حاضر ہوں گے سلام اور کلام کے بعد سوالات کرے انشاء اللہ جواب باصواب ہوگا۔

اس حاضرات کے لیے نقش سورۂ جن کا یہ ہے فرق اعداد اور الم مؤکلات کا ہے۔

۷۸۶

۱۵۹۵۳	۱۵۹۳۷	۱۵۹۵۵
۱۵۹۵۴	۱۵۹۵۱	۱۵۹۳۹
۱۵۹۳۸	۱۵۹۵۶	۱۵۹۵۰

در وجود فلاں بن فلاں الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ

آئینہ میں حاضرات

'' برائے حاضرات آئینہ'' اول اس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ اکتالیس ہی روز تک پڑھے۔ اوّل آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکتالیسویں روز شیرینی تقسیم کرے اور ایصال ثواب کرے۔ بعدہ تین مرتبہ درود میں رکھے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو ایک آئینہ منگائے اس پر عطر لگائے اور بچہ یا مریض کے ہاتھ میں دے کہ وہ عطر کی جگہ نگاہ رکھے اور عامل خود عزیمت پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ چند منٹ میں حاضرات ہوگا اور عامل کے سوالات کے جوابات باصواب ملیں گے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا بَادُشَاه مَلِكُ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ بِحَقِّ اَبُوْكَ اَبُوْكَ اَخُوْكَ اَخُوْكَ اِبْنُكَ اِبْنُكَ نَجِيًّا نَجِيًّا نَجِيًّا خَتْمًا خَتْمًا مَيْسِرًا مَيْسِرًا اَجَلًا اَجَلًا اُحْضُرُوْا

اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَمِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسِرِ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمٰنَ بِنْ دَاوٗدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامِ۔﴾

بچہ یا مریض کے سر پر دم کرتا رہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔"

سورۂ مزمل شریف سے حاضرات

سب سے پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے روزانہ 21 مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ چالیسویں دن ایصال ثواب کرے اور بچوں کو شیرینی تقسیم کرے اور گیارہ نمازیوں کو میٹھے چاول کھلائے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ بروز جمعہ 8 تا 9 بجے کے درمیان نقش تیار کرے۔

بعدہٗ جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو نقش کو مریض یا بچہ کو دے تاکہ دونوں ہاتھوں سے پکڑے اور سیاہی میں دیکھے اور عامل سورہ مزمل شریف مع عزیمت پڑھے۔ انشاء اللہ ... ساعت میں موکل حاضر ہوں گے اور سوالات کا جواب باصواب دیں گے۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَجَبْ یَا زُوْ قِیَائِیْلُ یَا طَا طَائِیْلُ یَا شَرْ قَائِیْلُ یَا رُفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَهٗ۔﴾

آخر سورۃ تک پڑھے بعد یہ عزیمت پڑھے۔

﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْكِ سُلَیْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّیٰطِیْنَ كَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ط﴾

شاہ یکتانوس را اعلام بدیدی ایں رقعہ بوسیلہ خدا و رسول خدا آمدہ شود۔"

جس نقش پر حاضرات کیا جائے گا وہ یہ ہے۔ بچہ یا مریض سیاہی والے خانہ میں دیکھ

...مجرب ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم
۷۷ ع ۸۸ رر ہ
ھـــــلہ
۹۹ ۱۱۱۰ ۱۰۱ ۰۹ ۶۵ ۱۱ ۹
ھـــــلہ
واتبعوا ما تتلو الشیاطین علی ملک سلیمان وما کفر سلیمان ولکن الشیاطین کفروا یعلمون الناس السحر ہ شاہ یکتانوس را اعلام آنکہ بدیدی ایں رقعہ بوسیلہ خدا و رسول خدا آمدہ حاضر شود

حاضرات کا لاجواب عمل

"برائے حاضرات جن بر سر مریض۔" اول ان آیات کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ... کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ شروع کرے۔ روزانہ ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے اول آخر ۱۱،۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکتالیس روز عمل جاری رکھے۔ اکتالیسویں روز شیرینی تقسیم ... اور ایصال ثواب کرے۔ بعدہ 11 مرتبہ روز ورد میں رکھے۔

بعدہٗ جب عامل حاضرات کرانا چاہے تو آیۂ مذکورہ کا فتیلہ بنائے۔ بروز جمعہ لکھے بچہ یا ... کو سامنے بٹھائے درمیان میں چراغ جلائے اور آیہ" سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ" ... مرتبہ پڑھے بعدہٗ اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ بحق شاہ محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی سات مرتبہ ... مریض یا بچے کے سر پر دم کرے اور چراغ کی لو پر بھی دم کرے۔ چند منٹ میں حاضرات ... خواہ مریض کے جسم میں ہو یا باہر کتنی ہی دور کیوں نہ ہو انشاء اللہ حاضر ہوگا اور اطاعت ...گا اور سوالات کے تسلی بخش جواب دے گا۔ عمل مذکور میں دوسری آیت کو لکھ کر فتیلہ بنائے ... دونوں کی ادا کرے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

شاہ جنات کی حاضرات

طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز یکشنبہ بعد نماز اشراق 23 مرتبہ عزیمت مندرجہ ا[ل] پڑھے اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھے متواتر 23 روز تک اور 23 ہی نقش روز لکھ کر د[ریا] میں بہائے 23 روز میں انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی اور ایصال ثواب کرے بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ بعدہٗ 7 مرتبہ روزانہ عزیمت پڑھے۔ یعنی ورد رکھے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا هُوَ رُوْ شَاه يَا قُوْقِيَا قَدْ شَفَا هَا يَنْصُرُوْا عَلٰى غَيْبِهٖ عَلٰى يَشَآءُ اِمْدَادُ اللّٰهِ بِاِذْنِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَمِنْ جَانِبِ الْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا بِحَقِّ سُلَيْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ۔﴾

اور جو نقش بروز جمعہ کو تیار کرنا ہے وہ یہ ہے۔ مجرب ہے۔"

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

حضرت سلیمان شاہ کی حاضرات

اول اس آیۂ شریفہ کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ بعد نماز عشاء شروع کرے اول آخر 7-7 مرتبہ درود شریف اور دو سو پچاس مرتبہ آیۂ شریفہ پڑھے سابقہ شرائط و مکمل پرہیز کے ساتھ اکیس روز تک عمل جاری رکھے۔ اکیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ بروز جمعہ نیک ساعت میں نقش [لکھا] کرے۔

جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو پاک وصاف جگہ میں مریض یا بچہ کو پاک صاف لباس پہنا کر بٹھائے اور نقش تیار شدہ پر 7 مرتبہ درود شریف اور 25 مرتبہ عزیمت پڑھ کر دم کرے اور بچہ یا مریض کو دے کہ وہ دونوں ہاتھوں میں پکڑے اور سیاہی والے خانہ میں بغور دیکھے۔ عامل وہ عزیمت پڑھے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

چند منٹ میں تنکفیل واسرافیل حاضر ہوں گے ہر سوال کا جواب دیں گے اور اگر مریض کے جسم میں اثرات وسحر کا غلبہ ہوگا اس کو حاضر کریں گے اور جیسا عامل کہے گا ویسا ہی کریں گے۔ انشاء اللہ مریض صحت عاجل وشفائے کامل پاوے گا۔ نقش اوپر لکھا ہے اور عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَجِبْ يَا تَنْكَفِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ بِحَقِّ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝﴾ مجرب ہے۔"

حاضرات سکندر شاہ

اس حاضرات کو کرنے سے پہلے عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز چہارشنبہ بعد نماز عشاء شروع کرے۔ اول آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھے اور 121 مرتبہ متواتر 21 روز تک عزیمت پڑھے۔ اکیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی بعدہٗ تین مرتبہ ورد میں رکھے۔

بعدہٗ جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو جمعہ والے دن نیک ساعت میں نقش تیار کرے اور بچہ یا مریض پر حاضرات کرے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَبِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى o عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اَصْحَابَ الْاَرْوَاحِ فَتْحُونَكَ فُتُحُونَكَ حَبِيْكَ حَبِيْكَ اَلِيْمُ صَفَكًا صَفَكًا اَلَسًا اَلَسًا بَلَسًا بَلَسًا قَلَسًا قَلَسًا سُوْرَدًا سُوْرَدًا كَهْلًا كَهْلًا مَهْلًا مَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا حَاضِرًا حَاضِرًا شِيْخِيًا شِيْخِيًا شَدِيًّا شَدِيًّا بِحَقِّ خَاتِمِ سُلَيْمٰنَ بن دَاوٗدَ عَلَيْهِمُ السَّلَام اُحْضُرُوْا يَا اَصْحٰبَ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَاُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَمِنْ جَانِبِ الْجُنُوْبِ وَالشَّمَالِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ شاہ سکندر حاضر شو حاضر شو حاضر شو اَجِبْ يَا عَفْهَائِيْلُ۔ نقش اوپر درج ہے۔﴾

مسان کیا ہے؟

مسان جادو کی ایک ایسی قسم ہے۔ جس کے وار سے بچہ جسمانی طور پر دن بدن کمزور ہونا شروع ہو جاتا ہے علاج معالجے کے باوجود مریض کو افاقہ نہیں ہوتا اس کی بیماری کی سمجھ نہیں آتی حتیٰ کہ رفتہ رفتہ بچہ کمزور ہو کر موت کی وادی میں چلا جاتا ہے اس مقصد کے لیے سفلی علم کا ماہر مردوں پر سفلی عمل کرتا ہے اور پھر جب چلہ مکمل کر لیتا ہے تو ان کو جلا کر ان کی راکھ کو اپنے پاس محفوظ کر لیتا ہے اس کے بعد اس راکھ میں مختلف جادوئی عمل کر کے اس مردے کی قوت خبیثہ کو قائم کرتا ہے اس طرح اس کا یہ عمل مسان کے لیے پورا ہو جاتا ہے۔ جس بچے کو شکار بنانا ہوتا ہے یہ راکھ کسی بھی میٹھی چیز میں تھوڑی سی ملا کر اس بچے کو کھلا دی جاتی ہے۔ جس سے اس بچے کے جسم کے اندر جناتی مؤکل داخل ہو جاتا ہے اور پھر بچہ دن بدن کمزور ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بچے کو تشنج کے دورے پڑتے ہیں۔ اکثر بے ہوشی کے دورے بھی پڑتے ہیں بچے کا دل کھانے پینے کو نہیں چاہتا وہ الٹی سیدھی حرکتیں اور باتیں کرتا ہے۔ بعض اوقات اس کی آنکھوں کے ڈھیلے کھنچ جاتے ہیں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں چہرے کی رنگت پیلی ہو جاتی ہے اور پھر تھوڑے ہی عرصے میں اس کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

اُم الصبیان کیا ہے؟

اُم الصبیان ایک ایسی ڈائن اور بلا ہے جو گھروں کو برباد اور ہنستے بستے لوگوں کو مصیبت اور پریشانی میں مبتلا کر دیتی ہے رزق میں کمی کر دیتی ہے کھیتوں کو برباد اور کاروبار کو تباہ کر دیتی ہے بچوں کی جان لے لیتی ہے۔ مروی ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا کہ تمام سرکش اور شریر جنات اور شیاطین کو قید کر دیا جائے تو حضرت

سلیمان علیہ السلام نے تمام جنات کو حاضر ہونے کا حکم دیا اس پر تمام جنات کے لشکر جو کہ زمینوں اور آسمانوں کے درمیان تھے حاضر ہو گئے لیکن اُم الصبیان کو امان دی ہے؟ حالانکہ سب سے زیادہ تکلیف اور مصیبت میں انسانوں کو اُم الصبیان ہی ڈالتی ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے آصف بن برخیا کو حکم دیا کہ اُم الصبیان کو جلد گرفتار کر کے حاضر کیا جائے۔

آصف برخیا نے چند ساعتوں کے اندر اندر اُم الصبیان کو زنجیروں میں جکڑ کر حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں پیش کر دیا جو کہ بڑی خوفناک اور خطرناک شکل و صورت کی عورت تھی جس کے دانت ہاتھی کے دانتوں کی طرح تھے۔ اس کے سر کے بال کھجور کے ریشوں کی مانند تھے اس کے منہ اور نتھنوں سے دھواں نکلتا تھا اس کی آنکھیں بجلی کی طرح چمکتی تھیں اور اس کی آواز بہت گرجدار بادلوں جیسی تھی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی ہیبت ناک شکل دیکھی تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں سجدہ ریز ہو گئے پھر سر اٹھا کر اس سے فرمایا کہ بتا تیرا نام کیا ہے اور کام کیا ہے؟

همه بنت همه:

اس نے کہا کہ میرا نام همه بنت همه ہے اور کنیت اُم الصبیان ہے میں زمین و آسمان کے درمیان ہواؤں میں رہتی ہوں میرا کام یہ ہے کہ گھروں کو خالی کرتی ہوں قبرستان کو آباد کرتی ہوں بچوں کو ہلاک کرتی ہوں۔ ماؤں کے پیٹ میں بچوں کو نقصان پہنچا کر ضائع و اسقاط کرتی ہوں اور بڑے مردوں اور عورتوں کو مختلف اقسام کی بیماریوں، مصیبتوں، بلاؤں اور فقر و فاقہ میں مبتلا کرتی ہوں۔ عورتوں کی گودوں کو اجاڑتی ہوں ان کی گودیں بچوں سے خالی کر دیتی ہوں۔ تاجروں کے کاروبار میں دخل اندازی کر کے کاروبار تباہ و برباد کر دیتی ہوں۔ تیز و تند ہواؤں میں زہریلا مادہ گھول کر ہرے بھرے کھیتوں کی فصلوں کو برباد کر دیتی ہوں، پھلوں کو خراب کرتی ہوں، پانی میں زہریلا مادہ پیدا کرتی ہوں۔ مردوں اور عورتوں کے خون چوس کر انہیں ہلاک کر دیتی ہوں۔ بچوں کی ہڈیوں کو کمزور کر دیتی ہوں اور ہڈیوں کا گودا کھا جاتی ہوں اور ان کا گوشت کھا جاتی ہوں مردوں عورتوں اور بچوں میں سے ان کا انتخاب کرتی ہوں جن کی آنکھیں سیاہ اور چہرہ سُرخ ہوتا ہے۔

ام الصبیان کی لمبی عمر:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس ملعونہ سے فرمایا، تیری اس کارگزاری کی وجہ سے کیا تیرے ساتھ کوئی رعایت کی جا سکتی ہے؟ اور کیا عذاب میں کمی کی جا سکتی ہے؟ نا ممکن ہے بلکہ تجھے تو سخت سے سخت تر عذاب دیا جائے گا۔ اُمت اور بنی نوع انسانیت کی ہمدردی کے لیے میں تجھے قید و بند کی صعوبت میں ڈالوں گا تا کہ بنی نوع انسان تیرے شر اور ضرر سے محفوظ رہیں۔ اس پر ام الصبیان نے کہا، اے اللہ کے نبی! بے شک آپ مجھے ہر طرح کی سزا دے سکتے ہیں لیکن مجھے لمبی عمر عطا کی گئی ہے اور اللہ تعالیٰ مجھے عذاب کے طور پر کچھ لوگوں پر مامور کرتا ہے۔

ان پر اُم الصبیان کو مسلط کیا جاتا ہے:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا، اے ملعونہ! بتا وہ کون لوگ ہیں جن پر تجھے مسلط کیا جاتا ہے اُم الصبیان نے کہا، اے اللہ کے نبی! وہ ردی لوگ ہیں یعنی وہ مرد اور عورت جن کے پاس اسم ذات و صفات میں سے کوئی اسم نہ ہو اور آیات آسمانی میں کوئی آیت نہ ہو اور جس کے پاس آپ کی خاتم سلیمانی نہ ہو میں ان لوگوں پر مسلط کر دی جاتی ہوں۔ میں مردوں، عورتوں اور بچوں کے جسم میں اس طرح سرایت کر جاتی ہوں جس طرح جسم کے اندر لوگوں میں خون دوڑتا بہتا ہے، میں ہزاروں رنگ تبدیل کرتی ہوں، گدھے کی طرح رینکتی ہوں، اونٹ کی طرح کراتی ہوں، بھیڑیے اور کتے کی طرح بھونکتی ہوں، سانپ کی طرح پھنکارتی ہوں اور چیتے کی طرح غراتی ہوں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا، کوئی جواز نہیں بنتا کہ تجھے سزا نہ دی جائے اور تیرے ساتھ نرمی اور سلوک کا معاملہ کیا جائے۔ اُم الصبیان نے کہا، آپ کے لیے مجھے معاف کرنا ہے اس لیے میرے لیے نرمی اور رعایت کیجئے میرے پاس ایک خاتم ہے وہ میں آپ کو بتاتی ہوں اور عہد میثاق کرتی ہوں کہ جن کے پاس یہ خاتم ہوں گی اس کے پاس میں نہیں جاؤں گی اگر کوئی شخص یہی خاتم کو اپنے پاس رکھے گا تو میں اس کے جسم اس کے گھر سے نکل جاؤں گی اور پھر کبھی اس کے جسم یا مکان میں دوبارہ داخل نہیں ہوں گی۔

اُم الصبیان کے بارہ نام:

اُم الصبیان نے کہا کہ میرے بارہ نام ہیں۔

(1) قلقوش۔ (2) مقلوش۔ (3) جیلوش۔ (4) قرقوش۔ (5) مرش[illegible]

(6) اُم ملام۔ (7) اُم الصبیان۔ (8) مقرقوش۔ (9) حمہ بنت حمہ۔ (10) قسطو[illegible]

(11) ایلاقوش۔ (12) قوش۔

اُم الصبیان کا عہد و میثاق:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اُم الصبیان نے یہ بھی کہا ہے کہ میرے پاس سات عہد ہیں ان میں سے اگر ایک بھی عہد کسی کے پاس ہوگا تو میں اس کو کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچاؤں گی۔ بلکہ اس شخص سے دور رہوں گی۔ میں آپ سے عہد و میثاق کرتی ہوں کہ یہ ساتوں عہد و میثاق اور خاتم جس کے پاس ہوں گے میں ہرگز اس کے نزدیک نہیں آؤں گی بلکہ اس سے دور رہوں گی۔

پہلا عہد:

یہ عہد جس کے پاس ہوگا اُم الصبیان ہرگز اس کے قریب نہیں آئے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِحَقِّ الَّذِىْ لَهُ التَّهْلِيْلُ وَالتَّكْبِيْرُ وَالتَّعْظِيْمُ وَالتَّمْجِيْدُ وَالنُّوْرُ وَالْبَهَآءُ صَادِقُ الْوَعْدِ الْفَعَّالُ لِمَا يُرِيْدُ۔ ﴾

دوسرا عہد:

جس کے پاس یہ عہد بھی ہوگا تو بفضل باری تعالیٰ اس سے اُم الصبیان دور رہے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِحَقِّ الَّذِىْ تَجَلّٰى لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا مِّنْ نُّوْرِهٖ وَنَظَرَ فَتَدَ كْدَكَ مِنْ جَلَالِهٖ۔ ﴾

تیسرا عہد:

جس کسی کے پاس بھی یہ عہد ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے اُم الصبیان دور رہے گی۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْبَسْمَلَةُ وَ حَقِّ الَّذِىْ اَمْسَكَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ الْمُحْيِ الْمُمِيْتُ بَاعِثُ النُّفُوْسِ۔ ﴾

چوتھا عہد:

جس کے پاس یہ عہد بھی ہوگا تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اُم الصبیان کے شر سے بچا رہے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْبَسْمَلَةُ وَ حَقِّ الطُّوْرِ وَ كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ ○ وَ بَحْرٍ مَّسْجُوْرٍ وَ حَقِّ خَالِقِ النُّوْرِ وَ بَاعِثِ مَنْ فِى الْقُبُوْرِ ○ ﴾

پانچواں عہد:

جس شخص کے پاس یہ عہد ہوگا وہ اُم الصبیان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ بِحَقِّ مَنْ هُوَ نُوْرٌ فَوْقَ نُوْرٍ اَنُوْرُ وَ نُوْرٌ يَّظْهَرُ مِنْ نُّوْرٍ وَ حَقِّ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ الْمَلِكِ الدَّيَّانِ الْمُهَيْمِنِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ الَّذِىْ هُوَ فِىْ كُلِّ مَكَانٍ۔ ﴾

چھٹا عہد:

جو کوئی اس عہد کو تعویذ کی طرح بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے تو اُم الصبیان اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گی اور وہ بفضل باری تعالیٰ اُم الصبیان سے بچا رہے گا۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْبَسْمَلَةُ وَحَقِّ الَّذِىْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ طِبَاقًا بِغَيْرِ عَمَدٍ وَّ لَا مِغْلَاقٍ وَ اَبْرَاَ ذِمَّةَ

الشِّقَاقِ وَ يَسَّرَ الرِّزْقَ لِلْخَلَائِقِ ذَالِكَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَرَبُّ الْعَرْشِ۔》

ساتواں عہد:

جس کسی کے پاس یہ عہد ہو گا وہ بفضل باری تعالیٰ اُم الصبیان کے علاوہ ہر طرح کے آسیب، جنات، دیو، پری وغیرہ کے بُرے اثرات سے محفوظ رہے گا اللہ رب العزت اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

《بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ حَقِّ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ عَالِمُ السِّرِّ وَ مَا هُوَ اَخْفٰى وَ حَقِّ كُرْسِيِّكَ وَ عَزَائِمِكَ
وَ نُبُوَّتِكَ وَ خَاتِمِكَ مَلَكْتَ بِهِ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ وَالطَّيْرَ
الصَّافَّاتِ وَالرِّيْحَ الْعَاصِفَاتِ۔》

اس کے بعد اُم الصبیان نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے قسم کھا کر کہا کہ میں ہرگز کبھی اس شخص کے پاس نہیں پھٹکوں گی جس کے پاس ان عہدوں میں سے کوئی ایک بھی عہد ہو گا۔

《بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○》

اس گفتگو کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے وزیر جناب آصف بن برخیا سے فرمایا کہ اس عہد کو لکھ دو۔ چنانچہ جناب آصف بن برخیا نے یہ عہد نامہ تحریر کیا یہ عہد ثامن جامع ہے اور جس کے پاس یہ عہد ہو گا اُسے اُم الصبیان کوئی جانی و مالی نقصان نہیں پہنچا سکے گی جس مکان یا دکان میں ہو گا وہ محفوظ رہے کاروبار کو نقصان نہیں پہنچ سکے گا علاوہ ازیں اس عہد ثامن کی وجہ سے جنات و شیاطین اور ہر طرح کے آسیب سے بھی بچا رہے گا۔

عہد ثامن جامع:

《بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حِجَابٌ مِّنَ الْعَيْنَةِ
الْمَدْنُوْنَا اُمُّ الصِّبْيَانِ وَجَمِيْعِ عَفَارِيْتِهَا وَ الْاَعْوَانِ وَ مَنْ

كَانَ مِنْهُمْ مِنَ الْبَحْرِ وَالرِّمَالِ وَ الْكُهُوْفِ وَالْغِيْطَانِ وَالْاَدْوِيَةِ
وَالشِّعْبَانِ وَالطُّرُقَاتِ وَالْمَوَارِدِ وَالْبَوَارِىْ وَالْقِفَارِىْ
وَالطَّائِرِيْنَ فِى الْهَوَآءِ وَالْمُسْتَرِقِيْنَ السَّمْعَ مِنَ السَّمَآءِ
وَالْغَوَّاصِيْنَ وَالْخَطَّامِيْنَ وَالْغِيْلَانِ وَالتَّوَابِعِ وَجَمِيْعِ الْجِنِّ
وَالطَّاغِيْنَ اَجْمَعِيْنَ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ فِى الْبَرِّ
وَالْبَحْرِ اَعْزِمُ عَلَيْكُمْ بِعَزَآئِمِ سُلَيْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا
السَّلَامُ وَجَمِيْعِ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ وَالْعُهُوْدِ وَ حَجَبْتُكُمْ وَ طَرَدْتُكُمْ
اَبْعَدْتُكُمْ عَنْ حَاصِلِ هٰذَا كِتَابِىْ وَ عَنْ اَكْلِهٖ وَ شُرْبِهٖ وَ قُعُوْدِهٖ
وَ مَقَامِهٖ وَ نَوْمِهٖ وَ يَقْظَتِهٖ حَجَبْتُكُمْ بِاسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ
الْاَعْظَمِ وَ بِخَاتِمِ سُلَيْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَنُنَزِّلُ
مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ
حٰفِظًا وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ
اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَىَّ وَ اْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ وَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا لَا
حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ
الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○》

آسیب ایک شیطانی مخلوق

جنات کے ایک گروہ سے تعلق رکھنے والی شیطانی اور خبیث مخلوق آسیب کہلاتی ہے جو انسانوں کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ پریشانیوں اور مصائب میں مبتلا کرنے کی قوت رکھتی ہے یہ ایک طرح کا سایہ نما ہیولا ہوتا ہے اور دھوئیں کے مرغولے کی طرح بلند ہوتی دکھائی دیتی ہے۔

روپ بدلنے کی طاقت:

آسیب کی اکثریت نہایت خبیث اور شیطان ہوتی ہے یہ مختلف روپ دھار کر لوگوں کو پریشان کرتی ہے یہ بڑی آسانی سے ہر طرح کے روپ بدل سکتی ہے یہ مخلوق کبھی تو کسی خوش شکل بزرگ کی شکل اختیار کر لیتی ہے کبھی پرندوں، جانوروں اور درختوں کی شکل بھی اختیار کر لیتی ہے زیادہ تر یہ مخلوق لوگوں کو اس طرح تکلیف اور اذیت میں مبتلا کرتی ہے کہ کسی کو کچھ سمجھ ہی نہیں آتی یہ مخلوق میاں بیوی کے مابین اس قدر نفرت پیدا کر سکتی ہے کہ دونوں کے درمیان کبھی لڑائی جھگڑا ختم نہیں ہوتا۔ یہ بغیر کسی وجہ کے بھی نقصان پہنچا دیتی ہے لیکن اگر کسی ایسی جگہ پر کوئی تھوک دے یا پیشاب کر دے جو اس کی گزرگاہ یا رہائش ہو تو پھر اس کے غصے کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ یہ اپنے معمول پر اس قدر اثرات ڈالتی ہے کہ اس کا خون چوس لیتی ہے جس سے معمول انتہائی لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے حتیٰ کہ بعض اوقات اس کی موت بھی واقع ہو جاتی ہے۔

جسم میں حلول کرنا:

آسیبی مخلوق جس کسی انسان کے جسم میں حلول کرتی ہے اس کو اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے پر مجبور کر دیتی ہے اور اس مقصد کے لیے وہ مختلف بیماریوں اور تکالیف میں بھی مبتلا کر دیتی ہے لوگوں کو خوفزدہ کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ بعض اوقات بہت ہی حسین و جمیل عورت کی شکل بھی اختیار کر لیتی ہے اور مردوں کو ورغلاتی ہے ان میں جنسی اشتعال پیدا کرتی ہے اسی طرح لڑکیوں کو مختلف بہروپ بدل کر گناہ کی طرف راغب کرتی ہے۔

اکثر یہ ہوتا ہے کہ جس پر آسیب کا اثر ہوتا ہے وہ عقل و شعور سے بیگانہ ہو جاتا ہے اپنا لباس سب کے سامنے اتار دیتا ہے فحش حرکات کرتا ہے اس میں عورت اور مرد کی کوئی تخصیص نہیں آسیب کے اثرات کی وجہ سے وہ مرد یا عورت مجبور و معذور ہو جاتے ہیں۔

آسیب گاہیں سایہ:

آسیب جس پر اپنا سایہ ڈالتا ہے اس کی دماغی حالت کو درہم برہم کر دیتا ہے اس کے منہ سے گالیاں نکلواتا ہے آنکھوں کو عجیب وغریب غصیلی بنا دیتا ہے گھر والوں کو بیماریوں میں مبتلا کر دیتا ہے علاج کے باوجود آرام نہیں آتا۔

مسان کا شافی علاج

اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوتا ہو تو اس مریض کے لیے ایک ہزار تیرہ مرتبہ اس آیت شریفہ کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پاؤ چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ دے پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

﴿ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ﴾

مسان کا فوری علاج

یہ نقش چہل کاف کا ہے، ہر قسم کے آسیب اور مسان کے لیے لوبان کی دھونی دے کر باندھ دیا جائے نقش یہ ہے۔

٣٩٠٩	٣٩٠٤	٣٩١١
٣٩١٠	٣٩٠٨	٣٩٠٦
٣٩٠٥	٣٩١٢	٣٩٠٧

مسان سے نجات:

جس بچہ کو دورے پڑتے ہوں ہاتھ پاؤں شست بندھ جاتے ہوں منہ سے جھاگ آتی ہو آنکھیں چڑھ جاتی ہوں تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے اور چار عدد کوری ٹھیکری پر لکھ کر بچے کی چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھدے بچہ کی چارپائی چالیس روز تک ایک ہی جگہ پڑی رہے پھر جب بچہ تندرست ہو جائے تو وہ ٹھیکریاں کنویں میں ڈال دیں۔

نقش یہ ہے۔

١٠٣٦	١٠١٠	١٠٢٣	١٠٣٠
١٠٢٢	١٠٣٢	١٠٣٣	١٠١٢
١٠٢٦	١٠٢٠	١٠١٣	١٠٤٠
١٠١٦	١٠٣٨	١٠٣٨	١٠١٨

مسان کے لیے مجرب نقش:

یہ نقش آسیب اور مسان کے لیے مجرب ہے آسیب والا چالیس دن تک اس کو مع کاغذ گھول کر پیتا رہے اور مسان والے بچہ کو گھول کر پلایا جائے اور وہ کاغذ محفوظ رکھتا جائے جب چالیس دن پورے ہو جائیں تو ان کو آٹے کی گولیوں میں بند کر کے دریا میں ڈال دیں۔" نقش یہ ہے۔

بحق باللہ العلی العظیم

ہ

ہ دد دد

بچہ بلاوجہ نہ روئے:

خواہ بچہ کتنا روتا ہو تو ان نقوش کو لکھ کر ایک گلے میں ڈالے دوسرا سر کے نیچے رکھے۔ انشاءاللہ فوراً چپ ہو جائیں گے۔

صا	صا	ز	صا
ر	یا	١٣٢	٣٦
٣٩	٦٢	٨٩	٦
٥٣	٦١	١٣	٨٩

گلے میں باندھے

ص	ل	ع	ع
١٣	١٧	١٧	و
١٣	١٦	٧	ع
١	٢	٢٣	١٥

سر کے نیچے

مسان سے خلاصی

حسب ضرورت کالی مرچ اور جوائن صاف کر لیں بروز سوموار ظہر کو بعد از نماز ۱۸۱

چالیس بار سورۃ والشمس پڑھیں اور اکتالیس بار درود شریف اور ہر بار دم کریں پھر محفوظ رکھ لیں ہر روز حاملہ ایک دو کالی مرچ اور تھوڑی سی جوائن اور ذرا سا نمک ملا کر کھایا کرے انشاءاللہ جنین قائم رہے گا اور مرض مسان سے جس سے آگے بچے ضائع ہو جاتے ہیں محفوظ رہے گا" دودھ چھڑانے تک حاملہ کھائے پانی سے استعمال کرے۔ (از حضرت شاہ ولی اللہ")

اُم الصبیان سے بچاؤ

﴿ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الۡحَبِّ وَالنَّوٰى يُخۡرِجُ الۡحَىَّ مِنَ الۡمَيِّتِ وَ مُخۡرِجُ الۡمَيِّتِ مِنَ الۡحَيِّ ط ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤۡفَكُوۡنَ ط یا بدوح۔ ﴾

گلے میں ڈالے۔

سوکڑا پن سے نجات

بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم	لا الہ الا اللہ	محمد رسول اللہ
الا اللہ	محمد رسول اللہ	جرن ١١	اصد ٦١ صد
ماصد	ال احد	ی	ے
فلاں	بن	فلاں	ل

باوضو حالت میں آب زمزم اور زعفران ملا کر اس سے یہ نقش لکھیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں ان شاءاللہ تعالیٰ سوکڑا پن دور ہو جائے گا اور مریض کو صحت یابی ہوگی۔ صحت یابی کے بعد چاہیے کہ حسب توفیق شیرینی تقسیم کرے اور نوافل ادا کرے۔

جو بچہ دودھ نہ پیتا ہو

اس تعویذ کو لکھ کر شیر مادر میں آب دریا میں گھول کر پلائیں دن میں تین بار ق، و، م کے سر موٹے کر کے بنائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ دودھ پینا شروع کر دے گا اس مقصد کے لیے یہ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

یا قیوم	یا قیوم	یا قیوم	یا قیوم
یا قیوم	یا قیوم	یا قیوم	یا قیوم

سوکڑے کا شافی علاج

تو یہ نقش بینگن پر لکھے اور بچہ کے پلنگ کے اوپر لٹکائے جیسے جیسے بینگن سوکھتا جائے گا بچے کو صحت یابی ہوتی جائے گی اور سوکڑا پن دور ہو جائے گا سوکڑا پن کے خاتمے کے لیے یہ نہایت مفید اور سریع الاثر عمل ہے۔ نقش یہ ہے۔

ط	و لا	و ی
لا	ھ	و
س	ق	ا ی

برائے سوکڑا، بلائیں، سایہ، نظر بد بچوں کی ہر بیماری کے لیے نہایت مفید ہے

گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ ارقیک من کل داء یوذیک و من شر کل حاسد وعین اللہ یشفیک

۳	۷	۲
۹	۵	۱
۴۳	۳	۸

[illegible]

مسان وآسیب کو بھگانا

اس نقش کی توے پر دھونی دے نقش یہ ہے۔"

ھ ۱۱۱۸ ۴ ۱۱۱۵

نظر بد کا آزمودہ علاج

اگر کسی بچہ کو نظر بد لگ جاتی ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے اور اگر جادو کا خوف ہو تو اس کو پڑھ کر دم کرے جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ بچہ کبھی دوبارہ نظر بد کا شکار نہ ہو گا جادو کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے یہ نقش پاک اکسیر اور نہائیت سریع الاثر ہے بہت سوں کا آزمایا ہوا ہے۔

یا مُمِیْتُ	
یا مُمِیْتُ	یا مُمِیْتُ
یا مُمِیْتُ	یا مُمِیْتُ

سوکھے کا عارضہ

جو بچہ جسم سوکھنے کے مرض میں مبتلا ہو اس کے داہنے بازو پر حسب ذیل نقش باندھ دو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیماری دور ہو کر بچہ صحت یاب اور موٹا تازہ ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۵۵۱	۱۴۳	۴۵۱	۱۳۰
۱۴۳	۱۵۱۱	۱۳۷	۵۵
۱۴۳۶	۱۹۹	۱۳۰	۵۰۵

جب بچہ صحت یاب ہو جائے تو حسب توفیق حاجت مندوں اور غرباء کو کھانا کھلائے یا شیرینی تقسیم کرے نقش پاک بچے کے بازو پر سے اتار کر اس کے گلے میں ڈال دے ان شاء اللہ تعالیٰ

دوبارہ سوکھے کا عارضہ لاحق نہیں ہوگا۔

مسان کا خاتمہ

مسان کے خاتمے کے لیے یہ نقش پاک فوری طور پر اپنا اثر دکھاتا ہے۔ جس بچے کو مسان کا مرض ہو۔ اس کے گلے میں حسب ذیل نقش معطر کر کے باندھ دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔ بہترین و آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۵۵	۳۱۵۰	۳۱۵۷
۳۱۵۶	۳۱۵۴	۳۱۵۲
۳۱۵۱	۳۱۵۸	۳۱۵۳

نظر بد سے بچاؤ

کسی کی بُری نظر سے محفوظ رہنے کے لیے باوضو حالت میں سورۃ القارعۃ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے اور ذیل میں دیا ہوا نقش لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی بُری نظر سے حفاظت رہے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۶۵	۳۳۶۸	۳۳۷۲	۳۳۵۸
۳۳۷۱	۳۳۵۹	۳۳۶۳	۳۳۶۹
۳۳۶۰	۳۳۷۳	۳۳۸۶	۳۳۶۲
۳۳۶۷	۳۳۶۴	۳۳۶۱	۳۳۷۰

(بحوالہ: تحفہ درویش)

بچے کا بلا وجہ رونا

جب بچہ روئے تو دائیں کان میں تین دفعہ اذان اور بائیں کان میں تین دفعہ تکبیر کہے تو بچہ رونے سے رُک جائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ نہایت مجرب اور آزمودہ عمل ہے اس سے بچہ رونا بند کر دیتا ہے۔

سوکھا بچہ تندرست ہو جائے

جب بچہ سوکھ جائے تو زعفران اور عرق گلاب خالص سے لکھ کر یہ تعویذ گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا سوکھا پن ختم ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

۱	۷	۴
۵	۳	۶
۹	۸	۳

بچہ بلا وجہ نہ روئے

جو بچہ بہت روتا ہو اور نیند نہ کرتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈال دے۔ آیت یہ ہے۔

﴿شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۝﴾

اس کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ بچہ بلاوجہ رونا بند کر دے گا اور رات کو سکون کی نیند سوئے گا۔ یہ نہایت مجرب و آزمودہ تعویذ ہے۔

مرض اٹھراء کا مستقل اور آزمودہ علاج

یہ چار تعویذ بنا کر مکان کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ط اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ط قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ط﴾

یارب جبرائیل	یا قیوم	یارب میکائیل
یاقیوم	یاقیوم	یاقیوم
یارب اسرافیل	یا قیوم	یارب عزرائیل

یہ تعویذ اور نیچے والی آیات دونوں لکھ کر اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں آیات یہ ہیں۔

﴿اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا، مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ط﴾

اور اس کے ساتھ اصحاب کہف کے نام لکھے وہ یہ ہیں۔

﴿اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ طَبْيُوْنَسْ كَشَا فَطْيُوْنَسْ اَذَا فَطْيُوْنَسْ يُوَانِسْ بُوْسْ وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ۔﴾

اور ہر ماہ کی پہلی، دوسری، تیسری، تاریخ کو یہ تین تعویذ استعمال کریں۔ کل ستائیس تعویذ 9 مہینے کے لیے۔

۷۸۶

یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ

۷۸۶

اور یہ اسم یَا رَحْمٰنُ حمل سے پہلے اور حمل کے بعد مسلسل استعمال کرائیں صبح، دوپہر، شام۔

(بحوالہ: شفاء المریض مع علاج المریض)

اُم الصبیان سے خلاصی

کاغذ کا بڑا ٹکڑا لے اور اس کے گرد چاروں کونوں پر سورۃ یٰسین لکھے اور کاغذ کے پیندہ کو ۸ سے کاٹ کر دور کردے۔ پھر ایک ایسا چاقو مہیا کرے جس کا دستہ اور پھل دونوں لوہے کے ہوں اور اس عمل سے پہلے اس چاقو سے کوئی چیز کاٹی بھی نہ گئی ہو۔ اس چاقو پر سات مرتبہ سورۃ یٰسین دم کرے۔ جب بچہ پیدا ہو اس بچے کو یا اس کی آون نال کو سات مرتبہ کاغذ مذکورہ کے حلقہ سے گزارے پھر اس پڑھے ہوئے چاقو سے آون نال کاٹ دے اور گیارہ روپے بچے کے والدین سے وصول کرے یہ شرط ہے۔

لاکڑا کاکڑا کا شافی علاج

اگر کسی بچے کو لاکڑا کاکڑا نکل آئے اور ساتھ بخار بھی ہو تو اس کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز عصر باوضو حالت میں رُخ قبلہ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے ذیل کا نقش بنائیں اور اس پر سورۃ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اور سورۃ

اکوثر اکتیس مرتبہ اول و آخر درود شریف، سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے

یا اللہ	یا شافی	یا حی	یا قیوم	یا باقی	یا کافی
انا اعطینک الکوثر فصل لربک	الحمد للہ	رب العلمین	الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین	وانحر ان شانئک هو الابتر
	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا الصراط	المستقیم	
	صراط الذین	انعمت	علیهم غیر المغضوب	علیهم	
	ولا الضالین	امین	بسم اللہ	الرحمن الرحیم	
یا اللہ	یا شافی	یا قیوم	یا حی	یا دائم	یا شافی

بچے کی صحت یابی کے بعد حسب توفیق کالا مرغ یا کالا بکرا صدقہ میں دیں اس کا گوشت غرباء میں تقسیم کریں یہ صدقہ ضرور دیں تا کہ مرض کا مستقل طور پر خاتمہ ہو جائے۔

بُری نظر سے خلاصی

جو نظر بد کا شکار ہو گیا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش لکھ کر رات کو سوتے ہوئے اس کے سرہانے رکھ دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بری نظر ختم ہو جائے گی۔

۴۴	۴۹	۲	۷
۶	۳	۴۶	۳۷
۴۸	۴۳	۸	۱
۴۸	۰	۴۴	۴۷

۴۴	۲	۳۵	۷
۴۹	۳	۳۶	۲
۵	۴۳	۸	۴۴
۳	۳۸	۱	۴۷

(بحوالہ: جنم خانہ عملیات)

بانجھ پن کا خاتمہ

مندرجہ ذیل طریقہ بھی اسی عقیمہ کے لیے سودمند ہے جس کے رحم پر چربی کا جماؤ ہوا

یا (رحم) ٹیڑھا ہو گیا ہو تو اس شافہ کو استعمال میں لائے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک مرغ کا انڈا لے انڈے کو توڑ کر اس کی سفیدی جدا کرے۔ پھر گائے کا دودھ پاؤ بھر خوب گرم کرے انڈے کی سفیدی دودھ میں ڈالے اور پکاتا رہے کچھ دیر بعد چکنی دودھ گاڑھا ہو جانے کے بعد روئی کے تین ٹکڑے ڈالے اور ایک تولہ شہد اصلی ڈالے اور پکاتا رہے یہاں تک کہ دودھ، شہد، سفیدی اور روئی میں جذب ہو جائے۔ پھر نیچے اتار کر سرد کرے ایک شافہ روز صبح کو اندام نہانی میں رکھے شام کو اسے نکال کر طہارت کرے تین دن اسی طرح کرے اور روزانہ ہمبستر ہوئے اور قبل ہمبستری کے تھوڑی افیم پانی میں گھول کر اندام نہانی پر لیپ کرے بعدہٗ ہم صحبت ہوا کرے انشاء اللہ تعالیٰ زن عقیمہ حاملہ ہوئے اور اگر پہلے مہینے حمل قرار نہ پائے تو تین ماہ تک اسی طرح کرے مجرب و آزمودہ ہے۔''

ڈائن کی نظر سے بچاؤ

آسیب زدہ کے واسطے اس نقش کو لکھ کر فتیلہ بنا کر نیلا دھاگہ لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں تر کر کے آسیب زدہ کو سنگھائے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن بھاگ جائے گا اور پھر نہ آئے گا اگر جلانا چاہو تو اس فتیلہ کو چراغ میں جلاؤ تو جو بھی آسیب یا جن ہو گا وہ حاضر ہو گا اور جل کر خاکستر ہو گا اور انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت کامل ہو گی۔ مجرب ہے۔"

۷۸۶

فرعون	ابلیس	ہامان	۱۱۳
ابلیس	ہامان	۱۱۳	فرعون
ہامان	۱۱۳	فرعون	ہامان
۱۱۳	فرعون	ہامان	ابلیس

۵۱۸ ۱۵۳ س ۷۱ ۷۱ س ۲

ھ ـــــــــــــــــــــــــــــــ ے

درو جود فلاں بن فلاں حاضر شود بسوز د گردد

خبیث پلید آسیب کو بھگانا


اگر کوئی شخص گم (بے ہوش) ہو اور کسی صورت پتہ نہ لگ رہا ہو کہ اس مریض کو کیا علت ہے تو اس نقش کو لکھ کر مریض کو دکھلا دے (چند منٹ تک) اگر آسیب ہوگا تو مریض رونا شروع کر دے گا۔ اگر خبیث و گندے اور پلیدی اثرات ہوں گے تو ہنسنا شروع کر دے گا اور اگر جسمانی مرض ہے تو چپ اور خاموش رہے گا۔ یہ جاننے کے لیے اس نقش کا فتیلہ بنا کر چراغ میں جلا دے۔ روئی لپیٹ کر بتی بنا کر سرسوں کے تیل میں روشن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب چیخے گا چلائے گا اور دہائی گا اور فریادی ہوگا اور دفع ہوگا۔

نقش یہ ہے۔



دفع جن کا مجرب عمل

دفع جن کے لیے یہ نقش بھی حد سے زیادہ مجرب ہے۔ یہ نقش کالے دھتورے کے عرق سے باوضو لکھیں اور خالص ارنڈ کے تیل میں فتیلہ جلا دیں۔ فتیلہ جلانے سے پہلے جن جنی کو ایصال ثواب کرنے کے لیے نابالغ بچوں کو کچھ شیرینی اسی وقت تقسیم کریں۔ یہ فتیلہ اگر چاند کی نئی جمعرات کو لکھ کر رکھ لیں تو زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتا ہے۔ فتیلے والا نقش یہ ہے۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ یہ بوقت ضرورت لکھیں۔



نمبر ۲:

قل اعوذ	ملك الناس اله الناس	اله الناس من شر الواسواس	من شر الوسواس الخناس
برب الناس ملك الناس	من شر الواسوس الخناس	الخناس الذى	الذى يوسوس
اله الناس من شر الواسوس	الذى	يوسوس فى صدور	فى صدور الناس
الخناس	يوسوس	الناس	من الجنة والناس

اس نقش کو مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ شفایابی ہوگی۔

جنات و بھوت بھاگ جائیں

جنات اور بھوتوں کو گھر سے بھگانے کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں سفید کاغذ پر لکھیں پھر اس پر گیارہ مرتبہ سورۃ احقاف گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں۔ ایک نقش آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ جبکہ اسی طرح ایک اور نقش تیار کریں اور اسے گھر کے اندر شیشے میں فریم کر کے لٹکائیں انشاء اللہ گھر سے جنات بھاگ جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق یا جبرائیل | لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ | بحق یا عزرائیل

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم
لہ مافی السموت و مافی الارض من ذالذی یشفع عندہ الا
باذنہ یعلم مابین ایدیھم و ما خلفھم ولا یحیطون بشیء
من علمہ الا بماء شاء وسع کرسیہ السمٰوت والارض
ولا یؤدہٗ حفظھما وھو العلی العظیم

ابرسا سیرسا سلہ سا سا رسا

۱۸۴۴۳ ۴۴۵۷	۱۸۴۴۶ ۴۴۶۰	۱۸۴۴۹ ۴۴۶۳	۱۸۴۳۰ ۴۴۴۹
۱۸۴۴۸ ۴۴۶۲	۱۸۴۳۷ ۴۴۵۰	۱۸۴۴۲ ۴۴۵۶	۱۸۴۴۷ ۴۴۶۱
۱۸۴۳۸ ۴۴۵۱	۱۸۴۵۱ ۴۴۶۵	۱۸۴۴۴ ۴۴۵۸	۱۸۴۴۱ ۴۴۵۵
۱۸۴۴۵ ۴۴۵۹	۱۸۴۳۹ ۴۴۵۳	۱۸۴۳۸ ۴۴۵۲	۱۸۴۵۰ ۴۴۶۸

وننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا

ملیقا مخلوقا علیقا خالقا کافیا شافیا

بحق یا اسرافیل | [illegible] | بحق یا میکائیل

(تسخیر و حاضرات جنات)

نظر بد کی بیماری سے نجات

بیماری سے صحت یابی اور شفا حاصل کرنے کی غرض سے یہ نقش پاک لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے تو بفضل باری تعالیٰ مرض سے افاقہ ہوگا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ نقش یہ ہے۔ بچوں میں شیرین شفایابی کے بعد تقسیم کردیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۱۰۰۰۰	۸۰	۶	۳۰۰
۷	۱۹۹	۱۰۰۱	۷۹
۱۷۸۶	۳	۸۲	۱۰۰۲
۸۱	۱۰۰۳	۱۹۳	۵

(بحوالہ: تحفہ درویش)

جائز مقصد میں کامیابی

کوئی بھی جائز مقصد ہو اس کے لیے مندرجہ ذیل وتعویذ تیار کریں۔ تعویذ نمبر ایک ۷۰ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تیار کریں اور بہتے پانی میں آٹے میں گولی بنا کر ڈال دیں۔
تعویذ نمبر دو کو دو مرتبہ درود شریف پڑھ لکھیں اور ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے الٹے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ مقصد میں بہت جلد کامیابی ملے گی۔ تعویذ نمبر ایک یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۹	۱
۶	۲ ۷ فلاں ابن فلاں کا کام جلد کرادو	۱۴
۳	۸ ۱۱	۵

فلاں ابن فلاں کی جگہ اپنا اور والدہ کا نام لکھیں




اس جلالی نام کا واسطہ میرا کام جلد کرو

العجل العجل العجل اساعه الساعه الساعه الوحا الوحا الوحا

لڑکی کی شادی کے لیے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کو یہ نقش لکھ کر دیں اس نقش کو کنگھے میں باندھ کر لڑکی صبح وشام کنگھا کرے۔ انشاءاللہ 3 ماہ کے اندر اندر پیغام موصول ہوگا۔ نقش یہ ہے۔



نقش کے نیچے لڑکی اور اس کی ماں کا نام لکھ دیں

چشم خلائق میں معزز ہونا

لوگوں کی نظروں میں محبوب ہونے کے لیے چاندی کی انگوٹھی پر "یا عزیز" شرف قمر میں کندہ کر کے اسکو دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لیں اور ہر روز نماز فجر کے بعد 101 مرتبہ "یا عزیز" پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ انشاءاللہ لوگوں کی نظروں میں محبوب ہو جائیں اور جو بھی دیکھے گا وہ محبت اور عقیدت کی نظروں سے دیکھے گا۔

کاروبار میں ترقی

کاروبار میں برکت کے لیے مندرجہ ذیل نقش روزانہ ایک لکھ کر پانی میں بہا دیں۔ ساتویں دن دو نقش بنائیں۔ ایک پانی میں بہا دیں اور دوسرا دکان میں لٹکا دیں۔ انشاءاللہ دکان خوب چلنے لگے گی۔ نقش ہمیشہ باوضو لکھیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ے	ے	ے	ے
البـــاسط			البـــاسط
	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
البـــاسط			البـــاسط
	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
البـــاسط			البـــاسط
	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
البـــاسط			البـــاسط
سف	سف	سف	سف

الرجی کا خاتمہ

اگر کسی کو الرجی کا مرض ہو تو مندرجہ ذیل نقش جمعہ کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر لکھ کر مریض کے گلے میں نیلے کپڑے میں پیک کر کے ڈالیں۔ انشاءاللہ الرجی سے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

ر	ح	ی	م
لا اله الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه			
ر	ح	ی	م

اگر بچہ بستر پر پیشاب کرتا ہو:

اگر بچہ بستر پر پیشاب کرتا ہو تو یہ عزیمت لکھ کر ایک بچے کے گلے میں ڈالیں اور ایک

پلنگ کے پائے میں باندھ دیں۔انشاءاللہ پیشاب کرنے کی عادت چھوٹ جائے گی۔

عزیمت یہ ہے۔ معصوم ۱۸ هی لا لا لا لا لا لا لا
هیا هیا هیا هیا رو رو رو

فراخی رزق کے لیے

جو شخص اپنے روزگار میں اضافہ کرنا چاہتا ہو۔وہ مندرجہ ذیل نقش 11 عدد لکھ کر 11 آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے اور لگاتار 11 دن تک اس عمل کو جاری رکھنا چاہیے۔نقش لکھنے اور دریا میں ڈالنے کا وقت روزانہ ایک ہونا چاہیے۔

اس عمل کو نوچندی اتوار سے شروع کریں۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یاباسط	۳۰

ناف کو اپنی جگہ پر لانے کا عمل

اگر کسی شخص کی ناف ٹل جائے تو ناف کو اپنی صحیح جگہ پر لانے کے لیے قرآن حکیم کی یہ آیت کالی روشنائی سے لکھ کر ناف کی جگہ باندھ لیں۔انشاءاللہ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔آیت کو اس طرح تحریر کریں۔

۷۸۶

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

جنات کو بھگانا

اگر کسی کے گھر میں جن کا اثر ہو یا جن وغیرہ آواز دیتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر

دروازہ پر لٹکا دیں انشاءاللہ جن دفع ہو جائیں گے اور دوبارہ اس گھر کا رخ نہ کریں گے۔

نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرحیم لا اله الا الله محمد رسول الله

بحق جبرئیل یابدوح

لا اله الا الله محمد رسول الله

بحق اسرافیل یابدوح

۸	۶	۴	۳
۲	۳	۶	۸
۶	۸	۲	۳
۳	۲	۸	۶

بحق میکائیل یابدوح

لا اله الا الله محمد رسول الله

[illegible]

جنات کو بھگانے کے لیے یہ نقش پاک نہایت آزمودہ ہے اس کی برکت سے شریر جنات تنگ نہیں کرتے اور نہ ہی گھر میں داخل ہوتے ہیں۔

......☆☆☆......

چہرے کی خوبصورتی

- اگر آپ کی جلد چکنی ہے تو دن میں کئی بار آپ کو صابن سے منہ دھونا چاہیے۔
- اگر آپ کی جلد چکنی ہے تو آپ کو چکنائی، گرم اور کھٹی اور میٹھی اشیاء سے اجتناب برتنا چاہیے۔
- اگر آپ کے چہرے کی جلد خراب ہے تو صحیح کرنے کے لیے انڈے کی زردی میں سنگترے کا رس ملا کر چہرے پر لگائیں۔
- اگر چہرے کی جلد خشک ہے تو صابن کم استعمال کریں۔
- اگر چہرے کی جلد خشک ہے تو رات کو سونے سے پہلے اپنے چہرے پر بالائی لگا کر سوئیں۔
- اگر چہرے کی جلد خشک ہے تو عرق گلاب اور لیموں کے رس میں سفید گلیسرین ملا کر لگانے سے چہرے کی خشکی دور ہو جاتی ہے۔
- اگر چہرے کی جلد خشک ہے تو چند دن تک صبح کو دہی لگانے سے چہرے کی خشکی دور ہو جاتی ہے۔
- اگر چہرے کی رنگت نکھری ہوئی نہ ہو تو بیسن میں دودھ، لیموں کا رس اور چٹکی بھر ہلدی چہرے پر لگائیں۔ جب خشک ہو جائے تو پانی سے دھولیں۔
- اگر چہرے کی رنگت نکھارنی ہو تو گاجر کا رس رُوئی کی مدد سے چہرے پر لگائیں لگا تار ایک ماہ تک۔
- اگر چہرے کو ملائم کرنا ہو تو دودھ کی بالائی میں خالص شہد ملا کر چند ہفتوں تک اپنے چہرے پر ملیں۔

- اگر چہرے پر سیاہیاں چھانے لگیں تو چند روز چہرے پر ٹماٹر کا رس ملنے سے چہرہ شاداب ہو جاتا ہے۔
- اگر چہرہ کالا پڑنے لگے تو چند روز دودھ سے دھونے سے چہرے کی کالس دور ہو جاتی ہے۔
- اگر چہرے کی رنگت اڑی اڑی ہو تو پودینے کے پتے ابال کر ٹھنڈے کر لیں اور اس کا پانی روزانہ چوتھائی کپ کے برابر پئیں۔
- اگر چہرے کا رنگ صاف کرنا ہو تو سرسوں اور تلوں کو باریک پیس کر دودھ میں لیپ لیں اور رات کو چہرے پر لگانے سے رنگ صاف ہو جاتا ہے۔
- اگر چہرے کو تر و تازہ کرنا ہو تو انڈے کی سفیدی چہرے پر ملیں۔
- اگر چہرے پر دانے نکل آئے ہوں تو صندل کا پاؤڈر، پسی ہوئی سیاہ مرچ یا پسی ہوئی کھجور کی گٹھلی کو چہرے پر دودھ میں پھینٹ کر لگائیں۔ لگا تار 15 دن یہ عمل کرنے سے دانے ختم ہو جائیں گے۔
- اگر اپنے چہرے کو صاف اور نکھرا ہوا رکھنا ہو تو روزانہ صبح کو نمک ملے پانی سے چہرہ دھوئیں۔
- اگر چہرے پر مہاسے پیدا ہو جائیں تو ان مہاسوں پر مولی کا رس ملیں۔
- اگر چہرے کو خوبصورت بنانا ہو تو رات کو آٹا گوندھ کر رکھ دیں تاکہ خمیر ہو جائے اب اس آٹے کو چند دن تک اپنے چہرے پر لگائیں تو چہرہ خوبصورت ہو جائے گا۔
- اگر چہرے کو پرکشش بنانا ہو تو آٹے کی بھوسی کو دودھ میں ملا کر پھینٹ لیں اور رات کو سوتے وقت اس کو اپنے چہرے پر لگائیں۔
- اگر چہرے کی جلد مرجھائی ہوئی سی ہو جائے تو موسمی نارنگی کے چند چھلکوں کو سکھا کر دودھ میں بھگو دیں دو یا تین گھنٹوں کے بعد جب چھلکے نرم ہو جائیں تو ان کو پیس لیں اور چند روز متواتر اپنے چہرے پر لگائیں اور چہرے پر لگانے کے ایک گھنٹے کے بعد چہرہ نیم گرم پانی سے دھولیں آپ کا چہرہ پھول کی طرح کھل اٹھے گا۔

نظر بد

نظر بد ایک ایسا تیر ہے جس کو لگ جائے اس کو قبر تک بھی پہنچا دیتی ہے بہت سی احادیث مبارکہ میں نظر بد کے بارے میں نہایت تفصیل سے بیان کیا گیا ہے چنانچہ اس ضمن میں چندہ احادیث مبارکہ درج ذیل ہیں۔

نظر لگنا حق ہے:

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا،

"نظر لگنا حق ہے تقدیر کو اگر کوئی چیز کاٹ سکتی ہو تو یہی نظر بد ہی کاٹتی ہے۔"

(صحیح مسلم شریف)

اسی طرح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا، "نظر لگنا حق ہے۔" (بخاری شریف، مسلم شریف)

نظر بد سے پناہ مانگنا:

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ شیطان اور انسان کی نظر بد سے پناہ مانگتے تھے۔ (ترمذی شریف)

نظر بد بربادی کا باعث ہے:

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ نظر بد انسان کو قبر تک اور اونٹ کو ہانڈی تک پہنچا دیتی ہے یعنی بالکل برباد کر دیتی ہے۔ (ابو نعیم)

نظر بد کے لیے جھاڑ پھونک کی اجازت:

ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول کریم ﷺ سے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! بنو جعفر کے لوگوں کو نظر بد (بہت جلد) لگ جایا کرتی ہے تو کیا میں ان کے لیے جھاڑ پھونک کروں؟ آپ نے فرمایا ہاں اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت کرتی

تو وہ نظر بد سبقت کرتی۔ (ترمذی شریف)

جھاڑ پھونک کرنے کا حکم:

اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے یا دوسروں کو نظر بد میں جھاڑ پھونک کرنے کا حکم دیا۔ (صحیح بخاری شریف۔ مسلم شریف)

وضو و غسل کا حکم:

اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں کہ "نظر بد کرنے والے کو وضو کرنے کا حکم دیا جاتا اور نظر زدہ کو اس سے غسل کرنے کا حکم دیا جاتا۔"

(سنن ابو داؤد)

غسل سے نظر بد کا علاج:

ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا تو کہا، اللہ کی قسم! آج سے زیادہ کوئی اچھا دن اور چمکتی جلد نہیں دیکھی۔ اسی اثناء میں حضرت سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ تڑپنے لگے۔ اتنے میں حضور و تشریف لائے اور یہ دیکھ کر (حضرت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر) غضبناک ہوئے اور فرمایا کس وجہ سے تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی جان لے لیتا ہے تم کو برکت نہ دی جائے، اسے غسل دو۔ چنانچہ حضرت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چہرے، دونوں ہاتھ، دونوں کہنیاں اور دونوں گھٹنے اور پاؤں کے اطراف اور شرمگاہ کو ایک پیالے میں دھلایا اور اسے ان کے اوپر بہا دیا تو حضرت سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو افاقہ ہو گیا اور انہوں نے چین کی سانس لی۔ (موطا امام مالکؒ)

اس ضمن میں امام زہری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جس نے نظر بد لگائی ہے اسے ایک پیالہ پانی کا لانے کو کہا جائے اس میں اس کی ہتھیلی داخل کی جائے اور اس میں اس کی کلی کرائی جائے اور اس کلی کے پانی کو پیالے میں ڈالنے کو کہا جائے پھر اس کا چہرہ پیالے میں دھلایا جائے پھر اس کا بایاں ہاتھ پیالے میں داخل کرایا جائے اور پانی کو اس کے دائیں گھٹنے پر بہایا جائے اس کے بعد دایاں ہاتھ داخل کرایا جائے اور اس کا پانی بائیں گھٹنے پر بہایا جائے پھر اس کی شرم گاہ دھلائی جائے اور اب پیالہ زمین پر نہ رکھا جائے بلکہ جس کو نظر لگی ہے اس کے پیچھے کی

طرف سے اس کے سر پر سارا پانی بہادیا جائے۔ (بیہقی)

نظر بد کا فوری علاج:

کتب احادیث میں حضرت جبرائیل علیہ السلام سے منقول دعا لکھی ہوئی ہے جس سے انہوں نے رسول کریم ﷺ پر دم کیا تھا۔ وہ دعا یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ۔ ﴾

(صحیح مسلم شریف)

''اللہ کے نام سے میں تجھ پر دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو تجھے اذیت دے اور ہر نظر بد کے شر اور حاسد کی نظر بد سے، اللہ تجھے شفا عطا فرمائے، میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں۔''

نظر بد کیسے:

جس کو نظر لگ جائے، چاہیے کہ یہ دعا پڑھے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَصَبَهَا ط ﴾

جانور کو نظر لگے:

اگر کسی کو جانوروں میں نظر لگ جائے تو اس دعا کو چار بار پڑھ کر اس کے داہنے نتھنے میں پھونک دے اور تین بار اس کے بائیں نتھنے میں اور بعد میں اس دعا کو پڑھے لَا بَاسُ اَذْهِبِ الْبَاسَ اَنْتَفُ اَنْتَ شَافِيْ لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ ۔

نظر لگنے سے بیمار پڑے:

جب کوئی شخص نظر بد سے بیمار ہو تو حضرت جبرائیل کو پڑھ کر اس پر دم کرے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ جب آنحضرت ﷺ بیمار ہوتے تھے تو جبرائیل علیہ السلام اس رقیہ کو پڑھا کرتے تھے وہ یہ ہے۔ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ط

آیت قطب کا موثر عمل:

جس کو نظر بد لگی ہو تو اس پر آیت قطب پڑھ کر دم کرے اور وہ یہ ہے۔

﴿ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔ ﴾

اور نقش اس آیت کریمہ کا لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۴۳	۵۵۳۵	۵۵۳۸	۵۵۴۵
۵۵۳۷	۵۵۳۶	۵۵۳۱	۵۵۳۶
۵۵۳۷	۵۵۵۵	۵۵۴۳	۵۵۴۰
۵۵۴۳	۵۵۳۹	۵۵۳۸	۵۵۳۹

نظر سے بچاؤ:

جس کسی کو بد نظر لگ گئی ہو تو اس مریض پر ان آیات شریفہ کو پانچ بار یا سات بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔''

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنَ النَّاسِ ط وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ط ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ

يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيْرٌ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ
اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾

نظر بد کا خاتمہ:

جس کسی کو بدنظر لگ گئی ہو خواہ مرد ہو، عورت یا بچہ ایسی حالت میں نو تار کچے نیلے سوت کے لے کر اتنے بڑے کہ مریض کے گلے میں آ جائیں ان پر چھ گرہیں لگائی جائیں گی اس طرح کہ ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ) پوری پڑھ کر ہر گرہ پر دم کرتا جائے اور یہ گنڈہ پھر مریض کے گلے میں ڈالا جائے اور اگر جانور کو بدنظر لگ گئی ہو تو سیاہ اون لے کر جو کاتا ہوا گھر کا ہو اتنا بڑا لیا جائے کہ جانور کے گلے میں آ جائے اس اُون کے بھی نو تار لئے جائیں گے اور چھ گرہیں لگائی جائیں گی اور جو طریقہ اوپر لکھا گیا ہے اسی طرح کر کے جانور کے گلے میں ڈالا جائے۔

نظر بد کا خاتمہ:

جب کسی کو نظر لگی ہو تو یہ آیۃ:

﴿وَاِنْ يُّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔﴾

کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۷۳	۱۱۷۶	۱۱۷۹	۱۱۱۶
۱۱۷۸	۱۱۶۸	۱۱۷۴	۱۱۷۷
۱۱۶۸	۱۱۸۱	۱۱۷۴	۱۱۷۱
۱۱۷۵	۱۱۷۰	۱۱۶۹	۱۱۸۰

نظر بد سے بچاؤ:

نقش سورۃ البلد کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو نظر بد سے محفوظ رہے۔ ہر کہ او سورۃ بلد سہ کرت، خواند اندر دخول شہر و بلد بند کامرانی کند رفضل خدا، ر سد و راز اہل مصر بدد۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۷۰	۶۷۳	۶۷۷	۶۶۳
۶۷۶	۶۶۴	۶۶۹	۶۷۴
۶۶۵	۶۷۹	۶۷۱	۶۶۸
۶۷۲	۶۶۷	۶۶۶	۶۷۸

نظر بد سے محفوظ رہے:

نقش سورہ والعادیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھے سہ کرت دفع چشم زخم ایجان، ہر کہ والعادیات بر خواند نہ کند چشم بد بر وے اثرے، اندیہائے در امان باشد۔ نقش یہ ہے جو کہ نہایت سریع الاثر ہے۔

۷۸۶

۷۱۰۵	۷۱۰۸	۷۹۱۴	۷۹۹۸
۷۱۱۱	۷۹۹۹	۷۹۰۳	۷۹۰۹
۷۱۰۰	۷۱۱۳	۷۹۰۶	۷۹۰۳
۷۱۰۷	۷۱۰۶	۷۹۰۱	۷۹۱۳

نظر بد سے شافی علاج

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ

بسم اللہ الرحمن الرحیم لخلق السموات
والارض اکبر من خلق الناس ولکن اکثر الناس
لا یعلمون فارجع البصر هل تری من فطور
ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا
وھو حسیر وان یکاد الذین کفروا
لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر
ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا
ذکر للعلمین

وما للظلمین من انصار ۔ اعوذ بکلمات اللہ التامۃ

جس کو نظر بد لگ گئی ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور ساتھ ہی حسب توفیق شیرینی، بچوں میں تقسیم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ اس مقصد کے لیے یہ نہایت مجرب و آزمودہ نقش پاک ہے۔

نظر بد سے خلاصی

جو نظر بد کا شکار ہو گیا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش لکھ کر رات کو سوتے ہوئے اس کے سرہانے رکھ دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بُری نظر ختم ہو جائے گی اور مریض صحت یاب

ہو جائے گا۔

۴۴	۴۹	۴	۷
۲	۳	۴۶	۳۷
۴۸	۴۳	۸	۱
۴۸	۰	۴۴	۴۷

۴۴	۶	۳۵	۷
۴۹	۳	۳۶	۲
۵	۴۳	۸	۴۴
۳	۳۸	۱	۴۷

نظر بد کے خاتمے کے لیے یہ نقوش نہایت سریع الاثر اور آزمودہ ہیں۔

نظر بد اور آسیب سے محفوظ رہے

اس نقش کی بہت خاصیتیں ہیں۔ اس مختصر میں گنجائش نہیں لیکن جس کے پاس یہ نقش ہوگا وہ نظر بد اور آسیب سے محفوظ رہے گا اور اگر چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر لڑکوں کے گلے میں ڈالے تو عمر دراز کو پہنچیں اور اگر بانجھ عورت کے پاس ہوگا تو فرزند نرینہ پیدا ہوگا اور لڑکا ام الصبیان سے بچا رہے گا۔ نقش مندرجہ ذیل ہے۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

حسن اللہ حسین
محمد
فاطمہ

۸	۱	۶
۳	۸	۷
۴	۶	۲

ند	عليا	مظهر	العجائب	تجده	عونا	لك	في النوائب	كل
عليا	مظهر	العجائب	تجده	عونا	لك	في النوائب	كل	هم
مظهر	العجائب	تجده	عونا	لك	في النوائب	كل	هم	وغم
العجائب	تجده	عونا	لك	في النوائب	كل	هم	وغم	سنجلي
تجده	عونا	لك	في النوائب	كل	هم	وغم	سنجلي	بنبوتك
عونا	لك	في النوائب	كل	هم	وغم	سنجلي	بنبوتك	يامحمد

ولائیک	یامحمد	بنوتک	سنجیلی	وظم	هم	کل	فی الوقب	لک
یاعلی	یاعلی	ولائیک	یامحمد	بنوتک	سنجیلی	وظم	هم	کل

انشاءاللہ نظر بد جاتی رہے گی مریض کو شفا ہوگی بعد میں مریض غسل کرے اور بچوں میں شرینی حسب توفیق بانٹ دے۔ نقش کو سبز کپڑے میں باندھ کر رکھتا ہے بعد چہرہ میں تعویذ بنا کر گلے میں پہن لے۔

بری نظر سے بچاؤ:

نقش سورۃ القارعۃ لکھ کر اور گھول کر پلا دے تا برآید زہمہ مہمات ایک صد وہشت بار قارعہ خوان تو بیابی ہر آنچہ میخواہی بجُماں از کرامت قرآن۔ نقش نیچے ہے۔

۷۸۶

۳۳۶۵	۳۳۶۸	۳۳۷۲	۳۳۵۸
۳۳۷۱	۳۳۵۹	۳۳۶۳	۳۳۶۹
۳۳۶۰	۳۳۷۴	۳۳۸۶	۳۳۶۴
۳۳۶۷	۳۳۶۲	۳۳۶۱	۳۳۷۰

ڈائن کی نظر سے بچاؤ:

اس نقش کو اپنے پاس رکھے تو ڈائن کی نظر سے بچے۔ نقش مندرجہ ذیل ہے۔

یا حی حسین لا ھی فی ویمومۃ ملکہ و بطائہ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نظر بد سے محفوظ رہے:

جس کے گلے میں یہ تعویذ ہو گا حق سبحانہ وتعالیٰ نظر بد سے اس کو محفوظ رکھے گا۔

﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ التَّآمَّۃِ اسِرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَ عَیْنٍ لَآمَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِعَدَدِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔﴾

بُری نظر سے نجات

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ کُلِّھَا مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطٰنٍ وَ ھَامَّۃٍ وَ عَیْنٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمُ۔﴾

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴
وحوا	اظہر آدم	بحق

۷۸۶

۴۷۲۳	۴۷۱۸	۴۷۲۵
۴۷۲۴	۴۷۲۲	۴۷۲۰
۴۷۱۹	۴۷۲۶	۴۷۲۱
۱۱۱ه	‖	۱۱۱ه

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ تعویذ نظر بد کے لیے نہایت مجرب ہے۔ خواہ انسان ہو، خواہ حیوان ہو۔ لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ اگر بچہ روتا ہو تو اس کے لیے بھی تیر بہدف ہے۔ اکثر مجرب و معمول ہے۔

نظر بد سے نجات:

اس نقش سورۃ مطففین کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے۔ کو وک ار گریہ میکند

بسیار، ہفت نوبت برائے تلطیف کر بخواند کم کند گریہ، از عنایت حق شود تخفیف ہم پسندیدہ وسیرت وصورت، گردد از خلائق نیک وچہرہ لطیف۔ نقش مندرجہ ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۴۱۷۶	۱۴۱۷۹	۱۴۱۸۳	۱۴۱۶۹
۱۴۱۸۱	۱۴۱۷۰	۱۴۱۷۵	۱۴۱۸۰
۱۴۱۷۱	۱۴۱۸۴	۱۴۱۷۷	۱۴۱۷۴
۱۴۱۷۸	۱۴۱۷۳	۱۴۱۷۲	۱۴۱۸۳

اس نقش کو گھول کر پلا دے۔ (لکھ کر)

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۵	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

گریہ فلاں دافع شود بحق یا حی یا حین لا حی

فی دیمومۃ ملکہ و بقایا حی

بچے کا رونا:

جو لڑکا دودھ چھوڑنے میں بہت روتا ہو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے کہ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۳۸۴	۳۹۷	۳۹۳	۳۵۳
۳۸۸	۳۹۵	۳۹۳	۳۸۷
۳۹۴	۳۸۶	۳۸۹	۳۹۱
۳۸۸	۳۸۴	۳۸۱	۳۹۶

خواب میں ڈرنا:

جو لڑکا خواب میں چونکتا ہو اور ڈر ڈر کر روتا ہو اس کے گلے میں ڈالے نقش سامنے ہے۔ اس نقش کی برکت سے بچہ سکون کی نیند سوئے گا۔

۷۸۶

۱۵	۲۱	۴۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۴۱
۲۳	۲۶	۱۹	۱۲
۲۰	۱۵	۱۴	۲۵

بچے کا سوتے ہوئے ڈر جانا:

اس نقش کو لکھ کر لڑکے کے بازو پر باندھے۔ نقش سامنے ہے۔ جو کہ اس مقصد کے لیے تایاب پر اثر ہے۔

۷۸۶

۸	۱۹	۲۴	۱
۲۱	۸	۷	۲
۳	فلاں	۷	۲
۱۸	۵	۴	۲۳

نیند میں ڈرنا:

اس نقش کو گھول کر لڑکے کو پلا دے۔ بچہ سکون سے سوئے گا اور نیند میں نہیں ڈرے گا۔ نقش سامنے ہے۔

۷۸۶

۲۹	۹۳	۹۶	۸۴
۹۵	۸۳	۸۸	۹۴
۸۳	۹۸	۹۱	۸۷
۸۴	۸۶	۸۵	۹۷

بچہ نیند میں نہ ڈرے:

یہ نقش لڑکے کے گلے میں ڈالے تو لڑکا عمر دراز ہوگا اور خوش رہے گا سوتے ہوئے اسے ڈر نہیں لگے گا۔ نقش سامنے ہے۔

۷۸۶

۷	۳	۳۹	۲۶	۱
یا بدوح	۳۲	۳	۸	۱۳
۵۳	۹۰	۱۵	۱۶	۲۳
۱۱	۹۷	۲۴	۴	۱۵
۳۸	۸	۶	۱۲	۱۵

بچہ بلاوجہ نہ روئے:

ایضاً واسطے گریہ اطفال کے لکھ کر سرہانے رکھے بچہ بلاوجہ نہیں روئے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۰	۰		
۲	۱۷	۰	۲۳
۰	۷	۱۶	۱۳
۱۵	۱۳	۲	۱

(بحوالہ حرز سلیمانی)



جادو قرآن وحدیث کی روشنی میں

قرآن حکیم کی بہت سی آیات مبارکہ میں سحر کے بارے میں بیان کیا گیا ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

❀ یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِیْمٍ۔ (سورۃ الاعراف آیت:112)

"وہ سب ماہر جادوگروں کو آپ کے (فرعون کے) پاس لا کر حاضر کردیں۔"

❀ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ۔ (سورۃ الاعراف آیت:113)

"اور وہ جادوگر فرعون کے پاس حاضر ہوئے۔"

❀ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْیُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِیْمٍ۔

(سورۃ الاعراف آیت:116)

"پس جب انہوں نے (اپنی رسیوں کو اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو لوگوں کی نظر بندی کر دی اور ایک طرح کا بڑا جادو دکھایا۔"

❀ وَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیْنَ۔ (سورۃ الاعراف آیت:120)

"اور وہ جو ساحر تھے سجدہ میں گر گئے۔"

❀ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰیَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِیْنَ۔

(سورۃ الاعراف آیت:132)

"اور (وہ) یوں کہتے (خواہ) کیسی ہی عجیب ہمارے سامنے لاؤ کہ اس کے ذریعہ سے ہم پر جادو چلاؤ پھر بھی ہم تمہاری بات ہرگز نہیں مانیں گے۔"

❀ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا السّٰحِرٌ مُّبِیْنٌ۔ (سورۃ یونس آیت:2)

"کافر کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے۔"

❀ قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

قَالَ مُوْسٰی اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَ کُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَ لَا یُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ۔ (سورہ یونس آیت: 76 تا 77)

"تو وہ لوگ کہنے لگے کہ یقیناً یہ صریح جادو ہے۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم اس صحیح دلیل کی نسبت جبکہ وہ تمہارے پاس پہنچی ایسی بات کہتے ہو (کہ یہ جادو ہے) کیا یہ جادو ہے، حالانکہ جادوگر کامیاب نہیں ہوا کرتے۔"

وَمَا هُمْ بِضَآرِّیْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ۔

"اور وہ کسی کو سحر کے ذریعہ نقصان نہیں پہنچا سکتے سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہو۔"

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ۔ (سورہ فلق)

"اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہوں۔"

احادیث مبارکہ کی روشنی میں جادو کی حقیقت

حضور سرکار دو عالم ﷺ نے سحر کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے اس حوالے سے چند احادیث مبارکہ درج ذیل ہیں۔

ستاروں کا علم اور سحر:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا،

"جس نے ستاروں کا علم سیکھا اس نے گویا سحر کا ایک حصہ سیکھ لیا پھر وہ ستاروں کے علم میں جس قدر آگے بڑھتا جائے گا اتنا ہی اس کے سحر کے علم میں اضافہ ہوگا۔" (ابن داؤد۔ ابن ماجہ)

وہ شخص ہم میں سے نہیں:

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا،

"وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے فال نکالی یا اس کے لیے فال نکالی گئی اور جس نے غیب کو جاننے کا دعویٰ کیا اور جس نے سحر کیا یا کسی کے لیے سحر کروایا اور جو شخص نجومی کے پاس گیا اور جو کچھ وہ کہتا ہے اس نے اس کی تصدیق کی تو اس نے اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ کی شریعت سے

کفر کیا۔"

دین سے کفر:

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:

"جو شخص علم غیب کا دعویٰ کرنے والے کے پاس یا ساحر کے پاس یا نجومی کے پاس آیا اور اس نے کچھ پوچھا اور پھر اس نے جو کچھ کہا اس نے اس کی تصدیق کر دی تو اس نے رسول کریم ﷺ پر اتارے گئے دین سے کفر کیا اور اس کے لیے جنت میں داخلہ نہ ہوگا۔"

جنت میں داخل نہ ہوگا:

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا،

"سحر پر یقین رکھنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔"

سات ہلاک کرنے والے کام:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا،

"ہلاک کرنے والے سات کاموں سے بچ جاؤ۔"

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! وہ سات کام کون سے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا،

"اللہ کے ساتھ شرک کرنا، سحر (جادو) کرنا، کسی شخص کو بغیر حق کے قتل کرنا۔ سود کھانا، یتیم کا مال کھانا۔ جنگ کے دن پیٹھ پھیر لینا اور پاکدامن مومنہ اور بھولی بھالی عورتوں پر تہمت لگانا۔"

سحر کی بہت سی اقسام ہیں عاملین کی آسانی کے لیے اس کی پہچان مختلف علامات کے حوالے سے ذیل میں بیان کی جاتی ہے۔

پہلی علامت

میاں بیوی کا ایک دوسرے سے نفرت کرنا:

سحر کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ میاں بیوی جو خوش و خرم زندگی گزار رہے ہوں ایک

دوسرے سے محبت کرتے ہیں اچانک میاں بیوی کے مابین کوئی ایسا اختلاف پیدا ہو جائے جو جھگڑے کی شکل اختیار کرلے اور پھر میاں بیوی میں اس قدر نفرت پیدا ہو جائے کہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھتے ہی بیزار ہو جائیں۔

دوسری علامت

بیوی خاوند کو دیکھتے ہی آگ بگولا ہو جائے:

سحر کی ایک قسم یہ بھی ہے کہ ایسی عورت جو اپنے خاوند سے بہت زیادہ محبت کرتی ہو لوگ اس پر رشک کرتے ہوں مگر حاسدین سحر کے ذریعے اس کی شدید محبت کو شدید نفرت میں تبدیل کردیں جس سے وہ عورت اپنے خاوند کی شکل دیکھتے ہی آگ بولا ہو جائے اور اس سے لڑائی جھگڑا شروع کردے۔

تیسری علامت

خاوند کی شکل سے ڈرنا:

ایسی عورت جو اپنے خاوند سے اس قدر محبت کرتی ہو کہ خاوند کی ہر ایک سے تعریفیں کرتی ہو سحر کے ذریعے ایسی عورت کو خاوند سے بدظن کردیا جاتا ہے اسے اپنے خاوند کی شکل کتے اور خنزیر جیسی دکھائی دیتی ہے جسے دیکھ کر وہ بعض اوقات خوف سے چیخنا چلانا بھی شروع کردیتی ہے۔

چوتھی علامت

لڑکی کا رشتہ طے نہ ہونا:

اچھی بھلی حسین و جمیل لڑکی کو رشتہ دیکھنے کے لیے آنے والے پسند نہ کرتے ہوں اور لڑکی میں تمام اوصاف ہونے کے باوجود انکار کردیتے ہوں یہ سلسلہ تواتر سے جاری ہو اور اس طرح لڑکی کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو۔

پانچویں علامت

لڑکیوں کا رشتہ نہ آنا:

سحر کی اس قسم میں لڑکیوں کے رشتے آنا بند ہو جاتے ہیں اگر کہیں رشتے کی بات چل بھی پڑے تو لوگ بغیر دیکھے ہی انکار کردیں یا پھر اگر کوئی رشتہ دیکھنے آ جائے تو بیزاری کا اظہار کرکے انکار کردے۔

چھٹی علامت

خاوند بیوی سے نفرت کرے:

ایک نشانی یہ ہے کہ وہ مرد جو اپنے بیوی بچوں سے اس قدر محبت کرتا ہو کہ بیوی کی ہر خواہش کو پورا کرتا ہو مگر وہ سحر کے اثر سے اچانک بیوی سے شدید نفرت کرنا شروع ہو جائے اور جو کوئی اس کو سمجھائے تو وہ سمجھانے والے کو بھی اپنا دشمن سمجھتا ہے۔

ساتویں علامت

جانوروں کا دودھ سوکھ جانا:

اس طرح کا سحر دودھ دینے والے جانوروں یعنی گائے، بھینس، بھیڑ اور بکریوں وغیرہ پر کیا جاتا ہے سحر کا عمل کرکے جانوروں کی گزرگاہ میں ڈال دیتے ہیں جس کی وجہ سے جب جانور اس راہ سے گزرتا ہے تو اس جانور کا دودھ سوکھ جاتا ہے ایسے جانور کا دودھ اگر کوئی انسان یا جانور پی لے تو وہ بیمار ہو جاتا ہے۔ اگر جانور حاملہ ہو تو اس کا بچہ مر جاتا ہے۔

آٹھویں علامت

چوپائے کھانا چھوڑ دیں:

اس طرح کا سحر ان جانوروں پر کیا جاتا ہے جو گھاس چرنے والے ہوتے ہیں اس سے جانوروں کے جوڑوں میں شدید درد ہونا شروع ہو جاتا ہے وہ بہت تکلیف محسوس کرتے ہیں جس

سے جانور گھاس کھانا چھوڑ دیتے ہیں اگر سحر کے اثرات کو جلد ختم نہ کیا جائے تو تھوڑے ہی عرصے میں جانور ہلاک ہو جاتے ہیں۔

نویں علامت

حاملہ پر کیا جانے والا سحر:

اس طرح کا سحر حاملہ ماؤں پر کیا جاتا ہے حاملہ خواہ عورت ہو یا جانور اس سحر کے اثرات سے حاملہ کے پیٹ میں بچہ ضائع ہو جاتا ہے یا پھر حاملہ کا حمل ضائع ہو جاتا ہے۔

دسویں علامت

بچے کو سوکھے کا عارضہ لاحق ہونا:

اس سحر کے اثرات کی وجہ سے نومولود اور شیر خوار بچے اُم الصبیان یا سوکھے کے عارضہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس سے بچے سوکھ کر فوت ہو جاتے ہیں۔

گیارہویں علامت

کبھی اولاد نرینہ نہ ہو:

یہ سحر اس لیے کیا جاتا ہے کہ عورت کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوں کبھی اولاد نرینہ نہ ہو اس مقصد کے لیے طالع سنبلہ میں منگل کے روز یا جمعہ کی ساعت عطارد میں ایک پتلا بنا کر عورت کی گزرگاہ میں ڈال دیا جاتا ہے۔ جب عورت اس کے اوپر سے گزرتی ہے تو اس پر سحر کے اثرات ہو جاتے ہیں۔

بارہویں علامت

مرد ہمبستری کے قابل نہ رہے:

اس قسم کے سحر کے اثر سے مرد کی جنسی طاقت کو بند کر دیا جاتا ہے علاج کرانے کے

باوجود وہ مرد ہمبستری پر قادر نہیں ہوتا۔

تیرہویں علامت

بیوی ہمبستری سے نفرت کرے:

اس طرح کے سحر سے عورت کی جنسی رغبت کو بند کر دیا جاتا ہے جس سے عورت ہمبستری کی طرف مائل نہیں ہوتی بیزاری اور نفرت کا اظہار کرتی ہے۔

چودہویں علامت

جوڑوں میں درد پیدا ہونا:

اس سحر کی نشانی یہ ہے کہ مرد کے جوڑوں میں درد پیدا ہو جاتا ہے علاج کروانے کے باوجود درد ختم نہیں ہوتا جس سے مرد اپنی زندگی سے بیزار ہو جاتا ہے اور اپنے آپ کو بیکار سمجھتا ہے۔

پندرہویں علامت

عورت کے سر اور پیٹ میں پانی:

سحر کی اس قسم میں عورت کے سر اور پیٹ میں پانی پیدا کر دیا جاتا ہے کسی بھی طرح کے علاج سے مرض کا خاتمہ نہیں ہوتا۔

سولہویں علامت

عورت کی شکل بھیانک ہو جانا:

اس طرح کے سحر کی علامت یہ ہے کہ سحر زدہ عورت کی شکل بدنما ہو جاتی ہے اس کی شکل بہت بھیانک دکھائی دینے لگتی ہے۔

سترہویں علامت

عورت کو بانجھ کر دینا:

سحر کی اس قسم میں عورت کی کوکھ باندھ دی جاتی ہے جس کے باعث عورت بانجھ ہو جاتی ہے اس کی ماہواری باقاعدگی سے ہوتی رہتی ہے مگر اسے حمل قرار نہیں پاتا۔

اٹھارہویں علامت

رزق کی بندش:

سحر کے ذریعے رزق کو باندھ دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے رزق کی شدید تنگی ہو جاتی ہے کاروبار میں نقصان ہونا شروع ہو جاتا ہے مال و اسباب تلف ہو جاتا ہے کچھ سمجھ نہیں آتا کہ آئے دن نقصان کیوں ہو رہا ہے۔

اُنیسویں علامت

میاں بیوی میں طلاق:

اس طرح کے سحر میں میاں بیوی ازدواجی زندگی دوبھر کر دی جاتی ہے دونوں کے مابین اختلافات اور جھگڑے پیدا ہو جاتے ہیں جس کا نتیجہ طلاق کی صورت میں نکلتا ہے اور میاں بیوی میں علیحدگی ہو جاتی ہے۔

بیسویں علامت

گھر میں ہر وقت جھگڑا رہنا:

اس سحر کے ذریعے بنتے بستے گھر کو ویران و برباد کر دیا جاتا ہے گھر کے افراد کے مابین محبت و الفت کا خاتمہ ہو جاتا ہے معمولی معمولی باتوں پر گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہے ہر کوئی ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگتا ہے۔

اکیسویں علامت

دوسرے کو بیماری میں مبتلا کرنا:

اس سحر کی وجہ سے کسی بھی مرد یا عورت کو بیماری میں مبتلا کر دیا جاتا ہے علاج کے باوجود بھی اسے کوئی افاقہ نہیں ہوتا بیماری کے باعث وہ بیکار ہو کر رہ جاتا ہے۔

بائیسویں علامت

لوگ نفرت کرنے لگیں:

اس سحر کے باعث کسی بھی عورت یا مرد کو لوگوں کی نظروں سے گرا دیا جاتا ہے لوگ ان سے بلاوجہ نفرت کرنے لگ جاتے ہیں کوئی ان کو اہمیت نہیں دیتا اور نہ ہی ان کی کسی بات کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

تیئیسویں علامت

عہدہ سے معطل ہو جانا:

اس طرح کے سحر کے ذریعہ کسی بھی شخص کو اس کے عہدہ سے معطل و برطرف کر دیا جاتا ہے اور اسے چشم خلائق میں ذلیل و رسوا کر دیا جاتا ہے۔

چوبیسویں علامت

مالدار کا کنگال ہو جانا:

اس سحر کے ذریعے مالدار تھوڑے ہی عرصے میں کنگال کر دیا جاتا ہے اگر کوئی کسی منصب پر فائز ہے تو اسے اس منصب سے ہٹا دیا جاتا ہے۔

پچیسویں علامت

عورت کا گھر اُجڑ جانا:

اس طرح کے سحر سے عورتوں کا گھر اجاڑ دیا جاتا ہے ان کو طلاق ہو جاتی ہے۔ جس جگہ بھی ان کی شادی ہو انہیں جلد طلاق مل جاتی ہے ان کا گھر کبھی آباد نہیں ہوتا۔

چھبیسویں علامت

حاکم یا افسر کو در بدر کرنا:

سحر کی اس قسم کے ذریعے حاکم یا افسر کو ایک شہر سے دوسرے شہر بذریعہ تبادلہ در بدر کر دیا جاتا ہے۔

ستائیسویں علامت

خوبصورت کو بدی کی راہ پر لگانا:

اس قسم کے سحر سے حسین و جمیل عورت کو برائی کی طرف مائل کر دیا جاتا ہے اور اسے برائیوں میں پھنسا دیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ چشم خلائق میں رسوا اور ذلیل ہو جاتی ہے۔

اٹھائیسویں علامت

گھر کا اجڑ جانا:

سحر کے ذریعے کسی مکان کو اجاڑ دیا جاتا ہے اس گھر میں کوئی آباد نہیں ہو پاتا جو گھر میں رہائش رکھتا ہے اس کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے اسے نقصان اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور وہ جلد مکان چھوڑ دیتا ہے اس طرح مکان ویران رہتا ہے۔

امام رازیؒ کی بیان کردہ سحر کی اقسام

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سحر کی اقسام کے حوالے سے اپنی کتاب "معیون السر" میں تحریر کرتے ہیں کہ سحر کی درج ذیل اقسام حقیقی اور موثر ہیں اور باقی تمام اقسام جو لوگوں نے بیان کی ہیں ان اقسام کی شاخوں سے منسلک ہیں۔

(1) ستاروں کے اثرات سے کام لینا:

یہ وہ قسم ہے جس میں ستاروں کے ذریعہ انسانوں پر جو اثرات مرتب ہوتے ہیں ان اثرات کو اپنے مقصد کے مطابق ڈھال کر ان سے مختلف طرح کے کام لئے جاتے ہیں اس ضمن میں ستاروں کی نحوست اور سعد کو خصوصی خود پر مد نظر رکھا جاتا ہے اور نحوست اور سعد کی ساعت میں عمل کر کے نقصان اور فائدے کا مقصد پورا کیا جاتا ہے۔

(2) برقی نگاہ سے کام لینا:

سحر کی اس قسم میں آنکھوں کے مقناطیسی اثرات سے کام لیا جاتا ہے یعنی اپنی آنکھوں کو دوسرے کی آنکھوں میں ڈال کر اسے اس قدر مجبور کر دیا جاتا ہے کہ وہ ساحر کے تابع ہو جاتا ہے اور ساحر کے مقصد کی تکمیل کرتے ہوئے اپنی بربادی خود اپنے ہاتھوں کر لیتا ہے یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے آج کل کوئی شخص علم ہپناٹزم سے کام لیتے ہوئے دوسرے کو ہپناٹائز کر دیتا ہے۔

(3) کالا جادو:

اس سے دوسروں کے دلوں میں شک شبے، اوہام پیدا کئے جاتے ہیں اور مختلف طرح کی چیزوں کے استعمال سے لوگوں کو مختلف امراض اور تکالیف میں مبتلا کر دیا جاتا ہے علاج کے باوجود آرام نہیں آتا۔

(3) سحر الخناس:

سحر کی اس قسم میں جنات، چڑیل، دیو، بھوت، ڈائن اور مختلف طرح کی شیطانی قوتوں مثلاً کالی ماتا، ہنومان اور درگا داس وغیرہ سے مدد لے کر دوسرے انسان کو طرح طرح کی بیماریوں پریشانیوں، مصیبتوں اور تکلیفوں میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔

(5) دماغی قوتوں سے کام لینا:

اس کے ذریعے دماغی قوتوں سے کام لیا جاتا ہے یعنی بہت زیادہ ریاضت و مشق سے اپنی دماغی قوتوں کو اس قابل بنا لیا جاتا ہے کہ اپنے خیالات کو دوسرے کے دماغ میں منتقل کر کے

اپنے ناپاک مقصد کی تکمیل کی جاتی ہے۔

(6) حسد اور نظر بد سے نقصان پہنچانا:

یہ وہ قسم ہے جس میں دوسرے انسان کو مختلف طریقوں سے ذہنی طور پر مفلوج کر کے اپنا مقصد حاصل کیا جاتا ہے اس میں نفرت انگیز پراپیگنڈا اور چغل خوری جیسی عادات بھی شامل ہیں۔

سفلی سحر:

اس قسم میں مختلف طرح کے جنتروں، منتروں کے ذریعے گندی اور خبیث شیطانی ارواح اور ان کی ذریات اور ارجناتی مخلوق کو اپنے تابع کر کے ان کے ذریعے لوگوں کو تکلیف اور نقصان پہنچایا جاتا ہے۔

(8) سحر نظر بندی:

اس قسم میں آنکھوں کا استعمال کرتے ہوئے دوسرے انسان کو اپنا تابع کر لیا جاتا ہے۔ یعنی ریاضت کر کے آنکھوں میں ایسی مقناطیسی قوت پیدا کر لی جاتی ہے کہ دوسرے انسان کو اپنے تابع کر کے اس سے غلط کام کروائے جاتے ہیں اور اسے مصیبت و پریشانی مبتلا کر دیا جاتا ہے جیسا کہ آج کل مسمریزم کر کے دوسرے انسان کو اپنے تابع کر کے اس سے کام لیا جاتا ہے۔

(9) سحر المسان:

اس طرح کے سحر میں لوگوں کو بیماریوں، تکلیفوں اور مشکلات وغیرہ میں مبتلا کرنے کی غرض سے مختلف بصارت کے زہروں اور مختلف طریقوں سے انسانی لاشوں کی راکھ سے کام لیتے ہوئے انہیں کھلا دیا جاتا ہے۔



جادو کے اثرات کا خاتمہ

جادو کو رفع کرنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش کو چینی کے بڑے پیالے میں لکھ کر 34 گھنٹے تک رکھ کر پھر اس میں پانی ڈال دیں۔ پانی ڈالنے کے ایک گھنٹے کے بعد پیالے کو دھو کر مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ 3 بار ایسا کرنے سے جادو کے اثرات سے نجات حاصل ہوگی۔

۷۸۶

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یارحمٰن	یاکریم	یا اللہ	یاعلی	یارحمٰن	یاکمال
ام	بلدہ	علی	علی	علی	علی
ع	ع	مجید	ح	ی	ی
لااله	الااللہ	محمد	رسول	اللہ	ام
علی	ولد	م	م	م	م

سحر و جادو سے نجات

سورۂ جن کے نقش کے ذریعہ بھی جادو کا علاج کیا جاتا ہے۔ 11 نقش پلیٹ پر لکھ کر پلیٹ کر دھو کر مریض کو صبح 8 اور دس بجے کے درمیان پلائیں اور ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ سحر سے نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۲۱۳	۳۰۲۰۷	۳۰۲۱۲
۳۰۲۰۹	۳۰۲۱۱	۳۰۲۱۳
۳۰۲۱۰	۳۰۲۱۵	۳۰۲۰۸

جادو کے اثرات کا خاتمہ

اگر کسی بچے پر جادو کر دیا گیا ہو یا بچے کو جن بھوت اور پری وغیرہ کا اثر ہو جائے تو اس کے لیے اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالا جائے بچہ شفا پائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابو بکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صدیق جبرئیل میکائیل

محمد رسول اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عثمان

جب بچہ صحت یاب ہو جائے تو حسب توفیق شیرینی تقسیم کی جائے بفضل باری تعالیٰ جن بھوت کے اثرات کلی طور پر زائل ہو جائیں گے۔

سحر کا خاتمہ:

واسطے سحر دور ہونے کے یہ دو نقش ہیں۔ ان دونوں نقشوں کو لکھ کر دونوں نقشوں کو پشت پر اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا رُوفَائِیل لکھے اور ایک ہنڈیا گلی میں سات کنوؤں کا اور سات درختوں کے پتے لے کر اس میں ڈال دیں اور ہنڈیا کو پانی سے بھر دیں۔ جلا دیں آگ تاکہ وہ پانی گرم ہو جائے پھر اس پانی میں اور پانی ملا دیں اور ایک تعویذ اپنے پاؤں کے نیچے اگر مرد ہو تو دائیں پاؤں کے نیچے اگر عورت ہو تو بائیں پاؤں کے نیچے رکھ کر دو آدمی ہوں۔ جو دونوں طرف سے پانی ساحر پر ڈالیں اور غسل کروائیں۔ اسی طرح تین اتوار یا سات اتوار غسل کرائیں انشاء اللہ صحت کامل سحر زدہ

کو ہو گی۔ آزمودہ ہے۔ کئی بار فقیر نے آزمایا ہے۔ لیکن تعویذ یک رنگے مرغ کے خون سے لکھیں تعویذ یہ ہیں۔

پاؤں کے نیچے رکھنے کا تعویذ یہ ہے

٧٨٦

٣٠٩١٩	٣٠٩٢٣	٣٠٩١٧
٣٠٩١٨	٣٠٩٢٠	٣٧٩٢٣
٣٠٩٢٣	٣٠٩١١	٢١٩٣١

پانی میں ڈالنے کا تعویذ یہ ہے۔

٧٨٦

١٣٣٣٩	١٣٣٣٦	١٣٣٣١	١٣٣٣٦
١٣٣٣٢٣	١٣٣٣٣٠	١٣٣٣٠	١٣٣٣٣١
١٣٣٣٣٣	١٣٣٣٢١	١٣٣٣٢٠	١٣٣٣٣٢
١٣٣٣٣	١٣٣٣٣٢	١٣٣٣٣٢	١٣٣٣٣٢

سحر و جادو سے نجات:

عمل بجری واسطے سحر و جادو کے کرے اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلا دے۔ خدا چاہے فائدہ ہو۔ عمل یہ ہے۔

بجری بجری بجری کیواڑ بجری باندھوں۔ دسوں دوار بجری آئے۔ بجری جائے۔ بجری سب جگہ سمائے۔ ٹونہ جادو سب رد ہو جائے جو ٹونہ جادو پھر کر آئے۔ الٹ الٹ کر وہاں کو وہاں پر جائے۔ جو کرے سو سو مرے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ بحق و ننزل مِنَ القرانِ ما ھو شفاءٌ و رحمۃٌ لِلْمُؤْمنین و لا یزیدُ الظّٰلمین الَّا خسارًا۔ ﴾

سخت سے سخت جادو کا خاتمہ

اگر کسی شخص پر کسی نے کیسا ہی جادو کیوں نہ کر دیا ہو اس کو دور کرنے کے لیے چینی کی پلیٹ پر یہ کلمات لکھیں اور ان میں پانی ڈال کر مریض کو پلائیں کتنا ہی سخت جادو کیوں نہ ہو گا دفع ہو جائے گا۔ کلمات یہ ہیں۔ یہ عمل سات دن کریں۔

《 يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمِيَةِ مُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا حَيُّ بَقَآئِهٖ يَا حَيُّ۔ 》

جادو کے اثرات کا خاتمہ:

یہ نقش بھی جادو والے کے لیے ہے کتنا ہی سخت جادو ہو ختم ہو جاتا ہے۔اس نقش کو کسی پیالہ میں لکھ کر پئیں۔

۷۸۶

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یارحمٰن	یاکریم	یا اللہ	یاعلی	یارحمٰن	یاکمال
ام	بلدہ	علی	علی	علی	علی
ع	ع	مجید	ح	ی	ی
لاالہ	الااللہ	محمد	رسول	اللہ	ام
علی	ولد	م	م	م	م

مندرا شریف

سحر کا شافی علاج:

یہ مندرا شریف واسطے مسحور کے بہت مفید ثابت ہوا۔ہمارے جد امجد بزرگوں کے سینہ بسینہ کا راز ہے چاہیے کہ مندرا شریف تین بار صبح اور تین بار شام کو پڑھ کر پانی دم کر کے مسحور کو پلادیں بلا ناغہ ایسا ہی کئی روز کریں۔انشاء اللہ العزیز سحر کا اثر جاتا رہے گا۔مندرا شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔دم خدادم پیر استاد حجتی نہ امتی حیرتی غیرتی کل بلا آفت کے تیس باراں کوہ آگا یانوں باراں کوہ پیچھا یانو باراں کوہ دلیاں یانو باراں کوہ بایاں بانوں کیا کرایا بانوں بھیجا بھیجایا بانوں جادو سحر بانوں تپ تیزاری سر کی پیڑ بانوں چھری کٹاری کی دنداری بانوں تپک تیر گولی نار بانوں شاہ پری مار پری حور پری نور پری محبوب پری بانوں جل پری

تھل پری حوا پری سبز پری بانو۔ناہر سنگھ نیر بانوں کل بابیر بانوں بھیرو بیر بانوں لونکد ابیر بانوں احمد ابیر بانوں ہنونت بیر بانوں آ گیا۔پچاس بیسار سرواون بانوں سرخ دادیا سفید وادیا پیلو وادیا شاہ دادیا بانوں تن سو سٹھ چوراسی سندھ نوسو جوگن بانوں آدم صفی اللہ کی چوراسی بانوں تخت سلیمان کی اسواری کے پیادہ سے بانوں تخت سلیمان کے دست بانوں دست انگشتری سے بانوں انگشتری نگینہ سے بانوں اسم پاک ذات سے بانوں اِلٰہٖ اِلٰہ کے امر سے بانوں حضرت موسیٰ کا مندرا حضرت عیسیٰ کا مندرا حضرت مریم کا مندرا گنج مندرا پیر دستگیر غوث اعظم حضرت سید عبدالقادر جیلانی کے بانوں شاہ جنید رحمۃ اللہ علیہ بغداد بادشاہ کے قیدی سے بانو۔سلطان سید احمد کبیر کے زنجیر سے بانوں سلطان محمود غزنوی کے کڑے کڑاوے سے بانوں باراں یاراوجد قرآن رکھ جاناں عقل ملوکان قہر آفتیں زبان بند۔

《صم بکم عمی فهم لا یر جعون حجتی نه امتی يَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمْ۔ 》

جادو ختم کرنا:

جس پر جادو ہوا ہو اس پر دم کیا کریں اور لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔عزیمت یہ ہے۔

《بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط عَلِيْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا كَافِيًا شَافِيًا اِرْتَغَى مُرْتَطِے بِحَقِّ يَا بُدُوْحُ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَ لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ط بِحَقِّ آشَا فًا سَالاً سَا لُوْسًا ط 》

سحر کے اثرات زائل کرنا:

واسطے دفع سحر کے اس نقش کو لکھ کر مسحور کے بازو پر باندھے سحر اتر جائے گا اگر یہ تعویذ اس کے پاس رہے گا تو سحر کبھی اس کو اثر نہ کرے گا۔نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۰۱	۲۰۱۵	۲۰۱۱	۲۰۰۸
۲۰۱۲	۲۰۰۷	۲۰۰۳	۲۰۱۳
۲۰۰۶	۲۰۰۹	۲۰۱۷	۲۰۰۲
۲۰۱۶	۲۰۰۴	۲۰۰۵	۲۰۱۰

سحر سے بچاؤ:

نقش دعائے سیفی کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ سحر سے بچار ہے نقش یہ ہے۔

۷۶ عہ ۱۷۱	۱۷ عہ ۱۷۱	۷۸ عہ ۱۷۱
۷۷ عہ ۱۷۱	۷۳ عہ ۱۷۱	۳ عہ ۱۷۱
۷۲ عہ ۱۷۱	۷۹ عہ ۱۷۱	عہ ۷ عہ ۱۷۱

عہد نامہ کے ذریعہ جادو کا اثر ختم

جس پر جادو کر دیا گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ عہد نامہ لکھ کر گھول کر پیئے اور دوسرا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے۔ عہد نامہ کو سات مرتبہ پانی پر بھی دم کر دیں۔ عہد نامہ یہ ہے۔

﴿ اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ ﴾

اس کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا یہ نہایت مجرب و آزمودہ

اور سریع الاثر عمل ہے مریض کی صحت یابی کے بعد چاہیے کہ حسب توفیق شیرینی بچوں میں تقسیم کرے اور مساکین کو کھانا کھلائے۔

نادِ علی کے فوائد:

نادِ علی معہ دعا تو یہ بزرگانِ دین نے آزما کر لکھی ہے اس سے جس آدمی یا جن کو بلانا چاہو وہ آجائے اور تمام حاجتیں بر آتی ہیں اور بلائیں و تنگی دفع ہوتی ہیں دشمن مغلوب ہو جاتے ہیں چالیس روز روزمرہ پانی سے غسل کر کے چار سو چالیس بار پڑھے۔

﴿ اَللّٰہُ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ نَادِ عَلِیًّا مُظْھَرُ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوٰئِبِ کُلِّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔ ﴾

اور پھر دس مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

﴿ یَآ اَبُوالْغَیْثِ اَغِثْنِیْ وَیَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِحَقِّ یَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط ﴾

ہر حاجت پوری ہو جائے:

نادِ علی معہ دعا مرقومہ میں سر عظیم اور رموز مکنون ہے اور اگلے مشائخ نے فرمایا ہے کہ نادِ علی تمام حاجتوں کے بر آنے اور مقاصد دلی حاصل ہونے کے واسطے سوا لاکھ مرتبہ ایک آدمی اکتالیس 41 دن میں یا کئی آدمی جمع ہو کر ایک دن میں یا تین دن میں پڑھ لیں جس بیماری و دکھ تکلیف اور جن اور بھوت اور اسرار جادو و سحر کا اچھا ہونا منظور ہو وہ رفع ہو جائے اور جو دلی حاجت ہو وہ بر آئے۔

بیماری اور پریشانی کا خاتمہ:

یہ طریقہ بھی نہایت مجرب ہے ننگے سر ہو کر 41 مرتبہ یا بارہ مرتبہ دشمنوں کے دفع ہونے

اور بیماری خفقان و ہول دلی اور سودا کی بیماری جذام کوڑھ و برص وغیرہ اور اثر اسرار و آسیب جادو جن و بھوت پلید کے دفع کرنے کے لیے پڑھے اور پانی پر دم کر کے پلا دیا جائے چالیس روز میں آرام ہو جائے۔

بیمار صحت یاب ہو جائے:

نادعلی کے ذیل نمبر ایک نقش کو یشب پتھر کی تختی پر کندہ کرا کر ان بیماروں کو جو اوپر لکھے ہیں گلے میں ڈالے آرام پائے۔

نمبر 2 کے نقش نادعلی کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کپڑے میں سی کر گلے میں باندھے کل بیماریوں کو فائدہ پہنچائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(1)

نَادِ عَلِيًّا	لعجائب مظهرا	تَجِدْهُ	عونالك
في النوائب	كل	هم	وغم
سينجلي	بنبوتك	يا مُحَمَّدُ	بولا
يتك	ياعلي	ياعلي	ياعلي

(2)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ	محمد محمد محمد محمد محمد محمد	علی علی علی علی علی علی
نَادِ عَلِيًّا	لعجائب مظهرا	تَجِدْهُ	عونالك
في النوائب	كل	هم	وغم
سينجلي	بنبوتك	يا مُحَمَّدُ	بولا
يتك	ياعلي	ياعلي	ياعلي

بچے کا نیند میں ڈرنا:

یہ دوسرا نقش بچے کے سوتے میں چونک پڑنے اور ڈرنے کے واسطے کہ کسی اثر اسرار سے

ہو کاغذ پر لکھے اور اس کے گلے میں ڈالے تو رونا اور ڈرنا موقوف ہو جائے۔

شاہ جنات سے کام کروانا:

پہلا عزیمت یا بکتانوش بادشاہ جنات سے کوئی کام لیتا ہو تو یہ عمل پڑھے تشریف لائے جو کام ہو کسی جن سے کرا دے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا بَادِشَاهِ بَكْتَا نُوشِ مَلِكِ الْجِنِّ وَالْعَرَبِ وَالْعَجَمِ بِحَقِّ اَبُوْ جَمْهُوْرَشِ اَخُوْ اَخُوْكَ اَیْ تَاجُ الْمَلَكِ اَنْبِكَ نَجِيًّا نَجِيًّا سَاعَةً سَاعَةً﴾

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں حصار کھینچ کر بیٹھے اور بکثرت یہ عزیمت پڑھے جب شاہ جنات حاضر ہو تو اس سے اپنا مقصد بیان کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔

(بحوالہ: انکشاف غیبی)

آیت کریمہ سے سحر کا علاج

آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ کا نقش ہر مشکل و دشواری اور ہر طرح کے سحر کو رفع کرنے کے لیے اکسیر ثابت ہوتا ہے۔ ایک نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر بوتل میں ڈال دیں اور پانی بھر لیں پھر صبح و شام یہ پانی مریض کو پلائیں۔ ایک نقش کالے کپڑے میں کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بہت جلد سحر کے اثرات سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۸۶	۵۹۹	۵۹۶	۵۹۳
۵۹۷	۵۹۳	۵۸۷	۵۹۸
۵۹۱	۵۹۴	۶۰۱	۵۸۸
۶۰۰	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵

(بحوالہ: تحفہ درویش)

سحر سے نجات:

بعض لوگ شہوت نفسانیہ کو معدوم کرنے کے لیے یا بہت مشتعل کرنے کے لیے سحر سفلی کرا دیتے ہیں اگر کسی کی شہوت نفسانیہ کو مشتعل کرا دیا گیا ہو اور کسی شخص پر غلبہ شہوت نفسانیہ غالب آجائے تو اسماء باری تعالیٰ وہ اسماء جن میں "ع" آتا ہو، وہ لکھ کر چٹائیں۔ وہ اسماء یہ ہیں۔" عَلِیٌّ عَلِیْمٌ، عَظِیْمٌ، کَرِیْمٌ، قَدِیْرٌ، حکیمٌ، نعیمٌ، رشیدٌ، بَصِیْرٌ، عَزِیْـزٌ، یَا بَارِیْ اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا، اَلسَّاعَۃُ۔

سحر سے خلاصی:

مریض عشق کا ایک اور آسان مجربہ عمل اس طرح ہے کہ اس عزیمت کو کفن کے ٹکڑے پر لکھیں اور دوشنبہ کے دن لکھیں اور بکری کے سینگ میں رکھ کر منہ پر موم لگا کر پرانی قبر میں دوشنبہ یا سہ شنبہ کے ہی دن گاڑیں وہ عزیمت یہ ہے۔

بعلع بعلفلع بطظلم بطظلم سلسلم

﴿ وَ قِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسَا کُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا کَذَّالِکَ یُنْسٰی کَذَا کَذَا مِنْ کَذَا اَیْئِسَ مِنْکَ یَئِسَ الْکُفَّارُ مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْ اَعْمٰی وَ قَدْ کُنْتُ بَصِیْرًا ؕ قَالَ اَتَتْکَ آیَاتُنَا فَنَسِیْتَھَا وَ کَذَالِکَ الْیَوْمَ تُـنْـسٰی کَذَالِکَ تُنْسٰی فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ مِنْ قَلْبِ فُلَانَ بِنِ فُلَانَۃَ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ۔ ﴾

سحر کا خاتمہ:

اگر کوئی سحر زدہ اس قدر مغلوب ہو چکا ہو کہ سوائے محبوب کے کچھ اور نظر نہ آتا ہو اور جنون و دیوانگی میں حد تک پہنچ گیا ہو کوئی نصیحت کوئی ملامت کوئی ترکیب و تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو اس عزیمت کو مٹی کے کورے پیالے میں لکھیں بروز شنبہ یا سہ شنبہ لکھیں سرکا پیالہ میں کسی اچھی

صورت سے پلائیں۔ انشاء اللہ بعرصہ چالیس یوم مریض عشق کو افاقہ ہو جائے گا وہ عزیمت یہ ہے۔

﴿ سقس سقس سقس سنس سنس اَللّٰھُمَّ بَرِّدْ سُحْبَۃَ فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ مِنْ قَلْبِ فُلَانَ بِنِ فُلَانَۃَ کَمَا کَمَا بَرَّدْتَ نَارَالنَّارَ النَّمْرُوْدَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامِ وَ مَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ اِجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَھَا مِنْ قَرَارٍ وَّ لَا سَکِیْنٍ فِی فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ مِنْ قَلْبِ فُلَانَ بِنِ فُلَانَۃَ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ۔ ﴾

(بحوالہ: آفتاب عملیات)

سحر زدہ کا علاج:

یہ بھی سحر زدہ والے کے لیے موضوع ہے لکھ کر جیب میں رکھے۔ باوضو ہو کر پہنے روائے حاجت کے لیے جائے اس کو باہر رکھ کر جائے اس بات کا احتیاط کرے تعویذ کو زعفران گلاب عرق سے لکھے کسی نمازی سے لکھوائے۔

۷۶ ھ ۱۷۱	۷۱ ھ ۱۷۱	۷۸ ھ ۱۷۱
۷۷ ھ ۱۷۱	۷۳ ھ ۱۷۱	۳ ھ ۱۷۱
۷۲ ھ ۱۷۱	۷۹ ھ ۱۷۱	ھ ۷ ھ ۱۷۱

جادو کے اثرات زائل کرنا:

اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر مشک و زعفران سے لکھ کر مسحور زدہ کو پلائے۔ یہ عمل کم از کم گیارہ دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

۱۵	۲۸۶	۲۳۳	۸۰۰	۲۸۵	۹۰۹	۲۶۰	۸۵۵
